كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَاِمَامُكُمْ مِنْكُمْ متفق عليه

# اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصوّر

www.KitaboSunnat.com

امام مہدیؓ سے متعلّق اہلسنّت والجماعت کا عقیدہ، نام و نسب، سیرت و حُلیہ، علامات ظہورِ مہدیؓ، صحیحین میں امام مہدیؓ سے متعلّق احادیث، واقعاتی تناظر میں، مُنکرین و مدعیانِ مہدویّت اکابر عُلماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات
حضرت مولانا پروفیسر محمدؐ یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلّف
مولانا حافظ محمد ظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# اسلام میں
# امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيْكُمْ وَاِمَامُكُمْ مِنْكُمْ متفق علیہ

# اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصوّر

امام مہدیؒ سے متعلق اہلسنت والجماعت کا عقیدہ، نام ونسب، سیرت و حلیہ، علامات ظہور مہدیؒ، صحیحین میں امام مہدیؒ سے متعلق احادیث، واقعاتی تناظر میں؛ منکرین ومدعیان مہدویت اکابر علماء کی آراء و فتاویٰ

از افادات
حضرت مولانا پروفیسر محمد یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

مؤلف
مولانا حافظ محمد ظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

بیت العلوم
ہیڈ آفس: ۲۰۔ نابھہ روڈ چوک پرانی انارکلی۔ لاہور فون 7352483
برانچ: دکان نمبر ۱۴ الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ ۴۰ اردو بازار لاہور فون 7235996
www.baitululoom.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بیت العلوم
Bait-ul Uloom

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب

# اسلام میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تصور

مؤلف

مولانا حافظ محمد ظفر اقبال
فاضل جامعہ اشرفیہ

از افادات

حضرت مولانا مفتی محمد یوسف خان صاحب مدظلہ
استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور

باہتمام

مولانا محمد ناظم اشرف

ناشر

بیت العلوم
ہیڈ آفس ۲۰ نابھہ روڈ چوک پرانی انارکلی لاہور 7352483
برانچ دکان نمبر ۱۴ محمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور 7235996
www.baitululoom.com

Library Book No. 1823 ... Block Garden Town, Lahore

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


# فہرست مضامین



| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | تقریظ (حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی صاحب) | ۱۵ |
| ۲ | کلماتِ بابرکات (حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب) | ۱۶ |
| ۳ | تقریظ (حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب) | ۱۷ |
| ۴ | پیش لفظ (حضرت مولانا محمد کفیل خان صاحب) | ۱۸ |
| ۵ | عرض مؤلف | ۲۱ |
| ۶ | مقدمۂ کتاب (حضرت مولانا محمد یوسف خان صاحب) | ۲۴ |
| | باب اول<br>عقیدۂ ظہور مہدیؒ | |
| ۷ | وہ آیات جن میں امام مہدیؒ کی طرف اشارہ ہے | ۳۰ |
| ۸ | ظہور مہدیؒ اہلسنت والجماعت کا عقیدہ | ۳۳ |
| ۹ | ظہور مہدیؒ کی قطعیت | ۳۵ |
| ۱۰ | امام مہدی کے لیے ''رضی اللہ عنہ'' کا خطاب | ۳۶ |
| ۱۱ | حضرت مہدیؒ کے لیے ''امام'' کا خطاب | ۳۶ |
| ۱۲ | حضرت امام مہدیؒ کے بارے میں اہل حق کا فتویٰ | ۳۷ |
| ۱۳ | امام مہدیؒ سے متعلق روایات کے راوی صحابۂ کرامؓ | ۳۸ |
| ۱۴ | علماء کرام کی احادیث مہدی کی بابت آراء | ۴۳ |
| ۱۵ | وہ کتابیں جن میں ضمناً امام مہدیؒ کا تذکرہ ہے | ۴۷ |
| ۱۶ | امام مہدیؒ کے بارے میں مستقل تصانیف | ۴۸ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ | امام مہدیؒ افضل یا شیخین؟ | ۵۱ |
| ۱۸ | علامہ سیوطیؒ کا جواب | ۵۲ |
| ۱۹ | علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ کا جواب | ۵۳ |
| ۲۰ | علامہ سید محمد برزنجیؒ کا جواب | ۵۴ |
| | **باب دوم**<br>**﴿حضرت امام مہدیؒ کا نام ونسب﴾** | |
| ۲۱ | حضرت امام مہدیؒ کا نام | ۵۹ |
| ۲۲ | حضرت امام مہدیؒ کا نسب | ۶۳ |
| ۲۳ | لفظ ''عترت'' کی تحقیق | ۶۵ |
| ۲۴ | حضرت امام مہدیؒ حسنی ہوں گے یا حسینی؟ | ۶۷ |
| ۲۵ | ایک عجیب نکتہ | ۷۰ |
| ۲۶ | کیا حضرت امام مہدیؒ، حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے؟ | ۷۱ |
| ۲۷ | حضرت امام مہدیؒ کا لقب اور کنیت | ۷۳ |
| ۲۸ | حضرت امام مہدیؒ کی جائے پیدائش | ۷۶ |
| ۲۹ | حضرت امام مہدیؒ کی سیرت | ۷۷ |
| ۳۰ | امام مہدیؒ کی قیادت | ۷۷ |
| ۳۱ | امام مہدیؒ کا زمانہ | ۷۸ |
| ۳۲ | امام مہدیؒ کی سخاوت | ۷۹ |
| ۳۳ | حضرت امام مہدیؒ کی سیرت واخلاق کریمانہ کا اجمالی نقشہ | ۸۱ |
| ۳۴ | حضرت امام مہدیؒ کا حلیۂ مبارک | ۸۳ |
| ۳۵ | حضرت امام مہدیؒ کی خلافت، علی منہاج النبوۃ ہوگی | ۸۶ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۳۶ | تنبیہ | ۸۷ |
| | **باب سوم**<br>**ظہور مہدیؓ کی علامات** | |
| ۳۷ | علامت نمبر ا | ۹۱ |
| ۳۸ | علامت نمبر ۲ | ۹۲ |
| ۳۹ | علامت نمبر ۳_۴ | ۹۳ |
| ۴۰ | علامت نمبر ۵ مع فائدہ | ۹۴ |
| ۴۱ | علامت نمبر ۶ | ۹۵ |
| ۴۲ | علامت نمبر ۷ | ۹۶ |
| ۴۳ | علامت نمبر ۸ | ۹۷ |
| ۴۴ | علامت نمبر ۹-۱۱ | ۹۸ |
| ۴۵ | علامت نمبر ۱۲-۱۴ | ۹۹ |
| ۴۶ | علامت نمبر ۱۵-۱۶ | ۱۰۰ |
| ۴۷ | علامت نمبر ۱۷-۱۸ | ۱۰۱ |
| ۴۸ | علامت نمبر ۱۹ | ۱۰۲ |
| ۴۹ | علامت نمبر ۲۰_۲۳ | ۱۰۵ |
| ۵۰ | علامت نمبر ۲۴ تا ۲۷ | ۱۰۶ |
| ۵۱ | فائدہ | ۱۰۶ |
| ۵۲ | علامت نمبر ۲۸ | ۱۰۷ |
| ۵۳ | علامت نمبر ۲۹ | ۱۰۸ |
| ۵۴ | علامت نمبر ۳۰ | ۱۰۹ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## باب چہارم
## ﴿ظہور مہدیؓ سے قبل کے واقعات﴾



| | | |
|---|---|---|
| ۵۵ | خروج سفیانی | ۱۱۳ |
| ۵۶ | سفیانی کا نام | ۱۱۴ |
| ۵۷ | سفیانی کی حکومت اور مدت حکومت | ۱۱۴ |
| ۵۸ | فتنۂ سفیانی کی سختی | ۱۱۶ |
| ۵۹ | خروج سفیانی کی کیفیت | ۱۱۷ |
| ۶۰ | تنبیہ (لزوم استحقاق، لزوم تفضیلی) | ۱۱۹ |
| ۶۱ | سفیانی کا جھنڈا | ۱۲۰ |
| ۶۲ | خروج سفیانی کا اجمالی نقشہ | ۱۲۱ |
| ۶۳ | فائدہ | ۱۲۲ |



## باب پنجم
## ﴿ظہور مہدیؓ ترتیب زمانی کے ساتھ واقعات کے تناظر میں﴾



| | | |
|---|---|---|
| ۶۴ | دریائے فرات سے سونے کا پہاڑ برآمد ہوگا | ۱۲۷ |
| ۶۵ | سفیانی کی ابقع اور اصہب وغیرہ سے جنگ | ۱۲۸ |
| ۶۶ | سفیانی کی ترک اور روم سے جنگ | ۱۲۹ |
| ۶۷ | سفیانی کا فساد برپا کرنا | ۱۲۹ |
| ۶۸ | امام مہدیؒ کا مکہ میں روپوش ہونا | ۱۳۰ |
| ۶۹ | گورنر مکہ کا دھوکہ دینا | ۱۳۰ |



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۷۰ | حج کی ادائیگی کا امیر کے بغیر ہونا | ۱۳۱ |
| ۷۱ | سات بڑے بڑے علماء کا امام مہدیؒ کو تلاش کرنا | ۱۳۱ |
| ۷۲ | فائدہ | ۱۳۱ |
| ۷۳ | امام مہدیؒ کا حجرِ اسود کے پاس ملنا | ۱۳۲ |
| ۷۴ | فائدہ | ۱۳۳ |
| ۷۵ | امام مہدیؒ کا بیعت لینا | ۱۳۳ |
| ۷۶ | امام مہدیؒ کا پہلا خطبہ | ۱۳۳ |
| ۷۷ | امام مہدیؒ کے اعوان وانصار | ۱۳۴ |
| ۷۸ | ابدال، عصائب اور نجباء سے کون لوگ مراد ہیں؟ | ۱۳۵ |
| ۷۹ | مقام بیداء میں لشکر سفیانی کا دھنسنا | ۱۳۸ |
| ۸۰ | اہل خراسان پر کیا بیتی؟ | ۱۳۸ |
| ۸۱ | خراسان سے سیاہ جھنڈوں کے ساتھ روانگی | ۱۳۹ |
| ۸۲ | سفیانی کے ساتھ جنگیں | ۱۴۰ |
| ۸۳ | کلمۂ حق کہنے کی سزا | ۱۴۰ |
| ۸۴ | امام مہدیؒ کی کرامت | ۱۴۱ |
| ۸۵ | سفیانی کا بیعت کرنا | ۱۴۱ |
| ۸۶ | عہد شکنی | ۱۴۲ |
| ۸۷ | سفیانی کا قتل | ۱۴۳ |
| ۸۸ | مال غنیمت کی تقسیم | ۱۴۳ |
| ۸۹ | استحکام اسلام | ۱۴۴ |
| ۹۰ | فائدہ | ۱۴۴ |
| ۹۱ | جنگ عظیم | ۱۴۴ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۹۲ | ۹۶۰۰۰۰ فوج کا روانہ ہونا | ۱۴۵ |
| ۹۳ | رومیوں کا مطالبہ اور لشکر اسلام کے تین حصے | ۱۴۶ |
| ۹۴ | شام پر رومیوں کا قبضہ | ۱۴۶ |
| ۹۵ | رومیوں کی شکست | ۱۴۸ |
| ۹۶ | باقی ماندہ لشکر کے تین حصے | ۱۴۹ |
| ۹۷ | جبریلؑ و میکائیلؑ کا فرشتوں کی فوج لے کر اترنا | ۱۵۰ |
| ۹۸ | رومیوں کی دھوکہ دہی | ۱۵۰ |
| ۹۹ | خلیج کا محاصرہ | ۱۵۱ |
| ۱۰۰ | خروج دجال | ۱۵۲ |
| ۱۰۱ | جنگ خلیج کی تفصیل ایک دوسری روایت سے | ۱۵۲ |
| ۱۰۲ | بیت المقدس کا خزانہ | ۱۵۳ |
| ۱۰۳ | نعرۂ تکبیر سے شہر فتح ہو جائے گا | ۱۵۶ |
| ۱۰۴ | پوری دنیا کی حکمرانی | ۱۵۷ |
| ۱۰۵ | جنگ خلیج کے بعد کیا ہوگا؟ | ۱۵۷ |
| ۱۰۶ | حضرت امام مہدیؒ کی وفات اور ان کی مدت حکومت | ۱۶۱ |
| ۱۰۷ | ظہور کے وقت امام مہدیؒ کی عمر | ۱۶۲ |
| ۱۰۸ | امام مہدیؒ کا انتقال طبعی ہوگا | ۱۶۴ |
| | باب ششم<br>﴿احادیث و آثار متعلقہ بالامام المہدیؓ﴾ | |
| ۱۰۹ | صحیحین کی وہ روایات جو امام مہدیؒ سے متعلق ہیں | ۱۶۷ |
| ۱۱۰ | روایت نمبر : ۱ | ۱۶۷ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۱ | روایت نمبر:۲ | ۱۷۱ |
| ۱۱۲ | روایت نمبر:۳ | ۱۷۲ |
| ۱۱۳ | روایت نمبر:۴ | ۱۷۳ |
| ۱۱۴ | فائدہ | ۱۷۵ |
| ۱۱۵ | روایت نمبر:۵ | ۱۷۶ |
| ۱۱۶ | فائدہ | ۱۷۷ |
| ۱۱۷ | تنبیہ | ۱۷۷ |
| ۱۱۸ | روایت نمبر:۶ | ۱۷۷ |
| ۱۱۹ | فائدہ | ۱۷۹ |
| ۱۲۰ | روایت نمبر:۷ | ۱۸۱ |
| ۱۲۱ | فائدہ | ۱۸۱ |
| ۱۲۲ | روایت نمبر:۸ | ۱۸۲ |
| ۱۲۳ | فائدہ | ۱۸۳ |
| ۱۲۴ | روایات صحابہ دربارۂ امام مہدی علیہ الرضوان | ۱۸۵ |
| ۱۲۵ | حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۸۵ |
| ۱۲۶ | حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۸۶ |
| ۱۲۷ | حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۸۶ |
| ۱۲۸ | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۸۷ |
| ۱۲۹ | حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت | ۱۸۸ |
| ۱۳۰ | حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی روایت | ۱۸۸ |
| ۱۳۱ | حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی روایت | ۱۸۹ |
| ۱۳۲ | حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی روایت | ۱۹۰ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۳۳ | حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت | ۱۹۰ |
| ۱۳۴ | حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۲ |
| ۱۳۵ | حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت | ۱۹۲ |
| ۱۳۶ | حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۳ |
| ۱۳۷ | حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۳ |
| ۱۳۸ | حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۳ |
| ۱۳۹ | حضرت عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۴ |
| ۱۴۰ | حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۴ |
| ۱۴۱ | حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی روایت | ۱۹۵ |
| ۱۴۲ | حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۵ |
| ۱۴۳ | حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۶ |
| ۱۴۴ | حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی روایت | ۱۹۷ |
| ۱۴۵ | حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کی روایت | ۱۹۸ |
| ۱۴۶ | حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روایت | ۱۹۸ |
| ۱۴۷ | حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت | ۱۹۹ |
| ۱۴۸ | حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۰ |
| ۱۴۹ | حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۰ |
| ۱۵۰ | حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۱ |
| ۱۵۱ | حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۲ |
| ۱۵۲ | حضرت عمرو بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۲ |
| ۱۵۳ | حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۳ |
| ۱۵۴ | حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۳ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵۵ | حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کی روایت | ۲۰۴ |
| ۱۵۶ | حضرت قرۃ المزنی رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۴ |
| ۱۵۷ | حضرت قیس بن جابر رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۵ |
| ۱۵۸ | حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۶ |
| ۱۵۹ | حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۶ |
| ۱۶۰ | حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۷ |
| ۱۶۱ | حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ کی روایت | ۲۰۸ |
| | **باب ہفتم**<br>**منکرین و مدعیان مہدویت** | |
| ۱۶۲ | منکرین و مدعیان مہدویت | ۲۱۱ |
| ۱۶۳ | منکرین ظہور مہدی | ۲۱۱ |
| ۱۶۴ | تنبیہ | ۲۱۳ |
| ۱۶۵ | مدعیان مہدویت | ۲۱۳ |
| ۱۶۶ | امام مہدیؒ کے بارے میں علامہ ابن خلدون کے نظریات کی تحقیق | ۲۱۸ |
| ۱۶۷ | مولانا سید محمد بدر عالم مہاجر مدنی رحمہ اللہ کی تحریر | ۲۱۹ |
| ۱۶۸ | ایک ضروری وضاحت | ۲۲۰ |
| ۱۶۹ | تلخیص مؤخرۃ الظنون عن ابن خلدون | ۲۲۱ |
| ۱۷۰ | امر اول | ۲۲۱ |
| ۱۷۱ | روایات مہدی صحیحین میں مروی نہیں؟ | ۲۲۲ |
| ۱۷۲ | ظہور مہدی پر اجماع سلف صالحین | ۲۲۳ |
| ۱۷۳ | کیا بخاری و مسلم میں تمام روایات کا ہونا ضروری ہے؟ | ۲۲۴ |


www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com




| | | |
|---|---|---|
| ۱۷۴ | شیخ یوسف بن عبداللہ کا جواب | ۲۲۵ |
| ۱۷۵ | علامہ ابن کثیرؒ کی تحقیق | ۲۲۵ |
| ۱۷۶ | مرتب کتاب البرہان شیخ جاسم کی وضاحت | ۲۲۶ |
| ۱۷۷ | امر دوم | ۲۲۷ |
| ۱۷۸ | امر سوم | ۲۲۸ |
| ۱۷۹ | کیا ہر جرح مقدم ہوتی ہے؟ | ۲۲۹ |
| ۱۸۰ | امر چہارم | ۲۳۰ |
| ۱۸۱ | امر پنجم و ششم | ۲۳۰ |
| ۱۸۲ | جرح مبہم پر تعدیل مقدم ہوتی ہے | ۲۳۲ |
| ۱۸۳ | علامہ ابن خلدون کا احادیث مہدی پر تبصرہ | ۲۳۴ |
| ۱۸۴ | مبہم تفسیر کے وقت مفسر پر محمول ہوتا ہے | ۲۳۵ |
| ۱۸۵ | امر ہفتم | ۲۳۶ |
| ۱۸۶ | حدیث "لامھدی الاعیسی ابن مریم" کی توجیہات | ۲۳۸ |
| ۱۸۷ | فائدہ | ۲۳۷ |
| ۱۸۸ | شیخ یوسف بن عبداللہ کی تحقیق وتنقید | ۲۳۹ |
| ۱۸۹ | مرتب کتاب البرہان کی تنقید | ۲۴۱ |
| ۱۹۰ | شیخ احمد شاکر کی تنقید | ۲۴۳ |
| ۱۹۱ | مولانا مودودی کا نظریۂ مہدویت | ۲۴۴ |
| ۱۹۲ | علامہ اقبال کا نظریۂ مہدویت | ۲۴۹ |
| ۱۹۳ | مولانا عبیداللہ سندھی کا نظریۂ مہدویت | ۲۵۶ |
| ۱۹۴ | مولانا ابوالکلام آزاد کا نظریۂ مہدویت | ۲۵۸ |
| ۱۹۵ | سوالات وجوابات | ۲۶۰ |


محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ

جامع المعقول والمنقول، استاذ العلماء والفضلاء، محقق زماں، مقرر شیریں بیاں

**حضرت مولانا عبدالرحمٰن اشرفی صاحب مدظلہ العالی۔**

**الحمدللہ وکفی والصلوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین اما بعد!**

حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد سیدنا حسن رضی اللہ عنہ سریرآرائے خلافت ہوئے اور چھ ماہ بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو گئے تو ''المشاہدہ بقدر المجاہدہ'' کے تحت بارگاہ خداوندی سے ان کو یہ انعام دیا گیا کہ آخر زمانے میں ان کی اولاد میں سے ایک جلیل القدر خلیفہ ہونا مقرر فرمادیا جس کو دنیا ''مہدی'' کے نام سے جانتی ہے۔

عربی زبان میں اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن ان میں سے اکثر نادر ونایاب ہیں اور جو دستیاب ہیں، ان سے اردو دان طبقہ مستفید نہیں ہوسکتا نیز اس موضوع پر اردو میں ایک آدھ کتاب ہی کا حوالہ ملتا ہے جس میں مکمل تفصیلات نہ ملنے کی وجہ سے قاری تشنگی کا شکار رہتا ہے اس لحاظ سے عزیزم محمد ظفر سلمہٗ کی غالباً یہ پہلی کاوش ہے جو اس موضوع پر اہل سنت والجماعت کے عقائد کی آئینہ دار اور اس کی تفصیلات کو حاوی ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کو قبول فرمائیں اور عزیز مذکور کو مزید تصنیفی خدمات سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائیں۔

آمین

عبدالرحمٰن اشرفی

خادم الحدیث جامعہ اشرفیہ مسلم ٹاؤن لاہور۔

۱۶، جمادی الاولی ۱۴۲۵ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# کلماتِ بابرکات

بحر العلوم، نمونہ اسلاف، رأس الاتقیاء
حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب ادام اللّٰہ بقاؤہ علینا

هذه المقالة من مولانا محمد ظفر اعز الله اياه، موجبات، سالبات، رائعات، صادقات جزى اللّٰه اياه.

## اخبار المقالة

موجبات، سالبات، صادقات  رائعات، مفرحات، ياقريب
فهمها علمٌ لحق يا حبيب  اسمعوا سمعًا قبولا يا لبيب
ماهيات، ثابتات، يارغيب  فاقرؤها وانظروها يا قريب

(نوٹ) راقم الحروف کی درخواست پر حضرت الاستاذ نے پہلے نثر میں مندرجہ بالا عبارت تحریر فرمائی تھی، بعد میں اشعار کے اندر اپنی تقریظ کو از خود ہی منتقل فرمایا، اور باہمی مشورے سے یہ طے پایا کہ ان دونوں کو بطور یادگار زیر نظر مقالہ کا حصہ بنا دیا جائے۔
ذہن میں رہے کہ حضرت نے اس بات کی نشاندہی بھی فرمائی ہے کہ مذکورہ اشعار بحر رمل تام کے وزن پر ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# تقریظ

استاذ العلماء، مقرر شیریں بیاں، نائب مہتمم جامعہ اشرفیہ

## حضرت مولانا فضل الرحیم صاحب مدظلہ

عزیزم مولوی حافظ محمد ظفر سلمہ کا مقالہ کا مختلف مقامات سے معاینہ کیا دلی خواہش پیدا ہوئی کہ یہ مقالہ اگر جلد از جلد طبع ہو جائے تو اس تحقیق اور ریسرچ سے بہت سارے احباب کو نفع ہو گا۔

یہ مقالہ جو کہ اب پوری کتاب کی شکل میں تیار ہو چکا ہے اور جس میں تمام امور کے حوالہ جات لکھے گئے ہیں اور پھر سلف صالحین کے اقوال اور احادیث مبارکہ سے ان کو مزین کیا گیا ہے۔

میری دیانت دارانہ رائے ہے کہ اگر کوئی شخص حقیقت پسندی کے ساتھ اس کا مطالعہ کرے گا تو یہ بات بالکل عیاں ہو کر اس کے سامنے آ جائے گی کہ سیدنا حضرت امام مہدیؒ کی آمد حقیقت پر مبنی ہے اور اس سے انکار تعصب اور عناد کی وجہ سے ہی کیا جا سکتا ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ جل شانہ میرے اس عزیز اور اس کے اساتذہ اور اس کتاب کے ناشر کے لیے اس کتاب کو صدقہ جاریہ بنا دے۔ آمین

(حافظ) فضل الرحیم
خادم الطلباء جامعہ اشرفیہ لاہور
۱۰ جمادی الثانی ۱۴۲۵ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پیش لفظ

استاذ العلماء، مقرر شعلہ بیاں، سرپرست و مربی من

## حضرت مولانا محمد کفیل خان صاحب دامت برکاتہم

**الحمدللّٰہ و کفی و سلام علی عبادہ الذین اصطفی. امابعد!**

وجودِ مہدی، علاماتِ مہدی اور عقیدۂ ظہور مہدی

یہ وہ معرکتہ الآ راء، اہم اور سنجیدہ موضوع ہے جس پر اردو ادب اور دینی لٹریچر میں کوئی سنجیدہ اور اہم تحریر مکمل وضاحت وصراحت سے موجود نہیں، اگر ہے بھی تو وہ خارجیت یا رافضیت کے زیر اثر افراط وتفریط کا شکار۔

راہ اعتدال پر گامزن رہتے ہوئے، مناظرانہ رنگ لیے بغیر اس موضوع پر اہل سنت والجماعت کا موقف مکمل احتیاط اور دلائل و براہین سے آراستہ فی الحال دستیاب نہیں۔ ممکن ہے کہ کبھی اس موضوع پر مناظرانہ مبالغہ آرائی کے بغیر کچھ لکھا گیا ہو جو، اب موجود نہیں۔

اس موضوع کی سب سے اہم بات یہی ہے کہ اس میں راہِ اعتدال اور مسلک اکابر کو ہر آن پیش نظر رکھنا ہی اس موضوع سے انصاف کے تقاضے پورا کرتا ہے، ایک بال برابر آگے پیچھے ہونا رافضیت کی اندھیر نگری میں گرنے یا خارجیت کے سنہری جال میں پھنسنے کے مترادف ہے۔

زیر نظر مقالہ جو جامعہ اشرفیہ کے ہونہار اور ذی استعداد طالب علم حافظ مولوی محمد ظفر سلمہٗ کی تحقیق وکاوش کا نتیجہ ہے، کئی اعتبار سے علم دوست اور صاحبانِ ذوق کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لیے تسکین کا سامان لیے ہوئے ہے۔

(۱) ازاول تا آخر تحریر اپنے موضوع سے مکمل مربوط اور زنجیر کی کڑیوں کی طرح جڑی ہوئی نظر آتی ہے۔

(۲) وہ تمام کتب جن کے حوالے درج کیے گئے ہیں، ان کے تمام حوالہ جات اصل کتابوں سے اخذ کردہ ہیں۔

(۳) سب سے اہم اور خاص بات یہ کہ پورے مقالے میں کہیں بھی مناظرے، مجادلے اور مکابرے کا رنگ نظر نہیں آتا جو میرے خیال میں ایک مشکل ترین کام تھا جسے بخوبی انجام دیا گیا۔

(۴) ایک اور اہم ترین اور خاص بات یہ ہے کہ ملک کے مایہ ناز علمی مراکز اور دینی مدارس کے تصدیق شدہ فتاویٰ جات منسلک ہونے سے اس مقالے کی اہمیت دوچند ہوگئی ہے۔

(۵) اسی طرح وہ حضرات علماء کرام جن کی رائے اس مسئلے میں کچھ اختلافی پہلو لیے ہوئے تھی، اس کو بطریق احسن فتاویٰ جات کی روشنی میں حل کیا گیا ہے۔

(۶) انداز انتہائی مرتب، مضبوط اور جامع ہے، طرزِ تحریر دلچسپ اور پُرکشش ہے جس کی وجہ سے یہ ثقیل اور مشکل موضوع بھی قاری کی توجہ بآسانی حاصل کر لیتا ہے۔

بہر حال! یہ ایک عمدہ بلکہ عمدہ ترین کوشش وکاوش ہے جسے جتنا بھی سراہا جائے، کم ہے اور خصوصی طور پر اس کوشش کے پس منظر میں استاذ العلماء حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف خان صاحب مدظلہٗ استاذ الحدیث جامعہ اشرفیہ کی خصوصی توجہات اور مہربانیاں ہیں جنھوں نے مقالہ نگار کو انتخاب موضوع سے اختتامِ تحریر تک اپنے قیمتی ترین اوقات سے لمحات بابرکات عنایت فرمائے اور یوں یہ کام پایۂ تکمیل تک پہنچا اور پھر اکابرین علماء کرام کی تقریظات نے اس پر چار چاند لگا دیے۔

---

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ تعالیٰ مقالہ نگار عزیزم میرے شاگرد رشید حافظ مولوی محمد ظفر سلمہٗ کو خوب خوب علمی وعملی ترقیات سے مالا مال فرمائے اور دینی موضوعات پر تحقیق وتفتیش کے اہم ترین کام کے لیے قبول فرمائے اور ہمارے سرپرست ومہربان استاذ مکرم حضرت مولانا محمد یوسف خان صاحب مدظلہٗ کے سائے کو تادیر ہمارے سروں پر قائم فرمائے اور انکے علمی فیضان سے فیض یاب فرمائے۔

اور بالخصوص ناشر محترم عزیزم مولانا محمد ناظم اشرف صدیقی صاحب مدظلہٗ کو خوب خوب جزائے خیر عطا فرمائے۔

آمین یارب العلمین

العبد الفقیر محمد کفیل عفی عنہ

مدرس جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# عرض مؤلف

مہدی اور ظہور مہدی زمانۂ جدید ہی میں نہیں، زمانۂ قدیم سے ہی محل بحث و تمحیص اور موضوع کلام رہا ہے اور شروع ہی سے اس میں افراط و تفریط برتی جاتی رہی ہے چنانچہ بعض لوگوں نے تو اسی کو اوڑھنا بچھونا بنا کر انتظارِ مہدی ہی میں اپنی حیات عزیز اور متاع ثمین کو گنوا دیا، کسی نے محض چند ضعیف حدیثوں کو دیکھ کر احادیث مہدی اور وجود و ظہور مہدی سے عہدہ برآئی کا اعلان کر دیا، متقدمین میں اس فہرست کے اندر آپ کو ابن خلدون کا نام نظر آئے گا اور متاخرین میں آپ کو دور جدید کے متجددین اور نام نہاد مفسرین مل جائیں گے جن پر مفصل تبصرہ آپ اسی کتاب کے آخر میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

انہی لوگوں میں دوران مطالعہ قاضی سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ کا ''صحت احادیث مہدی کا انکار''[۱] بہت عجیب لگا کیونکہ قاضی صاحب ماضی قریب ہی کی شخصیت ہیں اور ان سے پہلے حضرت تھانوی رحمہ اللہ بڑی وضاحت کے ساتھ ''مؤخرۃ الظنون عن ابن خلدون'' میں ابن خلدون کے اعتراضات کا ٹھوس اور مدلل جواب دے چکے تھے۔

اس موقع پر یہ وضاحت بھی بے فائدہ نہ ہوگی کہ بعض لوگ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے اظہار بغض کے کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے، زیر بحث مسئلہ میں بھی انہوں نے کسی حنفی کا یہ قول ڈھونڈ نکالا کہ امام مہدی رضی اللہ عنہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی تقلید کریں گے، حاشا للہ! کہ تحقیق سے اس کو دور کا بھی مس ہو، اصل بات یہ ہے کہ بعض

---

۱ قاضی صاحب نے اپنی مشہور کتاب ''تاریخ المشاہیر ص ۱۸۸'' پر ابن تومرت کے حالات لکھنے کے بعد تحریر فرمایا ہے کہ قارئین ان حالات کو پڑھیں اور دیکھیں کہ مہدی کے نام سے دنیا میں بالخصوص دنیائے اسلام میں کیا کچھ ہو چکا ہے، مجھے اس مقام پر اس قدر لکھ دینا چاہیے کہ ظہور مہدی کے متعلق اگرچہ روایات بکثرت ہیں جن کا شمار درجنوں پر ہے مگر ایسی حدیث ایک بھی نہیں ہے جو محدثین کے مسلمہ اصول تنقید کے مطابق صحیح مسند مرفوع کا درجہ رکھتی ہو۔ العلم عند اللہ۔

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بزرگوں کا ''کشف'' ہے کہ ان حضرات کا اجتہاد، امام صاحبؒ کے اجتہاد سے ملتا جلتا اور مشابہ ہوگا، اب معترض نے یہ نہیں دیکھا کہ کشف حجت شرعیہ بھی ہے یا نہیں؟ مشبہ اور مشبہ بہ میں کوئی فرق بھی ہوتا ہے یا دونوں کا مکمل طور پر متحد ہونا ضروری ہے؟ اور اس پر اعتراض کی بنیاد کھڑی کر دی، حالانکہ نہ تو کشف ہی حجت شرعیہ ہے اور نہ ہی مشبہ و مشبہ بہ میں مکمل اتحاد ضروری ہے لہٰذا یہ اعتراض لغو اور بیکار ہے۔

الغرض! کچھ لوگ ظہور مہدی کے منکر ہو گئے اور کچھ لوگوں نے دعویٰ مہدویت کرنے میں بھی کوئی خوف محسوس نہیں کیا اور نہایت بیباکی سے اپنے اس موقف پر ڈٹے رہے بلکہ ملا علی قاریؒ اور صاحب مظاہر حق کے مطابق تو بعض لوگوں نے اپنے گرد اوباشوں کی ایک جماعت اکٹھی کر کے لوگوں سے زبردستی اپنے ''مہدی'' ہونے کو منوانے کی کوشش کی، جس کا انجام بالآخر ناکامی ہوا۔

اس کی مکمل تفصیلات تو قارئین کرام آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں گے یہاں اجمالی طور پر کتاب سے متعلق چند باتیں عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

(۱) اس کتاب میں امام مہدیؓ سے متعلق اہل سنت والجماعت کے عقائد بیان کئے گئے ہیں اس لیے امید ہے کہ اس موضوع سے متعلق اہل سنت والجماعت کے عقائد صحیحہ ہی قارئین کے ذہن میں جگہ پائیں گے۔

(۲) بعض وجوہات کی بناء پر کچھ باتیں مکرر بھی ہو گئی ہیں لیکن چونکہ موقع کی مناسبت کا لحاظ بھی ضروری تھا اس لیے اس تکرار کو حذف نہیں کیا گیا۔ امید ہے کہ قارئین کرام اس سے ملول نہ ہوں گے۔

(۳) پروف ریڈنگ میں انتہائی احتیاط برتی گئی ہے تاہم اگر بتقاضائے بشریت مضمون یا پروف ریڈنگ کی کوئی غلطی قارئین کرام پائیں تو اس کو میرے اساتذہ کی طرف منسوب کرنے کی بجائے میری کم علمی اور بے بضاعتی پر محمول کر کے مطلع فرمائیں۔ انشاء اللہ اپنی غلطی سے رجوع کرنے میں مجھے کوئی باک محسوس نہ ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ناسپاسی ہوگی کہ اگر میں اپنے انتہائی شفیق استاذ حضرت مولانا محمد یوسف خان صاحب مدظلہ کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے قدم قدم پر انگلی پکڑ پکڑ کر رہنمائی فرمائی، حق یہ ہے کہ اس کتاب کو انہی کی طرف منسوب کیا جائے، نیز اس موقع پر میں اپنے انتہائی مشفق سرپرست، مربی اور جان و دل سے زیادہ عزیز حضرت مولانا محمد کفیل خان صاحب دامت برکاتہم کے مشوروں اور ہدایات کو بھی فراموش نہ کرسکوں گا، تقریظات لکھنے والے اساتذہ و مشائخ بالخصوص، جامعہ اشرفیہ کے سب سے اولین مدرس، میرے محبوب استاذ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب ''اطال اللہ عمرہ'' جن کو حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی ''چلتا پھرتا کتب خانہ'' کہا کرتے تھے، کتاب کی نشر و طباعت کا اہتمام کرنے والے استاذ محترم مولانا محمد ناظم اشرف صاحب مدظلہ اور کسی طرح بھی تعاون کرنے والوں کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری ہے۔

اللہ تعالیٰ ان سب کو اپنی شایان شان اجر جزیل عطا فرمائے اور ان کے طفیل اس روسیاہ کی بھی مغفرت فرمادے۔ آمین

محمد ظفر

۲۷ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۵ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿مقدمہ﴾

جانشین شیخ موسیٰ، استاذ العلماء، استاذ الحدیث
حضرت مولانا پروفیسر محمد یوسف خان صاحب دامت برکاتہم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**نحمده و نصلی علی رسوله الکریم. اما بعد!**

دور حاضر میں عقائد ونظریات کے بدلتے ہوئے مختلف رجحانات میں سے ایک رجحان امام مہدیؒ اور ان کے ظہور سے متعلق بھی ہے۔ اسی مقصد کی خاطر مختلف ممالک میں مختلف دعوے روز بروز بلند ہوتے رہتے ہیں چنانچہ کہیں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ سنائی دیتا ہے اور کہیں مہدیٔ موعود ہونے کے دعوے کانوں میں پڑتے ہیں۔ کہیں سے یہ شور بلند ہوتا ہے کہ ۲۰۰۴ء میں ظہور مہدی ہو رہا ہے اور کہیں سے یہ نعرہ لگتا ہے کہ امام مہدیؒ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ظہور ونزول کا وقت انتہائی قریب آ گیا ہے۔ بس ایک دو سالوں میں ایسا ہونے والا ہے۔

بعض حضرات اپنی اپنی جماعت کے افراد کو امام مہدیؒ کے متبعین قرار دینے میں کوشاں نظر آتے ہیں اور بعض حضرات ایڑی چوٹی کا زور لگا کر اپنے سرکردہ افراد یا قائدین پر امام مہدیؒ کی علامات چسپاں کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔

اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دورِ جدید میں یہ ذہن بن چکا ہے کہ ہر شخص اپنے مخاطبین کے سامنے کوئی ایسی نئی بات پیش کرنا چاہتا ہے جو اس سے پہلے کسی نے نہ کی ہو،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور اس سے اس کا مقصد سوائے اس کے اور کچھ نہیں ہوتا کہ مخاطبین پر اس کا رعب بیٹھ جائے خواہ اس کو علم و دانش کی راہ سے کوئی مس ہو یا نہ ہو، اور وہ بات سنجیدگی و وقار کے دائرے میں آتی ہو یا نہ۔ اور سب سے بڑی بات یہ کہ جس نئی بات اور نئے دعوے کو وہ پیش کر رہا ہے، نجانے وہ اس پر چسپاں بھی ہوتا ہے یا نہیں؟

یہ تو تصویر کا ایک رخ تھا، اس کا ایک دوسرا رخ بھی ہے جس میں ظہور مہدیؒ کے انکار کی روح کارفرما نظر آتی ہے چنانچہ کبھی محدثانہ انداز سے جرح وتنقید کے ذریعے ظہور مہدی کا انکار کیا جاتا ہے اور کبھی اس سلسلے کی احادیث کو ایرانی اور عجمی تخیلات کا نتیجہ قرار دیا جاتا ہے۔ کبھی یہ دعویٰ تراشا جاتا ہے کہ ظہور مہدی سے متعلق احادیث کو عربی تخیلات اور قرآن کی صحیح اسپرٹ سے کوئی سروکار نہیں اور کبھی یہ کہہ کر ظہور مہدی کا انکار کر دیا جاتا ہے کہ قرآن کریم میں امام مہدیؒ اور ان کے ظہور کا کوئی تذکرہ نہیں، کبھی ظہور مہدی کے عقیدے کو اپنانے پر اسے مصیبت قرار دیا جاتا ہے اور کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ امام مہدیؒ کے متعلق زوردار ثبوت بالکل نہیں ہے۔

اربابِ عقل پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ یہ دونوں نظریئے افراط وتفریط پر مبنی ہیں، اہل سنت والجماعت میں سے کسی بزرگ نے نہ تو اپنے لیے مہدویت کا دعویٰ کیا اور نہ ظہور مہدی کا انکار کیا بلکہ انہوں نے اس کو بعینہ اسی طرح تسلیم کیا جیسا کہ احادیث میں اس کی وضاحت آئی ہے۔

اس رسالے کی وجہ ترتیب ایک تو یہی بنی کہ لوگ اس سلسلے میں بہت زیادہ افراط وتفریط کا شکار ہیں اور ان کو حق بات اور مستند معلومات تک رسائی حاصل نہیں۔ دسری وجہ اور محرک یہ بنا کہ دور جدید کی دینی مطالعاتی کتب میں امام مہدیؒ کے حوالے سے اسلامی تعلیمات کا تذکرہ مفقود ہوتا جا رہا ہے اور عجیب بات یہ ہے کہ دور حاضر کے فارغ التحصیل علماء بھی امام مہدیؒ کے بارے میں اتنی معلومات نہیں رکھتے کہ وہ اپنے مخاطب کو مطمئن کر سکیں، کتب حدیث میں جہاں کہیں امام مہدیؒ کا تذکرہ آتا ہے اس کا سرسری طور پر مطالعہ کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے یہی لوگ بعد میں یا تو ظہور مہدی کے قطعی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



منکر ہو جاتے ہیں یا اس موضوع کو اپنے ذہن میں بالکل جگہ نہیں دے پاتے۔

ان وجوہات اور محرکات کی بناء پر اس موضوع کا انتخاب کیا گیا تا کہ قرآن و حدیث کی تعلیمات اور اکابر محدثین و علماء کے اقوال و آراء قارئین کرام کے سامنے پیش کر دیئے جائیں اور امام مہدیؒ کے بارے میں قرآن و سنت کی مستند معلومات اور اس بارے میں درست عقائد ہی ذہن میں جگہ پاسکیں۔

اس رسالے کو سات ابواب اور ایک خاتمہ پر مرتب کیا گیا ہے جس کا اجمالی خاکہ یوں ہے:

باب اول ............ عقیدۂ ظہور مہدیؒ
باب دوم ............ نام ونسب اور سیرت
باب سوم ............ علامات ظہور مہدیؒ
باب چہارم ............ ظہور مہدیؒ سے قبل کے واقعات
باب پنجم ............ ظہور مہدیؒ ترتیب زمانی کے ساتھ واقعات کے تناظر میں
باب ششم ............ امام مہدیؒ سے متعلق صحیحین کی روایات، ۲۷ صحابہؓ و صحابیاتؓ کی روایات
باب ہفتم ............ منکرین و مدعیان مہدویت
خاتمہ ............ علماء کرام کے فتاوی

آخر میں عزیزم مولوی محمد ظفر سلمہ کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں کہ عزیزم موصوف نے احقر کی گذارشات کے مطابق انتہائی جانفشانی، مسلسل جدوجہد، لگن اور محنت سے مواد کی جستجو کی، اسے جمع کیا اور عمدہ ترتیب کے ساتھ اسے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

اللہ رب العزت موصوف کی عمر، علم اور عمل میں برکت عطا فرمائے اور کتاب کے ناشر مولانا محمد ناظم اشرف سلمہ کو بھی جزائے خیر عطا فرمائے۔

احقر

محمد یوسف خان عفی عنہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب اوّل

## عقیدۂ ظہور مہدیؓ

قرآنی آیات کا ظہور مہدیؓ کی طرف اشارہ، تواترِ احادیث مہدیؓ، امام اور رضی اللہ عنہ کا خطاب، اسماء صحابہؓ مع حوالہ جات، علماء کرام کی آراء، اسماءِ کتب، امام مہدیؓ افضل یا شیخینؓ؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس دنیا کی ایک ابتداء تھی اور ایک انتہاء ہے، ابتداء ہو چکی اور انتہاء قریب ہے جس کے لیے وقوع قیامت کو علامت قرار دیا گیا ہے اور ان علامات کی صراحت صحیح احادیث میں کثرت سے موجود ہے۔

بنیادی طور پر علامات قیامت کو دو قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے چنانچہ محمد تاج عبدالرحمٰن العروسی اپنی کتاب ''عقیدة المسلم فی ضوء الکتاب والسنة'' کے ص ۳۳۷ پر رقم طراز ہیں:

> ''علاماتِ قیامت میں سے بعض علامات چھوٹی ہیں اور بعض بڑی۔ پھر چھوٹی علامات کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) وہ علامات جو واقع ہو چکی ہیں۔ (۲) وہ علامات جو اب تک واقع نہیں ہوئیں۔ اول قسم میں وہ علامات بھی شامل ہیں جو کہ پوری ہو چکیں اور وہ بھی کہ جن کا ظہور یکدم نہیں ہوا بلکہ آہستہ آہستہ ہوا، اسی طرح وہ علامات بھی کہ جو مکرر واقع ہوئیں اور وہ بھی جو مستقبل میں کثرت سے واقع ہوں گی۔''

پھر آگے انہوں نے ہر ایک کی تفصیلات مثالوں کے ذریعے پیش کی ہیں جن سے فی الحال یہاں بحث کرنا مقصود نہیں۔

علامات قیامت میں سے ایک علامت ''ظہور مہدی'' بھی ہے جس پر اس رسالے میں قدرے تفصیل سے گفتگو کی جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز۔

''ظہور مہدی'' سے متعلق عقیدے کی بحث سے پہلے اس موضوع سے متعلق قرآنی آیات کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿وہ آیات جن میں امام مہدیؒ کی طرف اشارہ موجود ہے﴾

حضرت امام مہدیؒ کا ذکر قرآن کریم میں صراحۃً تو نہیں البتہ ایک دو آیتوں میں ان کی طرف اشارہ ضرور پایا جاتا ہے اور وہ یہ ہیں:

(۱) ﴿ وَ مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَ سَعٰى فِيْ خَرَابِهَا اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَا اِلَّا خَآئِفِيْنَ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴾ (البقرہ: آیت نمبر۱۱۴)

اس آیت کے تحت علامہ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں:

﴿وفسر هٰؤلاء الخزی فی الدنیا بخروج المهدی عندسدی وعکرمة ووائل بن داؤد﴾ (تفسیر ابن کثیر: ج ۱ص ۲۰۸)

''اور ان لوگوں (یہودیوں اور عیسائیوں) کے لیے دنیا میں رسوائی کی تفسیر، سدی، عکرمہ اور وائل بن داؤد کے نزدیک ''خروج مہدی'' سے کی گئی ہے۔''

اگرچہ یہ تفسیری قول کہ دنیا میں یہودیوں اور عیسائیوں کی اصل رسوائی خروج مہدیؒ کے وقت ہو گی، سدی، عکرمہ اور وائل بن داؤد کا ہے لیکن چونکہ احادیث سے ثابت شدہ واقعات اس کی تائید کر رہے ہیں اس لیے اس کو صحیح مان لینے میں بظاہر کوئی حرج بھی نہیں۔

(۲) اسی طرح علامہ ابن کثیرؒ ہی نے آیت قرآنی

﴿ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَ بَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ﴾ (المائدہ: ۱۲)

کے تحت بارہ خلفاء والی روایت ذکر کی ہے کہ اس امت میں بارہ نیک و عادل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خلفاء ہوں گے اور یہ روایت مسند احمد کے حوالے سے بدیں الفاظ منقول ہے۔

﴿عن مسروق قال كنا جلوسا عند عبدالله بن مسعود رضى الله عنهما وهو يقرئنا القرآن فقال له رجل يا ابا عبدالرحمٰن! هل سألتم رسول الله ﷺ كم يملك هذه الامة من خليفة؟ فقال عبدالله ما سالنى عنها احد منذ قدمت العراق قبلك ثم قال نعم ولقد سالنا رسول الله ﷺ فقال اثنا عشر كعدة نقباء بنى اسرائيل. هذا حديث غريب من هذا الوجه واصل هذا الحديث ثابت فى الصحيحين من حديث جابر بن سمرة رضى الله عنه قال سمعت النبى ﷺ يقول لا يزال امر الناس ماضيا ما وليهم اثنا عشر رجلا ثم تكلم النبى ﷺ بكلمة خفيت على فسالت اى ماذا قال النبى ﷺ؟ قال كلهم من قريش. وهذا لفظ مسلم و معنى هذا الحديث البشارة بوجود اثنى عشر خليفة صالحا يقيم الحق و يعدل فيهم ولا يلزم من هذا تواليهم و تتابع اياهم بل وقد وجدمنهم اربعة على نسق وهم الخلفاء الاربعة ابو بكر و عمر و عثمان و على رضى الله عنهم ومنهم عمر بن عبدالعزيز بلاشك عندالائمة وبعض بنى العباس ولا تقوم الساعة حتى تكون ولايتهم لا محالة والظاهران منهم المهدى المبشربه فى الاحاديث الواردة بذكره فذكر انه يواطئ اسمه اسم النبى ﷺ واسم ابيه اسم ابيه فيملأالارض عدلا وقسطا كما ملئت جورا وظلما﴾ (تفسیر ابن کثیر: ج ۲ ص ۴۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"مسروق کہتے ہیں کہ (ایک دن) ہم حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور وہ ہمیں قرآن پڑھا رہے تھے کہ ایک آدمی نے ان سے سوال کیا کہ اے ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ پوچھا تھا کہ اس امت میں کتنے خلفاء ہوں گے؟ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ جب سے میں عراق آیا ہوں، تجھ سے پہلے کسی نے یہ سوال نہیں کیا، پھر فرمایا کہ ہاں! ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بارے میں سوال کیا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اس امت میں بنی اسرائیل کے نقباء کی تعداد کے برابر یعنی بارہ خلفاء ہوں گے، یہ حدیث اس سند سے تو ایک ہی راوی سے مروی ہے لیکن اس کی اصل بخاری و مسلم میں حضرت جابر بن سمرۃؓ کی حدیث سے موجود ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ لوگوں کا یہ امر (دین) ٹھیک ٹھیک چلتا رہے گا جب تک کہ بارہ آدمی زمین میں حکمران (خلیفہ) نہ ہو جائیں، پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آہستہ سے ایک بات کہی (جو میں سن نہ سکا) تو میں نے (پاس بیٹھے ہوئے ایک صاحب سے) پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا ہے؟ اس نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وہ بارہ کے بارہ خلفاء قریش میں سے ہوں گے۔ روایت کے یہ الفاظ امام مسلم نے نقل کیے ہیں:

اس حدیث کا مقصد بارہ صالح خلفاء کے وجود کی بشارت دینا ہے جو لوگوں میں حق اور انصاف کو قائم کریں گے لیکن اس حدیث سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ بارہ خلفاء یکے بعد دیگرے لگاتار آئیں گے، بلکہ ان میں سے چار تو علی الترتیب خلفاء اربعہ یعنی ابوبکر، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ عنہم ہی ہیں اور باتفاق ائمہ عمر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بن عبدالعزیزؒ بھی ان میں شامل ہیں، نیز بنو عباس کے بعض خلفاء بھی ان میں سے ہیں اور قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ یہ سب خلیفہ نہ ہو جائیں، اور اس سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ان بارہ خلفاء میں امام مہدیؒ بھی داخل ہیں جن کے متعلق احادیث میں بشارت آئی ہے چنانچہ ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ امام مہدیؒ کا نام، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام جیسا ہوگا اور ان کے والد کا نام، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کے نام جیسا ہوگا اور وہ زمین کو عدل وانصاف سے اسی طرح بھر دے گا جیسے وہ پہلے ظلم وستم سے بھری ہوئی ہوگی۔''

## ظہور مہدیؒ اہلسنت والجماعت کا عقیدہ

چونکہ حضرت امام مہدیؒ کا ظہور اہل سنت والجماعت کے عقائد میں شامل ہے اس لیے اس پر عقائد کی روشنی میں بحث کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے چنانچہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ اخیر زمانے میں امام مہدیؒ کا ظہور برحق اور صدق ہے اور ان کا ظہور اس قدر روایات سے ثابت ہے کہ جن پر تواتر معنوی کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے چنانچہ محدث شہیر مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے مشکوۃ شریف کی شرح ''التعلیق الصبیح'' ج ۶ ص ۱۹۸ پر شرح عقیدہ سفارینیہ ج ۲ ص ۸۰ سے نقل کیا ہے۔

﴿قال السفارینی قد کثرت الروایات بخروج المهدی حتی بلغت حدالتواتر المعنوی وشاع ذلک بین علماء السنة حتی عد من معتقداتهم فالایمان بخروج المهدی واجب کما هو مقرر عنداهل العلم و مدون فی عقائد اهل السنة والجماعة﴾

''امام سفارینی نے فرمایا ہے کہ خروج مہدیؒ کی روایات اتنی کثرت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے ساتھ موجود ہیں کہ وہ تواتر معنوی کی حد تک پہنچ چکی ہیں اور یہ بات علماء اہل سنت کے درمیان اس درجے مشہور ہے کہ وہ ان کے عقائد میں شمار ہوتی ہے بس امام مہدیؒ کے ظہور پر حسب بیان علماء وعقائد اہل سنت والجماعت، ایمان لانا ضروری ہے۔"

اسی طرح بذل المجہود شرح ابوداؤد میں حدیث "لولم یبق من الدنیا ..... الخ" کی شرح میں مرقوم ہے۔

﴿حاصل معنی الحدیث ان بعثه مؤکد یقینی لا بدان یکون﴾ (بذل المجہود: ج۵ ص۱۰۱)

"حدیث کا حاصل معنی یہ ہے کہ امام مہدیؒ کا بھیجا جانا مؤکد اور یقینی بات ہے اور ایسا ہونا ضروری ہے۔"

نیز حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ اپنی کتاب "عقائد الاسلام" حصہ اول کے ص ۶۴ پر "فائدہ جلیلہ" کے عنوان کے تحت تحریر فرماتے ہیں۔

"اہل سنت والجماعت کے عقائد میں ہے کہ امام مہدیؒ کا ظہور اخیر زمانے میں حق اور صدق ہے، اس پر اعتقاد رکھنا ضروری ہے اس لیے کہ امام مہدیؒ کا ظہور احادیث متواترہ اور اجماع امت سے ثابت ہے اگرچہ اس کی بعض تفصیلات اخبار آحاد سے ثابت ہیں، عہد صحابہ وتابعین سے لے کر اس وقت تک امام مہدیؒ کے ظہور کو مشرق ومغرب میں ہر طبقہ کے مسلمان علماء اور صلحاء عوام اور خواص ہر قرن اور ہر عصر میں نقل کرتے چلے آئے ہیں۔"

اسی طرح حضرت مولانا سید بدر عالم مہاجر مدنیؒ نے بھی ترجمان السنۃ ج۴ ص ۳۷۸ پر شرح عقیدہ سفارینیہ کے حوالے سے ظہور مہدیؒ کی روایات پر تواتر معنوی کا دعویٰ کیا ہے اور شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ نے بھی "آپ کے مسائل اور ان کا حل" کی جلد اول میں ایک صاحب کے سوال کا جواب دیتے ہوئے اس پر قدرے تفصیلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بحث فرمائی ہے اور ظہور مہدیؒ کو اہل سنت والجماعت کے عقائد میں شمار کیا ہے۔

## ظہور مہدیؒ کی قطعیت

ظہور مہدیؒ اس قدر یقینی بات اور ہمارے عقیدے کا حصہ ہے کہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس سلسلے میں ملا علی قاریؒ نے مرقاۃ ج ۱۰ ص ۱۷۴ پر مسند احمد اور ابوداؤد کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

«لولم یبق من الدھر الایوم لبعث اللّٰہ تعالٰی رجلا من اھل بیتی یملأھا عدلا کما ملئت جورا، ورواہ ابن ماجۃ عن ابی ھریرۃ مرفوعا لولم یبق من الدنیا الّا یوم لطول اللّٰہ ذلک الیوم حتی یملک رجل من اھل بیتی یملک جبال الدیلم والقسطنطینیۃ»

(مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ ص ۱۷۴)

''اگر زمانے کا صرف ایک دن بچے (اور مہدیؒ نہ آئے، علامات قیامت پوری ہو جائیں) تب بھی اللہ تعالیٰ میرے گھر والوں میں سے ایک آدمی کو بھیج کر رہیں گے جو زمین کو اسی طرح عدل و انصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ (اس سے پہلے) ظلم وستم سے بھری ہوئی ہو گی، اور ابن ماجہ نے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ اگر دنیا کی مدت ختم ہونے میں صرف ایک دن بچے (تب بھی ظہور مہدیؒ کے لیے) اللہ تعالیٰ اس دن کو اتنا طویل کر دیں گے کہ میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی دیلم اور قسطنطنیہ کے پہاڑوں کا مالک ہو جائے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## امام مہدیؓ کے لیے "رضی اللہ عنہ" کا خطاب

اہل سنت والجماعت امام مہدیؒ کو نہ تو مامور من اللہ سمجھتے ہیں اور نہ ان کا درجہ انبیاء کرام علیہم السلام کے برابر مانتے ہیں اور ہمارے یہاں جو ان کو "امام" کہا جاتا ہے اس سے کسی خاص گروہ کا اصطلاحی امام مراد نہیں چنانچہ شہید اسلام مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ، امام مہدیؓ کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

"حضرت مہدی علیہ الرضوان کے لیے "رضی اللہ عنہ" کے پرشکوہ الفاظ پہلی بار میں نے استعمال نہیں کیے بلکہ اگر آپ نے مکتوبات امام ربانیؒ کا مطالعہ کیا ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ مکتوبات شریفہ میں امام ربانی مجدد الف ثانیؒ نے حضرت مہدیؓ کو انہی الفاظ سے یاد کیا ہے...... الخ۔" (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ج ۱ص ۲۷۱)

معلوم ہوا کہ حضرت امام مہدیؓ کو "رضی اللہ عنہ" کہنا جائز ہے اور اگر صرف اسی بات کو دیکھ لیا جائے کہ امام مہدیؓ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صحابی ہوں گے تو ان کے لیے "رضی اللہ عنہ" کا لفظ استعمال کرنے پر کوئی اعتراض ہی نہیں ہوتا۔

## حضرت مہدیؓ کے لیے "امام" کا خطاب

اسی طرح حضرت مہدیؓ کے لیے "امام" کا لفظ استعمال کرنے میں بھی کوئی قباحت نہیں چنانچہ حضرت لدھیانویؒ مذکورہ سائل ہی کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

"جناب کو حضرت مہدیؓ کے لیے "امام" کا لفظ استعمال کرنے پر بھی اعتراض ہے اور آپ تحریر فرماتے ہیں کہ "قرآن مقدس اور حدیث مطہرہ سے امامت کا کوئی تصور نہیں ملتا" اگر اس سے مراد ایک خاص گروہ کا نظریہ امامت ہے تو آپ کی یہ بات صحیح ہے مگر جناب کو یہ بدگمانی نہیں ہونی چاہیے تھی کہ میں نے بھی "امام" کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لفظ اسی اصطلاحی مفہوم میں استعمال کیا ہو گا۔ کم سے کم امام مہدی کے ساتھ ''رضی اللہ عنہ'' کے الفاظ کا استعمال ہی اس امر کی شہادت کے لیے کافی ہے کہ ''امام'' سے یہاں ایک خاص گروہ کا اصطلاحی امام مراد نہیں'' (آپ کے مسائل اوران کا حل: ج ا ص ۲۷۲)

نیز حضرت لدھیانویؒ تحریر فرماتے ہیں کہ:

''امام مہدی علیہ الرضوان نبی نہیں ہوں گے اس لیے ان کا درجہ پیغمبروں کے برابر ہرگز نہیں ہو سکتا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو حضرت مہدیؒ کے زمانے میں نازل ہوں گے وہ بلاشبہ پہلے ہی سے اولوالعزم نبی ہیں'' (آپ کے مسائل اوران کا حل: ج ا ص ۲۷۶)

## حضرت امام مہدیؒ کے بارے میں اہل حق کا فتویٰ

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کے بارے میں اہل حق کے اتفاقی قول کو نقل کرتے ہوئے حضرت لدھیانویؒ رقم طراز ہیں:

''حضرت مہدی رضی اللہ عنہ کے بارے میں آنحضرت ﷺ نے جو کچھ فرمایا ہے اور جس پر اہل حق کا اتفاق ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی نسل سے ہوں گے اور نجیب الطرفین سید ہوں گے۔ ان کا نام نامی محمد اور والد کا نام عبداللہ ہو گا۔ جس طرح صورت وسیرت میں بیٹا باپ کے مشابہ ہوتا ہے اسی طرح وہ شکل وشباہت اور اخلاق وشمائل میں آنحضرت ﷺ کے مشابہ ہوں گے، وہ نبی نہیں ہوں گے، نہ ان پر وحی نازل ہوگی، نہ وہ نبوت کا دعویٰ کریں گے، نہ ان کی نبوت پر کوئی ایمان لائے گا۔

ان کی کفار سے خونریز جنگیں ہوں گی۔ ان کے زمانے میں کانے دجال کا خروج ہوگا اور وہ لشکر دجال کے محاصرے میں گھر جائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گے۔ ٹھیک نماز فجر کے وقت دجال کو قتل کرنے کے لیے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور فجر کی نماز حضرت مہدی رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں پڑھیں گے، نماز کے بعد دجال کا رخ کریں گے، وہ لعین بھاگ کھڑا ہوگا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کا تعاقب کریں گے اور اسے باب لد پر قتل کر دیں گے، دجال کا لشکر تہہ تیغ ہوگا اور یہودیت و نصرانیت کا ایک ایک نشان مٹا دیا جائے گا۔

یہ ہے وہ عقیدہ جس کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر تمام سلف صالحین، صحابہ و تابعین اور ائمہ مجددین معتقد رہے ہیں''

(آپ کے مسائل اور ان کا حل: ج ا ص ۲۶۷)

## امام مہدیؓ سے متعلق روایات کے راوی صحابۂ کرام علیہم الرضوان

اس سے قبل آپ حضرات یہ پڑھ آئے ہیں کہ ظہور مہدیؓ کی روایات اس قدر کثرت سے مروی ہیں کہ ان پر تواتر معنوی کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کو ثابت کرنے کے لیے یہاں ان صحابہ کرامؓ کی فہرست مع حوالہ جات کے دی جا رہی ہے جنھوں نے امام مہدیؓ سے متعلق روایات نقل کی ہیں اور ان کی روایات آپ اسی کتاب کے باب ششم میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

| نمبر شمار | نام صحابی | حوالہ جات |
|---|---|---|
| (۱) | حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ | کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۵۲ |
| (۲) | حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ | کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۹۱، بحوالہ افراد للدارقطنی و التاریخ لابن عساکر۔ |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۳) | حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ | مسند ابی یعلی ج ۱ ص ۳۵۹، المصنف لعبدالرزاق ج ۱۱ ص ۳۷۳، ابوداؤد ج ۲ ص ۲۳۹، ابن ماجہ ۴۰۸۰ ۳ |
| (۴) | حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ | التذکرہ للقرطبی ص ۷۰۳ |
| (۵) | حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا | کتاب الفتن ص ۲۶۲، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۲۰۴،مسلم شریف ۷۲۴۴ |
| (۶) | حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا | کتاب الفتن ص ۲۲۷، کتاب البرھان، ج ۲ ص ۷۰۷،مسلم شریف ۷۲۴۲، ابن ماجہ ۴۰۴۳ |
| (۷) | حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا | الاشاعۃ لاشراط الساعۃ ص ۲۴۲،ترمذی ۲۱۸۴، ابن ماجہ ۴۰۶۴ |
| (۸) | حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا | کتاب البرھان، ج ۲ ص ۶۶۲ |
| (۹) | حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا | ابوداؤد، ج ۲ ص ۲۴۰، مشکوٰۃ ص ۴۷۱، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۵، مسلم شریف ۷۲۴۰، ابن ماجہ ۴۰۶۰ |
| (۱۰) | حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ | ترمذی ج ۲ ص ۴۶، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۸۴، الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۰، مسلم ۷۲۸۱، ابوداؤد ۴۲۸۲، ابن ماجہ ۴۰۸۲ |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۱۲) | حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ | المصنف لعبدالرزاق ج ۱۱ ص ۳۷۱، ابو داؤد ج ۲ ص ۲۳۹، ترمذی ج ۲ ص ۳۶، ابن ماجہ ۴۰۸۳ |
| (۱۳) | حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ | ترمذی ج۲ ص ۴۶، بخاری ۳۴۴۹.۷۱۱۰ مسلم شریف ۷۲۷۵.۷۲۷۲ |
| (۱۴) | حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ | مشکوٰۃ ص ۴۷۱، ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۸۱، ابن ماجہ ۴۰۸۴ |
| (۱۵) | حضرت عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ | کتاب البرھان ج ۲ ص ۷۴۸، ابن ماجہ ۴۰۸۸ |
| (۱۶) | حضرت انس رضی اللہ عنہ | کتاب البرھان ج ۲ ص ۷۶۵، ابن ماجہ ۴۰۸۷ |
| (۱۷) | حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ | الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۵ |
| (۱۸) | حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ | ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۹۹، الاشاعۃ لاشراط الساعۃ ص ۲۲۳ |
| (۱۹) | حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ | کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۸۲ |
| (۲۰) | حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما | کتاب الفتن ص ۲۳۸ |
| (۲۱) | حضرت عمار رضی اللہ عنہ | کتاب الفتن ص ۲۳۶، کتاب البرھان ج ۲ ص ۵۲۱ |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۲۲) | حضرت عباس رضی اللہ عنہ | آثار القیامه فی حجج الکرامه ص ۳۵۶، الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۷ |
| (۲۳) | حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما | کتاب الفتن ص ۲۶۴، کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۱۳،ص ۷۳۱ |
| (۲۴) | حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ | کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۴۶ |
| (۲۵) | حضرت حسین رضی اللہ عنہ | کتاب البرهان ج ۲ ص ۶۵۲ |
| (۲۶) | حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ | کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۱۰ |
| (۲۷) | حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ | کتاب البرهان ج ۲ ص ۶۶۷ |
| (۲۸) | حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ | کتاب الفتن ص ۳۶۰ |
| (۲۹) | حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ | کتاب الفتن ص ۲۶۰ |
| (۳۰) | حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ | کتاب البرهان ج ۲ ص ۶۱۱، ترجمان السنة ج ۴ ص ۳۹۶، ابوداؤد ۴۲۹۲ |
| (۳۱) | حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا | کتاب البرهان ج ۲ ص ۵۲۳، کتاب الفتن ص ۲۳۷ |
| (۳۲) | حضرت قرۃ المزنی رضی اللہ عنہ | الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۷۲ |
| (۳۳) | حضرت قیس بن جابر رضی اللہ عنہ | الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۵ |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۳۴) | حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ | الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۱۰۲، ابو داؤد ۴۲۷۹، ۴۲۸۱، ترمذی ۲۲۲۳ |
| (۳۵) | حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ | کتاب الفتن ص ۱۹۰، |
| (۳۶) | حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ | مسلم شریف ۷۲۷۶ |
| (۳۷) | حضرت ذی مخبر رضی اللہ عنہ | ابو داؤد ۴۲۹۲ |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# علماء کرام کی احادیث مہدیؒ کی بابت آراء

احادیث مہدیؒ کے راوی صحابہ کرام علیہم الرضوان کی اجمالی فہرست آپ ملاحظہ فرما چکے اب آپ احادیث مہدیؒ کی بابت علماء کرام کی آرا بھی ملاحظہ فرمالیں:

شیخ یوسف بن عبداللہ الوابل اپنی کتاب ''اشراط الساعۃ'' کے ص ۲۵۹ پر ''تواتر احادیث المہدی'' کے عنوان کے تحت تحریر فرماتے ہیں کہ ''میں نے امام مہدیؒ کے سلسلے کی جو روایات ذکر کی ہیں (اور ان سے زیادہ وہ روایات جو میں نے بخوف طوالت چھوڑ دی ہیں) وہ تواتر معنوی کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں جیسا کہ علماء نے اس کی تصریح کی ہے، ان میں سے چند علماء کے اقوال میں یہاں بھی ذکر کرتا ہوں۔

## (۱) حافظ ابوالحسن آبریؒ کی رائے:

''امام مہدیؒ کے تذکرہ سے متعلق احادیث بڑی شہرت کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تواترا منقول ہیں، نیز یہ کہ وہ آپ کے اہل بیت میں سے ہوں گے، سات سال تک حکومت کریں گے۔ زمین کو عدل والنصاف سے بھر دیں گے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو امام مہدیؒ دجال کے قتل کے سلسلے میں ان کی مدد کریں گے اور یہ کہ وہ اس امت کے امام ہوں گے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کی اقتداء کریں گے۔''

## (۲) سید محمد برزنجیؒ کی وضاحت:

''تیسرا باب ان بڑی اور قریبی علامات کے بیان میں ہے جن کے بعد قیامت آجائے گی اور یہ علامات بہت زیادہ ہیں۔ منجملہ ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے ایک امام مہدیؒ کا ظہور ہے جو کہ قیامت کی پہلی بڑی علامت ہے اور یہ بات آپ کو معلوم ہونی چاہیے کہ اس سلسلے میں مختلف روایات اس قدر کثرت سے مروی ہیں کہ ان کا شمار نہیں ہو سکتا۔''

اور دوسرے مقام پر فرمایا کہ ''یہ بات تو آپ کو معلوم ہی ہے کہ امام مہدیؒ کے وجود اور آخر زمانے میں ان کے ظہور اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نسل سے ہونے کی احادیث تواتر معنوی کی پہنچی ہوئی ہیں لہٰذا ان کا انکار کرنے کا کوئی مطلب نہیں۔''

## (۳) علامہ سفارینیؒ کا بیان:

''امام مہدیؒ کے ظہور کی روایات کثرت سے وارد ہوئی ہیں حتیٰ کہ وہ تواتر معنوی کی حد کو پہنچ چکی ہیں اور یہ بات علماء اہل سنت والجماعت کے درمیان مشہور اور ان کے عقائد میں سے ہے۔ اس کے بعد علامہ سفارینیؒ نے ظہور مہدیؒ سے متعلق احادیث و آثار اور ان کے راوی صحابہؓ کے نام ذکر کیے ہیں اور فرمایا کہ مذکورہ اور غیر مذکور صحابہ اور متعدد تابعین سے اس سلسلے کی اتنی روایات متعددہ مروی ہیں کہ وہ سب مل کر علم قطعی کا فائدہ دیتی ہیں لہٰذا امام مہدیؒ کے ظہور پر ایمان لانا واجب ہے جیسا کہ یہ بات اہل علم کے یہاں ثابت شدہ اور اہل سنت والجماعت کے عقائد میں داخل ہے۔''

## (۴) قاضی شوکانیؒ کی تحقیق:

''امام مہدیؒ کی آمد کے بارے میں جن روایت پر باآسانی مطلع ہونا ممکن ہے۔ وہ پچاس احادیث ہیں جن میں سے کچھ صحیح، کچھ حسن اور کچھ ایسی ضعیف ہیں کہ ان کے ضعف کی تلافی ہو جاتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے۔لیکن ان روایات سے جو مجموعی بات حاصل ہوتی ہے وہ متواتر ہے اور اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کیونکہ اصولِ حدیث کی اصطلاح کے مطابق اگر کسی سلسلے میں پچاس سے کم روایات مروی ہوں تو اس سے تواتر حاصل ہو جاتا ہے، باقی رہے صحابہ کرامؓ کے وہ ارشادات جن میں امام مہدیؒ کے نام کی صراحت آئی ہے وہ تو بہت زیادہ ہیں اور ان کا حکم بھی وہی ہے جو مرفوع روایت کا ہوتا ہے اس لیے کہ اس قسم کے واقعات کے بارے میں اجتہاد کی بنیاد پر اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا جا سکتا۔''

## (۵) نواب صدیق حسن خانؒ کی رائے:

''امام مہدیؒ کے بارے میں مختلف روایات بہت کثرت سے وارد ہوئی ہیں جو تواتر معنوی کی حد کو پہنچی ہوئی ہیں اور یہ روایات اسلامی کتب کے مجموعہ جات مثلاً سنن، معاجم اور مسانید وغیرہ میں موجود ہیں۔''

## (۶) شیخ جعفر کتانیؒ کا حوالہ:

''خلاصۂ کلام یہ ہے کہ مہدیٔ منتظر کے بارے میں احایث متواترہ موجود ہیں، اسی طرح خروج دجال اور نزول عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی متواتر احادیث موجود ہیں۔'' (یہ تمام اقوال کتاب ''اشراط الساعۃ'' ص ۲۵۹ تا ص ۲۶۲ سے ماخوذ ہیں)

## (۷) حافظ ابو جعفر عقیلیؒ کی وضاحت:

حافظ ابو جعفر عقیلیؒ اپنی کتاب ''کتاب الضعفاء'' میں علی بن نفیل نہدی کے حالات زندگی تحریر فرماتے ہوئے امام مہدیؒ سے متعلق اس کی روایت کردہ ایک حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے تحت فرماتے ہیں کہ:

''امام مہدیؒ کے بارے میں اس حدیث کے لیے اس کا کوئی متابع موجود نہیں اور نہ ہی یہ حدیث اس کے علاوہ کسی اور سے مشہور ہے البتہ اس سند کے علاوہ امام مہدیؒ کے بارے میں بہت سی جید احادیث وارد ہیں۔''

اسی طرح زیاد بن بیان الرقی کی سوانح حیات لکھتے ہوئے بھی کہا ہے کہ:

''امام مہدیؒ کے بارے میں بہت سی صحیح سند والی روایات موجود ہیں۔''

## (۸) علامہ ابن حبانؒ کی تحقیق:

امام ابو حاتم ابن حبانؒ البستی نے اپنی صحیح میں متعدد ابواب امام مہدیؒ سے متعلق ذکر کر کے ان سے استدلال کیا ہے جس سے ان کے نزدیک بھی ان روایات کا صحیح اور قابل استدلال ہونا معلوم ہوتا ہے۔

## (۹) امام ابوسلیمان خطابیؒ کا بیان:

امام ابوسلیمان خطابیؒ، حضرت انس بن مالکؓ کی اس حدیث:

﴿لا تقوم الساعة حتى يتقارب الزمان وتكون السنة كالشهر والشهر كالجمعة.﴾ (الحدیث)

پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

''سال کا مہینے کے برابر اور مہینے کا جمعہ کے برابر ہونا امام مہدیؒ کے زمانے میں ہوگا یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں یا پھر دونوں کے زمانے میں ہوگا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۱۰) امام بیہقیؒ کی رائے:

امام بیہقیؒ احادیث مہدیؒ پر یوں تبصرہ نگاری فرماتے ہیں:

''امام مہدیؒ کے ظہور سے متعلق وضاحت احادیث میں یقینی طور پر صحت کے ساتھ ثابت ہے اور یہ صحت سند کے اعتبار سے بھی ہے، نیز ان احادیث میں یہ بھی بیان ہے کہ امام مہدیؒ حضور ﷺ کی اولاد میں سے ہوں گے۔'' (کتاب البرہان: ج ا ص ۳۳۰ تا ۳۳۲)

یہ چند علماء کرام کے اقوال آپ کے سامنے مشتے از نمونہ خروارے کے طور پر پیش کیے گئے ہیں اور ابھی اس سے زیادہ پیش کیے جا سکتے ہیں لیکن بخوف طوالت انہیں ترک کیا جاتا ہے۔

اب یہاں امام مہدیؒ کے بارے میں تصنیف شدہ کتابوں کی اجمالی فہرست بھی ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

## وہ کتابیں جن میں ضمناً امام مہدیؓ کا تذکرہ آیا ہے

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | المصنف لعبدالرزاق | اس میں گیارہ احادیث مہدی ہیں۔ |
| (۲) | کتاب الفتن | یہ سب سے زیادہ قدیم اور وسیع ماخذ ہے جس میں احادیث مہدیؒ کثرت سے موجود ہیں۔ |
| (۳) | الجامع للترمذی | اس میں تین احادیث مروی ہیں۔ |
| (۴) | المصنف لابن ابی شیبۃ | اس میں سولہ روایات ہیں۔ |
| (۵) | سنن ابن ماجہ | اس میں سات احادیث مروی ہیں۔ |
| (۶) | سنن ابی داؤد | اس میں تیرہ احادیث مروی ہیں۔ |

جبکہ بخاری اور مسلم میں امام مہدی کا نام لیے بغیر کچھ احادیث ذکر کی گئی ہیں جس کی تفصیل قارئین آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرما سکیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# امام مہدیؓ کے بارے میں مستقل تصانیف

| کتاب کا نام | مصنف کا نام | نمبر شمار |
|---|---|---|
| بقول سہیلی کے انہوں نے اس موضوع کی احادیث کو جمع کیا تھا۔ | ابن ابی خثیمہ بن زہیر بن حربؒ | (۱) |
| علامہ ابن حجرؒ نے ان کے رسالے کا ذکر کیا ہے۔ | ابوالحسین احمد بن جعفر بن المناوی | (۲) |
| ابن قیم نے ان کی کتاب کا نام ''کتاب المہدی'' اور سیوطی نے ''اربعین'' ذکر کیا ہے۔ | ابو نعیم احمد بن عبداللہ اصبہانیؒ | (۳) |
| عقد الدرفی اخبار المهدی المنتظر. | یوسف بن یحیٰ السلمی الشافعیؒ | (۴) |
| ''الفتن و الملاحم'' میں انہوں نے اپنے رسالے کا تذکرہ کیا ہے۔ | امام ابن کثیرؒ | (۵) |
| بقول عجلونی کے اس کتاب کا نام ''ارتقاء العرف'' ہے۔ | علامہ سخاویؒ | (۶) |
| العرف الوردی فی اخبار المهدی. | علامہ سیوطیؒ | (۷) |
| تلخیص البیان فی علامات مهدی آخر الزمان. | ابن کمال پاشا حنفیؒ | (۸) |
| المهدی الی ماورد فی المهدی | محمد بن طولون الدمشقیؒ | (۹) |
| القول المختصر فی علامات المهدی المنتظر. | ابن حجر ہیتمی مکیؒ | (۱۰) |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۱۱) | شیخ علی متقی ہندیؒ | کتاب البرهان فی علامات مهدی آخر الزمان. |
| (۱۲) | ملا علی قاریؒ | المشرب الوردی فی مذهب المهدی. |
| (۱۳) | ابن بریدہؒ | بقول ابن مناوی کے اس رسالے کا نام "العواصم من الفتن القواصم" ہے۔ |
| (۱۴) | مرعی بن یوسف الکرمیؒ | فوائد الفکر فی الامام المهدی المنتظر. |
| (۱۵) | محمد بن اسماعیل الامیر الصنعانیؒ | ان کی کتاب کا ذکر نواب صدیق حسن خان نے کیا ہے۔ |
| (۱۶) | قاضی شوکانیؒ | التوضیح فی تواتر ماجاء فی المهدی المنتظر والدجال والمسیح |
| (۱۷) | شہاب الدین حلوانیؒ | القطر الشهدی فی اوصاف المهدی. |
| (۱۸) | محمد بن محمد البلبیسیؒ | انہوں نے امام حلوانیؒ کی مذکورہ کتاب کی شرح بنام "العطر الوردی" لکھی۔ |
| (۱۹) | ابوالعلاء ادریس العراقیؒ | بقول کتانی کے ان کا بھی امام مہدیؒ کے بارے میں ایک رسالہ ہے۔ |
| (۲۰) | شیخ مصطفیٰ بکریؒ | الهداية الندية للامة المهدية فيما جاء فی فضل الذات المهدية. |
| (۲۱) | محمد بن عبدالعزیز مانعؒ | تحديق النظر فی اخبار الامام المنتظر. |
| (۲۲) | رشید راشد الحلبی | تنوير الرجال فی ظهور المهدی و الدجال. |
| (۲۳) | احمد بن محمد بن صدیقؒ | المرشد المبدی لفساد طعن ابن خلدون فی احاديث المهدی. |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۲۴) | عبدالمحسن العبادؒ | الـردعلـی من کذب بالا حادیث الصحیحة الواردة فی المهدی. |
| (۲۵) | شیخ عبدالعلیم عبدالعظیمؒ | الاحـادیـث الـواردة فـی المهدی فی میزان الجرح والتعدیل. |
| (۲۶) | .................. | الـنجم الثاقب فی بیان ان المهدی من اولاد علی بن ابی طالب. |
| (۲۷) | .................. | رسـالة فـی الـمهـدی (ملـخصًـا از کتـاب البرهان ج ۱ ص ۳۴۷ تا ص ۳۵۸) |
| (۲۸) | مولانا اشرف علی تھانویؒ | مؤخرة الظنون عن ابن خلدون. وغیره. |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿امام مہدیؒ افضل یا شیخین؟﴾

حضرت امام مہدیؒ کے متعلق علامہ ابن سیرینؒ کے اس قول کی حقیقت بھی معلوم کر لینا ضروری ہے جس میں انہوں نے حضرت امام مہدیؒ کو حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر فضیلت دی ہے چنانچہ نعیم بن حمادؒ ان کے اس قول کو اس طرح نقل کرتے ہیں:

﴿عن ابن سیرین قیل له المهدی خیر او ابوبکر و عمر رضی الله عنهما؟ قال هو اخیر منهما ویعدل بنبی﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۵۰)

"علامہ ابن سیرینؒ سے پوچھا گیا کہ امام مہدیؒ زیادہ بہتر ہیں یا حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما؟ تو ابن سیرین نے کہا کہ امام مہدیؒ ان دونوں سے زیادہ بہتر ہیں اور نبی کے برابر ہیں"

اس قسم کی دو روایتیں علامہ سیوطیؒ نے بھی الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۲ پر نقل فرمائی ہیں جن میں سے ایک روایت تو ضمرہ کی سند سے ابن سیرین سے یوں منقول ہے کہ انہوں نے ایک مرتبہ فتنوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

﴿اذا کان ذلک فاجلسوا فی بیوتکم حتی تسمعوا علی الناس بخیر من ابی بکر و عمر، قیل افیاتی خیر من ابی بکر و عمر؟ قد کان یفضل علی بعض﴾ (الحاوی للفتاوی: ج ۲ ص ۲۹)

"جب فتنوں کا زمانہ آجائے تو تم اپنے گھروں میں بیٹھ جانا یہاں تک کہ تم حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے زیادہ بہتر آدمی کے آنے کی خبر کا سن لو (پھر باہر نکلنا) لوگوں نے پوچھا کہ کیا حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے بھی افضل کوئی شخص آئے گا؟ فرمایا کہ وہ تو بعض انبیاء پر فضیلت رکھتا ہوگا۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس روایت کے الفاظ میں کچھ کمی معلوم ہوتی ہے، غالباً کتابت کی غلطی ہے کیونکہ ''افیاتی خیر من ابی بکر و عمر؟'' کے بعد ''قال'' کا لفظ ہونا چاہیے جو ابن سیرین کے جواب پر دلالت کرے، پھر ''قد کان'' میں زیادہ صحیح ''قد کاد'' معلوم ہوتا ہے کیونکہ علامہ ابن حجر مکیؒ اپنی کتاب ''القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر'' ص اے پر ''کاد'' کا لفظ ہی تحریر فرماتے ہیں اسی طرح لفظ ''بعض'' کے بعد ''الانبیاء'' کا لفظ بھی ہونا چاہیے جیسا کہ علامہ ابن حجر مکیؒ ہی کی مذکورہ صدر کتاب میں یہ لفظ موجود ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے دوسری روایت مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالے سے نقل کی ہے جس میں ابن سیرین کا قول یوں نقل کیا گیا ہے:

﴿یکون فی هذه الامة خلیفة لا یفضل علیه ابوبکر و لا عمر﴾ (الحاوی: ج ۲ ص ۹۳)

''اس امت میں ایک خلیفہ ہوگا جس پر حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو بھی فضیلت نہ ہوگی۔''

اس موقع پر یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ اولاً تو علامہ ابن سیرین کا اپنا قول ہے، کتب حدیث و اشراط ساعہ میں علامہ ابن سیرین (اور غالباً ایک اور بزرگ) کے علاوہ کسی اور سے اس قسم کا قول منقول نہیں۔ ثانیاً یہ روایت ضعیف ہے کیونکہ اس کے ایک راوی یحییٰ بن الیمان کو محدثین کرام نے ضعیف قرار دیا ہے ثالثاً یہ کہ اگر اس قول کو صحیح تسلیم کر بھی لیا جائے تو اس میں ایسی تاویل کی جائے گی جس سے علامہ ابن سیرین کا قول بھی درست ہو جائے اور صحیح احادیث کے ساتھ تعارض بھی نہ آئے چنانچہ مختلف علماء کرام نے اس قول کی مختلف توجیہات ذکر کی ہیں۔

## ﴿علامہ سیوطیؒ کا جواب﴾

علامہ سیوطیؒ نے مذکورہ صدر دونوں روایتوں کو نقل کر کے اپنا تبصرہ یوں تحریر فرمایا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''میرے نزدیک ان دونوں حدیثوں کی وہی تاویل کی جائے گی جو اس حدیث کی کی جاتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو مخاطب کر کے فرمایا کہ آخری زمانے میں نیک عمل کرنے والے کے لیے تم میں سے پچاس کے برابر اجر وثواب ہوگا۔ یعنی فتنوں کی شدت اور کثرت کی وجہ سے پچاس کے برابر اجر ملے گا، اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اخیر زمانے کے مسلمان، صحابہ کرامؓ سے بڑھ جائیں گے بلکہ مطلب یہ ہے کہ ان کی فضیلت اتنی زیادہ ہے، اسی طرح امام مہدیؒ کو شیخینؓ سے افضل قرار دینا اس وجہ سے ہے کہ امام مہدیؒ کے زمانے میں فتنوں کی شدت ہوگی چنانچہ ایک طرف تو رومی حملہ آور ہونے کے لیے پرتول رہے ہوں گے اور دوسری طرف دجال ان کا محاصرہ کیے ہوگا، اس سے وہ فضیلت ہرگز مراد نہیں جو زیادہ ثواب اور بلندی درجہ کی طرف لوٹتی ہے اس لیے کہ صحیح احادیث اور اجماع اس بات پر دال ہیں کہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما، انبیاء ومرسلین کے بعد پوری مخلوق سے افضل ہیں۔

(الحاوی للفتاوی: ج ۲ ص ۹۳)

## علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ کا جواب

علامہ سیوطیؒ کے اس جواب کو علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ نے بھی اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے اور آخر میں تحریر فرمایا ہے:

''امام مہدیؒ کی افضلیت اور ثواب کا اضافہ ایک امر نسبی ہے اس لیے کہ کبھی کبھار مفضول میں کچھ ایسی خصوصیات ہوتی ہیں جو افضل میں نہیں ہوتیں اسی وجہ سے توطاؤس نے امام مہدیؒ کا زمانہ پانے کی تمنا کی ہے اس لیے کہ امام مہدیؒ کے زمانے میں نیک کام

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرنے والے کو زیادہ ثواب ملے گا اور گناہ گار کو توبہ کی توفیق ہو گی۔......الخ'' (القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر :ص ۷۱)

## علامہ سید محمد برزنجیؒ کا جوب

سید برزنجیؒ، علامہ سیوطیؒ کی تحقیق نقل کرنے کے بعد اپنی تحقیق یوں رقم فرماتے ہیں:

''تحقیقی بات یہ ہے کہ باہمی فضیلت کی جہات مختلف ہو سکتی ہیں اس لیے ہمارے لیے یہ جائز نہیں کہ ہم کسی ایک فرد کو مطلق فضیلت دیدیں ہاں! اگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کسی کو کلی فضیلت دے دیں تو اور بات ہے ورنہ درست نہیں، کیونکہ ہر مفضول میں کسی نہ کسی جہت سے کوئی ایسی اضافی چیز پائی جاتی ہے جو افضل میں نہیں ہوتی...... ''الخ (الاشاعہ: ص ۲۳۸)

معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو اگرچہ صحبت نبوی، مشاہدۂ وحی اور سبقت اسلام کی وجہ سے امام مہدیؒ پر فضیلت حاصل ہے اور امام مہدیؒ ان سے کم درجے کے ہیں لیکن کچھ مخصوص صفات ان میں بھی ہیں جو شیخینؓ میں نہیں اس لیے علامہ ابن سیرینؒ نے انہیں شیخینؓ سے بہتر قرار دیا ہے۔

ملا علی قاریؒ نے اپنی کتاب ''المشرب الوردی فی مذہب المہدی'' میں تحریر فرمایا ہے کہ:

''امام مہدیؒ کی افضلیت پر یہ چیز بھی دلالت کرتی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ''خلیفۃ اللہ'' فرمایا ہے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو زیادہ سے زیادہ ''خلیفۂ رسول اللہ'' کہا جاتا ہے۔''

(الاشاعہ: ص ۲۳۸)

یہ بات تو آپ کے علم میں ہوگی کہ اگر کسی کو کسی پر کوئی جزوی فضیلت حاصل ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ اس پر مکمل فضیلت پالے گا ورنہ دنیا میں کوئی افضل، افضل نہیں رہے گا اور کوئی مفضول، مفضول نہیں رہے گا۔

رہا علامہ ابن سیرین کا یہ کہنا کہ ''مہدی تو بعض انبیاء کے درجے کے قریب پہنچنے والے تھے۔'' اس سے مراد یہ ہے کہ چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کی اقتداء کریں گے اور یہ امام ہوں گے اور امام، مقتدی سے افضل ہوتا ہے اس لیے امام مہدیؒ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر یہ جزوی فضیلت حاصل ہو گئی لیکن یہ کوئی مضبوط دلیل نہیں کیونکہ حضور ﷺ نے بھی تو حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز پڑھی ہے تو کیا اس وجہ سے حضرت ابوبکر اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما حضور ﷺ سے افضل ہو گئے؟ ظاہر ہے کہ یہ قول کسی نے اختیار نہیں کیا اسی طرح امام مہدیؒ کو بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کلی فضیلت حاصل نہیں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب دوم

## حضرت امام مہدیؓ کا نام ونسب

محمد بن عبداللہ، حسنی یا حسینی، حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے؟ لقب
اور کنیت، جائے پیدائش، سیرت اور علیہ مبارکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿حضرت امام مہدیؓ کا نام ونسب﴾

## حضرت امام مہدیؓ کا نام:

حضرت امام مہدیؒ کے نام ونسب کے سلسلے میں مستند روایات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ان کا نام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کے مشابہ ہوگا اور ان کے والد کا نام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کے نام جیسا ہوگا چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

﴿المهدی یواطئ اسمه اسمی، و اسم ابیه اسم ابی﴾

(کتاب الفتن:ص ۲۶۰)

''مہدی کا نام میرے نام کے موافق ہوگا اور ان کے والد کا نام میرے والد کے نام کے جیسا ہوگا۔''

اسی طرح مشکوٰۃ شریف میں ترمذی اور ابو داؤد کے حوالہ سے یہ روایت نقل کی گئی ہے:

﴿عن عبداللّٰه بن مسعود قال قال رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم لا تذهب الدنیا حتی یملک العرب رجل من اهل بیتی یواطئ اسمه اسمی رواه الترمذی و ابو داؤد﴾

(مشکوٰۃ المصابیح:ص ۴۷۰)

''حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ''دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ میرے گھر والوں میں سے ایک شخص، جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا، پورے عرب کا مالک نہ ہو جائے۔''

اس روایت میں صرف اتنا مذکور ہے کہ حضرت امام مہدیؒ کا نام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے نام جیسا ہوگا، ان کے والد گرامی کے نام کا تذکرہ نہیں ہے جبکہ ابوداؤد کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

﴿لولم یبق من الدنیا الا یوم لطول اللّٰہ ذلک الیوم حتی یبعث اللّٰہ فیہ رجلا منی اومن اھل بیتی یواطئ اسمہ اسمی واسم ابیہ اسم ابی یملأ الارض قسطاو عدلا کما ملئت ظلما وجوراً﴾ (مشکوۃ المصابیح: ص ۴۷۰)

''اگر دنیا کے ختم ہونے میں صرف ایک دن باقی بچ جائے (اور مہدیؒ نہ آئے) تو اللہ تعالیٰ اسی دن کو اتنا لمبا کردیں گے کہ اس میں مجھ سے یا (فرمایا کہ) میرے گھر والوں میں سے ایک آدمی کو بھیجیں گے جس کا نام میرے نام جیسا اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام کی طرح ہوگا، وہ زمین کو اسی طرح عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح وہ پہلے ظلم وستم سے بھری ہوئی ہوگی۔''

اسی طرح امام قرطبیؒ نے حضرت ابوسعید خدریؓ کی روایت نقل کی ہے۔

﴿ذکر رسول اللّٰہ ﷺ بلایا تصیب ھذہ الامۃ حتی لا یجد الرجل ملجأ یلجا الیہ من الظلم فیبعث اللّٰہ رجلا من عترتی اھل بیتی فیملأبہ الارض قسطا وعدلا کما ملئت جورا وظلماً.﴾ (التذکرہ: ص ۷۰۰)

نیز امام قرطبیؒ ہی نے امام زندیؒ کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی یہ روایت بھی نقل کی ہے:

﴿لولم یبق من الدنیا الا یوم. قال زائدۃ فی حدیثہ. لطول اللّٰہ ذلک الیوم حتی یبعث فیہ رجلا من امتی او من اھل بیتی یواطئ اسمہ اسمی واسم ابیہ اسم ابی. خرجہ الترمذی بمعناہ وقال حدیث حسن صحیح﴾ (التذکرہ: ص ۷۰۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اسی سلسلے کی ایک اور روایت ملا علی قاریؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے بحوالہ ابن ماجہ مرفوعاً نقل کی ہے۔

﴿لو لم يبق من الدنيا الا يوم لطول الله ذلك اليوم حتى يملك رجل من اهل بيتي يملك جبال الديلم والقسطنطينية﴾ (مرقاۃ المفاتیح: ج ١٠ ص ١٧٤)

''اگر دنیا کی مدت ختم ہونے میں صرف ایک دن باقی بچ جائے (اور مہدیؒ نہ آئے) تو اللہ تعالیٰ اسی دن کو لمبا کر دیں گے یہاں تک کہ میرے گھر والوں میں سے ایک آدمی دیلم اور قسطنطنیہ کے پہاڑوں کا مالک ہو جائے۔''

ان مذکورہ روایات پر ایک طالب علمانہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ ان تمام احادیث میں ''رجل'' یا ''رجلا'' کا لفظ ہے جو کہ نکرہ ہے، کسی معین شخص پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا پھر اس سے امام مہدیؒ کیسے مراد ہو سکتے ہیں؟ اس سوال کا جواب حضرت مولانا سید محمد بدر عالم مہاجر مدنی ؒ کی زبانی ملاحظہ ہو، حضرتؒ نے صحیح مسلم کے حوالے سے امام مہدیؒ کی صفات ذکر کرنے کے بعد تجزیہ کے طور پر تحریر فرمایا ہے کہ:

''یہ تمام صفات ان صحیح حدیثوں سے ثابت ہیں جن میں محدثین کو کوئی کلام نہیں۔ اب گفتگو ہے تو صرف اتنی بات میں ہے کہ یہ خلیفہ کیا امام مہدیؒ ہیں یا کوئی اور دوسرا خلیفہ؟ دوسرے نمبر کی حدیثوں میں یہ تصریح موجود ہے کہ یہ خلیفہ امام مہدیؒ ہوں گے، ہمارے نزدیک صحیح مسلم کی حدیثوں میں جب اس خلیفہ کا تذکرہ آ چکا ہے تو پھر دوسرے نمبر کی حدیثوں میں جب وہی تفصیلات اس کے نام کے ساتھ مذکور ہیں تو ان کو بھی صحیح مسلم ہی کی حدیثوں کے حکم میں سمجھنا چاہیے۔ اس لیے اب اگر یہ کہہ دیا جائے کہ امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مہدیؒ کا ثبوت خود صحیح مسلم میں موجود ہے تو اس کی گنجائش ہے۔''

(ترجمان السنۃ: ج۴ص ۳۷۸)

بہر حال! مذکورہ بالا روایات سے اتنی بات تو واضح ہوگئی کہ حضرت امام مہدیؒ کا نام، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کی طرح ''محمد'' ہوگا اور ان کے والد کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کے نام کی طرح ''عبداللہ'' ہوگا البتہ ان کی والدہ کے نام کے سلسلے میں کوئی روایت نہیں ملی، علامہ سید زنجیؒ نے بھی اپنی کتاب ''الاشاعۃ لاشراط الساعۃ'' میں یہی تحریر فرمایا ہے کہ ''تلاش کے باوجود مجھے آپ کی والدہ کا نام روایات میں کہیں نہیں ملا۔'' (الاشاعۃ:ص ۲۰۵)

لیکن حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ اور مولانا بدر عالمؒ نے بھی بحوالہ شاہ رفیع الدینؒ کے امام مہدیؒ کی والدہ کا نام ''آمنہ'' تحریر فرمایا ہے چنانچہ حضرت کاندھلویؒ نے ''ظہور مہدی'' کے عنوان کے تحت تحریر فرمایا ہے۔

''اس کا نام محمد اور اس کے باپ کا نام عبداللہ اور ماں کا نام آمنہ ہو گا۔'' (عقائد الاسلام اول:ص ۶۳)

اور حضرت مولانا سید محمد بدر عالم صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں:

''آپ کا اسم شریف محمد، والد کا نام عبداللہ، والدہ صاحبہ کا نام آمنہ ہوگا۔'' (ترجمان السنۃ ج۴ص ۳۷۲)

اس موقع پر یہ بات ذہن میں رہے کہ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا نام ''محمد بن عبداللہ'' حدیث میں وارد نہیں بلکہ حدیث میں فقط اتنا ہے کہ ان کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے مشابہ ہوگا اور ظاہر ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو نام قرآن کریم میں صراحۃً بیان کیے گئے ہیں۔

(۱) محمد ............ پورے قرآن میں چار مرتبہ استعمال ہوا۔

(۲) احمد ............ پورے قرآن میں ایک مرتبہ استعمال ہوا۔

اس لیے اب یہ کہا جائے گا کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کا نام محمد بن عبداللہ ہوگا یا احمد بن عبداللہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حضرت امام مہدیؓ کا نسب

حضرت محمد بن عبداللہ المہدیؒ جو کہ نام اور کام دونوں میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہوں گے، جیسا کہ آئندہ تفصیل سے یہ بات آپ کے سامنے آئے گی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں سے ہوں گے اور اولاد بھی اس کی جس کو ''سیدۃ نساء اہل الجنۃ'' کا خطاب دیا گیا ہے چنانچہ نعیم بن حماد نے قتادہ سے نقل کیا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سعید بن المسیبؒ سے پوچھا۔

قتادہ: کیا امام مہدیؒ کا ظہور برحق ہے؟

سعید: ہاں! برحق ہے!

قتادہ: وہ کن میں سے ہوں گے؟

سعید: قریش میں سے!

قتادہ: قریش کے کون سے خاندان میں سے ہوں گے؟

سعید: بنو ہاشم میں سے!

قتادہ: بنو ہاشم کے کون سے خاندان میں سے ہوں گے؟

سعید: بنو عبدالمطلب میں سے!

قتادہ: عبدالمطلب کی کون سی اولاد میں سے ہوں گے؟

سعید: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے!

(کتاب الفتن: ص ۲۶۱)

اسی طرح حضرت امام مہدیؒ کے نسب کے سلسلے میں نعیم بن حماد ہی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ذکر کی ہے:

﴿عن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنه قال: یا رسول اللہ المهدی منا ائمة الهدی ام من غیرنا؟ قال بل منا، بنا یختم الدین کما بنا فتح، وبنا یستنقذون من ضلالة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الفتنة كما استنقذوا من ضلالة الشرك، وبنا يؤلف الله بين قلوبهم في الدين بعد عداوة الفتنة كما الف الله بين قلوبهم ودينهم بعد عداوة الشرك."

(کتاب الفتن: ص۲۶۲، کتاب البرہان: ج۲ص ۵۷۳)

"حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! مہدی ہم ائمہ ہدایت میں سے ہوں گے یا ہمارے علاوہ کسی اور خاندان سے؟ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا نہیں! بلکہ وہ ہم میں سے ہوں گے، اور جس طرح دین کی ابتداء ہم سے ہوئی ہے اسی طرح اختتام بھی ہم پر ہی ہوگا، اور ہماری ہی وجہ سے لوگ فتنہ کی گمراہیوں سے نجات پائیں گے جس طرح کہ شرک کی گمراہی سے انہوں نے ہماری وجہ سے نجات پائی، نیز ہمارے ہی ذریعہ اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں فتنہ کی عداوت کے بعد اسی طرح دینی الفت پیدا فرما دیں گے جس طرح شرک کی عداوت کے بعد ان کے دلوں میں دینی الفت پیدا فرمائی۔"

اس طرح حضرت ابوسعید خدریؓ سے امام مہدیؒ کے نسب کے سلسلے میں مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

هو من عترتي (کتاب الفتن: ص۲۶۳)

"وہ میری اولاد میں سے ہوگا۔"

جبکہ حضرت ام سلمہؓ کی روایت میں "المهدي من عترتي" کے الفاظ ہیں۔

اور حضرت ام سلمہؓ ہی کی ایک روایت میں "المهدي من ولد فاطمة" کے الفاظ بھی ہیں۔ (ابن ماجہ: ۴۰۸۶)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ﴿لفظ ''عترت'' کی تحقیق﴾

اس سے قبل بھی ''عترت'' کا لفظ گزرا ہے اور یہاں بھی آیا ہے اس کی تشریح محدث شہیر ملا علی قاریؒ کی زبانی ملاحظہ ہو:

﴿قال بعض الشراح العترة ولدالرجل من صلبه وقد تكون العترة الاقرباء ايضا وهي العمومة قلت المعنيان لا يلائمان بيانه بقوله "من اولاد فاطمة رضى الله عنها" وفي النهاية عترة الرجل اخص اقاربه وعترة النبي ﷺ بنو عبدالمطلب وقيل قريش كلهم والمشهور المعروف انهم الذين حرمت عليهم الزكوة اقول المعنى الاول هو المناسب للمرام وهو لا ينافي ان يطلق على غيره بحسب مايقتضيه المقام وقيل عترته اهل بيته لخبر ورد و قيل ازواجه وذريته وقيل اهله وعشيرته الا قربون وقيل نسله الادنون وعليه اقتصر الجوهري قلت وهو الذى ينبغي هنا ان عليه يقتصر ويختصر''﴾ (مرقاۃ: ج۱ص۱۷۴،۱۷۵)

''بعض شارحین نے کہا ہے کہ ''عترۃ'' انسان کی صلبی اولاد کو کہتے ہیں اور کبھی اس کا اطلاق قریبی رشتہ داروں مثلاً چچازاد وغیرہ پر بھی ہوتا ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ دونوں معنی حضور ﷺ کے ارشاد کہ ''وہ فاطمہ کی اولاد میں سے ہوں گے'' کے مناسب نہیں، نہایہ میں ہے کہ ''عترۃ'' انسان کے خاص قریبی رشتہ داروں کو کہتے ہیں اور جب یہ لفظ حضور ﷺ کے لیے استعمال ہو تو اس سے مراد بنی عبدالمطلب ہوں گے اور ایک قول یہ ہے کہ سارے قریش مراد ہوں گے اور مشہور و معروف قول یہ ہے کہ ''عترۃ'' سے وہ لوگ مراد ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جن پر زکوۃ لینا حرام کر دیا گیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہاں پہلا معنی ہی مقصود کے مناسب ہے اور یہ اس بات کے منافی نہیں کہ مقام کے اعتبار سے لفظ ''عترۃ'' سے مراد اہل بیت نبوی ہیں بحوائے حدیث، اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے آپ کی ازواج و اولاد مراد ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے آپ کے اہل و عیال اور قریبی رشتہ دار مراد ہیں اور آخری قول یہ ہے کہ اس سے آپ کی قریبی نسل مراد ہے اور جوہری نے اسی پر اکتفاء کیا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اس مقام پر یہی قول اختیار کرنے پر اکتفاء کرنا بہتر اور مناسب ہے۔''

گویا لفظ ''عترت'' کی تحقیق میں نو اقوال ہیں جن میں سے حسب بیان جوہری اور اعتمادِ ملا علی قاریؒ آخری معنی زیادہ راجح ہے یعنی آپ کی قریبی نسل۔

واللہ اعلم بالصواب۔

اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

﴿المهدی منا اهل البيت يصلحه الله في ليلة﴾ (ابن ماجہ: ۴۰۸۰)

''مہدی ہمارے گھر والوں میں سے ہوں گے جن کی اصلاح اللہ تعالیٰ ایک رات میں کر دیں گے''

جبکہ کتاب الفتن ص ۲۵۵ پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت کے الفاظ یوں ہیں:

﴿المهدی يصلحه الله تعالىٰ في ليلة واحدة﴾

یہ دونوں حدیثیں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ظہور سے قبل حضرت امام مہدیؒ میں کچھ ایسی باتیں بھی ہوں گی جو ان کے منصب ولایت کے مناسب نہیں ہوں گی اس لیے اللہ تعالیٰ ظہور سے قبل ایک ہی رات میں ان کی اصلاح فرما کر ان کو اس امر عظیم کے لیے تیار کر دیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حضرت امام مہدیؓ حسنی ہوں گے یا حسینی؟

مذکورہ بالا تقریر سے یہ بات تو واضح ہوگئی کہ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا نام نامی محمد بن عبداللہ یا احمد بن عبداللہ ہوگا اور وہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے، اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا وہ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے ہوں گے یا حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے؟ سو اس سلسلے میں اختلاف ہے، بعض لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ وہ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے ہوں گے نہ کہ حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے، چنانچہ بذل المجہود: ج ۵ ص ۱۰۲ کے حاشیے پر یہ مرقوم ہے:

﴿وحكى الدمنتي في حواشيه نفي كونه من اولاد الحسين رضى الله عنه كما في الدرجات﴾

''دمنتی نے اپنے حواشی میں امام مہدیؓ کے حضرت حسینؓ کی اولاد سے ہونے کی نفی بیان کی ہے جیسا کہ کتاب درجات میں ہے''

اسی طرح حضرت کاندھلویؒ نے فیض القدیر للمناوی ج ۶ ص ۲۷۹ کے حوالے سے تحریر فرمایا ہے:

﴿وما روى من كونه من اولاد الحسين فواه جدا﴾

(التعلیق الصبیح: ج ۶ ص ۱۹۷)

''حضرت مہدیؓ کے حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے ہونے کی روایت انتہائی ضعیف ہے۔''

اور بعض دوسرے حضرات کا کہنا ہے کہ امام مہدیؓ حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے ہوں گے اور ان کا مستدل حضرت عبداللہ بن عمروؓ کی وہ روایت ہے جس کو حاکم اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے۔

﴿يخرج رجل من ولدالحسين من قبل المشرق، لو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



استقبلته الجبال لهدمها واتخذ فيها طرقا﴾

(کتاب الفتن: ص۲۶۳)

''حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے مشرق کی طرف سے ایک آدمی نکلے گا، اگر اس کے راستے میں پہاڑ بھی حائل ہو جائیں تو وہ ان کو بھی گرا کر اس میں اپنا راستہ بنا لے گا۔''

نیز علامہ سید برزنجیؒ کی عبارت سے بھی حضرت امام مہدیؒ کے حسینی ہونے کا ثبوت ملتا ہے، انہی کی زبانی ملاحظہ ہو:

﴿ويسير المهدى بالجيوش حتى يصير بوادى القرى، وهو من المدينة على مرحلتين الى جهة الشام فى هدوء ورفق ويلحقه هناك ابن عمه الحسنى فى اثنى عشر الفًا. فيقول له يا ابن عما انا احق بهذا الامر منك انا ابن الحسن وانا المهدى فيقول له المهدى بل انا المهدى فيقول الحسنى هل لك من آية فابايعك؟ فيومى المهدى عليه السلام الى الطير فيسقط على يديه ويغرس قضيبا يابسا فى بقعة من الارض فيخضرو يورق، فيقول الحسنى يا ابن عمى! هى لك.﴾ (الاشاعۃ: ص۲۱۰)

''اور امام مہدیؒ اپنی افواج کے ساتھ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے ''وادئ قری'' تک جا پہنچیں گے۔ ''جو کہ مدینہ سے شام کی طرف جاتے ہوئے دو مرحلوں کے فاصلے پر ہے۔'' وہاں انہیں ان کے چچا زاد حسنی بھائی بارہ ہزار کے لشکر کے ساتھ ملیں گے اور کہیں گے کہ میں چونکہ حضرت حسنؓ کا بیٹا اور مہدی ہوں اس لیے اس امر (خلافت) کا تم سے زیادہ حق دار ہوں، امام مہدیؒ کہیں گے کہ نہیں! مہدی تو میں ہوں، حسنی کہیں گے کہ آپ کے پاس کوئی نشانی بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے جس کو دیکھ کر میں آپ کی بیعت کروں؟ اس پر امام مہدیؒ ایک پرندے کی طرف اشارہ کریں گے، وہ ان کے سامنے آ گرے گا اور ایک خشک بانس زمین کے ایک حصے میں گاڑ دیں گے وہ اسی وقت سرسبز ہو جائے گا اور برگ و بار لانے لگے گا، یہ دیکھ کر حسنی کہیں گے کہ اے میرے چچازاد بھائی! یہ آپ کا ہی حق ہے۔"

معلوم ہوا کہ حضرت امام مہدیؒ حسینی ہوں گے نہ کہ حسنی اور ماقبل میں آپ پڑھ آئے ہیں کہ امام مہدیؒ حسنی ہوں گے۔ اب اس کا فیصلہ حضرت ملا علی قاریؒ کی زبانی ملاحظہ ہو۔

﴿واختلف فی انه من بنی الحسن او من بنی الحسین ویمکن ان یکون جامعابین النسبتین الحسنین والاظهر انه من جهة الاب حسنی و من جانب الام حسینی﴾

(مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ ص ۱۷۴)

"اور اس بات میں اختلاف ہے کہ امام مہدیؒ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے ہوں گے یا حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دونوں کی نسبت کو جمع کیے ہوئے ہوں گے اور اس میں ظاہر ترین بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ والد کی طرف سے حسنی اور والدہ کی طرف سے حسینی ہوں گے۔"

تقریباً یہی بات بذل المجہود فی حل ابی داؤد ج ۵ ص ۱۰۲ پر اور التعلیق الصبیح ج ۶ ص ۱۹۶ پر بھی مذکور ہے۔ اور حضرت کاندھلویؒ نے اس کی تائید میں طبرانی کی روایت بھی پیش کی ہے جو اگرچہ ضعیف ہے لیکن تتابع کی وجہ سے اس کا ضعف رفع ہو جاتا ہے اور وہ روایت یہ ہے:

﴿اخرج ابو نعیم ان رسول الله ﷺ قال لفاطمة والذی بعثنی بالحق ان منهما یعنی الحسن والحسین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مہدی من ولد العباس عمی﴾ (التعلیق الصبیح: ج ۶ ص ۱۹۶)

''حضور ﷺ نے (ایک مرتبہ) حضرت فاطمہؓ سے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا کہ ان دونوں یعنی حسنؓ اور حسینؓ کی اولاد میں سے مہدی ہوں گے، میرے چچا عباس کے خاندان میں سے۔''

## ایک عجیب نکتہ:

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کے نجیب الطرفین ہونے پر ملا علی قاریؒ نے بڑا عجیب نکتہ بیان فرمایا ہے اور وہ یہ کہ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دو صاجزادے تھے، حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد تمام انبیاء حضرت اسحاق علیہ السلام کی اولاد میں آئے، جبکہ حضرت اسماعیلؑ کی اولاد میں صرف حضور ﷺ تشریف لائے اور وہ اکیلے ہی ان سب کے قائمقام بن گئے اور آپ کی تشریف آوری اولاد اسماعیل کے لیے باعث عزت و شرافت بن گئی اور آپ ﷺ ''خاتم الانبیاء'' ٹھہرے، اسی طرح جب اکثر ائمہ اور اولیاء کرام حضرت حسینؓ کی اولاد میں سے ہوئے تو مناسب تھا کہ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے بھی ایک ایسا شخص آئے جو ان سب کے قائمقام ہو کر ''خاتم الاولیاء'' قرار پائے اس کے لیے حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا انتخاب کیا گیا۔

اس موقع پر ملا علی قاریؒ کی عبارت ملاحظہ ہو:

﴿قیاسا علی ماوقع فی ولدی ابراهیم. وهما اسمعیل واسحق علیهم الصلوة والسلام. حیث کان انبیاء بنی اسرائیل کلهم من بنی اسحق وانما نبیٔ من ذریة اسمعیل نبینا ﷺ وقام مقام الکل ونعم العوض وصار خاتم الانبیاء فکذلک لماظهرت اکثر الائمة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واکابر الامة من اولاد الحسین فناسب ان ینجبر الحسن بان اعطی له ولد یکون خاتم الاولیاء ویقوم مقام سائر الاصفیاء علی انه قدقیل لما نزل الحسن رضی الله عنه عن الخلافة الصوریة کما ورد فی منقبته فی الاحادیث النبویة اعطی له لواء ولایة المرتبة القطبیة فالمناسب ان یکون من جملتها النسبة المهدویة المقارنة للنبوة العیسویة واتفاقهما علی اعلاء کلمة الملة النبویة علی صاحبها الوف سلام وآلاف التحیة﴾

(مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ص ۱۷۴)

اس عبارت میں ملا علی قاریؒ نے دو وجہیں ذکر فرمائی ہیں، ایک تو وہی جو پیچھے بیان ہوئی اور دوسری یہ کہ حضرت حسینؓ نے خلافت کو رضاء خداوندی کی خاطر چھوڑا اور اپنے بھائی حضرت حسینؓ کو بھی اس سے روکا جس کے صلے میں اللہ تعالیٰ نے انہیں قطب کے اعلیٰ مقام پر فائز فرما دیا اور ان کی اولاد میں خلافت رکھ دی چنانچہ اللہ تعالیٰ حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے امام مہدیؒ کو خلیفہ بنا دیں گے کیونکہ یہ عادۃ اللہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر کوئی چیز چھوڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو یا اس کی اولاد کو اس سے بہترین چیز عطا فرما دیتے ہیں۔

تقریباً یہی بات خاتم المحدثین حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے التعلیق الصبیح ج ٦ ص ١٩٧ پر تحریر فرمائی ہے۔

## کیا امام مہدیؒ حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے ہوں گے؟

مذکورۂ بالا روایات سے یہ بات معلوم ہوئی کہ امام مہدیؒ، حضرت فاطمہؓ کی اولاد سے نجیب الطرفین سید ہوں گے لیکن اس پر حضرت عثمان بن عفانؓ کی روایت سے اعتراض لازم آتا ہے جس میں یہ ہے کہ امام مہدیؒ، حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے ہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گے۔ (کتاب البرہان ج ۲ص ۵۹۱، مرقاۃ المفاتیح ج ۱۰ص ۱۷۵)

اس کا جواب دیتے ہوئے علامہ ابن حجر ہیتمی مکی تحریر فرماتے ہیں:

﴿ویمکن الجمع بانه لا مانع من ان یکون ذریته ﷺ وللعباس فیه ولادة من جهة ان امهاته عباسیة والحاصل ان للحسن فیه الولادة العظمی لان احادیث کونه من ذریته اکثر وللحسین فیه ولادة ایضا وللعباس فیه ولادة ایضا ولا مانع من اجتماع ولادات المتعددین فی شخص واحد من جهات مختلفة﴾ (القول المختصر: ص ۲۳)

''ان مختلف روایات کو اس طرح جمع کرنا ممکن ہے کہ امام مہدیؒ (اصالۃً) تو حضور ﷺ کی ذریت میں سے ہوں گے اور (تبعاً) حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے بھی اس اعتبار سے ہوں گے کہ ان کے سلسلۂ نسب میں سب سے زیادہ حضرت حسنؓ کی نسبت نمایاں ہوگی اس لیے کہ اس قسم کی روایات زیادہ ہیں اس کے بعد حضرت حسینؓ اور پھر حضرت عباسؓ کی ولادت بھی اس میں شامل ہوگی اور ایک ہی شخص میں مختلف جہات سے متعدد ولادتوں کا جمع ہونا ممکن ہے۔''

علامہ ابن حجر مکیؒ کے اس جواب کو آسان لفظوں میں اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ ایک آدمی کئی آدمیوں کی اولاد ہو سکتا ہے مثلاً ایک شخص کے سلسلۂ نسب میں اس کے آباؤ اجداد میں سے کسی نے ایک عورت سے نکاح کیا جو مثلاً حضرت عباسؓ کے خاندان میں سے تھی، اس کے یہاں جو اولاد ہوئی اس نے حضرت حسینؓ کے خاندان میں سے کسی عورت کے ساتھ نکاح کر لیا پھر اس کے یہاں جو اولاد ہوئی اس نے حضرت حسنؓ کے خاندان کے ساتھ مناکحت کا تعلق کر لیا اور ظاہر ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔ اس طرح امام مہدیؒ کے نسب کی روایات میں کوئی تعارض اور اختلاف باقی نہیں رہتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جبکہ اس حدیث پر کلام کرتے ہوئے حضرت ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں

﴿واما ما رواہ الدارقطنی فی الافراد عن عثمان رضی اللّٰہ عنہ المھدی من ولد العباس عمی فمع ضعف اسنادہ محمول علی المھدی الذی وجد من الخلفاء العباسیۃ اویکون للمھدی الموعود ایضا نسبۃ نسبیۃ الی العباسیۃ﴾ (مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ص ۱۷۵)

''باقی رہی وہ روایات جس کو دارقطنی نے افراد میں حضرت عثمانؓ سے روایت کیا ہے کہ مہدی میرے چچا عباسؓ کی اولاد میں سے ہوں گے تو اس کی سند ضعیف ہونے کے ساتھ ساتھ یہ روایت خلفاءِ عباسیہ میں سے خلیفہ مہدی پر محمول ہے یا پھر مہدی موعود کی بھی نسبی طور پر بنوعباس کی طرف نسبت ہوگی۔''

گویا ملا علی قاریؒ نے اس حدیث کے تین جواب دیئے ہیں:

(۱) اس روایت کی سند ضعیف ہے۔

(۲) اس کا محمل خلیفۂ مہدی عباسی ہے۔

(۳) یہ بھی ممکن ہے کہ مہدیٔ موعود کے نسب نامے میں عباسی خاندان کا کوئی فرد ہو۔

## ﴿حضرت امام مہدیؓ کا لقب اور کنیت﴾

جیسا کہ اس سے قبل یہ بات تفصیل سے بیان ہو چکی ہے کہ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا اسم گرامی محمد بن عبداللہ یا احمد بن عبداللہ ہوگا چنانچہ سید برزنجی تحریر فرماتے ہیں:

﴿اما اسمہ ففی اکثر الروایات انہ محمد وفی بعضھا انہ احمد واسم ابیہ عبداللّٰہ﴾ (الاشاعہ ص ۱۹۲)

''حضرت امام مہدیؓ کا نام اکثر روایات میں محمد اور بعض میں احمد مذکور ہے اور ان کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہی بات شیخ یوسف بن عبداللہ الوابل نے اپنی کتاب اشراط الساعۃ ص ۲۴۹ پر کہی ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ ''مہدی'' ان کا نام نہیں بلکہ لقب ہوگا اور اس نام کے ساتھ موسوم ہونے کی وجہ یہ ہوگی کہ مہدی، ہدایت سے ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ انہیں حق بات کہنے اور اس کے نفاذ کی توفیق عطاء فرمائیں گے اور اس پر ان کی رہنمائی اور دستگیری فرمائیں گے اس لیے ان کو ''مہدی'' کہتے ہیں چنانچہ سید برزنجی تحریر فرماتے ہیں:

﴿ولقبه المهدى لان الله هداه للحق، والجابر لانه يجبر قلوب امة محمد ﷺ اولانه يجبر اى يقهر الجبارين والظلمين ويقصمهم﴾ (الاشاعۃ ص ۱۹۳)

''ان کا لقب ''مہدی'' ہوگا اس لیے کہ اللہ تعالیٰ حق کی طرف ان کی رہنمائی فرمائیں گے۔ اسی طرح ان کا لقب ''جابر'' بھی ہوگا کیونکہ وہ امت محمدیہ کے زخمی قلوب پر مرہم رکھیں گے یا اس لیے کہ وہ ظالموں پر غالب آ کر ان کی شان وشوکت کو ختم کر دیں گے۔''

یہ عبارت حضرت امام کے دو لقب ظاہر کر رہی ہے ایک تو وہی جو کہ مشہور و معروف ہے یعنی مہدی، اور دوسرا لقب ''جابر'' ہوگا لیکن یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ اس مقام پر ''جابر'' جبر سے نہیں جس کا معنی ظلم ہوتا ہے بلکہ یہاں ''جابر''، ''جبیرہ'' سے ہے جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑنے کے لیے استعمال ہونے والی پھچی کو کہتے ہیں۔ چونکہ امام مہدیؑ لوگوں کی تالیف قلب فرمائیں گے اس لیے ان کا لقب ''جابر'' ہوگا۔ یا ان کو ''جابر'' کہنے کی وجہ یہ ہوگی کہ ''جابر'' کا معنی ہے ''غالب'' چونکہ وہ ظالموں پر غالب آ جائیں گے اس لیے ان کا لقب ''جابر'' ہوگا۔

امام مہدیؑ کی کنیت ایک قول کے مطابق ''ابوعبداللہ'' ہوگی اور ایک قول کے مطابق ''ابوالقاسم'' ہوگی چنانچہ سید برزنجی تحریر فرماتے ہیں:

﴿وكنيته ابو عبدالله وفي الشفاء للقاضي عياض رحمه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللّٰه ان کنیتهٗ ابو القاسم﴾ (الاشاعہ: ص۱۹۳)

''امام مہدیؒ کی کنیت ابوعبداللہ ہوگی اور قاضی عیاض کی کتاب شفاء میں ہے کہ ان کی کنیت ابوالقاسم ہوگی۔''

لیکن ابوالقاسم کنیت رکھنے پر ایک حدیث سے اعتراض وارد ہوگا کہ جس میں حضور ﷺ کے نام اور کنیت کو ایک ہی شخص کے لیے جمع کرنے کی ممانعت وارد ہوئی ہے جبکہ حضرت امام مہدیؒ کا نام اور کنیت دونوں حضور ﷺ کے موافق ہوں گے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں جو ممانعت وارد ہوئی ہے کہ کوئی شخص حضور ﷺ کا نام اور کنیت اکٹھی نہ رکھے بلکہ یا تو صرف نام رکھے یا صرف کنیت، وہ حضور ﷺ کے زمانے پر محمول ہے کہ آپ کے زمانے میں کوئی شخص ایسا نہ کرے، ہاں بعد میں اجازت ہے چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں حضرت محمد بن حنفیہؒ کی اپنے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ روایت منقول ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا:

﴿ارایت ان ولدلی بعدک ولداسمیه باسمک واکنیه بکنیتک قال نعم رواه ابو داؤد﴾ (مشکوٰۃ المصابیح: ص۴۰۸)

''آپ مجھے اس بارے میں بتایئے کہ اگر آپ کی وفات کے بعد میرے یہاں کوئی اولاد ہوئی تو میں آپ کے نام پر اس کا نام اور آپ کی کنیت پر اس کی کنیت رکھ دوں؟ فرمایا ہاں! کوئی حرج نہیں۔''

اس حدیث میں اس بات کی صراحۃً اجازت ہے کہ حضور ﷺ کی وفات کے بعد آپ کے نام اور کنیت کو جمع کرنا جائز ہے چنانچہ حضرت ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿وقیل النهی مخصوص بحیاته لئلایلتبس خطابه بخطاب غیره وهذا هو الصحیح﴾ (مرقاۃ المفاتیح: ج۹ص۱۰۷)

''اور ایک قول یہ ہے کہ ممانعت حضور ﷺ کی زندگی کے ساتھ خاص تھی تاکہ التباس لازم نہ آئے اور یہی صحیح ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پھر اس کے بعد ملا علی قاریؒ نے علامہ طیبیؒ کے حوالے سے چند اقوال اس سلسلے میں مزید نقل کیے ہیں اور ہر ایک پر تنقید کی ہے، یہ بہت عمدہ بحث ہے اہل علم حضرات مرقاۃ کی طرف رجوع فرمائیں۔

## حضرت امام مہدیؓ کی جائے پیدائش

حضرت امام مہدیؓ کی ولادت باسعادت ''مدینہ منورہ'' میں ہو گی جیسا کہ نعیم بن حماد نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے۔

﴿المهدی مولده بالمدینة﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۵۹)

علامہ سید برزنجیؒ نے بھی الاشاعہ میں نعیم بن حماد ہی کی مذکورہ روایت کو نقل کرتے ہوئے حضرت امام مہدیؓ کی جائے پیدائش مدینہ منورہ کو قرار دیا ہے۔

جبکہ امام قرطبیؒ نے اپنی کتاب ''التذکرہ'' میں امام مہدیؓ کی جائے پیدائش بلاد مغرب میں بیان کی ہے۔ کما ذکرہ البرزنجی فی الاشاعہ ص ۱۹۴۔ لیکن صحیح اول ہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿حضرت امام مہدیؓ کی سیرت﴾

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان اپنی سیرت ''اور اخلاق'' میں سرکار دو عالم ﷺ کے مشابہہ اور مماثل ہوں گے کیونکہ وہ حضور ﷺ کی اولاد میں سے ہوں گے اور ظاہر ہے کہ والدین کی نیکی کا اثر اور پرتو اولاد پر پڑتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں حضرت موسیٰ اور خضر علیہما السلام کے واقعے میں مذکور ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے ایک گرتی ہوئی دیوار کو بلا معاوضہ سیدھا کر دیا تھا اور بعد میں اس کی حکمت یہ بیان فرمائی تھی:

﴿وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا﴾ (سورۃ الکہف آیت نمبر ۸۲)

''ان بچوں کا باپ نیک آدمی تھا۔''

معلوم ہوا کہ والدین کے نام اور کام کا اثر اولاد پر بھی نمایاں ہوتا ہے اور والدین کی نیکی اولاد کے بھی کام آیا کرتی ہے یہی وجہ ہے کہ حضرت امام مہدیؓ کا طور طریقہ اور عادات حضور ﷺ کے مشابہ ہوں گی جیسا کہ صاحب مظاہر حق جدید، حدیث ''لا تذھب الدنیا'' کے تحت تحریر فرماتے ہیں۔

> ''حضور ﷺ کے مذکورہ بالا ارشاد گرامی میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ حضور ﷺ کے ساتھ ان کا تعلق صرف نسبی اور نسلی نہیں ہوگا بلکہ روحانی اور شرعی بھی ہوگا یعنی ان کا طور طریقہ اور ان کے عادات و معمولات حضور ﷺ کے طور طریقے اور آپ کے عادات و معمولات کے مطابق ہوں گے۔'' (مظاہر حق جدید: ج۵ ص ۳۷)

## امام مہدیؓ کی قیادت:

سیرت میں ایک وصف شجاعت بھی شمار ہوتا ہے جس کا اظہار عام طور پر میدان کارزار میں قیادت کی اعلیٰ صلاحیتوں کو بروئے کار لانے پر ہوتا ہے، امام مہدیؓ جن لوگوں کو اپنے لشکر کا کمانڈر مقرر کریں گے اسی سے ان کے سیاسی تدبر کا علم ہو جائے گا، یہ بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نعیم بن حماد کی زبانی ملاحظہ ہو:

﴿قادة المهدی خیر الناس، اهل نصرته وبیعته من اهل کوفان والیمن وابدال الشام، مقدمته جبریل و ساقته میکائیل محبوب فی الخلائق، یطفیٔ اللّٰه تعالیٰ به الفتنة العمیاء وتامن الارض حتی المرأة لتحج فی خمس نسوة مامعهن رجل، لا یتقی شیئا الا اللّٰه، تعطی الارض زکوتها والسماء برکتها﴾

(کتاب الفتن:ص ۲۵۰)

''امام مہدیؒ کے لشکر کے قائدین بہترین لوگ ہوں گے، ان کے معاون اوران کی بیعت کرنے والے کوفہ، بصرہ اور یمن کے لوگ اور شام کے ابدال ہوں گے، ان کے لشکر کا ہراول دستہ حضرت جبریل علیہ السلام اور پیچھے کا محافظ دستہ حضرت میکائیل علیہ السلام ہوں گے، وہ محبوب خلائق ہوں گے، اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے انتہائی خطرناک فتنہ کوختم فرمائیں گے اور زمین میں ایسا امن قائم ہو جائے گا کہ ایک عورت پانچ عورتوں کے ساتھ مل کر بغیر کسی مرد کی موجودگی کے اطمینان سے حج کر لے گی، وہ صرف اللہ سے ڈرنے والے ہوں گے، ان کے زمانے میں زمین اپنی پیداوار اور آسمان اپنی برکتیں برسادے گا۔''

## امام مہدیؒ کا زمانہ:

مذکورہ بالا مضمون کے آخری جملہ کی وضاحت حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی مروی حدیث میں وارد ہوئی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

﴿یرضی عنه ساکن السماء وساکن الارض، لاتدع السماء من قطرها شیئا الا صبته، ولا الارض من نباتها

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شیئا الا اخرجته حتی یتمنی الاحیاء الاموات۔

(کتاب الفتن: ص ۲۵۲)

"امام مہدیؓ سے آسمان میں رہنے والے بھی راضی ہوں گے اور زمین کے باشندے بھی خوش ہوں گے، آسمان اپنے تمام قطرے بہا دے گا، زمین اپنی تمام پیداوار اگل دے گی یہاں تک کہ (خوشحالی دیکھ کر) زندہ لوگ، مردوں کی تمنا کرنے لگیں گے۔"

اسی مضمون کی روایت مشکوٰۃ شریف میں بھی ہے۔ اور یہ حدیث اپنے مدلول کے لحاظ سے بہت واضح ہے کہ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا زمانہ ایسی خوشحالی اور عام فراوانی کا ہوگا کہ ملائکہ بھی ان سے خوش ہوں گے اور زمین والے بھی، بارشیں کثرت سے ہوں گی اور زمین اپنی پوری پیداوار اگائے گی یہاں تک کہ اس قدر خوشحالی دیکھ کر اس زمانے کے لوگ یہ تمنا کریں گے کہ کاش! ہمارے آباؤ اجداد بھی زندہ ہوتے اور اس خوش حالی سے لطف اندوز ہوتے۔

## امام مہدیؓ کی سخاوت:

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کی سخاوت اس قدر عام ہوگی کہ ہر ایک پر اسکی بارش برسے گی اور اس قدر تام ہوگی کہ پھر کسی سے سوال کرنے کی نوبت نہیں آئے گی چنانچہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

﴿یکون فی امتی المھدی ان قصر فسبع و الافتسع، تنعم فیه امتی نعمة لم یسمعوا بمثلھا قط، تؤتی اکلھا ولا تترک منھم شیئا والمال یومئذ کدوس، فیقوم الرجل فیقول یامھدی! اعطنی فیقول خذ﴾

(التذکرہ: ص ۶۹۹)

"میری امت میں مہدی ہوں گے جو کم ازکم سات یا نو سال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(خلیفہ) رہیں گے، ان کے زمانے میں میری امت ایسی نعمتوں اور فراوانیوں میں ہوگی کہ اس سے پہلے اس کی مثال بھی نہ سنی گئی ہوگی، زمین اپنی تمام پیداوار اگل دے گی اور کچھ بھی نہ چھوڑے گی اور اس زمانے میں مال کھلیان میں اناج کے ڈھیر کی طرح پڑا ہوگا چنانچہ ایک آدمی کھڑا ہو کر کہے گا کہ اے مہدی! کچھ مجھے بھی دیجئے! تو وہ اس سے فرمائیں گے کہ (حسب منشاء جتنا چاہو) لے لو۔''

اسی طرح حضرت ابوسعید خدریؓ ہی سے ایک اور روایت مروی ہے:

﴿عن ابی سعید الخدری قال: خشینا ان یکون بعد نبینا ﷺ حدث، فسالنا النبی ﷺ قال ان فی امتی المهدی یخرج یعیش خمسا اوسبعا اوتسعا زید الشاک قال قلنا وما ذاک؟ قال سنین قال فیجیء الیه الرجل فیقول یامهدی اعطنی اعطنی قال فیحثی له فی ثوبه ما استطاع ان یحمله.﴾ (ترمذی حدیث نمبر ۲۲۳۲)

''حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں کہ (ایک مرتبہ) ہمیں حضور ﷺ کی وفات کے بعد پیش آنے والے حادثات کے خوف نے آگھیرا تو ہم نے اس سلسلے میں حضور ﷺ سے دریافت کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا (گھبرانے کی کوئی بات نہیں) میری امت میں مہدی کا خروج ہوگا جو کہ پانچ یا سات یا نو سال (بطور خلیفہ کے) زندہ رہیں گے۔ (سالوں کی تعداد میں راوی کو شک ہے۔) ہم نے عرض کیا کہ یہ سلسلہ کب تک رہے گا؟ فرمایا کئی سال پھر فرمایا کہ ایک آدمی ان کے پاس آ کر کہے گا کہ اے مہدی مجھے کچھ دیجئے مجھے کچھ دیجئے! تو وہ لپ بھر بھر کر اس کے کپڑے میں اتنا ڈال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دیں گے جس کو وہ اٹھا سکے۔'' یعنی کسی آدمی میں جتنا وزن اٹھانے کی ہمت ہو سکتی ہے۔ امام مہدیؓ اس سے کم نہیں دیں گے۔

نیز حضرت ابو سعید خدریؓ ہی کی ایک مرفوع روایت میں یہ بات مزید وضاحت کے ساتھ آئی ہے۔

﴿من خلفائكم خليفة يحثو المال حثيا و لايعده عدا﴾

(مسلم شریف: ۷/۳۱۷)

''تمہارے خلفاء میں سے ایک خلیفہ ہوگا لوگوں کو مال لپ بھر بھر کر دیں گے اور اس کو شمار بھی نہیں کریں گے۔''

روایات سے ثابت ہو چکا ہے کہ اس پر حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ جیسا شخص بھی پورا نہیں اتر سکا اور اس سے امام مہدیؓ ہی مراد ہیں۔

## ﴿حضرت امام مہدیؓ کی سیرت و اخلاق کریمانہ کا اجمالی نقشہ﴾

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کی سیرت و اخلاق کریمانہ کا سید برزنجیؒ نے ایک بہت عمدہ نقشہ کھینچا ہے جس کا ترجمہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

''امام مہدیؓ حضور ﷺ کی سنت پر عمل کریں گے، کسی سوئے ہوئے شخص کی نیند خراب کر کے اسے جگائیں گے نہیں، ناحق خون نہیں بہائیں گے، ہاں! البتہ سنت کے خلاف کام کرنے والے سے جہاد کریں گے۔ تمام سنتوں کو زندہ کر دیں گے اور ہر قسم کی بدعت کو ختم کیے بغیر چین نہ لیں گے، آخر زمانے میں ہونے کے باوجود دین پر اسی طرح قائم ہوں گے جس طرح ابتداء میں حضور ﷺ قائم تھے۔ ذوالقرنین سکندر اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی طرح پوری دنیا کے فرمانروا ہوں گے، صلیب کو توڑ دیں گے اور خنزیر کو قتل کر دیں گے (عیسائیت کو مٹا دیں گے۔) زمین کو عدل و انصاف سے اسی طرح بھر دیں گے جس طرح پہلے وہ ظلم و ستم سے بھری ہوئی ہوگی، لوگوں کو بے حساب لپ بھر بھر کر مال دیں گے۔ مسلمانوں میں الفت، پیار و محبت اور نعمتوں کو لوٹا دیں گے، اور تقسیم بالکل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ٹھیک ٹھیک کریں گے، آسمان میں رہنے والے ملائکہ بھی ان سے راضی ہوں گے اور زمین پر بسنے والے جاندار بھی ان سے خوش ہوں گے، پرندے فضاؤں میں، وحشی جانور جنگلات میں اور مچھلیاں سمندروں میں ان سے خوش ہوں گی۔ امت محمدیہ کے دلوں کو غنا سے بھر دیں گے حتیٰ کہ ایک منادی آواز دے گا کہ جس کو مال کی ضرورت ہو، وہ آ کر لے جائے تو اس کے پاس صرف ایک آدمی آئے گا اور کہے گا کہ مجھے ضرورت ہے، منادی اس سے کہے گا کہ تم خزانچی کے پاس جا کر اس سے کہو کہ مہدی نے مجھے مال دینے کا حکم دیا ہے چنانچہ وہ شخص خزانچی کے پاس آ کر اسے پیغام پہنچا دے گا تو وہ کہے گا کہ تم حسب منشا جتنا چاہو لے لو، وہ شخص اپنی گود میں بھر بھر کر مال جمع کرنا شروع کر دے گا کہ اچانک اسے شرم سی محسوس ہوگی اور وہ اپنے دل میں کہے گا کہ تو امت محمدیہ کا سب سے زیادہ لالچی انسان ہے، یہ سوچ کر وہ شخص اس مال کو واپس کرنا چاہے گا تو اس سے وہ مال واپس نہیں لیا جائے گا اور اس سے یہ کہا جائے گا کہ ہم لوگ کچھ دے کر واپس لینے والوں میں سے نہیں ہیں، ان کے زمانے میں تمام لوگ ایسی نعمتوں میں ہوں گے کہ اس سے پہلے اس کی مثال لوگوں نے سنی تک نہ ہوگی۔ بارشیں اس قدر کثرت سے ہوں گی کہ آسمان اپنا کوئی قطرہ پس اندوختہ نہیں چھوڑے گا، اور زمین اتنی پیداوار اگائے گی کہ ایک بیج بھی ذخیرہ نہیں کرے گی، ان کے زمانے میں جنگیں ہوں گی، وہ زمین کے نیچے سے اس کے خزانوں کو نکال لیں گے اور شہروں کے شہر فتح کر لیں گے، ہندوستان کے بادشاہ ان کے سامنے پابند سلاسل پیش کیے جائیں گے اور ہندوستان کے خزانوں کو بیت المقدس کی آرائش و تزئین کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ لوگ ان کے پاس اس طرح آئیں گے جیسے شہد کی مکھیاں اپنی ملکہ اور سردار کے پاس آتی ہیں حتیٰ کہ لوگ اپنی سابقہ نیک حالت پر واپس آ جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ تین ہزار فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد فرمائیں گے جو ان کے مخالفین کے چہروں اور کولہوں پر مارتے ہوں گے، ان کے لشکر کے سب سے آگے جبریل علیہ السلام اور حفاظت کی خاطر سب سے پیچھے میکائیل علیہ السلام ہوں گے، ان کے زمانے میں بھیڑیئے اور بکریاں ایک ہی جگہ چریں گے، بچے سانپ اور بچھوؤں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھیلیں گے اور وہ ان کو کچھ نقصان نہ پہنچا سکیں گے، انسان ایک مُد (خاص مقدار) بوئے گا اور اس سے سات سو کی پیداوار ہو گی۔ سود خوری، وباؤں کا نزول، زنا اور شراب نوشی ختم ہو جائے گی۔ لوگوں کی عمریں لمبی ہوں گی، امانتوں کی ادائیگی کا اہتمام کیا جائے گا۔ شریر و بدکار لوگ ہلاک ہو جائیں گے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد و اہل بیت سے بغض رکھنے والا کوئی نہ رہے گا، امام مہدیؒ محبوبِ خلائق ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے انتہائی خطرناک فتنے کی آگ کو بجھائیں گے۔ اور زمین میں اتنا امن وامان قائم ہو جائے گا کہ ایک عورت بغیر کسی مرد کے پانچ عورتوں کے ساتھ مل کر حج کر آئے گی اور اسے اللہ کے علاوہ کسی کا کوئی خوف نہیں ہوگا، نیز انبیاء کرام علیہم السلام کے اسفار میں لکھا ہے کہ امام مہدیؒ کے فیصلوں میں ظلم و ناانصافی کا کوئی شائبہ تک نہیں ہوگا۔" (الاشاعۃ لاشراط الساعۃ: ص ۱۹۶۔۱۹۷)

طاؤس سے منقول ہے کہ امام مہدیؒ اپنے عمال کی کڑی نگرانی کرنے والے، سخی اور مسکینوں پر رحم کرنے والے ہوں گے۔ (کتاب الفتن: ص ۲۵۰)

الغرض! وہ تمام خوبیاں جو ایک عمدہ قائد اور اچھے امیر میں ہونی چاہئیں، وہ ان تمام سے متصف ہوں گے اور اخلاق رذیلہ سے پاک ہوں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی یہ حالت یکا یک بنا دیں گے جیسا کہ اس سے قبل آپ یہ روایت پڑھ آئے ہیں کہ "مہدی ہمارے گھر والوں میں سے ہوں گے جن کی اصلاح اللہ تعالیٰ ایک رات میں ہی کر دیں گے۔"

## حضرت امام مہدیؒ کا حلیہ مبارک

حضرت امام مہدیؒ متوسط قد و قامت کے مالک، گندمی رنگ، کشادہ پیشانی، لمبی اور ستواں ناک والے ہوں گے۔ ابرو قوس کی طرح گول ہو گی، کھلتا ہوا رنگ ہوگا، بڑی بڑی سیاہ آنکھوں والے ہوں گے اور بغیر سرمہ لگائے ایسا محسوس ہوگا کہ گویا سرمہ لگائے ہوئے ہیں۔ مزید تفصیلات سید برزنجیؒ کی زبانی ملاحظہ ہوں۔

﴿واما حليته فانه آدم ضرب من الرجال ربعة، اجلى الجبهة اقنى الانف اشمه، ازج ابلج، اعين اكحل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



العینین، براق الثنایا افرقھا، فی خدہ الایمن خال اسود، یضئ وجھہ کانہ کوکب دری، کث اللحیۃ، فی کتفہ علامۃ للنبی ﷺ، اذیل الفخذین، لونہ لون عربی، وجسمہ جسم اسرائیلی، فی لسانہ ثقل، واذا ابطا علیہ الکلام ضرب فخذہ الایسر بیدہ الیمنی، ابن اربعین سنۃ، وفی روایۃ مابین الثلاثین الی اربعین، خاشع للّٰہ خشوع النسر بجناحیہ، علیہ عبایتان قطوانیتان یشبہ النبی ﷺ فی الخلق لا فی الخلق﴾(الاشاعۃ:ص۱۹۴۔۱۹۵)

''امام مہدیؒ کا حلیہ یہ ہے کہ وہ انتہائی گندمی رنگ، ہلکے پھلکے جسم والے، متوسط قدوقامت کے مالک، خوبصورت کشادہ پیشانی والے،لمبی ستواں ناک والے ہوں گے،ابروقوس کی مانند گول اور رنگ کھلتا ہوا ہوگا، بڑے بڑی سیاہ قدرتی سرگیں آنکھوں والے ہوں گے، سامنے کے دونوں دانت انتہائی سفید اور ایک دوسرے سے کچھ فاصلے پر ہوں گے (بالکل ملے ہوئے نہ ہوں گے) دائیں رخسار پر سیاہ تل کا نشان ہوگا، روشن ستارے کی طرح ان کا چہرہ چمکتا ہوگا، گھنی داڑھی ہوگی، کندھے پر حضور ﷺ کی طرح کوئی علامت ہوگی کشادہ رانیں ہوں گی، رنگ اہل عرب کی طرح اور جسم اسرائیلیوں جیسا ہوگا، زبان میں کچھ ثقل ہوگا جس کی وجہ سے بولتے ہوئے لکنت ہوا کرے گی اوراس سے تنگ آکر اپنی بائیں ران پر اپنا دایاں ہاتھ مارا کریں گے،ظہور کے وقت ۴۰ سال کی عمر ہوگی اور ایک روایت کے مطابق ۳۰ سے ۴۰ سال کے درمیان عمر ہوگی۔ اللہ کے سامنے خشوع وخضوع کرتے ہوئے پرندوں کی طرح اپنے بازو پھیلا دیا کریں گے، (اصل میں ''نسر'' گدھ کو کہتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں جس کا ترجمہ یہاں پرندہ کیا گیا ہے۔) اور دو سفید عبائیں زیب تن کیے ہوئے ہوں گے، اخلاق میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ ہوں گے لیکن خلقی طور پر (مکمل) مشابہہ نہیں ہو گے۔''

حضرت امام مہدیؒ کا حلیہ حضرت علیؓ سے بھی اسی طرح منقول ہے لیکن اس میں کچھ الفاظ بدلے ہوئے ہیں، اس کو نعیم بن حماد کی زبانی ملاحظہ فرمایئے:

﴿کث اللحیة، اکحل العینین، براق الثنایا، فی وجهه خال، اقنی اجلی، فی کتفه علامة النبی ﷺ، یخرج برایة النبی ﷺ من مرط مخملة سوداء مربعة، فیها حجر لم ینشر منذ توفی رسول الله ﷺ ولا تنشر حتی یخرج المهدی، یمده الله بثلثة آلاف من الملئکة، یضربون وجوه من خالفهم وادبارهم، یبعث وهو ما بین الثلثین والا ربعین﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۵۹)

''امام مہدیؒ کی ڈاڑھی گھنی ہو گی، بڑی سیاہ آنکھوں والے ہوں گے، اگلے دو دانت انتہائی سفید ہوں گے، چہرے پر تل کا نشان ہو گا، لمبی ستواں ناک والے ہوں گے، کندھے پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی علامت ہو گی، خروج کے وقت ان کے پاس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چوکور، سیاہ ریشمی روئیں دار جھنڈا ہو گا جس میں (ایسی روحانی) بندش ہو گی کہ جس کی وجہ سے وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے لے کر ظہور مہدیؒ سے قبل کبھی نہیں پھیلایا جا سکا ہو گا، (ہلایا نہیں جا سکا ہو گا) اللہ تعالیٰ تین ہزار فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد فرمائیں گے جو ان کے مخالفین کے چہروں اور کولہوں پر مارتے ہوں گے، ظہور کے وقت ان کی عمر ۳۰ سے ۴۰ سال کے درمیان ہو گی۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ﴿حضرت امام مہدیؓ کی خلافت، علی منہاج النبوۃ ہوگی﴾

حضرت امام مہدیؓ کی سیرت کا ایک اور نمایاں پہلو یہ ہوگا کہ وہ دوبارہ خلافت علی منہاج النبوۃ قائم کریں گے جس سے دور نبوی اور خلفائے راشدین کے روح پرور زمانے کی یاد تازہ ہوگی چنانچہ اس سلسلے میں مشکوۃ شریف کی حضرت حذیفہؓ سے مروی روایت ملاحظہ ہو:

﴿عن النعمان بن بشير عن حذيفة قال قال رسول اللّٰه ﷺ تكون النبوة فيكم ماشاء اللّٰه ان تكون ثم يرفعها اللّٰه تعالىٰ ثم تكون خلافة على منهاج النبوة ماشاء اللّٰه ان يكون ثم يرفعها اللّٰه تعالىٰ ثم تكون ملكا عاضا فيكون ماشاء اللّٰه ان يكون ثم يرفعها اللّٰه تعالىٰ ثم تكون ملكا جبرية فيكون ماشاء اللّٰه ان يكون ثم يرفعها اللّٰه تعالىٰ ثم تكون خلافة على منهاج النبوة ثم سكت. قال حبيب فلما قام عمر بن عبدالعزيز كتبت اليه بهذا الحديث اذكره اياه وقلت ارجو ان تكون امير المؤمنين بعد الملك العاض والجبرية فسربه واعجبه يعني عمر بن عبدالعزيز رواه احمد والبيهقي في دلائل النبوة﴾ (مشکوۃ المصابیح: ص ۴۶۱)

"نعمان بن بشیرؓ، حضرت حذیفہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا جب تک اللہ چاہے گا تم میں نبوت رہے گی پھر اللہ اس کو اٹھا لے گا اور طریقۂ نبوت کے مطابق حسب منشاء خداوندی خلافت رہے گی پھر اللہ اس کو بھی اٹھا لے گا، اس کے بعد کاٹ کھانے والی حکومت ہوگی اور ارادۂ خداوندی کے مطابق رہے گی پھر اللہ اس کو بھی اٹھا لے گا، اس کے بعد ظلم کی حکومت ہوگی اور حسب منشا خداوندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہے گی پھر اللہ اس کو بھی اٹھا لے گا اور دوبارہ خلافت علی منہاج النبوۃ قائم ہو جائے گی، یہ کہہ کر آپ ﷺ خاموش ہو گئے۔"

راوی حدیث حبیب کہتے ہیں کہ جب عمر بن عبدالعزیزؒ خلیفہ بنے تو میں نے بغرض نصیحت ان کے پاس یہ حدیث لکھ بھیجی اور کہا کہ مجھے امید ہے کہ آپ ہی کاٹ کھانے والی اور ظالمانہ حکومت کے بعد وہ امیر المؤمنین ہیں (جس کے بارے میں دوبارہ خلافت علی منہاج النبوۃ کی پیشگوئی وارد ہے) یہ سن کر عمر بن عبدالعزیزؒ بہت مسرور اور خوش ہوئے۔"

اس حدیث میں دو مرتبہ خلافت علی منہاج النبوۃ کا ذکر ہے، پہلے مرتبہ تو نبوت کے بعد جس کا قیام سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ذات گرامی سے ہو کر خلفاء راشدین پر جا کر منتہی ہو گیا، اس کے بعد کاٹ کھانے والی حکومت، پھر جبری حکومت اور اس کے بعد دوبارہ خلافت علی منہاج النبوۃ کے قیام کا تذکرہ ہے اس دوسری خلافت کا قیام امام مہدیؒ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ہوگا چنانچہ اس حدیث کی شرح میں ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿والمراد بها زمن عيسى عليه الصلوة والسلام والمهدى رحمه الله﴾ (مرقاۃ: ج ۱۰ص ۱۰۹)

"اور اس سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور امام مہدی رحمہ اللہ کا زمانہ ہے۔"

تنبیہ: اس موقع پر یہ بات ذہن میں رہے کہ بعض حضرات نے دوبارہ خلافت علی منہاج النبوۃ کے قیام کے لیے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کو اس حدیث کا مصداق گردانا ہے لیکن یہ ان حضرات کی اپنی رائے ہے، حدیث کا اصل محمل حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور امام مہدی علیہ الرضوان کا زمانہ ہے جیسا کہ ابھی آپ ملا علی قاریؒ کے حوالے سے ملاحظہ فرما چکے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## باب سوم

# ظہور مہدیؓ کی علامات

حضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہ کے ظہور کی تقریباً ۳۰ علامات، جن میں سے بعض ایسی ہیں کہ تخلیق کائنات سے لے کر اب تک ان کا ظہور نہیں ہوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1823

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# علامات ظہور مہدیؓ

ویسے تو حضرت امام مہدیؒ کے ظہور کی بہت سی علامات ہیں جن کے ظہور پر ہر انسان سمجھ جائے گا کہ یہی مہدیٔ موعود ہیں مثلاً امام مہدیؒ سے قبل سفیانی کا خروج وغیرہ۔ جس کی تفصیلات آئندہ آپ کے سامنے پیش ہوں گی۔ لیکن یہاں ان میں سے چند ایک ہی کو بیان کیا جائے گا جن میں سے گو کہ بعض سنداً ضعیف ہیں پھر بھی اکثر کے شواہد معتبر احادیث سے مل جاتے ہیں:

## علامت نمبر ۱:

امام مہدی علیہ الرضوان کے پاس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قمیص مبارک اور جھنڈا ہوگا جس سے ان کی شناخت ہو سکے گی چنانچہ علامہ سید برزنجیؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿معه قميص رسول الله صلى الله عليه وسلم، وسيفه، ورايته من مرط مخملة معلمة سوداء فيها حجر لم تنشر منذ توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم، ولا تنشر حتى يخرج المهدي، مكتوب على رايته "البيعة لله"﴾ (الاشاعۃ: ص ۱۹۸)

اس قسم کی ایک حدیث اس سے پہلے بھی کتاب الفتن ص ۲۵۹ کے حوالے سے گزر چکی ہے، نواب صدیق حسن خان نے اپنی کتاب آثار القیامہ فی حجج الکرامہ میں اس عبارت کا فارسی میں یوں ترجمہ کیا ہے:

"واما علاماتے کہ شناختہ شود بانہا مہدی موعود علیہ السلام پس از انجملہ آنست کہ باوے قمیص وسیف ورایت رسول خدا صلی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باشد ومنتشر نشد ایں رایت از وفاتِ وے صلی اللہ علیہ وسلم ونشود تا آنکہ بیرون آید مہدی، ومکتوب باشد بروے ایں لفظ "البیعۃ للہ"

(آثار القیامہ: ص ۳۶۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''امام مہدیؒ کے پاس حضور ﷺ کی قمیص مبارک، تلوار مبارک اور سیاہ رنگ کا ریشمی روئیں دار جھنڈا ہوگا اور وہ جھنڈا (کسی روحانی) بندش کی وجہ سے حضور ﷺ کی وفات سے لے کر ظہور مہدی سے قبل نہیں پھیلایا (ہلایا) جا سکا ہوگا، اور اس جھنڈے پر یہ الفاظ لکھے ہوں گے ''البیعۃ للہ۔''

## علامت نمبر ۲:

اسی طرح حضرت امام مہدیؒ کی تائید و تصدیق کے لیے ان کے سر پر ایک بادل سایہ فگن ہوگا جس میں سے ایک منادی کی یہ آواز آ رہی ہوگی:

﴿هذا المهدی خليفة الله فاتبعوه﴾

''یہ اللہ کے خلیفہ مہدی ہیں، لہٰذا ان کی اتباع کرو۔''

اور اس بادل میں سے ایک ہاتھ نکلے گا جو امام مہدیؒ کی طرف اشارہ کرے گا کہ یہی مہدی ہیں، ان کی بیعت کرو۔ (الاشاعۃ: ص ۱۹۸)

اور کتاب الفتن میں اسی سے متعلق ایک روایت کے الفاظ یوں ہیں (کہ آسمان سے نداء اس طرح آئے گی)

﴿عليكم بفلان وتطلع كف تشير﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۳۶)

''تم پر فلاں کی اتباع لازم ہے اور اس کی نشاندہی کے لیے ایک ہاتھ ظاہر ہوگا جو ان کی طرف اشارہ کرتا ہوگا۔''

جبکہ نواب صدیق حسن خان نے خطیب اور ابونعیم کے حوالے سے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت نقل کرتے ہوئے کہا ہے:

''و در روایتے آمدہ کہ فرشتہ باشد بر سرِ وے و ندا کند کہ ہذا خلیفۃ اللہ المہدی فاسمعوا و اطیعوہ۔'' (آثار القیامہ: ص ۳۶۶)

''اور ایک روایت میں آتا ہے کہ امام مہدیؒ کے سر پر (بادل کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرح) ایک فرشتہ ہوگا جو یہ نداء کرتا ہوگا کہ یہ اللہ کے خلیفہ مہدی ہیں لہٰذا ان کی بات سنو اور ان کی اطاعت کرو۔''

## علامت نمبر ۳۔۴:

امام مہدی علیہ الرضوان کی شناخت کے لیے حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ امام مہدیؒ ایک پرندے کی طرف اشارہ کریں گے وہ آپ کے سامنے آ کر گر پڑے گا اور ایک درخت سے ایک شاخ توڑ کر زمین میں گاڑیں گے تو وہ اسی وقت سرسبز ہو کر برگ و بار لانے لگے گی۔ (آثار القیامہ: ص ۳٦٦)

سید برزنجیؒ نے بھی اس علامت کو ذکر کیا ہے لیکن ان کے بیان سے یہ دو الگ الگ علامتیں ثابت ہوتی ہیں چنانچہ مندرجہ ذیل عبارت میں اس کی طرف اشارہ موجود ہے۔

﴿ومنها انه بغرس قضيبا يابسا في ارض يابسة فيخضر ويورق، ومنها انه يطلب منه آية فيؤمي بيده الى طير في هواء فيسقط على يده﴾ (الاشاعۃ: ص ۱۹۸)

''اور ان علامات میں سے ایک علامت یہ ہے کہ مہدی ایک خشک بانس خشک زمین میں گاڑیں گے تو وہ اسی وقت سرسبز ہو کر برگ و بار لانے لگے گا اور ایک علامت یہ ہے کہ مہدی سے نشانی کا مطالبہ کیا جائے گا تو وہ اپنے ہاتھ سے فضاء میں اڑتے ہوئے ایک پرندے کی طرف اشارہ کریں گے تو وہ ان کے سامنے آ گرے گا''

## علامت نمبر ۵:

حضرت امام مہدیؒ کی شناخت کے لیے ایک علامت یہ بھی ہوگی کہ ان سے لڑنے کے لیے ایک لشکر روانہ ہوگا اور جب وہ لشکر مکہ اور مدینہ کے درمیان پہنچے گا تو اس پورے لشکر کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا جیسا کہ عنقریب بالتفصیل آتا ہے۔

---

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مقام بیداء میں لشکر کے زمین میں دھنس جانے کی روایات امام مسلم اور امام ابن ماجہ دونوں نے تخریج کی ہیں۔حوالہ کے لیے ملاحظہ ہو۔

(مسلم شریف: حدیث نمبر ۷۲۴۰ تا ۷۲۴۴، ابن ماجہ: حدیث نمبر ۴۰۶۳ تا ۴۰۶۵)

## فائدہ:

سفیانی اور اس کے لشکر کے متعلق آپ پوری تفصیلات عنقریب پڑھیں گے کہ وہ حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک اموی شخص ہوگا جس سے اسلام اور مسلمانوں کو سخت تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا، اس کے زمانے میں مسلمانوں کا بالعموم اور علماء وفضلاء کا بالخصوص قتل عام ہوگا لیکن یہ فتنہ زیادہ دیر تک نہیں رہے گا کیونکہ ”لکل فرعون موسیٰ[1]“ کے تحت حضرت امام مہدیؒ کا ظہور ہو چکا ہوگا جس کی علامت یہ ہوگی کہ سفیانی بیت اللہ کو منہدم کرنے کی نیت سے مغرب سے روانہ ہوگا لیکن جب یہ اپنے لشکر سمیت ”بیداء“ نامی جگہ، جو حرمین کے درمیان ہے، پہنچے گا تو پورا لشکر زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔اس سلسلے میں حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی تحریر فرماتے ہیں:

﴿وهذه هي فتنة امارة السفياني احدى علامات خروج المهدي وقد وردت فيه احاديث كثيرة متواترة المعنى﴾

(التعلیق الصبیح: ج۶ ص۲۰۰)

”اس لشکر کا زمین میں دھنسنا فتنۂ سفیانی کی نشانی ہوگی اور سفیانی کا خروج دراصل امام مہدیؒ کے ظہور کی علامت ہوگا اور اس سلسلے میں بہت سی احادیث تواتر معنوی کے ساتھ وارد ہوئی ہیں۔“

اور اس پورے لشکر میں سے صرف ایک شخص زندہ بچے گا جو لوگوں کو آ کر لشکر کے زمین میں دھنس جانے کی خبر دے گا چنانچہ حضرت کاندھلویؒ ہی تحریر فرماتے ہیں:

﴿فلا ينجو منهم الا المخبر عنهم﴾

(التعلیق الصبیح: ج۶ ص۲۰۰)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"ان تمام لوگوں میں سے صرف ایک مخبر زندہ بچے گا۔"

لیکن اس روایت پر ایک اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اس میں خروج سفیانی کے متعلق یہ ذکر کیا گیا ہے کہ وہ مغرب سے خروج کرے گا جبکہ طبرانی نے اپنی کتاب الاوسط میں حضرت ام حبیبہؓ سے اس سلسلے کی روایت ذکر کی ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ وہ مشرق سے خروج کرے گا اور یہ بظاہر تضاد ہے۔

سید برزنجیؒ نے اس تعارض کو دور کرنے کی کوشش کی ہے چنانچہ وہ تحریر فرماتے ہیں کہ اس کی تاویل یوں کی جاسکتی ہے کہ سفیانی کی طرف سے بھیجا جانے والا لشکر روانہ تو عراق (مغرب) سے ہوگا لیکن چونکہ اس لشکر میں اہل شام بھی ہوں گے اس لیے ان کی طرف نسبت کرتے ہوئے بعض مقامات پر اس لشکر کو شامی (مشرقی) کہہ دیا گیا ہے۔ (الاشاعۃ ص ۲۰۸) اور حضرت کاندھلویؒ نے بھی التعلیق الصبیح ج ۶ ص ۲۰۱ پر تقریباً یہی تحریر فرمایا ہے۔

یہی نہیں کہ امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل صرف سفیانی کا خروج ہوگا بلکہ بہت سے اور لوگ بھی خروج کریں گے چنانچہ کچھ لوگ مصر سے خروج کریں گے، کچھ مغربی جانب سے اور کچھ جزیرۃ العرب سے۔ گویا اس وقت ساری دنیا کے مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے لیے کفر پوری قوت سے مسلمانوں کے ساتھ نبرد آزما ہوگا اور چہار اطراف سے مرکز عالم اور مرکز اسلام خانۂ کعبہ پر حملہ کی تیاریاں شروع ہو جائیں گی اور اس کے کچھ ہی عرصے کے بعد امام مہدیؒ کا ظہور ہو جائے گا۔

## علامت نمبر ۶:

حضرت امام مہدیؒ کے ظہور کی ایک اور علامت جوان کی تائید کے لیے بطور مہر تصدیق کے ظاہر کی جائے گی اور ان کی شناخت میں کسی کو کوئی شبہ اور تردد نہیں رہے گا، یہ ہوگی کہ آسمان سے ایک منادی امام مہدیؒ کا نام لے کر لوگوں کو ان کے ساتھ جا ملنے اور ان کی مدد کرنے کی طرف ابھارے گا۔ چنانچہ سید برزنجیؒ تحریر فرماتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ومنها انه ینادی مناد من السماء، ایھاالناس! ان اللّٰہ قد قطع عنکم الجبارین والمنافقین واشیاعھم، وولا کم خیر امة محمد ﷺ، فالحقوا بمکة فانه المھدی واسمه احمد بن عبداللّٰہ، وفی روایة، وولاکم الجابر خیر امة محمد ﷺ، الحقوہ بمکة فانه المھدی واسمه محمد بن عبداللّٰہ﴾ (الاشاعہ: ص ۱۹۸، ص ۲۰۹)

''اور ان علامات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آسمان سے ایک منادی آواز دے گا کہ اے لوگو! (تمہیں خوشخبری ہو کہ) اللہ نے ظالموں، منافقوں اور ان سے محبت رکھنے والوں سے تمہیں نجات دی اور امت محمدیہ کا بہترین فرد تم پر امیر مقرر کیا لہٰذا اب تم مکہ مکرمہ جا کر اس سے مل جاؤ، وہ مہدی ہیں اور ان کا نام احمد بن عبداللہ ہے اور ایک روایت میں ان کا نام محمد بن عبداللہ مذکور ہے۔''

اس علامت کو نواب صدیق حسن خان نے بھی آثار القیامہ ص ۳۶۶ پر ذکر کیا ہے لیکن اس میں امام مہدیؒ کے نام سے متعلق ''احمد بن عبداللہ'' والی روایت کا ذکر نہیں کیا بلکہ ''محمد بن عبداللہ'' والی روایت پر ہی جزم ظاہر کیا ہے اور یہی مشہور بھی ہے۔

## علامت نمبر ۷:

زمین سونے کے ستونوں کی طرح اپنے جگر کے ٹکڑے باہر نکال دے گی۔

(الاشاعہ: ص ۱۹۸، آثار القیامہ: ص ۳۶۶، ترمذی ۲۲۰۸)

سید برزنجیؒ نے اس مقام پر ''سونے کے ستونوں'' کا ذکر کیا ہے جبکہ اپنی اسی کتاب کے ص ۲۴۱ پر ''سونے اور چاندی کے ستونوں'' کا ذکر کیا ہے اور یہی صحیح ہے کیونکہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی روایت میں ''سونے اور چاندی کے ستونوں'' ہی کا ذکر ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿عن عبداللہ بن مسعودؓ قال ان ھذا الدین قدتم، وانہ صائرالی النقصان وان امارۃ ذلک الیوم ان تقطع الارحام، ویوخذالمال بغیر حقہ وتسفک الدماء، ویشتکی ذوالقرابۃ قرابتہ لا یعود علیہ بشئی. ویطوف السائل لا یوضع فی یدہ شئی فبینما ھم کذلک اذ خارت الارض خوار البقر یحسب کل اناس انھا خارت من قبلھم فبینما الناس کذلک اذ قذفت الارض بافلاذ کبدھا من الذھب والفضۃ لا ینفع بعد شئ منہ لا ذھب ولا فضۃ﴾ (الاشاعہ:ص ۲۴۱)

''حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ یہ دین مکمل ہو چکا اور اب یہ نقصان کی طرف جائے گا جس کی علامت یہ ہو گی کہ قطع رحمی، لوگوں کا مال ناحق لے لینا اور خون بہانا عام ہو جائے گا، قرابت دار بیمار ہو گا لیکن کوئی اس کی عیادت کرنے نہ جائے گا، سائل بار بار چکر لگائے گا لیکن کوئی اس کے ہاتھ پر کچھ نہ رکھے گا۔ اس دوران زمین سے گائے کی آواز کی طرح آواز نکلے گی، تمام لوگ اس سوچ میں پڑ جائیں گے کہ اس سے پہلے بھی ایسا ہوا ہے؟ اسی اثناء میں زمین اپنے جگر کے ٹکرے یعنی ''سونے چاندی کے ستون'' نکال باہر پھینکے گی لیکن اب یہ سونا چاندی کسی کو کچھ نفع نہ دے گا۔''

## علامت نمبر ۸:

لوگوں کے دل غنی ہو جائیں گے اور زمین کثرت سے اپنی برکتوں کا ظہور کرے گی (جیسا کہ امام مہدی علیہ الرضوان کی سیرت کے بیان میں گزرا)

(الاشاعہ:ص ۱۹۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## علامت نمبر ۹:

امام مہدیؒ خانۂ کعبہ میں مدفون خزانہ نکال کر اس کو فی سبیل اللہ تقسیم کر دیں گے۔ (الاشاعۃ: ص ۱۹۹) اور خانہ کعبہ کے اس مدفون خزانے کو، جو امام مہدیؒ تقسیم فرمائیں گے، ''رتاج الکعبہ'' کہا جاتا ہے۔ (آثار القیامہ: ص ۳۶۶)

## علامت نمبر ۱۰:

حضرت امام مہدیؒ کے زمانے میں اکثر یہودی مسلمان ہو جائیں گے جس کی وجہ یہ ہوگی کہ امام مہدیؒ کو تابوت سکینہ (جس کا ذکر قرآن کریم میں بھی بایں طور آیا ہے۔ ''وقال لهم نبيهم ان آية ملكه ان ياتيكم التابوت فيه سكينة من ربكم'' (البقرہ: ۲۴۸) مل جائے گا جس کے ساتھ یہودیوں کے بڑے اعتقادات وابستہ ہیں، اس لیے وہ اس تابوت کو حضرت امام مہدیؒ کے پاس دیکھ کر مسلمان ہو جائیں گے چنانچہ نواب صدیق حسن خان لکھتے ہیں:

> ''وازانجملہ آنکہ تابوت سکینہ را از غار انطاکیہ یا از بحیرۂ طبریہ بر آوردہ در بیت المقدس نہد ویہود بدیدن وے مسلمان شوند الا القلیل منہم۔'' (آثار القیامہ: ص ۳۶۶) یہی بات (الاشاعۃ: ص ۱۹۹) پر بھی ہے۔''
>
> ''منجملہ ان علامات کے ایک علامت یہ بھی ہے کہ امام مہدیؒ تابوت سکینہ کو انطاکیہ کے کسی غار یا بحیرۂ طبریہ سے نکال کر بیت المقدس میں رکھ دیں گے جس کو دیکھ کر سوائے چند ایک کے باقی سارے یہودی مسلمان ہو جائیں گے۔''

## علامت نمبر ۱۱:

قرآن کریم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریائے نیل کا پھٹ کر بارہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہموار راستے بنانا صراحۃً مذکور ہے جس کو ''انفلاقِ بحر'' سے تعبیر کیا جاتا ہے، بعینہ اسی طرح حضرت امام مہدیؒ کے زمانے میں انفلاق بحر ہوگا جیسا کہ اس کی تفصیلات آگے آرہی ہیں۔

(الاشاعہ: ص ۱۹۹)

## علامت نمبر ۱۲:

مغرب کی طرف سے کئی جھنڈوں کا نمودار ہونا (ظاہر ہے کہ جھنڈے لشکر کے ساتھ ہوتے ہیں) اور اس لشکر کا سردار قبیلہ کندہ کا ایک آدمی ہوگا چنانچہ نعیم بن حماد نے یہ روایت نقل کی ہے کہ:

﴿علامة خروج المهدی الوية تقبل من المغرب، عليها رجل اعرج من كندة﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۳۰)

''امام مہدیؒ کے ظہور کی علامت وہ چند جھنڈے ہیں جو مغرب کی طرف سے آئیں گے اور ان کا سردار قبیلہ کندہ کا ایک لنگڑا شخص ہوگا۔''

## علامت نمبر ۱۳:

مطر الوراق نے ظہور امام مہدیؒ کی علامت کفر کا پھیل جانا بیان کی ہے۔ چنانچہ نعیم بن حماد روایت کرتے ہیں:

﴿لا يخرج المهدی حتى يكفر بالله جهرة﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۳۱)

''امام مہدیؒ کا ظہور اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک کہ علانیۃً اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر نہ کیا جانے لگے۔''

## علامت نمبر ۱۴:

حضرت امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل قتل و غارت گری اس قدر عام ہو جائے گی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ ہر نو میں سے سات افراد قتل ہو جائیں گے چنانچہ ابن سیرینؒ سے نعیم بن حماد نے یہ روایت اس طرح نقل کی ہے:

﴿لا یخرج المهدی حتی یقتل من کل تسعة سبعةً﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۳۱)

اسی طرح کی ایک روایت حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے بھی بایں الفاظ منقول ہے:

﴿لایخرج المهدی حتی یقتل ثلث، ویموت ثلث، ویبقی ثلث﴾ (حوالۂ بالا)

''امام مہدیؒ کا ظہور نہیں ہو گا یہاں تک کہ ایک تہائی افراد قتل ہو جائیں گے، ایک تہائی اپنی طبعی موت مر جائیں گے اور ایک تہائی باقی بچیں گے۔''

اس کی مزید تفصیلات عنقریب آپ کے سامنے آئیں گی۔ انشاء اللہ۔

## علامت نمبر ۱۵:

ظہور امام مہدیؒ سے قبل لوگوں میں افلاس و تنگدستی اس قدر پھیل جائے گی کہ ایک آدمی انتہائی خوبصورت لونڈی کو اس کے وزن کے برابر غلہ میں بیچنے کے لیے تیار ہو جائے گا جیسا کہ کتاب الفتن: ص ۲۳۲ پر اس قسم کی روایت موجود ہے۔

## علامت نمبر ۱۶:

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کی تصدیق و تائید اور امت مسلمہ کی عزت و شرافت اور اس کی عند اللہ مقبولیت کی سب سے اہم دلیل وہ نماز ہو گی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت امام مہدیؒ کی اقتداء میں ادا فرمائیں گے۔ (بخاری شریف: ۳۴۴۹، مسلم ۳۹۲) لیکن اس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے منصب نبوت و رسالت پر کوئی حرف نہیں آئے گا اور یہ ایسے ہی ہو گا جیسے حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کی اقتداء میں نماز ادا کی، بالخصوص حضرت ابوبکر صدیقؓ کی امامت میں تو اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



زندگی کی آخری تمام باجماعت نمازیں ادا فرمائیں لیکن اس سے آپ کے منصب نبوت و رسالت میں کوئی کمی نہیں آئی۔

اور جیسا کہ بیان ہوا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امام مہدیؒ کی اقتداء کرنا اس امت کی عنداللہ عزت وشرافت کی دلیل ہے۔ اس کی مکمل تفصیلات آپ اسی رسالے کے باب ششم میں ملاحظہ فرمائیں گے۔

## علامت نمبر ۱۷:

حضرت امام مہدیؒ کی شناخت کے لیے ایک علامت یہ بھی ہے کہ وہ اخلاق و عادات اور سیرت میں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ ہوں گے ہی، حلیہ میں بھی کسی قدر مشابہت رکھتے ہوں گے البتہ ان کی زبان میں لکنت ہوگی جس کی وجہ سے وہ تنگ آ کر کبھی کبھی اپنی ران پر ہاتھ مارا کریں گے جیسا کہ بالتفصیل گزرا، یہاں بھی اس سلسلے کی ایک روایت آپ ملاحظہ فرمالیں، جس کو علامہ سیوطیؒ نے الحاوی للفتاوی میں حضرت حذیفہؓ سے روایت کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

﴿لو لم یبق من الدنیا الا یوم واحد لبعث اللّٰہ رجلا اسمہ اسمی وخلقہ خلقی یکنی ابا عبداللّٰہ﴾ (الحاوی: ج۲ ص۷۶)

''اگر دنیا کی مدت ختم ہونے میں صرف ایک دن بچے تب بھی اللہ ایک آدمی کو بھیج کر رہے گا جو نام اور اخلاق میں میرے مشابہ ہوگا اور اس کی کنیت ابوعبداللہ ہوگی۔''

## علامت نمبر ۱۸:

ظہور امام مہدیؒ کی علامت کے طور پر ''دریائے فرات کا پانی ختم ہو جائے گا اور اس میں سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر ہوگا۔'' (الاشاعۃ: ص ۱۹۹)

چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے:

﴿لاتقوم الساعۃ حتی یحسر الفرات عن جبل من ذھب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقتتل علیہ الناس فیقتل تسعة اعشارھم﴾ (الاشاعہ: ص۲۳۹)

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ دریائے فرات کا پانی ختم ہو کر اس میں سے سونے کا پہاڑ ظاہر نہ ہو جائے۔ لوگ اس کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے اتنا لڑیں گے کہ ہر دس میں سے نو آدمی قتل ہو جائیں گے۔''

اس حدیث سے ملتے جلتے الفاظ بخاری، مسلم اور ابوداؤد میں بھی ملتے ہیں۔

چنانچہ بخاری شریف میں یہ حدیث ان الفاظ سے مروی ہے:

﴿یوشک الفرات ان یحسر عن کنز من ذھب فمن حضرہ فلایا خذمنه شیئا﴾ (بخاری شریف: حدیث نمبر ۷۱۱۹، مسلم شریف: ۷۲۷۴، ابوداؤد: ۴۳۱۳، ابن ماجہ: ۴۰۴۶)

نیز اس موضوع کی احادیث آپ مسلم شریف ہی میں مندرجہ ذیل مقامات پر بھی دیکھ سکتے ہیں:

(۱) حدیث نمبر ............ ۷۲۷۲
(۲) حدیث نمبر ............ ۷۲۷۳
(۳) حدیث نمبر ............ ۷۲۷۵
(۴) حدیث نمبر ............ ۷۲۷۶

ممکن ہے کہ اس سے قبل علامت نمبر ۷ میں زمین سے جو سونے چاندی کے ستونوں کا برآمد ہونا مذکور ہوا ہے اس سے یہی مراد ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ دو الگ الگ واقعے ہوں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## علامت نمبر ۱۹:

حضرت امام مہدیؓ کے ظہور کی ایک عجیب و غریب علامت جو کہ سائنسی نقطہ نظر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے بالکل خلاف ہوگی کہ جس سال ان کا ظہور مقدر ہوگا اس کے رمضان کی پہلی رات کو چاند گرہن ہوگا اور اسی رمضان کی پندرہ تاریخ کو سورج گرہن ہوگا اور یہ دونوں چیزیں تخلیق کائنات سے لے کر اب تک اس طرح ظہور پذیر نہیں ہوئیں کہ کسی مہینے کی پہلی رات کو چاند گرہن ہو پھر اس کی پندرہ تاریخ کو سورج گرہن ہو جائے کیونکہ سائنسی نقطۂ نظر اور جدید فلکیات کے ماہرین کا کہنا ہے کہ کسی مہینے کی ۱۳،۱۴،۱۵ تاریخوں کے علاوہ چاند گرہن ممکن نہیں۔

اور اتفاق کی بات ہے کہ اس سال (۱۴۲۳ھ/۲۰۰۲ء) کے رمضان المبارک میں چاند گرہن اور سورج گرہن کا واقعہ پیش آ چکا ہے۔ لیکن اس کی نوعیت یہ تھی کہ چاند گرہن نصف رمضان کو اور سورج گرہن آخر رمضان کو ہوا اور یہ فلکیات کی رو سے ممکن ہے اور اس سے قبل بھی کئی مرتبہ رمضان المبارک کے مہینے میں کسوف وخسوف ہوا ہے، لیکن مذکورہ بالا علامت کے طور پر نہ ہونے کی وجہ سے ظہور مہدی کی علامت پوری نہ ہو سکی کیونکہ یہ دونوں علامتیں ایسی ہیں کہ تخلیق کائنات سے لے کر اب تک ان کا ظہور نہیں ہو سکتا چنانچہ علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿لمهدينا آيتان لم تكونا منذ خلق الله السموات والارض، ينكسف القمر لاول ليلة من رمضان وتنكسف الشمس في النصف منه.﴾

(القول المختصر: ص ۵۷، الاشاعہ: ص ۱۹۹، الحاوی: ج ۲ ص ۷۸)

اس کا ترجمہ وہی ہے جو اوپر بیان ہو چکا۔

مشہور ماہر فلکیات اور جامعہ اشرفیہ کے سابق شیخ الحدیث مولانا محمد موسیٰ روحانی بازیؒ اپنی کتاب ''فلکیات جدیدہ'' میں ''سیروس'' کے عنوان کے تحت فرماتے ہیں:

''قدیم ہیئت کے ماہرین نے کسوف وخسوف کے اوقات کے انضباط کے لیے ایک ضابطہ وضع کیا ہے اسے سیروس کہتے ہیں یہ آج تک مسلم وصحیح سمجھا جاتا ہے وہ ضابطہ یہ ہے کہ اگر آج کسوف یا خسوف ہو تو ۶۵۸۵،۳ ایام کے بعد بالفاظ دیگر ۱۸ سال ۱۱/۱/۳

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دن کے بعد پھر اس کا اعادہ ہوگا البتہ سابقہ مقام پر ان کا نظر آنا ضروری نہیں۔ خسوف وکسوف کی تاخیر کا اوسط ۸ گھنٹہ ہے، لہٰذا تین دورۂ سیروس کے بعد وہ پھر تقریباً انہی مقامات پر نظر آئیں گے۔''

(فلکیات جدیدہ: ص ۲۳۷)

یہ ضابطہ لکھنے کے بعد حضرت نے ''خسوف قمر کی تشریح'' کا عنوان قائم کر کے تحریر فرمایا ہے کہ:

''سابقہ بیان سے واضح ہوا کہ خسوف ایام استقبال یعنی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخوں کے علاوہ ناممکن ہے۔'' (فلکیات جدیدہ: ص ۲۳۸)

بعض حضرات کو حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کے ظہور کی اس علامت میں تردد پیش آیا ہے جس کی وجہ سے انہوں نے اس کا انکار کر دیا ہے چنانچہ ماہنامہ البلاغ کے شمارہ صفر المظفر ۱۴۲۴ھ میں مولانا عمر فاروق لوہاروی کا ایک مضمون ''کیا ظہور مہدی ۲۰۰۴ء میں؟'' کے عنوان سے شائع ہوا ہے جس میں موصوف نے اس بات کی پرزور اور مدلل تردید کی ہے کہ امام مہدیؒ کے ظہور کے لیے ماہ وسن کی تعیین درست نہیں۔ یہاں تک تو بات صحیح تھی۔ لیکن آگے موصوف اس تردید میں ماہرین فلکیات کی رائے پیش کر کے جو بات سمجھے ہیں، درحقیقت اس میں انہیں اشتباہ ہوا ہے۔

چنانچہ موصوف فنی اعتبار سے گہن والی روایت پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''مذکورہ فنی وجوہ کی وجہ سے یہ روایت پایۂ اعتبار سے گر جاتی ہے اس لیے ظہور مہدیؒ جیسے اہم مسئلہ کے لیے اس کو بطور دلیل قرار نہیں دیا جا سکتا ہے اور نہ اس سے یہ عقیدہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ حضرت مہدیؒ کے وقت میں ایسے گہنوں کا ہونا ضروری ہے اور وہ گہن حضرت مہدیؒ کی علامت ہیں۔'' (البلاغ: ص ۳۶)

موصوف کی یہ عبارت اس قدر واضح ہے کہ مزید وضاحت کی ضرورت نہیں اور ان کا یہ مدعا واضح ہے کہ اس سورج گہن اور چاند گہن کو ظہور مہدیؒ کی علامت نہیں قرار دیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جا سکتا، حالانکہ یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ امام مہدیؒ کے ظہور کے لیے ماہ وسن کی تعیین درست نہیں لیکن سرے سے اس علامت کا انکار کر دینا ناروا ہے جو آغاز تخلیق سے لے کر اب تک رونما ہی نہیں ہوئی جیسا کہ یہ بات پیچھے بیان ہوئی اور علامت تو ہوتی ہی خلاف عادت اور خرق عادت کے طور پر ہے۔

## علامت نمبر ۲۰:

صرف یہی نہیں کہ امام مہدیؒ کے ظہور کے وقت چاند گرہن ایک مرتبہ ہوگا بلکہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سال رمضان کے مہینے میں دو مرتبہ چاند گرہن ہو گا، ایک مرتبہ تو رمضان المبارک کی پہلی رات میں ہوگا اور دوسرا اس کے علاوہ ہوگا اور ایک مہینے میں کئی مرتبہ گرہن ہونا جدید فلکیات کی رو سے ناممکن نہیں۔

## علامت نمبر ۲۱:

حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کے ظہور کے وقت ایک اور آسمانی علامت کا ظہور ہوگا چنانچہ سید برزنجی تحریر فرماتے ہیں:

﴿ومنها طلوع نجم له ذنب يضيئ﴾ (الاشاعہ: ص ۱۹۹)

''اور ان علامات میں سے یہ بھی ہے کہ ایک روشن دم دار تارا ظاہر ہوگا''

حسب بیان سید موصوف اس کا وقوع ہو چکا ہے لیکن ایک دفعہ وقوع سے یہ لازم نہیں آتا کہ دوبارہ اس کا وقوع نہ ہوگا اور پھر یہ بھی ممکن ہے کہ وہ دم دار کوئی الگ نوعیت کا ہو۔

## علامت نمبر ۲۲:

مشرق کی طرف سے ایک انتہائی عظیم آگ کا تین یا سات راتوں تک مسلسل ظاہر رہنا بھی علامات ظہور مہدی میں شمار کیا گیا ہے۔ (حوالۂ بالا)

## علامت نمبر ۲۳:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آسمان پر انتہائی گھٹا ٹوپ تاریکی کا چھا جانا۔ (الاشاعہ: ص ۲۰۰)

## علامت نمبر ۲۴:

آسمان کا انتہائی سرخ ہو جانا اور اس سرخی کا افق پر پھیل جانا۔

یاد رہے کہ افق کی یہ سرخی عام معمول کی سرخی نہیں ہوگی بلکہ اس سے ہٹ کر ہوگی نیز سیاہی اور سرخی کا چھا جانا دو الگ الگ وقتوں میں ہوگا نہ کہ ایک ہی وقت میں۔ (حوالۂ بالا)

## علامت نمبر ۲۵:

آسمان سے ایک ایسی آواز کا آنا جو تمام اہل زمین سن لیں گے اور عجیب تر بات یہ ہوگی کہ وہ آواز ہر زبان والے کو اس کی اپنی زبان میں سنائی دے گی۔ (چنانچہ عربی کو عربی میں، پنجابی کو پنجابی میں اور پٹھان کو پشتو میں، غرضیکہ ہر ایک کو وہ آواز اسی کی مادری زبان میں سنائی دے گی اور قدرت خداوندی کے سامنے ایسا ہونا بعید نہیں کیونکہ:

''ان اللہ علی کل شیٔ قدیر''. (بحوالۂ مذکورہ)

## علامت نمبر ۲۶:

شام کی ''حرستا'' نامی بستی کو زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ (حوالۂ بالا)

اس سلسلے میں سید برزنجیؒ نے ابن عساکر کے حوالہ سے ایک روایت بایں الفاظ نقل کی ہے:

﴿لا یخرج المھدی حتی یخسف بقریة بالغوطة تسمی حرستا﴾ (الاشاعہ: ص ۲۴۱)

''امام مہدی اس وقت تک ظاہر نہیں ہوں گے جب تک کہ غوطہ کی حرستا نامی بستی زمین میں دھنسا نہ دی جائے۔''

## علامت نمبر ۲۷:

نفس زکیہ کا قتل بھی ظہور مہدی کی علامات میں شمار کیا گیا ہے۔ (الاشاعہ: ص ۲۳۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چنانچہ مجاہد کہتے ہیں کہ مجھ سے ایک صحابی رسول نے یہ حدیث بیان کی:

﴿اذا قتلت النفس الزكية غضب عليهم من في السماء ومن في الارض فياتي الناس المهدى فزفوه كما تزف العروس الى زوجها ليلة عرسها﴾ (بحوالہ مذکورہ)

''جب نفس زکیہ شہید ہو جائیں گے تو ان لوگوں پر آسمان وزمین والے غضب ناک ہو جائیں گے، پھر لوگ امام مہدیؒ کے پاس آ کر انہیں تیار کریں گے، جیسے دلہن کو شب زفاف میں اس کے خاوند کے لیے تیار کیا جاتا ہے''

فائدہ:

اگر آپ تاریخ اسلام پر ایک اجمالی نظر ڈالیں تو آپ کو بنو عباس کے زمانۂ خلافت میں نفس زکیہ نامی ایک شخص کا حوالہ ملے گا، یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے تھے اور ان کا نسب تین واسطوں سے حضرت علیؓ سے جا ملتا ہے۔ ان کا پورا نام ''محمد النفس الزکیۃ بن عبداللہ المحض بن الحسن المثنی بن الحسن بن علیؓ'' ہے، اہل مدینہ نے ان سے بیعت خلافت لی تھی لیکن یہ خلافت زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکی اور خلیفۂ منصور عباسی کے زمانے میں موسیٰ بن عیسی نے ان کو شہید کر دیا تھا۔

اس تفصیل سے یہ بات واضح ہوگئی کہ روایات مہدی میں جس نفس زکیہ کا بار بار ذکر آتا ہے اس سے مراد آئندہ پیدا ہونے والے نفس زکیہ ہیں۔ خلیفۂ منصور عباسی کے زمانے کے نفس زکیہ مراد نہیں کیونکہ اگر وہی مراد لیے جائیں تو پھر امام مہدیؒ کا ظہور کبھی کا ہو چکا ہوتا لیکن ایسا نہیں ہوا۔ معلوم ہوا کہ یہ ایک ہی نام کے دو الگ شخص ہیں۔

علامت نمبر ۲۸:

خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈوں کا آنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس سلسلے میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

﴿یاتی قوم من قبل المشرق معهم رایات سود فیسالون الخیر فلا یعطونه فیقاتلون فینصرون فیعطون ماسالوا فلا یقبلونه حتی یدفعوها الی رجل من اهل بیتی فیملؤها قسطا کما ملؤوها جورا فمن ادرک ذلک منکم فلیاتهم ولو حبوا علی الثلج﴾ (الاشاعہ: ص ۲۴۰)

''مشرق کی طرف سے ایک قوم سیاہ جھنڈوں کے ساتھ آئے گی اور وہ لوگ (ضرورت کی وجہ سے) مال کا مطالبہ کریں گے، لوگ ان کو مال نہیں دیں گے تو وہ لڑیں گے اور ان پر غالب آ جائیں گے اب وہ لوگ ان کے مطالبہ کو پورا کرنا چاہیں گے تو وہ اس کو قبول نہیں کریں گے حتیٰ کہ وہ اس مال کو میرے اہل بیت میں سے ایک شخص کے حوالے کر دیں گے جو زمین کو اسی طرح عدل و انصاف سے بھر دے گا جیسے لوگوں نے پہلے اسے ظلم وستم سے بھرا ہو گا سو تم میں سے جو کوئی اس کو پائے تو اس کے پاس آ جائے اگرچہ برف پر چل کر آنا پڑے۔''

## علامت نمبر ۲۹:

ایک کان کے پاس لوگوں کا دھنس جانا۔

اس سلسلے میں حاکم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مندرجہ ذیل روایت نقل کر کے اسے صحیح قرار دیا ہے۔

﴿تخرج معادن مختلفة، معدن منها قریب من الحجاز یاتیه شرار الناس یقال له فرعون فبینما هم یعملون فیه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اذحسر عن الذهب فاعجبهم معتمله فبينما هم كذلك اذ خسف به وبهم. ﴾(الاشاعہ:ص ۲۴۱)

''(قیامت کے قریب مختلف علاقوں سے) مختلف (دھاتوں کی) کانیں برآمد ہوں گی، جن میں سے ایک کان حجاز کے قریب بھی ظاہر ہوگی۔ اس کے حصول کے لیے ایک بدترین آدمی جس کا لقب (ہی کثرتِ ظلم وستم کی وجہ سے) فرعون پڑ گیا ہوگا، آئے گا، (اور لوگوں کو اس میں کام کرنے پر لگا دے گا) لوگ اس میں کام کر رہے ہوں گے کہ سونے کی ایک اور کان ظاہر ہوگی، اس کو دیکھ کر وہ ابھی خوش ہی ہو رہے ہوں گے کہ وہ اس کان سمیت زمین میں دھنسا دیئے جائیں گے۔''

## علامت نمبر ۳۰:

ظہور مہدیؒ پر دلالت کرنے والی علامات میں سے ایک علامت وقت کا انتہائی تیز رفتاری سے گزرنا بھی ہے جس کی وجہ بظاہر وقت میں بے برکتی کا پیدا ہو جانا ہوگا چنانچہ حضرت سید برزنجیؒ فرماتے ہیں:

﴿ومنها طلوع القرن ذى السنين﴾(الاشاعہ:ص ۲۴۴)

اور اس کی تائید ترمذی شریف کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

﴿لاتقوم الساعةحتى يتقارب الزمان فتكون السنة كالشهر والشهر كالجمعة وتكون الجمعة كاليوم ويكون اليوم كالساعة وتكون الساعة كالضرمة بالنار﴾

(رواہ الترمذی، مشکوٰۃ:ص ۴۷۰)

''قیامت اس وقت تک نہیں آئے گی جب تک کہ زمانہ قریب نہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے (اس تیزی سے نہ گزرنے لگے کہ) سال مہینہ کے برابر، مہینہ ہفتہ کے برابر، ہفتہ دن کے برابر، دن ایک گھنٹے کے برابر اور ایک گھنٹہ آگ کا شعلہ سلگنے کے برابر نہ ہو جائے''

اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ نے امام خطابیؒ کا یہ قول نقل فرمایا ہے:

﴿قال الخطابی ویکون ذلک فی زمن المهدی اوعیسی علیه الصلوة والسلام او کلیهما قلت والاخیر هو الاظهر وظهور هذا الامر فی خروج الدجال وهو فی زمانهما﴾ (مرقاۃ الفاتیح: ج ۱۰ ص ۱۶۹)

''امام خطابیؒ نے فرمایا ہے کہ ایسا امام مہدیؒ یا حضرت عیسیٰؑ یا دونوں کے زمانے میں ہوگا، میں کہتا ہوں کہ آخری قول ہی زیادہ ظاہر ہے کیونکہ یہ معاملہ خروج دجال کے وقت پیش آئے گا اور دجال کا خروج ان دونوں بزرگوں کے زمانے میں ہوگا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## باب چہارم

# ﴿ظہور مہدیؓ سے قبل کے واقعات﴾

خروج سفیانی، سفیانی کا نام، حلیہ، کردار،
کیفیت، خروج، فتنہ فساد پھیلانا۔ وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ظہور مہدیؒ سے قبل کے واقعات

چونکہ حضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہ کا ورود مسعود قیامت کی علامات میں سے ایک علامت ہے اس لیے ارتباط کی غرض سے ان کے ورود سے قبل کے واقعات کا ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

## خروج سفیانی:

حضرت امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل عرب وشام میں حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ایک شخص پیدا ہوگا جو سادات کو قتل کرے گا، حسب بیان سید برزنجیؒ یہ شخص خالد بن یزید بن ابی سفیان کی نسل سے ہوگا۔

(ترجمان السنۃ: ج ۴ص ۳۷۲، کتاب البرہان ج ۲ص ۲۴۹ بروایت حضرت علیؓ)

شیخ نعیم بن حماد نے بھی سفیانی کے خالد بن یزید بن ابی سفیان کی نسل سے ہونے کی روایت نقل کی ہے جس میں اس کا کچھ حلیہ اور کیفیت خروج بھی مذکور ہے۔

> ''سفیانی، خالد بن یزید بن ابی سفیانؓ کی اولاد میں سے ہوگا، یہ شخص بھاری بھرکم جسم والا ہوگا، چہرے پر چیچک کے آثار ہوں گے، آنکھ میں سفید داغ کا نشان ہوگا، دمشق کے نواحی علاقوں میں سے ایک وادی سے خروج کرے گا جس کا نام ''وادی یابس'' ہوگا۔ وہ سات آدمیوں کی ایک جماعت کے ساتھ خروج کرے گا، جن میں سے ایک کے پاس ایک جھنڈا بھی ہوگا۔ لوگ اس کے جھنڈے تلے مدد آنے کا خیال کریں گے اور اس کے آگے آگے تمیں میل چلتے ہوں گے، جو آدمی بھی اس جھنڈے کو سرنگوں کرنا چاہے گا وہ خود ہی شکست سے دوچار ہوگا۔'' (کتاب الفتن: ص ۱۸۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور ایک روایت میں یوں ہے کہ "ابوسفیان کی اولاد میں سے ایک شخص وادیٔ یابس میں سرخ جھنڈوں کے ساتھ خروج کرے گا جس کے بازو اور پنڈلیاں پتلی ہوں گی، گردن لمبی ہوگی، انتہائی زرد رنگ ہوگا اور اس پر عبادت کے آثار نمایاں ہوں گے۔"

(کتاب الفتن: ص ۱۹۰)

نیز حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

﴿يتحرك بايلياء رجل اعور العين، فيكثر الهرج، ويحل النساء وهو الذى يبعث بجيش الى المدينة﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۹۳)

"ایلیاء میں ایک کانا شخص متحرک ہوگا جو کثرت سے فتنہ پھیلائے گا اور عورتوں کو حلال کر دے گا اور یہی مدینہ کی طرف ایک لشکر روانہ کرے گا۔"

## سفیانی کا نام:

سفیانی کے نام کے بارے میں مختلف روایات موجود ہیں چنانچہ مولانا سید محمد بدر عالم مہاجر مدنی ؒ نے ترجمان السنۃ میں امام قرطبیؒ کی تذکرہ کے حوالے سے سفیانی کا نام عروہ ذکر کیا ہے جبکہ شیخ نعیم بن حماد نے کتاب الفتن ص ۱۹۱ پر سفیانی کا نام عبداللہ ذکر کیا ہے۔ اسی طرح کتاب مذکور کے ص ۱۸۹ پر سفیانی کا پورا نام عبداللہ بن یزید ذکر کیا ہے۔

امام قرطبیؒ نے اپنی کتاب تذکرہ کے ص ۶۹۴ پر ابوالحسین احمد بن جعفر بن مناوی کی روایت سے سفیانی کا نام عتبہ بن ہند نقل کیا ہے۔

## سفیانی کی حکومت اور مدت حکومت:

مولانا سید بدر عالمؒ فرماتے ہیں کہ سفیانی کا حکم ملک شام ومصر کے اطراف میں چلے گا (ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۷۲) اور اس کی مدت حکومت کے بارے میں ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روایت یہ ہے کہ سفیانی ساڑھے تین سال حکومت کرے گا اور ایک روایت میں یہ ہے کہ اس کی مدت حکومت ۱۹ ماہ یا ۱۷ ماہ ہوگی۔ (کتاب الفتن: ص ۱۸۸)

سفیانی کی بیعت کرنے والے اہل شام ہوں گے (یاد رہے کہ امام مہدی علیہ الرضوان کے ظہور سے قبل خروج سفیانی ہوگا، اس سفیانی کے خروج سے پہلے ایک اور شخص خروج کرے گا اور اتفاق سے اس کا نام بھی سفیانی ہی ہوگا چنانچہ بعض روایات میں ہے کہ سفیانی نام کے تیس افراد ہوں گے جن میں سب سے آخری امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل خروج کرے گا یہاں اس آخری سفیانی سے پہلے والا سفیانی مراد ہے۔) سفیانی ان کو لے کر اہل مشرق سے قتال کرے گا اور ان کو فلسطین سے دھکیلتا ہوا مرج صفر، جو کہ دمشق کے جنوب میں واقع ہے، تک جا پہنچے گا، وہاں پہنچ کر دوبارہ جنگ ہوگی جس میں اہل مشرق شکست کھا کر پسپا ہوتے ہوئے مرج الثنیۃ (ثنیۃ العقاب) تک جا پہنچیں گے، وہاں مجتمع ہو کر پھر سفیانی سے لڑیں گے اور حسب سابق شکست کھا کر حمص کے قریب ''حص'' نامی جگہ پہنچیں گے، وہاں پھر جنگ ہوگی اور اہل مشرق قرقیسیا آ پہنچیں گے، اس کے بعد وہ بغداد کے قریب ''عاقر قوفا'' نامی بستی پہنچ کر آخری فیصلہ کن معرکہ بپا کریں گے لیکن وہ اس میں بھی شکست کھا جائیں گے اور سفیانی ان لوگوں کے اموال کو جمع کر کے مال غنیمت بنا لے گا۔ اس کے بعد سفیانی کے حلق میں ایک پھوڑا نکلے گا اور وہ صبح کے وقت کوفہ میں داخل ہو کر شام کو اپنے لشکروں سمیت واپس روانہ ہو جائے گا اور شام کے قریب پہنچ کر راستے میں ہی اس کی وفات ہو جائے گی۔ ادھر جب اہل شام کو سفیانی کی موت کی خبر معلوم ہوگی تو وہ بغاوت کر دیں گے اور بنو کلب کے ایک شخص عبداللہ بن یزید کے ہاتھ پر بیعت کریں گے اس کی دونوں آنکھیں اندر کو دھنسی ہوں گی اور انتہائی بدشکل ہوگا جبکہ اہل مشرق سفیانی کی موت کی خبر سن کر کہیں گے کہ اب اہل شام کی حکومت ختم ہوگئی اور وہ نئے امیر کی اطاعت سے انکار کر کے باغی ہو جائیں گے، عبداللہ بن یزید (سفیانی) کو معلوم ہوگا تو وہ اپنے سارے لشکروں کو لے کر ان پر چڑھ دوڑے گا اور ان سے خوب قتال کرے گا حتیٰ کہ اہل مشرق شکست کھا کر کوفہ میں داخل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہو جائیں گے اور سفیانی ان میں سے لڑنے والوں کو قتل کر کے عورتوں اور بچوں کو قید کریگا اور کوفہ کو برباد کر دے گا۔ اس کے بعد حجاز کی طرف ایک لشکر روانہ کرے گا۔''

(کتاب الفتن: ص ۲۰۱، ۲۰۲)

## فتنہ سفیانی کی سختی:

سفیانی کا فتنہ اس قدر سخت ہوگا کہ ایک حدیث میں ہے:

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ابوسفیان کی اولاد میں سے ایک شخص اسلام میں ایسا سوراخ کھول دے گا کہ پھر اس کو بند نہیں کیا جا سکے گا۔''

نیز حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''دین کا یہ امر ٹھیک چلتا رہے گا یہاں تک کہ سب سے پہلے اس کا مثلہ بنوامیہ کا ایک شخص کرے گا۔'' (کتاب الفتن: ص ۱۸۹)

اسی طرح ایک روایت میں ہے کہ:

''بنو ہاشم میں سے ایک شخص حکمران بن جائے گا اور وہ بنوامیہ کو قتل کرے گا چنانچہ بنوامیہ میں سے صرف چند افراد ہی قتل ہونے سے بچیں گے، پھر بنوامیہ کا ایک شخص ''سفیانی'' نکلے گا اور وہ بنو ہاشم کے دو آدمیوں کو اس ایک آدمی کے بدلے قتل کرے گا جس کو بنو ہاشم نے قتل کیا ہوگا (ایک آدمی کے بدلے میں دو کو قتل کرے گا۔) یہاں تک کہ صرف عورتیں بچیں گی۔ اس کے بعد امام مہدیؑ کا ظہور ہو جائے گا۔'' (کتاب البرہان: ج ۲ ص ۶۲۴)

نیز ایک روایت میں ہے کہ:

''سفیانی اس حال میں خروج کرے گا کہ اس کے پاس بانس کی تین لکڑیاں ہوں گی، وہ جس کو بھی ان لکڑیوں سے مارے گا وہ مر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے گا۔" (کتاب البرہان: ج۲ص ۶۵۴)

## خروج سفیانی کی کیفیت:

ایک روایت میں خروج سفیانی کی کیفیت یوں بیان کی گئی ہے:

"سفیانی کو خواب دکھایا جائے گا اور اس سے کہا جائے گا کہ اٹھ کر خروج کرو، وہ اس ارادے کے ساتھ اٹھے گا لیکن اپنی موافقت میں کسی کو نہ پائے گا، دوبارہ اسی طرح اس کو خواب آئے گا، پھر تیسری مرتبہ اس سے کہا جائے گا کہ اٹھ کر خروج کرو اور دیکھو کہ تمہارے گھر کے دروازے پر کون ہے؟ چنانچہ وہ اٹھ کر دیکھے گا تو اس مرتبہ اپنے گھر کے دروازے پر سات یا نو افراد کو پائے گا جن کے پاس جھنڈے ہوں گے اور وہ اس سے کہیں گے کہ ہم تمہارے ساتھی ہیں (اس لیے تم ہمیں اپنا ہی سمجھو اور گھبرانے کی کوئی بات نہیں) چنانچہ وہ ان کے ساتھ خروج کرے گا اور وادیٔ یابس کی بستیوں میں سے کچھ لوگ اس کے تابع ہو جائیں گے۔ ان کی سرکوبی اور ان سے جنگ کرنے کے لیے دمشق کا گورنر روانہ ہوگا لیکن جوں ہی اس کی نظر سفیانی کے جھنڈے پر پڑے گی وہ شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوگا، ان دنوں دمشق کا گورنر بنو عباس کی طرف سے مقرر ہوگا۔" (کتاب البرہان: ج۲ص ۶۵۵)

اسی طرح ایک روایت میں ہے کہ:

"سفیانی بدترین بادشاہ ہوگا کہ علماء اور فضلاء کو قتل کرے گا اور ان کو فنا کے گھاٹ اتار دے گا، نیز وہ ان سے اپنی مدد کا مطالبہ کرے گا اور انکار کرنے پر ان کو قتل کر دے گا۔"

یہ چند روایات بطور نمونہ کے پیش کی گئی ہیں جن میں سفیانی کے حالات کا بقدر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ضرورت تذکرہ کیا گیا ہے کہ اس کا نام، حلیہ، کردار اور خروج کی کیفیت کیا ہوگی؟ اس سلسلے میں امام قرطبیؒ نے اپنی کتاب تذکرہ میں سفیانی کے متعلق یہ روایت بھی ذکر کی ہے۔

''سفیانی کی مکمل تفصیلات ابوالحسین احمد بن جعفر بن مناوی نے اپنی کتاب ''الملاحم'' میں بیان کی ہیں اور کہا ہے کہ سفیانی کا نام عتبہ بن ہند ہوگا اور یہ اہل دمشق کے درمیان کھڑا ہو کر کہے گا کہ میں تم ہی میں کا ایک فرد ہوں، میرے دادا معاویہ بن ابی سفیانؓ اس سے پہلے تمہارے ولی امر رہ چکے ہیں، انہوں نے تمہارے ساتھ اچھا سلوک کیا اور تم نے ان کی خوب اطاعت کی۔ پھر ابوالحسین نے ایک طویل کلام ذکر کیا یہاں تک کہ ایک جرہمی کی طرف سفیانی کے بھیجے ہوئے خط کا تذکرہ کیا جو سرزمین شام میں رہتا ہوگا، اسی طرح برقی کے خط کا جو کہ برقہ کی سرحد کے ساتھ مغرب میں رہتا ہوگا، ابوالحسین نے سلسلۂ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ پھر جرہمی آ کر سفیانی سے بیعت کرے گا اور اس جرہمی کا نام عقیل بن عقال ہوگا، اس کے بعد برقی شخص آئے گا جس کا نام ہمام بن الورد ہوگا (روایت میں اس کے بیعت کرنے کا تذکرہ نہیں ہے۔) پھر ابوالحسین نے سفیانی کے ملک مصر جانے اور وہاں کے بادشاہ سے جنگ کرنے کا تذکرہ کیا کہ وہ فرما کے پل پر یا اس سے کچھ پیچھے سات دن تک برابر ان لوگوں کو تہہ تیغ کرے گا حتیٰ کہ اہل مصر کے ستر ہزار افراد قتل ہو جائیں گے۔ پھر اہل مصر تھک ہار کر اس سے صلح کر لیں گے اور اس کی بیعت میں داخل ہو جائیں گے اور سفیانی شام واپس آ جائے گا۔'' (التذکرہ للقرطبی: ص۶۹۴)

روایات کے اس تناظر میں اب یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ امام مہدی علیہ الرضوان کے ظہور سے قبل اسلام اور مسلمان سخت تکالیف میں مبتلا ہوں گے، ان پر ظلم وستم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے پہاڑ توڑے جائیں گے اور ان کو جائے پناہ کا ملنا مشکل ہو جائے گا لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد ہمیشہ سے اسلام اور مسلمانوں کے لیے وقف رہی ہے کیونکہ اس نے اپنے اوپر مومنین کی مدد کرنا لازم کر رکھا ہے۔ چنانچہ ارشادِ خداوندی ہے:

﴿وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ﴾ (الروم: ۴۷)

تنبیہ: یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ لزوم کی دو قسمیں ہیں:

(۱) لزوم استحقاقی (۲) لزوم تفضلی

## لزوم استحقاقی:

ایک چیز کسی پر اس طرح لازم ہو کہ وہ غیر کا حق ہو۔

## لزوم تفضلی:

ایک چیز کسی پر اس طرح لازم ہو کہ وہ غیر کا حق نہ ہو بلکہ اس نے مہربانی کر کے اپنے اوپر اس کو لازم کر لیا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے جو مومنین کی مدد کرنا اپنے اوپر لازم کیا ہے وہ لزوم تفضلی کے طور پر ہے نہ کہ لزوم استحقاقی کے طور پر۔

الغرض! سفیانی کے خروج کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کی مدد مسلمانوں کے شامل حال رہے گی، اس کی تفصیلات بھی قرطبی کی مذکورہ روایت ہی میں موجود ہیں اور وہ یہ کہ:

''ابوالحسین نے سفیانی کے واقعہ کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے بہت سے عجائبات کا تذکرہ کیا ہے نیز اس بات کو بھی ذکر کیا ہے کہ اس کے لشکر کو زمین اس طرح نگل لے گی کہ ان کے سر تو زمین سے باہر ہوں گے اور گردن تک کا سارا جسم زمین میں دھنس جائے گا اور ان کا تمام مال و دولت، خزانہ اور قیدی سب اپنی حالت پر ہوں گے، یہ خبر گورنر مکہ کو پہنچے گی جس کا نام محمد بن علی ہوگا اور وہ السبط الاکبر حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد میں سے ہوگا، جب وہ مکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سے کوچ کا ارادہ کر کے روانہ ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس سے زمین کی دوریوں کو ہٹا کر گویا زمین کو لپیٹ دیں گے اور وہ اسی دن اس بیابان میں جا پہنچے گا جہاں سفیانی کا لشکر مذکورہ بدترین صورت حال سے دوچار ہوگا چنانچہ محمد بن علی اور اس کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کریں گے اور تسبیح وتحمید کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے تمام عافیت ونعمت کا سوال کریں گے۔'' (التذکرہ:ص ۶۹۵)

## سفیانی کا جھنڈا:

اخیر زمانے میں اختلافات کی کثرت ہوگی، قیامت قریب آ چکی ہوگی اور سفیانی کا خروج ہو چکا ہوگا جس کی علامت یہ ہوگی کہ بقول محمد بن حنفیہ اختلافات کے وقت شام میں تین جھنڈے بلند کیے جائیں گے، ایک جھنڈا ابقع نامی شخص کا ہوگا، دوسرا جھنڈا اصہب نامی شخص کا ہوگا اور تیسرا جھنڈا سفیانی کا ہوگا۔ (کتاب الفتن :ص ۱۹۶)

اور ایک روایت میں ہے کہ ان تینوں میں سے سفیانی غالب آ جائے گا چنانچہ مروی ہے کہ:

''جب لوگوں میں اختلافات بڑھ جائیں گے تو کچھ وقت گزرنے کے بعد مصر میں ابقع نامی ایک شخص ظاہر ہوگا، وہ لوگوں کو قتل کرتے ہوئے ''ارم'' تک جا پہنچے گا پھر اس پر ایک بدشکل شخص حملہ کر دے گا چنانچہ ان دونوں کے درمیان سخت جنگ ہوگی اسی اثناء میں ملعون سفیانی کا ظہور ہو جائے گا اور وہ ان دونوں پر غالب آ جائے گا۔''

(بحوالۂ مذکورہ)

اور ایک روایت میں ہے کہ:

''سفیانی مصر جا کر چار ماہ قیام کرے گا اور مصر میں قتل وغارت گری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا بازار گرم کر دے گا اور لوگوں کو قیدی بنا لے گا۔'' (بحوالۂ مذکورہ)

## خروج سفیانی کا اجمالی نقشہ

علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ نے اپنی کتاب ''القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر'' میں خروج سفیانی کی تفصیلات کا ایک نہایت اچھا اور جامع خلاصہ تحریر فرمایا ہے، یہاں اس کا ترجمہ نقل کیا جاتا ہے۔

''امام مہدیؒ کے ظہور سے پہلے ۳۶۰ سواروں کے ساتھ سفیانی کا خروج ہوگا، اس کے بعد اس کے ننھیال بنوکلب کے تیس ہزار افراد اس کے متبع ہو جائیں گے اور وہ عراق پر حملہ کے لیے اپنے لشکر کو روانہ کر دے گا جو مقام زوراء (ایک مشرقی شہر) میں قتل و غارت گری کا بازار گرم کر دے گا پھر اس کے لشکری کوفہ پر حملہ کر کے اس کو لوٹ لیں گے (ادھر تو یہ ہو رہا ہوگا اور ادھر) مشرق کی طرف سے ایک جھنڈا ظاہر ہوگا جس کی قیادت بنوتمیم کے شعیب بن صالح نامی ایک شخص کے ہاتھ میں ہوگی اور وہ قیدی کوفیوں کو آزاد کرائے گا اور سفیانی کے لشکریوں سے جنگ کرے گا، سفیانی اپنا دوسرا لشکر مدینہ منورہ کی طرف بھیجے گا۔ وہاں بھی اس کے لشکری تین دن تک لوٹ مار کرتے رہیں گے پھر مکہ مکرمہ کی طرف روانہ ہو جائیں گے اور جب بیداء نامی جگہ پر پہنچیں گے تو حضرت جبریل علیہ السلام کو حکم خداوندی ہوگا اور وہ اپنا پاؤں ان پر ماریں گے جس کی وجہ سے پورا لشکر زمین میں دھنس جائے گا اور صرف دو آدمی بچیں گے۔

وہ دونوں سفیانی کو آ کر اس ہولناک واقعے کی خبر دیں گے لیکن اس پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوگا، پھر وہ بادشاہِ روم کے پاس پیغام بھیجے گا کہ میرے پاس ان دونوں سواروں کو بھیج دو جو قسطنطنیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بھاگ گئے ہیں، وہ ان کو واپس بھیج دے گا تو وہ جرم فرار کی سزا میں دمشق کے دروازے پر ان کی گردنیں مار دے گا اور جامع مسجد دمشق کے محراب میں اپنی ران پر ایک عورت کو بٹھائے گا اور جو اس پر ناپسندیدگی کا اظہار کرے گا، اس کو بھی قتل کر دے گا۔

اس وقت آسمان سے یہ آواز آئے گی کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم سے ظالموں، منافقوں اور ان کے ہمنواؤں کو دور کر کے تم پر امت محمدیہ کے ایک بہترین فرد کو امیر بنایا ہے چنانچہ تم اس سے مکہ میں جا کر ملو، وہ مہدی ہیں اور ان کا نام احمد بن عبداللہ ہے............" الخ (القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر: ص۴۰)

## فائدہ:

اس موقع پر یہ بات ذہن میں رہے کہ اگرچہ محدثانہ انداز سے روایات ظہور مہدیؒ و خروج سفیانی پر بحث کرنا اس وقت موضوع سخن نہیں لیکن یہ بات واضح کر دینا ضروری ہے کہ امام مہدی کا ظہور اور خروج سفیانی وغیرہ صرف صحیح روایات سے ثابت نہیں بلکہ ان میں صحیح، حسن اور ضعیف وغیرہ تمام روایات شامل ہیں حتیٰ کہ اس میں موضوع روایات بھی موجود ہیں۔

البتہ ان روایات کا مضمون اور ظہور مہدیؒ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ آپ "ظہور مہدیؒ کے متعلق عقیدے کی بحث" میں تفصیل کے ساتھ پڑھ آئے ہیں۔

نیز امام مہدی رضوان اللہ علیہ کے متعلق مندرجہ ذیل نکات بھی ذہن میں رکھنا ضروری ہیں:

(۱) امام مہدیؒ کے ظاہر ہونے پر ہمارے عقائد میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، نیز ظہور مہدیؒ اور خود امام مہدیؒ ہمارے عقائد میں سے کسی عقیدے میں تبدیلی کا تقاضا نہیں کریں گے۔ البتہ وہ احیاء سنت اور اماتت بدعت کی طرف خوب متوجہ ہوں گے۔

(۲) امام مہدیؒ نبی نہیں ہوں گے اور نہ ہی وہ معصوم ہوں گے، نیز وہ خود بھی اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نبوت کے مدعی نہیں ہوں گے۔

(۳) ظہور مہدیؒ کے وقت امام مہدیؒ کو ماننا، ان کی بیعت و معاونت کرنا قرآن و سنت کی پیروی کے مخالف نہیں ہوگا بلکہ اس کے مطابق ہوگا۔

(۴) امام مہدیؒ اپنے وقت موعود پر پیدا ہوں گے اور عام معمول کے مطابق ان کی نشوونما اور دینی ماحول کی تربیت ہوگی اور جس وقت اللہ کو منظور ہوگا اس وقت ان کے اندر اللہ تعالیٰ ایسی وہبی صلاحیتیں ان میں ودیعت فرما دیں گے کہ وہ لوگوں کی قیادت کر سکیں اور پھر ان کا ''امام مہدیؒ'' کے عنوان سے ظہور ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب پنجم

## ﴿ظہور مہدیؒ ترتیب زمانی کے ساتھ واقعات کے تناظر میں﴾

جنگیں، امام مہدیؒ، کی تلاش، بیعت وخطبۂ اولیٰ،
استحکام اسلام، پوری دنیا، کی حکمرانی، خروج دجال، نزول عیسیٰؑ
وفاتِ مہدیؒ اوران کی مدت حکومت وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ظہور مہدیؓ ترتیبِ زمانی کے ساتھ واقعات کے تناظر میں

گذشتہ صفحات میں بیان شدہ تفصیلات کا خلاصہ یہ نکلا کہ آخر زمانے میں امام مہدی رضوان اللہ علیہ کا ظہور برحق ہے، ان کا نام محمد بن عبداللہ یا احمد بن عبداللہ ہوگا، ان کا سلسلۂ نسب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ہو کر حضور ﷺ سے جا ملے گا، ان کی ولادت باسعادت مدینہ طیبہ میں ہوگی، ان کی سیرت واخلاق کریمانہ، حلیہ مبارک، بوقت ظہور علامات اور قبل از ظہور واقعات آپ بالتفصیل پڑھ چکے، اب آپ اس کو واقعات کے تسلسل کے ساتھ پڑھیں تو اس سے انشاء اللہ ایک نیا لطف حاصل ہوگا۔

لیکن یہ بات ضرور ذہن نشین رہے کہ واقعات کی اس ترتیب سے ظہور مہدیؓ کے لیے ماہ وسن کی تعیین قطعاً ناروا اور غلط ہے اور اس مضمون کے مقصد کے خلاف ہے۔

## دریائے فرات سے سونے کا پہاڑ برآمد ہوگا:

حضرت امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل دریائے فرات سے سونے کا ایک پہاڑ نکلے گا، لوگوں کو جب اس کی خبر ہوگی تو وہ اس کے حصول کے لیے دریائے فرات کی طرف روانہ ہوں گے، وہاں تین آدمی قائدانہ حیثیت سے اکٹھے ہوں گے اور دریائے فرات پر سونے کے اس پہاڑ کے حصول کے لیے یہ تینوں باہم اپنے لشکر کے ساتھ جنگ کریں گے، ان تینوں میں سے ہر ایک کسی نہ کسی خلیفہ یا بادشاہ کا بیٹا ہوگا، ان تینوں کے لشکروں کے درمیان اس قدر شدید قتال ہوگا کہ ہر سو میں سے ننانوے افراد قتل ہو جائیں گے۔

اور صحیحین کی روایت میں اس موقع پر امت محمدیہ کے لیے بارگاہ نبوت سے یہ ہدایت نامہ موجود ہے کہ جو شخص اس موقع پر حاضر ہو، وہ اس سونے میں سے کچھ نہ لے۔

(بخاری ۷۱۱۹، مسلم ۷۲۷۴، ابوداؤد ۴۳۱۳، ابن ماجہ ۴۰۴۶)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس قسم کی مزید روایات شیخ علی متقی ہندیؒ کی کتاب البرہان ج ۲ ص ۶۳۴ تا ص ۶۴۲ ملاحظہ فرمائی جاسکتی ہیں جن سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل دریائے فرات کا پانی خشک ہو جائے گا اور اس میں سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر ہوگا چنانچہ اس کے لیے حدیث میں ''یَحْسِرَ'' کا لفظ ہے جس کی شرح میں امام نوویؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿یوشک الفرات ان یحسر ای ینکشف لذھاب مائه﴾

(شرح مسلم: ۱۸۔۱۹)

''اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ دریائے فرات پانی خشک ہونے کی وجہ سے ظاہر ہو جائے گا۔''

امام مہدیؒ کے ظہور کی انتہائی قریبی علامت یہ ہوگی کہ سفیانی کا خروج ہو جائے گا جس کے بارے میں اس سے قبل تفصیلات بیان ہو چکیں تاہم واقعات کے تسلسل کو برقرار رکھنے کے لیے علامہ سید برزنجیؒ کا بیان پڑھ لیجیے جو انہوں نے اپنی کتاب الاشاعہ کے ص ۲۰۲ پر تحریر فرمایا ہے۔

## سفیانی کی ابقع اور اصہب وغیرہ سے جنگ:

سفیانی کا خروج دمشق کی ایک وادی سے ہوگا جس کا نام وادیٔ یابس ہوگا......

پھر ''علامۃ خروجہ'' کے تحت فرماتے ہیں کہ سفیانی کے خروج کی علامت یہ ہوگی کہ دمشق کی ایک بستی، جس کا نام شاید ''حرستا'' ہوگا، کو زمین مین دھنسا دیا جائے گا اور دمشق کی جامع مسجد کی مغربی جانب گر جائے گی۔

اور مصر سے ابقع کا، جزیرۂ عرب سے اصہب کا اور شام سے سفیانی کا خروج ہو گا۔ نیز مغرب کی طرف سے اعرج کندی کا خروج ہوگا، ان سب کے درمیان پورے ایک سال تک جنگ ہوتی رہے گی اور بالآخر سفیانی، ابقع اور اصہب پر غالب آ جائے گا اور اعرج کندی واپس بھاگ جائے گا اور راستے میں مردوں کو قتل کر کے عورتوں کو قیدی بنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لے گا پھر وہ جزیرۃ العرب میں پہنچے گا تو وہاں سفیانی قیس نامی شخص سے نبرد آزما ہو گا اور آخرالامر وہی غالب آئے گا اور ان کے جمع کردہ اموال پر قابض ہو جائے گا، یوں وہ تینوں لشکروں پر غالب آ جائے گا۔

## سفیانی کی ترک اور روم سے جنگ:

پھر سفیانی ترکی اور روم والوں سے قرقیسیا کے مقام پر جنگ کرے گا اور حسب سابق ان پر بھی غالب آ جائے گا اور زمین میں فساد برپا کر دے گا، عورتوں کے پیٹ چاک کر کے اس میں سے بچوں کو نکال کر قتل کر دے گا۔

اس دوران کچھ قریشی افراد بھاگ کر قسطنطنیہ چلے جائیں گے، جب سفیانی کو یہ بات معلوم ہو گی تو وہ روم کے فرمانروا کے پاس یہ پیغام بھیجے گا کہ ان کو میرے پاس واپس بھیج دو، وہ اس کے حکم کی تعمیل میں ان لوگوں کو واپس بھیج دے گا اور سفیانی دمشق کے کسی شہر کے دروازے پر ان کی گردنیں اڑا دے گا۔

## سفیانی کا فساد برپا کرنا:

کچھ عرصے کے بعد اس کے پیچھے ایک جماعت شورش برپا کر دے گی۔ سفیانی ان کی طرف پلٹے گا اور ان میں سے ایک گروہ کو قتل کر دے گا، بقیہ ماندہ لوگ شکست کھا کر خراسان میں پناہ گزین ہو جائیں گے، سفیانی اپنے گھوڑے کو ان کی تلاش میں رات کی سیاہی اور سیلاب کے بہاؤ کی طرح دوڑائے گا اور اس دوران جہاں سے بھی گزرے گا وہاں تباہی پھیلا دے گا، قلعوں کو منہدم کر دے گا اور بغداد پہنچ کر ایک لاکھ آدمیوں کو موت کے گھاٹ اتار دے گا، پھر کوفہ کی طرف روانہ ہو گا اور وہاں ساٹھ ہزار افراد کو تہ تیغ کر کے عورتوں اور بچوں کو قیدی بنا لے گا اور تمام شہروں میں اپنے فوجی پھیلا دے گا اور اہل خراسان کو بہر صورت تلاش کرنے پر مصر ہو گا۔ اور اسی دوران ایک لشکر مدینہ منورہ کی طرف بھی بھیجے گا جو اہل بیت نبوی میں سے ہر اس شخص کو پکڑے گا جس پر وہ قادر ہو گا اور بنو ہاشم کے مردوں اور عورتوں کو قتل کر دے گا۔ اس کے بعد سفیانی اس لشکر کے ایک حصے کو کوفہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



واپس بلا لے گا اور باقی لوگ خشکی میں منتشر ہو جائیں گے۔ (اس سے ملتے جلتے الفاظ مستدرک حاکم: ۴/ ۵۶۵ پر بھی موجود ہیں)

## امام مہدیؒ کا مکہ میں روپوش ہونا:

اس وقت مہدیؒ اور مبیض (اور ایک روایت کے مطابق مہدیؒ اور منصور) سات افراد کے ساتھ مکہ مکرمہ میں جا کر روپوش ہو جائیں گے، ادھر جب گورنر مدینہ کو ان کے فرار ہونے کی اطلاع ملے گی تو وہ مکہ مکرمہ کے گورنر کو یہ خط لکھے گا کہ جب تمہارے پاس فلاں فلاں نام کے آدمی پہنچیں تو انہیں قتل کر دینا، گورنر مکہ کو یہ بات بڑی ناگوار گزرے گی اور وہ اس سلسلے میں اپنے مشیروں سے مشورہ کر ہی رہا ہوگا کہ رات کے وقت وہ لوگ اس کے پاس پناہ حاصل کرنے کے لیے آ پہنچیں گے، گورنر مکہ ان سے کہے گا کہ تم یہاں بے خوف وخطر ہو کر اطمینان سے رہو۔

## گورنر مکہ کا دھوکہ دینا:

اس کے بعد وہ نجانے کیا سوچ کر ان میں سے دو آدمیوں کو قتل کرنے کے لیے اپنے بندے بھیج دے گا چنانچہ ان میں سے ایک تو قتل ہو جائے گا اور دوسرا بچ جائے گا اور وہ اس طرح کہ وہ لوگ نفس زکیہ کو حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان قتل کر دیں گے، اس وقت اللہ تعالیٰ کو اور تمام آسمان والوں کو اس دھوکہ دہی پر غصہ آ جائے گا۔

ادھر وہ دوسرا شخص جو قتل ہونے سے بچ گیا ہوگا اپنے ساتھیوں کو آ کر خبر دے گا کہ ان کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے چنانچہ وہ لوگ وہاں سے نکل کر طائف کے ایک پہاڑ پر پڑاؤ ڈالیں گے اور وہاں رہ کر لوگوں کو پیغامات کے ذریعے جہاد کی ترغیب دیں گے، لوگ اس کے لیے تیار ہو جائیں گے، جب اہل مکہ کو اس کی خبر ہوگی تو وہ ان سے جنگ کریں گے اور یہ لوگ اہل مکہ کو شکست دے کر مکہ مکرمہ میں داخل ہو جائیں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حج کی ادائیگی کا امیر کے بغیر ہونا:

اس دوران چونکہ گورنر مکہ قتل ہو چکا ہوگا اور حج کا موسم بھی قریب ہوگا اس لیے اس سال لوگ بغیر امیر کے حج کریں گے، اور جب منٰی میں پہنچیں گے تو کسی بات پر لڑائی جھگڑا کرتے ہوئے کتوں کی طرح ایک دوسرے پر آ پڑیں گے، خوب قتل وقتال ہوگا، حجاج کرام کو لوٹا جائے گا اور جمرۂ عقبہ کے پاس خوب خون ریزی ہوگی۔

اسی دوران پوری دنیا میں سے سات بڑے بڑے علماء بغیر کسی سابقہ تیاری کے مکہ مکرمہ آ پہنچیں گے اور ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ پر تین سو دس کچھ اوپر افراد نے بیعت کر رکھی ہوگی، یہ علماء مکہ مکرمہ میں جمع ہو کر ایک دوسرے سے دریافت کریں گے کہ تم کیوں آئے ہو؟ ہر ایک کا یہی جواب ہوگا کہ ہم تو اس آدمی کی تلاش میں آئے ہیں جس کے ہاتھ پر یہ فتنے ختم ہوں گے اور قسطنطنیہ فتح ہوگا، نیز ہم اس شخص کو اس کے اور اس کے والدین کے نام سے پہچان لیں گے۔

## سات بڑے بڑے علماء کا امام مہدیؒ کو تلاش کرنا:

چنانچہ وہ ساتوں علماء اس پر متفق ہو کر امام مہدیؒ کو تلاش کریں گے اور جب ایک شخص میں مہدئ موعود کی تمام علامتیں پائیں گے تو اسے کہیں گے کہ آپ فلاں بن فلاں ہیں؟ وہ شخص جواب میں کہے گا کہ میں تو ایک انصاری آدمی ہوں اور یہ کہہ کر وہاں سے چلا جائے گا۔ وہ علماء دوسرے جاننے والوں سے اس شخص کے بارے میں پوچھیں گے تو وہ کہیں گے کہ وہی تو تمہارا گوہر مطلوب ہے، لیکن اس دوران امام مہدیؒ مدینہ منورہ جا چکے ہوں گے، وہ لوگ ان کی تلاش میں مدینہ منورہ روانہ ہو جائیں گے، امام مہدیؒ کو جب اس کی اطلاع ملے گی تو وہ مکہ مکرمہ آ جائیں گے، غرض اس طرح مکہ سے مدینہ کی طرف ان کے تین چکر لگیں گے۔

## فائدہ:

اس مقام پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ واقعات کی اس تفصیل سے یہ بات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



معلوم ہوتی ہے کہ حضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہ کی بیعت جس سال ہوگی، اسی سال منی میں خون ریزی ہوگی اور اسی سال چند ایام کے بعد ماہِ محرم الحرام میں عاشوراء کی رات کو ان کے ہاتھ پر بیعت ہوگی اور اس دوران وہ ساتوں علماء مدینہ کے تین چکر بھی لگائیں گے حالانکہ مدینہ اور مکہ کے درمیان کافی طویل فاصلہ ہے تو اس مختصری مدت میں یہ کیسے ممکن ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ آج کل اس قدر تیز رفتار سواریوں کی موجودگی میں یہ اعتراض کچھ حقیقت نہیں رکھتا جبکہ پوری دنیا سمٹ کر ایک محلّہ بن چکی ہے۔ اور دوسرا جواب یہ بھی ہے کہ یہ تمام حضرات اولیاء اللہ میں سے ہوں گے، اگر کرامۃً ان کے لیے زمین کی دوری کو لپیٹ کر طویل فاصلے مختصر کر دیئے جائیں تو یہ بھی کوئی بعید نہیں۔

## امام مہدیؒ کا حجر اسود کے پاس ملنا:

ادھر جب مدینہ منورہ کے گورنر کو پتہ چلے گا کہ لوگ امام مہدیؒ کی تلاش میں ہیں تو وہ مکہ مکرمہ میں موجود بنو ہاشم کو تلاش کرنے کے لیے ایک لشکر تیار کرے گا، اسی اثناء میں وہ ساتوں علماء تیسری مرتبہ امام مہدیؒ کو مکہ مکرمہ میں حجر اسود کے پاس جالیں گے اور ان سے کہیں گے کہ اگر آپ نے بیعت کے لیے اپنا ہاتھ آگے نہ بڑھایا تو پھر ہمارا گناہ بھی آپ پر ہوگا اور ہمارا خون بھی، یعنی آپ اس کے ذمہ دار ہوں گے، کیونکہ سفیانی کا لشکر ہماری تلاش میں ہے جس کا سردار قبیلۂ حزم کا ایک آدمی ہے، اور وہ علماء امام مہدیؒ کو بیعت نہ کرنے پر قتل تک کی دھمکی دیدیں گے۔

کتاب الفتن کی روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے کہ لوگ کسی بہترین قائد کی تلاش میں ہوں گے اور تلاش کرتے کرتے امام مہدیؒ تک جا پہنچیں گے جو کعبہ کے ساتھ اپنے چہرے کو چپکا کر رو رہے ہوں گے، راویٔ حدیث حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ گویا اس وقت میں ان کے آنسوؤں کو دیکھ رہا ہوں۔ لوگ ان سے بیعت کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



درخواست کریں گے تو وہ فرمائیں گے کہ تم پر افسوس ہے کہ اس قدر وعدہ خلافی اور خون ریزی کے بعد میرے پاس آئے ہو؟

## فائدہ:

اس روایت میں تو سات علماء کا ذکر نہیں لیکن دوسرے مقام پر ص ۲۴۱-۲۴۲ پر ان کا ذکر ہے نیز سید برزنجیؒ نے بھی ان علماء کا ذکر کیا ہے اس لیے اس روایت کو بھی انہی سات علماء پر محمول کیا جائے گا۔

## امام مہدیؓ کا بیعت لینا:

مجبور ہو کر امام مہدی رضوان اللہ علیہ حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان بیٹھ کر بیعت کے لیے اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں گے اور ان سے بیعت لیں گے گویا یہ خصوصی بیعت ہوگی، پھر وہ اسی دن جبکہ عاشوراء کی رات ہوگی، عشاء کی نماز کے وقت حضور ﷺ کے جھنڈے، قمیص اور تلوار کے ساتھ ظہور فرمائیں گے اور عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد مقام ابراہیم کے پاس آ کر دو رکعت نماز ادا فرمائیں گے اور پھر منبر پر چڑھ کر آواز بلند یوں خطاب فرمائیں گے" کہ اے لوگو! میں تمہیں تمہارے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈراتا ہوں اور اس بارے میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں" اس کے بعد ایک طویل خطبہ ارشاد فرمائیں گے جس میں لوگوں کو سنتوں کو زندہ کرنے اور بدعتوں کو ختم کرنے کی ترغیب دیں گے۔

## امام مہدیؓ کا پہلا خطبہ:

امام مہدیؓ کے اس پہلے خطبے کے کچھ الفاظ کتاب الفتن ص ۲۴۱ پر اس طرح مذکور ہیں۔

"اے لوگو! میں تمہیں اللہ (جس کو ہم بھلا چکے ہیں) یاد کروانا چاہتا ہوں اور یہ کہ تم نے اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونا ہے، اللہ تعالیٰ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اتمامِ حجت کر چکا، اس نے انبیاء علیہم السلام کو بھیجا، کتابوں کو نازل کیا اور تمہیں یہ حکم دیا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت پر محافظت کرو۔ جن چیزوں کو قرآن کریم نے زندہ کرنے کا حکم دیا ہے تم انہیں زندہ کرو، جن چیزوں کو چھوڑنے اور ختم کرنے کا حکم دیا ہے ان کو ترک کر دو اور ہدایت کے کاموں پر ایک دوسرے کے مددگار بن جاؤ، اور تقویٰ پر ایک دوسرے کے معاون بن جاؤ اس لیے کہ دنیا کے فنا و زوال کا وقت قریب آ گیا ہے اور وہ رخصت ہونے کے قریب ہے اس لیے میں تمہیں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرنے، قرآن کریم کے احکامات پر عمل کرنے، باطل کو ختم کرنے اور سنتوں کو زندہ کرنے کی طرف دعوت دیتا ہوں۔''

اور ایک رایت میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ:

''اے لوگو! امت محمدیہ کو مصائب نے آ گھیرا، خاص طور پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان والوں کو اور ہم مغلوب ہو گئے اور ہمارے خلاف کفار نے بغاوت کر کے ہم پر چڑھائی کر دی۔''

پھر اہل بدر کی تعداد کے برابر ۳۱۳ افراد کے ساتھ ظہور کریں گے اور ۳۱۳ افراد ہی طالوت کے ساتھ بھی نکلے تھے، جب انہوں نے جالوت کے مقابلے کا ارادہ کیا تھا اور نہر عبور کی تھی۔

## امام مہدیؒ کے اعوان وانصار:

حضرت امام مہدیؒ کے ساتھ یہ ۳۱۳ افراد شام کے ابدال، عراق کے عصائب اور مصر کے نجائب پر مشتمل ہوں گے جو رات کے وقت شب زندہ دار اور دن کے وقت شہسوار ہوں گے، جب ان کے پاس گورنر مدینہ کا بھیجا ہوا لشکر پہنچے گا تو یہ اس سے قتال کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے اسے شکست سے دوچار کر دیں گے اور ان کا پیچھا کرتے ہوئے مدینہ منورہ میں داخل ہوں گے اور مدینہ منورہ کو ان کے پنجے سے آزاد کرا لیں گے۔

## ابدال، عصائب اور نجباء سے کن لوگ مراد ہیں؟

ابدال اور عصائب وغیرہ الفاظ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں بھی آئے ہیں، ان کی تشریح ملا علی قاریؒ کی زبانی ملاحظہ ہو:

> ''ابدال، بدل کی جمع ہے، ان کو ابدال اس لیے کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی ایک فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ دوسرے کو بدل کر مقرر فرما دیتے ہیں۔ جوہری کہتے ہیں کہ ابدال، صلحاء کی وہ جماعت ہے جن سے دنیا کبھی خالی نہیں ہوتی جوں ہی ان میں سے کسی ایک کا انتقال ہوتا ہے، دوسرا اس کی جگہ تعینات کر دیا جاتا ہے، ابن درید نے کہا ہے کہ ابدال، بدل کی جمع نہیں بلکہ بدیل کی جمع ہے جیسے شریف کی جمع اشراف، اور ان کو ابدال کہنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ کرتے رہتے ہیں اور پہلی جگہ ان کی شبیہ قائم کر دی جاتی ہے۔ قاموس میں ہے کہ ابدال وہ قوم ہے جن سے اللہ عزوجل زمین کو قائم رکھتے ہیں، ایسے افراد کل ستر ہوتے ہیں جن میں سے چالیس صرف شام میں رہتے ہیں اور تیس شام کے علاوہ دیگر مقامات پر رہتے ہیں۔''
>
> یہاں یہ بات ذہن میں رہے کہ شام سے صرف دمشق مراد نہیں بلکہ شام اور اس کے اردگرد کا پورا علاقہ مراد ہے۔
>
> اسی طرح ان حضرات کو ابدال کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ انہوں نے اخلاقِ رذیلہ کو بدل کر اخلاقِ حسنہ اختیار کر لیے یا یہ کہ اللہ نے ان کے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیا۔ قطب حقانی شیخ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبدالقادر جیلانی ؒ ان کو ابدال کہنے کی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ ان لوگوں نے اپنے ارادے کو اللہ کی مرضی پر قربان کر دیا تو اس کا بدلہ ان کو یہ عطاء ہوا کہ ان کی مرضی اللہ کی مرضی کے مطابق ہوگئی، اب ان لوگوں کے حق میں یہ چیز بھی گناہ کے زمرے میں آتی ہے کہ وہ ارادۂ خداوندی کے ساتھ کسی کو بھول کر یا غلبۂ حال میں آکر شریک بناویں، پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ان کی دستگیری فرماتے ہیں تو وہ اس سے باز آکر رب ذوالجلال سے استغفار کرتے ہیں اور شاید عارف باللہ ابن فارض نے اسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ہے:

ولو خطرت لی فی سواک ارادۃ

علی خاطری سھوا حکمت بردتی

اگر میرے دل میں بھولے سے بھی تیرے علاوہ کسی اور کے بارے میں کوئی ارادہ کھٹکے تو میں اپنے مرتد ہونے کا فیصلہ کروں گا۔

اور اہل عرب کا یہ مقولہ ہے ''حسنات الابرار سیئات المقربین.''

## عصائب:

''نہایہ میں لکھا ہے کہ عصائب، عصابۃ کی جمع ہے اس کا اطلاق دس سے لے کر چالیس تک کی جماعت پر ہوتا ہے، اسی سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث ہے جس میں وہ فرماتے ہیں کہ ''ابدال شام میں ہوتے ہیں۔ نجباء مصر میں اور عصائب عراق میں۔''

''عصائب عراق میں'' اس سے کیا مراد ہے؟ اس میں ایک قول تو یہ ہے کہ عراق جنگوں کے لیے جمع ہونے کی جگہ ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد زاہدوں کی ایک جماعت ہے جن کا نام ہی عصائب ہے اس لیے کہ حضرت علیؓ نے اس کو ابدال اور نجباء کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ساتھ ذکر کیا ہے۔

ابونعیم اصفہانی نے حلیۃ الاولیاء میں اپنی سند سے حضرت ابن عمرؓ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ میری امت کے بہترین لوگ ہر زمانے میں پانچ سو افراد ہوتے ہیں اور چالیس ابدال ہوتے ہیں، نہ وہ پانچ سو کم ہوتے ہیں اور نہ ہی یہ چالیس۔ اس لیے کہ جب ان چالیس میں سے کوئی ایک فوت ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ان پانچ سو میں سے ایک کو اس کی جگہ مقرر فرما دیتے ہیں۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں ان کے اعمال کے بارے میں بتایئے (کہ وہ کس قسم کے اعمال کر کے اس رتبۂ علیا تک پہنچے) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اپنے اوپر ظلم کرنے والوں سے درگزر کرتے ہیں، اپنے ساتھ برا کرنے والوں سے اچھا سلوک کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے میں سے ایک دوسرے کے ساتھ ہمدری کرتے ہیں۔''

اور ابونعیم ہی کی سند سے اس سلسلے کی ایک روایت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے بھی مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سات بندے ایسے ہیں.......... کہ جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ لوگوں کو زندگی اور موت دیتے ہیں، بارش برساتے، پیداوار اگاتے اور مصائب کو روکتے ہیں، حضرت ابن مسعودؓ سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے لوگوں کو زندگی اور موت کیسے دیتے ہیں؟ فرمایا اس طرح کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے امت کی کثرت کے لیے دعا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس میں اضافہ فرما دیتے ہیں، ظالموں کے خلاف بددعا کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انہیں تہس نہس فرما دیتے ہیں، پانی طلب کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بارش برسا دیتے ہیں، دعا کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں تو اللہ تعالیٰ زمین کی پیداوار اگا دیتے ہیں، سوال کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ مصائب کو دور فرما دیتے ہیں۔'' (مرقاۃ: ج ۱۰ ص ۱۷۶۔۱۷۷)

اگر خوفِ طوالت دامن گیر نہ ہوتا تو ابھی ملا علی قاریؒ کا تبصرہ نقل کرنا باقی رہ گیا ہے اس کو بھی ذکر کرتا لیکن اسی پر اکتفاء کرتے ہوئے آیئے اپنے اصل موضوع کی طرف لوٹ چلیں کہ حضرت امام مہدیؒ کے ساتھ شام کے ابدال، عراق کے عصائب بطور اعوان وانصار کے ہوں گے۔

## مقام بیداء میں لشکر سفیانی کا دھنسنا:

جب سفیانی کو حضرت امام مہدیؒ کے ظہور کی اطلاع ملے گی تو وہ کوفہ سے ایک لشکر مدینہ کی طرف بھیجے گا جو تین دن تک مدینہ منورہ میں خوب قتل وغارت گری کا بازار گرم رکھے گا اور امام مہدیؒ کی تلاش میں ہوگا، پھر وہ لشکر مدینہ منورہ سے روانہ ہوگا اور جب مقامِ بیداء میں پہنچے گا تو پورا لشکر زمین میں دھنس جائے گا۔(مسلم شریف حدیث نمبر ۷۲۴۰ تا ۷۲۴۴، ابن ماجہ ۴۰۶۳ تا ۴۰۶۵) صرف دو آدمی بچیں گے جن میں سے ایک تو سفیانی کے پاس یہ بری خبر لے کر پہنچے گا اور دوسرا حضرت امام مہدیؒ کو جا کر یہ خوشخبری سنائے گا، جب امام مہدیؒ اس خبر کو سنیں گے تو فرمائیں گے کہ ہاں! اب خروج کا وقت آیا ہے چنانچہ وہ وہاں سے نکل کر مدینہ منورہ پہنچیں گے اور بنو ہاشم کے جو لوگ قید ہو چکے ہوں گے انہیں آزاد کرائیں گے اور دیکھتے ہی دیکھتے پوری سرزمین حجاز کو فتح کر ڈالیں گے۔

## اہل خراسان پر کیا بیتی؟

اس سے قبل آپ یہ پڑھ آئے ہیں کہ حضرت امام مہدیؒ کے ظہور سے قبل کچھ لوگ خراسان میں روپوش ہو جائیں گے جن کی تلاش سفیانی برابر جاری رکھے گا لیکن ان پر قابو نہ پا سکے گا کہ اس اثناء میں امام مہدیؒ کا ظہور ہو جائے گا۔

حضرت امام مہدیؒ کے ظہور کے بعد ان کی مدد اور اہل خراسان کی نصرت کے لیے اللہ تعالیٰ ماوراء النہر کے علاقے سے حارث یا حراث نامی شخص کو پیدا فرمائیں گے، وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایک لشکر تیار کرے گا جس کے ہراول کا افسر منصور نامی شخص ہوگا اور وہ حضور ﷺ کے اہل بیت کو ویسے ہی پناہ دے گا جیسے قریش نے قبول اسلام کے بعد حضور ﷺ کو دی تھی اور بفحوائے حدیث ہر مسلمان پر اس کی مدد کرنا واجب ہوگا۔

وہ اہل خراسان کو لے کر سفیانی کے لشکر پر حملہ کرے گا اور ان کے درمیان کئی جھڑپیں ہوں گی چنانچہ ایک جھڑپ تیونس میں ہوگی، ایک دولاب الری میں اور ایک تخوم زرنج میں۔ (کتاب الفتن ص ۲۱۸ پر مذکورہ جگہوں کے نام اس طرح لکھے ہوئے ہیں قومس، دولات الری اور تخوم زرنج۔ واللہ اعلم بالصواب) لیکن جب وہ یہ دیکھیں گے کہ جھڑپوں اور جنگوں کا یہ سلسلہ طویل ہوتا جا رہا ہے تو وہ بنو ہاشم کے ایک آدمی کے ہاتھ پر بیعت کر لیں گے جس کی دائیں ہتھیلی میں تل کا نشان ہوگا اور وہ امام مہدیؓ کا حقیقی یا چچا زاد بھائی ہوگا (اور دوسرا قول ہی راجح ہے) اور اللہ تعالیٰ اس پر یہ معاملہ آسان فرمادیں گے۔

## خراسان سے سیاہ جھنڈوں کے ساتھ روانگی:

امام مہدیؓ کا چچا زاد بھائی اس وقت مشرق کے آخری کونے میں ہوگا اور خراسان وطالقان کے لوگوں کو لے کر چھوٹے چھوٹے سیاہ جھنڈوں کے ساتھ روانہ ہوگا اور اس کے ہراول کا افسر بنوتمیم کے موالی میں سے متوسط قد وقامت والا، زردی مائل رنگ اور ہلکی ڈاڑھی والا (جو صرف ٹھوڑی پر ہوگی) ایک شخص شعیب بن صالح نامی ہوگا، وہ پانچ ہزار افراد کے ساتھ نکلے گا اور اس قدر جی دار ہوگا کہ اگر اس کے راستے میں مضبوط پہاڑ بھی حائل ہو جائیں تو وہ ان کو بھی اپنے راستے سے ہٹا دے گا اور امام مہدیؓ کے لیے آسانی کر دے گا اور حدیث میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

﴿اذا سمعتم برایات سوداء اقبلت من خراسان فاتوها ولو حبوا علی الثلج﴾ (ترمذی ج ۲ ص ۵۶)

"جب تمہیں خراسان کی جانب سے سیاہ جھنڈوں کے آنے کی خبر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ملے تو تم ان کے پاس چلے جانا اگرچہ برف پر چل کر جانا پڑے۔"

## سفیانی کے ساتھ جنگیں:

الغرض! اس کا سفیانی کے لشکر سے آمنا سامنا ہوگا اور ان کے درمیان انتہائی شدید جنگ ہوگی پھر بجستان کی طرف سے اس ہاشمی کی امداد کے لیے ایک بڑا لشکر آپہنچے گا جس کا سردار بنو عدی میں سے ہوگا اور یوں اللہ تعالیٰ "ری" کی اس جنگ میں اپنے دوستوں کی مدد فرمائے گا۔

"ری" کی اس جنگ کے بعد "مدائن" میں جنگ ہوگی پھر "عاقرقوفا" میں ایک صلیبی جنگ ہوگی اور سیاہ جھنڈے آ کر ایک پانی والی جگہ (غالباً دریائے دجلہ) کے قریب پڑاؤ ڈالیں گے، ادھر کوفہ میں جب سفیانی کے لشکریوں کو ان کے آنے کی اطلاع ملے گی تو وہ بھاگ جائیں گے اور مسلمان کوفہ پہنچ کر تمام بنو ہاشم کو آزاد کرالیں گے،

اس کے کچھ عرصہ بعد کوفہ کے کسی علاقے سے ایک قوم نکلے گی جس کا نام "عصب" ہوگا، ان کے پاس تھوڑا سا اسلحہ ہوگا، ان میں بصرہ کے بھی کچھ لوگ ہوں گے جو سفیانی کے لشکر کو خیرباد کہہ چکے ہوں گے وہ ان کے ساتھ آملیں گے۔

جب بنو ہاشم کوفہ کے قیدیوں کو آزاد کرالیں گے تو ان میں سے کچھ لوگوں کو سیاہ جھنڈے دے کر (جو کہ بطور علامت کے ہوں گے) امام مہدیؒ کے پاس بیعت کے لیے بھیجیں گے چنانچہ وہ لوگ وہاں سے روانہ ہوں گے اور سرزمین حجاز میں امام مہدیؒ کو پالیں گے اور ان سے بیعت کر کے ان کو اپنے ساتھ شام لے آئیں گے۔

## کلمۂ حق کہنے کی سزا:

اس طرف تو یہ ہو رہا ہوگا اور دوسری طرف سفیانی زمین میں فساد برپا کیے ہوئے ہوگا حتیٰ کہ ایک عورت سے دن کے وقت دمشق کی جامع مسجد میں شراب کی ایک مجلس میں بدکاری کی جائے گی، اسی طرح ایک عورت سفیانی کی ران پر آ کر بیٹھ جائے گی جبکہ وہ جامع دمشق کی محراب میں بیٹھا ہوگا، اس وقت ایک غیرت مند مسلمان سے مسجد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی یہ بے حرمتی اور یہ کریہہ منظر دیکھا نہ جائے گا اور وہ کھڑا ہو کر کہے گا کہ افسوس ہے تم پر، ایمان لانے کے بعد کفر کرتے ہو؟ یہ ناجائز ہے۔ ظاہر ہے کہ سفیانی کو حق کی یہ بات کڑوی لگے گی اور وہ اس کو کلمۂ حق کہنے کی پاداش میں موت کے گھاٹ اتار دے گا اور صرف اسی کو نہیں بلکہ جس نے بھی اس کی تائید کی ہوگی اس کو بھی قتل کر دے گا۔

اس وقت آسمان سے ایک منادی پکارے گا کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم سے ظالموں، منافقوں اور ان کے ہمنواؤں کو دور کر کے امت محمدیہ کے بہترین فرد کو تم پر امیر مقرر کیا ہے لہٰذا تم مکہ مکرمہ میں ان سے جا کر مل جاؤ (ان کے لشکر میں شامل ہو جاؤ) کہ ان کا نام احمد بن عبداللہ ہے اور وہی مہدی ہیں۔

## امام مہدیؒ کی کرامت:

امام مہدیؒ ان واردین سے بیعت لینے کے بعد اپنی افواج کو لے کر آہستہ آہستہ وادی قری کی طرف روانہ ہوں گے۔ وہاں ان کے چچازاد بھائی بارہ ہزار کے لشکر کے ساتھ ان سے آ کر ملیں گے اور کہیں گے کہ اے برادر عم! میں اس امر خلافت کا تم سے زیادہ حقدار ہوں کیونکہ میں حضرت حسنؓ کی اولاد میں سے ہوں اور میں ہی مہدی ہوں، امام مہدیؒ ان سے کہیں گے کہ نہیں! مہدی تو میں ہوں! حسنی کہیں گے کہ آپ کے پاس کوئی نشانی بھی ہے جس سے آپ کا مہدی ہونا معلوم ہو جائے؟ اور میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کر لوں؟ اس پر امام مہدیؒ ایک اڑتے ہوئے پرندے کی طرف اشارہ فرمائیں گے، وہ ان کے سامنے آ گرے گا اور زمین کے ایک کونے میں ایک خشک ٹہنی گاڑ دیں گے وہ اسی وقت سرسبز ہو کر برگ وبار لانے لگے گی۔ یہ کرامت دیکھ کر حسنی کہیں گے کہ اے برادر عم! یہ آپ ہی کا منصب ہے اور آپ ہی کو مبارک ہو اور یہ کہہ کر امام مہدیؒ کے ہاتھ پر بیعت کر لیں گے۔

## سفیانی کا بیعت کرنا:

حسنی سے بیعت لینے کے بعد امام مہدیؒ وہاں سے کوچ کریں گے اور شام و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حجاز کے درمیان شام کی سرحد کے قریب جا کر پڑاؤ ڈالیں گے، وہاں پہنچ کر لوگ ان سے سفیانی پر لشکر کشی کا مطالبہ کریں گے لیکن امام مہدیؓ عجلت کو ناپسند سمجھیں گے اور فرمائیں گے کہ میں سفیانی کے پاس اپنی اطاعت کا پیغام بھیجتا ہوں، اگر اس نے میری اطاعت کرنے سے انکار کر دیا تو میں تمہاری خواہش کے مطابق اس پر لشکر کشی کروں گا چنانچہ امام مہدیؓ سفیانی کو ایک خط لکھیں گے (جس میں اس سے اپنی بیعت و اطاعت کا مطالبہ کریں گے) جب وہ خط سفیانی کو ملے گا تو وہ اپنے مشیروں کے مشورے سے امام مہدیؓ کی بیعت کر لے گا اور وہاں سے روانہ ہو کر بیت المقدس جا پہنچے گا۔

پھر امام مہدیؓ عدل و انصاف کو قائم کرنے کے لیے اہل شام میں سے کسی کے پاس بھی ذمیوں کی زمین نہیں رہنے دیں گے بلکہ ان سے لے کر ان کے ذمی مالکوں کے حوالے کر دیں گے خواہ وہ زمین کا چھوٹا سا ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو اور تمام مسلمانوں میں جہاد کی روح پھونک دیں گے۔

## عہد شکنی:

سفیانی کی بیعت کے بعد قبیلۂ بنو کلب کا کنانہ نامی ایک شخص اپنے ساتھ چند لوگوں کو لے کر سفیانی سے ملاقات کرے گا اور اس سے کہے گا کہ ہم نے تیری بیعت کی اور تیری مدد کی یہاں تک کہ جب تو زمین کا بادشاہ بن گیا تو تو نے اس آدمی یعنی مہدی کی بیعت کر لی؟ اور اس کو عار دلاتے ہوئے یہ بھی کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھے ایک قمیص پہنائی تھی تو نے اس کو کیوں اتار دیا؟ سفیانی کہے گا کہ میں تو مہدی کی بیعت کر چکا ہوں اور ان کا حامی بن کر رہنے کا وعدہ کر چکا ہوں، تمہارا کیا خیال ہے کہ میں اپنا وعدہ توڑ دوں؟ وہ لوگ کہیں گے کہ ہاں! تم اپنا وعدہ توڑ دو، ہم تو تمہارے ساتھ ہیں ہی، بنو عامر کے تمام افراد بھی تمہاری مدد کریں گے اور ہم تمہیں یقین دلاتے ہیں کہ کوئی آدمی بھی میدان جنگ سے پیٹھ نہیں پھیرے گا۔ سفیانی ان کی باتوں میں آ کر بارادۂ جنگ وہاں سے کوچ کر جائے گا اور اس کے ساتھ تمام بنو عامر بھی روانہ ہو جائیں گے۔ اور ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



روایت میں یہ ہے کہ امام مہدیؒ سے بیعت کرنے کے تین سال بعد سفیانی عہد شکنی کرتے ہوئے اس بیعت کو خود ہی توڑ دے گا۔

## سفیانی کا قتل:

امام مہدیؒ کو جب اس نقض عہد و بیعت کی اطلاع ملے گی تو وہ اپنے جھنڈے سمیت اس پر لشکر کشی کریں گے۔ یاد رہے کہ اس زمانے میں سب سے بڑے جھنڈے کے ماتحت سو افراد ہوں گے۔ سفیانی کا لشکر یعنی قبیلۂ بنوکلب کے لوگ بھی (جو درحقیقت سفیانی کو نقض عہد پر برانگیختہ کرنے والے تھے) صف بندی کر لیں گے۔ یہ بھی ذہن میں رہے کہ سفیانی کے لشکر میں سوار اور پیادہ ہر طرح کے لوگ ہوں گے۔ جب دونوں لشکر آمنے سامنے صف بستہ ہو جائیں گے تو لڑائی شروع ہو جائے گی اور شدید جنگ کے بعد قبیلۂ بنوکلب کے لوگ پشت پھیر کر بھاگ جائیں گے، امام مہدیؒ کے لشکری انہیں قتل کرنا شروع کر دیں گے، مال غنیمت میں بہت سے قیدی بھی ہاتھ آئیں گے حتیٰ کہ ایک کنواری دوشیزہ باندی کو آٹھ درہم کے بدلے بیچا جائے گا۔

سفیانی پکڑ کر قید کر لیا جائے گا اور اسے امام مہدیؒ کے پاس لے جایا جائے گا، وہ اسے ایک کنیسہ کے پاس موجود ایک چٹان پر بکری کی طرح ذبح کروا دیں گے۔

## مالِ غنیمت کی تقسیم:

سفیانی کے قتل سے فراغت کے بعد امام مہدیؒ مال غنیمت تقسیم فرمائیں گے، اسی موقع کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان مبارک ہے:

﴿الخائب من خاب یومئذ من غنیمة کلب ولو بعقال، قیل یا رسول اللّٰه! کیف یغنمون اموالهم ویسبون ذراریهم وهم مسلمون؟ قال صلی اللہ علیہ وسلم یکفرون باستحلالهم الخمر والزنا﴾ (الاشاعہ: ص ۲۱۲)

''اس دن وہ شخص سب سے بڑا محروم ہو گا جو بنوکلب کے مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



غنیمت سے محروم رہا (اس مال غنیمت میں سے کچھ نہ کچھ ضرور لے) اگرچہ اونٹ کو باندھنے کی رسی ہی کیوں نہ ہو؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! وہ لوگ ان کے اموال کو غنیمت اور بچوں کو ان کے مسلمان ہونے کے باوجود کیسے قیدی بنا لیں گے؟ فرمایا کہ وہ شراب اور زنا کو حلال سمجھنے کی وجہ سے کافر قرار دیئے جائیں گے۔"

## استحکام اسلام:

سفیانی کے قتل کے بعد اسلام کو استحکام نصیب ہوگا، امام مہدیؒ کے لیے زمین کو لپیٹ دیا جائے گا، زمین کے تمام حکمران ان کی اطاعت میں داخل ہو جائیں گے، پھر امام مہدیؒ ہندوستان کی طرف ایک لشکر بھیجیں گے، وہ لشکر کامیاب ہوگا اور ہندوستان کو فتح کر کے وہاں کے حکمرانوں کو پابہ زنجیر امام مہدیؒ کی خدمت میں پیش کرے گا، ہندوستان کے خزانے بیت المقدس لے جائے جائیں گے اور ان سے بیت المقدس کی تزیین و آرائش کا کام لیا جائے گا اور اسی طرح کئی سال گزر جائیں گے۔

## فائدہ:

یاد رہے کہ اس مقام پر ہندوستان سے صرف انڈیا مراد نہیں بلکہ اس میں پاکستان بھی شامل ہے۔ کیونکہ ہندوپاک کی یہ تقسیم تو اب ہوئی ہے، آج سے صرف ساٹھ سال پیچھے چلے جائیں تو آپ کو یہ تقسیم نظر نہیں آئے گی۔

## جنگ عظیم:

آپ پڑھ آئے ہیں کہ حضرت امام مہدیؒ، سفیانی کو بغاوت کے جرم میں قتل کرا دیں گے اور زمین پر امن و امان قائم کر دیں گے، اسی امن و امان کے سلسلے کی ایک کڑی یہ بھی ہوگی کہ رومی ان سے صلح کی درخواست کریں گے جس کی مدت بعض روایات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے مطابق نو سال ہو گی اور ایک روایت کے مطابق سات سال ہو گی۔ امام مہدیؒ اس درخواست کو قبول فرمالیں گے اور صلح کی نوعیت یہ طے پائے گی کہ اگر مسلمان کہیں جہاد کے لیے جائیں گے تو رومی ان کی مدد کریں گے اور اگر رومیوں کو مسلمانوں کی امداد کی ضرورت پیش آئی تو مسلمان ان سے تعاون کریں گے چنانچہ اسی طرح کے ایک موقع پر مسلمان اور رومی اکٹھے ہوں گے، مسلمانوں کو فریق مخالف پر فتح حاصل ہو جائے گی اور وہ مال غنیمت لے کر واپس آ رہے ہوں گے کہ راستے میں مرج ذی تلول کے مقام پر ایک رومی صلیب کی جے کاری کرتے ہوئے کہے گا کہ دشمن کے مقابلے میں ہمیں صلیب کی وجہ سے فتح حاصل ہوئی ہے۔ ایک مسلمان یہ سن کر اس کے جواب میں کہے گا کہ ہرگز نہیں! بلکہ اللہ نے ہمیں غلبہ اور فتح سے ہمکنار فرمایا ہے۔

یوں اس رومی اور مسلمان کے درمیان لڑائی شروع ہو جائے گی، مسلمان رومیوں کی صلیب گرا دے گا اور صلیب کا گرنا تو اس کے لیے گویا شکست کی علامت ہوگا، چنانچہ رومی غصہ میں آ کر اس مسلمان کو قتل کر دے گا اور یوں فتنہ کی آگ بھڑک اٹھے گی۔ مسلمان اپنے اسلحے کو لے کر رومیوں پر جا پڑیں گے اور ان سے اپنے مسلمان بھائی کا بدلہ لیں گے لیکن سب کے سب راہِ خدا میں شہادت کے معزز شرف سے مشرف ہو کر بارگاہِ خداوندی میں پہنچ جائیں گے۔ (ابوداؤد: حدیث نمبر ۴۲۹۲)

## ۹۶۰۰۰۰ فوج کا روانہ ہونا:

مسلمانوں کی اس جماعت کو شہید کرنے کے بعد رومیوں کے حوصلے بلند ہو جائیں گے اور وہ مسلمانوں سے ٹکر لینے کے خواب دیکھنے لگیں گے چنانچہ وہ اپنے بادشاہ سے جا کر کہیں گے کہ عرب کے بدترین لوگوں سے تو ہم نے آپ کی جان چھڑا دی اور ان کے بہادروں، سورماؤں کو قتل کر دیا، اب آپ کس انتظار میں ہیں؟ بادشاہِ روم ان کے توجہ دلانے پر فوج اکٹھی کرنا شروع کر دے گا اور صرف نو مہینوں میں اتنی بڑی فوج جمع کر لے گا کہ وہ ۸۰ دستوں پر مشتمل ہو گی اور ہر دستے میں ۱۲ ہزار سپاہی ہوں گے یعنی ۹۶۰۰۰۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فوجیوں کو لے کر روانہ ہوگا اور مقام اعماق یا دابق میں پڑاؤ ڈالے گا۔

## رومیوں کا مطالبہ اور لشکرِ اسلام کے تین حصے:

مسلمانوں کو رومیوں کے اس لشکر کی اطلاع ملے گی تو مدینہ منورہ سے انتہائی بہترین افراد پر مشتمل ایک وہ جماعت جو امام مہدیؓ کی معیت میں داد جہاد دے چکی ہو گی، نکلے گی اور مذکورہ مقام پر پہنچ کر صف بندی کر لے گی اور رومی بھی صف بستہ ہو جائیں گے، اس کے بعد رومیوں میں سے ایک آدمی اپنی صف سے نکل کر مسلمانوں سے مخاطب ہو کر کہے گا کہ تم نے ہمارے جو آدمی قید کیے تھے اور وہ ہمارے دین سے نکل کر تمہارے دین میں داخل ہو چکے ہیں اور اب تمہارے ساتھ ہم سے لڑنے کے لیے آئے ہوئے ہیں، تم ہمارے اور ان کے درمیان سے ہٹ جاؤ، ہم صرف ان سے لڑنے کے لیے آئے ہیں تم سے ہمیں کوئی سروکار نہیں، مسلمان اس کے جواب میں کہیں گے کہ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ اسلام قبول کر کے ہمارے بھائی بن چکے ہیں اس لیے ہم انہیں اکیلا نہیں چھوڑ سکتے۔

اس پر جنگ شروع ہو جائے گی اور مسلمان تین گروہوں میں بٹ جائیں گے۔

(۱) ایک تہائی لشکر تو میدان جنگ سے بھاگ جائے گا، ان کی توبہ اللہ تعالیٰ کبھی قبول نہیں فرمائیں گے۔

(۲) ایک تہائی لشکر شہید ہو جائے گا، یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک افضل الشہداء ہوں گے۔

(۳) ایک تہائی لشکر کو فتح نصیب ہوگی، یہ آئندہ کسی فتنے میں مبتلا نہ ہو سکیں گے۔

(مسلم شریف: ۷۲۷۸)

## شام پر رومیوں کا قبضہ:

واقعہ کی یہ تفصیل تو سید برزنجیؒ کے بیان کے مطابق ہے جبکہ شیخ نعیم بن حمادؒ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کتاب الفتن میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے یہ روایت اس طرح مرفوعاً نقل کی ہے کہ سفیانی کی ہلاکت اور قتل کے بعد مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان صلح ہو جائے گی اور اسی صلح کی بنیاد پر مسلمان رومیوں کے ساتھ مل کر ان کے دشمن کے خلاف لڑیں گے اور اس قدر جی داری کے ساتھ لڑیں گے کہ دشمن کو پیٹھ پھیر جانے پر مجبور کر دیں گے اور دشمن سے مال غنیمت حاصل کر لیں گے، رومی بھی مسلمانوں کو مال غنیمت میں سے حصہ دیں گے۔

کچھ عرصے کے بعد مسلمان اہل فارس سے جنگ کریں گے تو رومی ان کی مدد کریں گے اور اہل فارس کو قتل کر کے ان کے بچوں کو قیدی بنا لیں گے، جنگ میں کامیابی سے فارغ ہونے کے بعد رومی مسلمانوں سے مال غنیمت تقسیم کرنے کا مطالبہ کریں گے چنانچہ مسلمان انہیں مال و دولت اور مشرکین کے نابالغ بچے بطور مال غنیمت کے دیں گے لیکن اس سے آگے بڑھ کر رومی یہ مطالبہ کریں گے کہ تمہیں مسلمانوں کے جو بچے قیدیوں میں ملے ہیں، ہمیں ان میں سے بھی حصہ دو، مسلمان کہیں گے ایسا کبھی نہیں ہوگا کہ ہم مسلمانوں کے بچے تمہارے حوالے کر دیں، اس پر رومی کہیں گے کہ تم نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا ہے اور قسطنطنیہ کے بادشاہ کے پاس جا کر دہائی دیں گے کہ عربوں نے ہمارے ساتھ دھوکہ کیا ہے جبکہ ہم تعداد اسلحہ اور قوت میں ان سے زیادہ ہیں اس لیے آپ ہماری امداد کریں تاکہ ہم مسلمانوں سے انتقام لے سکیں لیکن قسطنطنیہ کا بادشاہ ان کی کسی قسم کی مدد کرنے سے انکار کر دے گا اور ان سے کہے گا کہ میں مسلمانوں کے ساتھ دھوکہ دہی اور وعدہ خلافی نہیں کر سکتا اور اب وہ ہم پر ہمیشہ غالب ہی رہیں گے۔

یہ لوگ یہاں سے مایوس ہو کر بادشاہ روم کے پاس آئیں گے اور اس کو تمام حالات سے مطلع کریں گے، وہ ان پر ترس کھا کر سمندر کے راستے ۸۰ جھنڈے روانہ کرے گا اور اس لشکر کے ہر جھنڈے کے ماتحت ۱۲ ہزار سپاہی ہوں گے۔ درمیان راستہ میں ان کا سپہ سالار فوج سے مخاطب ہو کر کہے گا کہ اے میرے سپاہیو! جب تم شام کے ساحل کو پار کر لو تو اپنی سواریوں کو جلا دو تاکہ تمہارے پاس واپس جانے کا کوئی راستہ نہ رہے اور تم خوب جی داری سے مقابلہ کر سکو چنانچہ وہ اس کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ایسا ہی کریں گے اور مسلمانوں سے اس بہادری کے ساتھ لڑیں گے کہ دمشق اور معتق کے علاوہ پورے شام پر قابض ہو جائیں گے اور وہاں غارت گری کا بازار گرم کر دیں گے نیز مسجد اقصیٰ کو بھی ویران کر دیں گے۔

حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس وقت دمشق میں کتنے مسلمان آ سکیں گے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں میری جان ہے، جتنے مسلمان اس میں سمانا چاہیں گے، سما جائیں گے بالکل اسی طرح جیسے ماں کا رحم بچے کے لیے کشادہ ہوتا جاتا ہے۔ حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا نبی اللہ! ''معتق'' کیا چیز ہے؟ فرمایا شام کے شہر حمص میں ایک پہاڑ ہے جس کے قریب ''اریط'' نامی ایک نہر ہو گی۔

## رومیوں کی شکست:

رومیوں کے حملے کے وقت مسلمانوں کے بچے معتق (پہاڑ) کے اوپر والے حصے پر ہوں گے اور خود مسلمان نہر اریط پر ٹھہرے ہوئے ہوں گے اور صبح سے لے کر شام تک رومیوں سے قتال کیا کریں گے، ادھر قسطنطنیہ کے گورنر کو جب اس کی خبر لگے گی تو وہ خشکی کے راستے قنسرین کی طرف تین لاکھ فوج کے ساتھ روانہ ہو گا، راستے میں یمن سے بھی ہزاروں آدمی اس سے آ کر مل جائیں گے جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ ایمان کی وجہ سے محبت والفت پیدا فرما دیں گے، ان میں سے ۴۰ ہزار تو فقط قبیلۂ حمیر ہی کے جانباز ہوں گے۔

قسطنطنیہ کا گورنر ان کے ساتھ بیت المقدس پہنچے گا اور رومیوں سے قتال کر کے ان کو شکست سے دو چار کر دے گا، اس کے بعد وہ لشکر مختلف چھوٹی چھوٹی ٹکڑیوں میں بٹ کر قنسرین کے پاس آ کر پڑاؤ کرے گا اور وہاں آ کر ان سے مادۃ الموالی بھی مل جائیں گے۔

ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ مادۃ الموالی کون لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوں گے؟ فرمایا کہ وہ تمہارے ہی آزاد کردہ لوگ ہوں گے جو فارس کی جانب سے آئیں گے اور اہل عرب سے مخاطب ہو کر کہیں گے کہ اے جماعت عرب! تم نے عصبیت کی راہ اختیار کی، اس وجہ سے تم مغلوب ہو گئے اور جب تک تم تعصب اختیار کیے رہو گے، مغلوب ہی رہو گے اس لیے اب تم سب کو مجتمع ہو جانا چاہیے چنانچہ سب مسلمان جمع ہو کر حملہ کریں گے لیکن ان میں سے ایک تہائی مسلمان شہید ہو جائیں گے، ایک تہائی بھاگ کھڑے ہوں گے اور ایک تہائی باقی بچیں گے۔

جو مسلمان اس جنگ میں شہید ہو جائیں گے ان میں سے ہر شہید کا درجہ ثواب کے اعتبار سے دس شہداء بدر کے برابر ہو گا اور اللہ کے نزدیک شہداء بدر کی اتنی عزت ہے کہ ان میں سے ایک کی شفاعت ستر شہداء کے برابر ہو گی (اس اعتبار سے اس جنگ میں جو مسلمان شہید ہوں گے، ان کی شفاعت ۷۰۰ شہداء کے برابر ہو گی لیکن یہ بات ذہن کے کسی گوشے میں بھی نہ آنے پائے کہ اس طرح تو پھر یہ لوگ صحابہ کرامؓ سے افضل ہو گئے؟ اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فقط صحبت مبارک ہی ایسی چیز ہے کہ کوئی چیز اس سے بڑھ کر تو کیا اس کے برابر بھی نہیں ہو سکتی اور یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ اگر اس جہت سے ان لوگوں کی فضیلت تسلیم کر بھی لی جائے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہمہ پہلو یہ لوگ صحابہ کرامؓ سے افضل ہو گئے۔)

## باقی ماندہ لشکر کے تین حصے:

باقی ماندہ ایک تہائی لشکر پھر تین حصوں میں بٹ جائے گا۔

(۱) ایک تہائی حصہ رومیوں کے ساتھ جا ملے گا اور کہے گا کہ اگر اللہ تعالیٰ کو اس دین (اسلام) کی کوئی ضرورت ہوتی تو وہ اس کی ضرور مدد کرتا۔

(۲) عرب کے مسلمان جو ایک تہائی ہوں گے، کہیں گے کہ کسی ایسی جگہ جا کر آباد ہو جاؤ جہاں ہم تک رومیوں کی پہنچ نہ ہو سکے مثلاً کسی دور دراز کے دیہات وغیرہ میں یا عراق، یمن اور حجاز کے ایسے علاقوں میں جہاں رومی نہ پہنچ سکیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) ایک تہائی حصہ کے افراد ایک جگہ جمع ہو کر ایک دوسرے کو یوں نصیحت اور عہد و پیمان کریں گے کہ اللہ سے ڈرو، تقویٰ اختیار کرو، اپنی عصبیت کو چھوڑ کر مجتمع ہو کر دشمن سے قتال کرو اس لیے کہ قبائلی عصبیت کے ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے تم پر ہرگز مدد نہیں آ سکتی چنانچہ وہ سب متحد ہو جائیں گے اور ایک دوسرے سے اس بات پر بیعت کریں گے کہ اب میدان جنگ سے اسی وقت ہٹیں گے جب اپنے شہید بھائیوں کے ساتھ جا ملیں گے۔ (مرتے دم تک لڑتے رہیں گے)

## جبرئیلؑ و میکائیلؑ کا فرشتوں کی فوج لے کر اترنا:

ادھر جب رومی دیکھیں گے کہ مسلمانوں میں سے اتنے سارے افراد ہمارے لشکر میں شامل ہو گئے ہیں اور ان کی معتد بہ مقدار قتل ہو چکی ہے اور اب تھوڑے سے لوگ بچے ہیں تو ایک دن ایک رومی دونوں لشکروں کے درمیان کھڑا ہو گا، اس کے پاس ایک جھنڈا ہو گا جس کے اوپر صلیب لگی ہوئی ہو گی اور وہ یہ نعرہ لگائے گا صلیب کی جے، صلیب غالب ہو گئی، مسلمانوں کو یہ کلمہ انتہائی ناگوار گزرے گا اور ایک مسلمان دونوں لشکروں کے درمیان جھنڈا لے کر کھڑے ہو کر کہے گا کہ اللہ کے دوست اور مددگار غالب ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ کو بھی رومیوں کے یہ کہنے پر، کہ صلیب غالب آ گئی، غصہ آ جائے گا اور اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو مسلمانوں کی مدد کے لیے دو ہزار فرشتوں کے ساتھ نازل فرمائیں گے، اس کے بعد حضرت میکائیل علیہ السلام کو بھی دو ہزار فرشتوں کے ساتھ مسلمانوں کی فریاد رسی کا حکم ہو گا۔ اس غیبی امداد سے مسلمان اس جنگ میں فتح یاب ہو جائیں گے اور کفار و مشرکین شکست کھا کر بھاگ جائیں گے۔

## رومیوں کی دھوکہ دہی:

اس جنگ میں رومیوں پر فتح حاصل کرنے کے بعد مسلمان سرزمین روم پر چڑھائی کر دیں گے اور ہلہ بولتے ہوئے عمورا نامی جگہ تک جا پہنچیں گے، عمورا کے شہر پناہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر ایک خلقت کثیر جمع ہو گی اور وہ جزیہ ادا کرنے کے اقرار پر مسلمانوں سے امان چاہیں گے، مسلمان ان کو امان دیدیں گے۔

امان کی یہ خبر پھیلنے پر مختلف اطراف سے رومی آ کر یہاں جمع ہوں گے اور کہیں کہ اہل عرب! تمہارے پیچھے تمہاری اولاد میں دجال آ گھسا۔ مسلمان یہ سن کر واپس لوٹ آئیں گے لیکن خروج دجال کی یہ خبر جھوٹی ہو گی، ادھر رومی یہ افواہ پھیلا کر مسلمانوں کے جانے کے بعد یہ فائدہ اٹھائیں گے کہ تمام وہ اہل عرب جو ان کے شہروں میں رہائش پذیر ہوں گے خواہ وہ مرد ہوں یا عورت یا بچے، سب کو قتل کر دیں گے۔

مسلمانوں کو جب اپنے بھائیوں کے قتل اور رومیوں کی اس غداری کی خبر ملے گی تو وہ غضب ناک ہو کر دوبارہ واپس آ جائیں گے اور رومیوں کے لڑاکا افراد کو قتل کر کے ان کے بچوں کو قیدی بنا لیں گے اور مال غنیمت جمع کر لیں گے اور جس شہر یا قلعے کو فتح کرنا چاہیں گے، تین دن کے اندر اندر فتح کر لیں گے۔

## خلیج کا محاصرہ:

روم کے چھوٹے چھوٹے شہروں کو فتح کرنے کے بعد مسلمان خلیج کے کنارے پڑاؤ کریں گے جو کہ مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان حائل ہو گا، مسلمانوں کی آمد پر اس کے پانی میں طغیانی آ کر اضافہ ہو جائے گا، یہ دیکھ کر قسطنطنیہ کے باشندے کہیں گے کہ صلیب نے ہمارے لیے سمندر کو پھیلا دیا اور مسیح نے ہماری مدد کی، اس لیے اب مسلمان ہم تک نہیں پہنچ سکیں گے۔

لیکن اگلے ہی دن ان کے اس کفریہ قول کے علی الرغم خلیج خشک ہونا شروع ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ معجزہ کے طور پر مسلمانوں کی مدد کے لیے بنی اسرائیل کی طرح اس کو خشک کر دیں گے اور مسلمان اس سے پار ہو کر شب جمعہ کو اس شہر کا محاصرہ کر لیں گے اور ساری رات ایک آدمی بھی نہ سوئے گا اور نہ بیٹھے گا بلکہ سارا لشکر تکبیر و تہلیل اور تحمید و تمجید میں مصروف رہے گا، طلوع فجر کے بعد مسلمان ایک زوردار نعرۂ تکبیر بلند کریں گے جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کی برکت سے شہر کے دونوں برجوں کے درمیان والا حصہ گر جائے گا۔

## خروج دجال:

اب بجائے اس کے کہ رومی سنبھل جائیں اور مسلمانوں کی اس تائید غیبی کو دیکھ کر اسلام قبول کر لیں، اور زیادہ سرکشی پر آمادہ ہو جائیں گے اور یہ کلمۂ کفر بکنا شروع کر دیں گے کہ آؤ! اب تک تو ہم اہل عرب سے لڑتے رہے، اب پہلے اپنے رب سے لڑ کر اس سے نمٹ لیں جس نے ہمارے شہر کو منہدم اور برباد کر دیا لیکن مسلمان ان پر حملہ کر کے اس جنگ میں قسطنطنیہ کو فتح کر لیں گے اور اسی اثناء میں واقعتہً دجال نکل آئے گا، اس کے کچھ عرصے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہو گا تو یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دجالی افواج کا مقابلہ کریں گے۔

## جنگ خلیج کی تفصیل ایک دوسری روایت سے:

خلیج کی اس جنگ کی تفصیل ایک دوسری روایت میں اس سے ذرا مختلف ہے اور وہ یہ کہ خلیج پر پہنچنے کے بعد مسلمانوں کے لشکر کا ایک حصہ آپس میں یہ عہد کرے گا کہ ہم غالب ہو کر ہی واپس آئیں گے ورنہ وہیں جان دیدیں گے چنانچہ وہ جا کر رومیوں سے قتال کریں گے اور یہاں تک لڑیں گے کہ رات ان دونوں لشکروں کے درمیان حائل ہو کر انہیں جدا کرے گی، مسلمانوں کا وہ دستہ مکمل شہید ہو جائے گا اور بقیہ ماندہ لشکر بغیر ہار جیت کے فیصلے کے واپس چلا جائے گا، تین دن تک یہی سلسلہ جاری رہے گا، چوتھے دن تمام مسلمان مل کر اکٹھا حملہ کریں گے جس میں کافروں کو شکست ہو جائے گی اور اس قدر کافر قتل ہوں گے کہ اس سے پہلے کبھی اتنے کافر قتل نہ ہوئے ہوں گے حتیٰ کہ اگر ایک پرندہ ان کی لاشوں پر سے گزر کر ایک سرے سے دوسرے سرے پر پہنچنا چاہے گا تو ان کے تعفن اور بدبو کی وجہ سے یا لمبی مسافت کی وجہ سے وہاں پہنچنے سے پہلے ہی گر کر مر جائے گا۔

مسلمان شکست خوردہ رومیوں کا تعاقب کرتے ہوئے خلیج کے کنارے جا پہنچیں گے، وہاں پہنچ کر ان کے قائد حضرت امام مہدی علیہ الرضوان سمندر کے قریب فجر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے وضو کے لیے اپنا جھنڈا گاڑ دیں گے لیکن وہ وضو کے لیے آگے بڑھیں گے تو پانی اپنی جگہ چھوڑ کر پیچھے ہٹنا شروع ہو جائے گا، یہ دیکھ کر امام مہدیؒ مسلمانوں سے مخاطب ہو کر کہیں گے کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے جس طرح بنی اسرائیل کے لیے سمندر میں راستہ بنا دیا تھا، اسی طرح تمہارے لیے بھی راستہ بنا دیا ہے اس لیے تم اس کو بے خوف وخطر عبور کر جاؤ۔ چنانچہ مسلمان اس کو عبور کر لیں گے اور سمندر پھر پہلے کی طرح ہو جائے گا۔

اب مسلمان شہر پناہ کے قریب پہنچ کر تین مرتبہ نعرۂ تکبیر بلند کریں گے جس سے ایوانِ کفر کی دیواریں لرز اٹھیں گی اور تیسری تکبیر پر اس کے بارہ برج گر پڑیں گے اور یوں وہ شہر مسلمانوں کے ہاتھ پر فتح ہو جائے گا، مسلمان وہاں ایک سال تک اقامت گزین رہیں گے اور اسی دوران وہاں پر مساجد بھی تعمیر کریں گے۔

پھر مسلمان دوسرے شہر میں داخل ہوں گے، وہاں فتح حاصل کرنے کے بعد وہ ابھی مال غنیمت تقسیم کر ہی رہے ہوں گے کہ ایک چیخنے والا چیخے گا کہ اے لوگو! شام میں تمہارے پیچھے دجال نکل آیا، مسلمان یہ سن کر واپس آ جائیں گے لیکن واپس پہنچنے پر معلوم ہو گا کہ یہ خبر جھوٹی تھی اس لیے مسلمان ایک ہزار کشتیوں پر مقام عکا سے سوار ہو کر الٹے پیروں روم واپس چلے جائیں گے۔ (مسلم شریف: ۷۳۳۳)

## بیت المقدس کا خزانہ:

تواریخ میں یہ بات مذکور ہے کہ جب بنی اسرائیل اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور سرکشی میں حد سے گزر گئے تو اللہ تعالیٰ نے طاہر بن اسماعیل نامی شخص کو ان پر مسلط فرما دیا چنانچہ اس نے بنی اسرائیل پر حملہ کر کے خوب قتل و غارت گری کی اور بیت المقدس، جو یہودیوں کا مذہبی عبادت خانہ تھا، کو تہس نہس کر کے اس کے تمام زیورات اور آرائش و تزیین کا سامان سمندری راستے سے ۷۰۰ کشتیوں پر لاد کر اپنے ساتھ روم لے گیا۔

جب حضرت امام مہدی رضوان اللہ علیہ روم کو فتح فرمائیں گے تو اس خزانے کو تلاش کروا کر بیت المقدس بھجوا دیں گے، نیز تابوت سکینہ، مائدہ بنی اسرائیل، الواح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تورات کے ٹکڑے، حضرت آدم علیہ السلام کا لباس، حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا، حضرت سلیمان علیہ السلام کا تخت، بنی اسرائیل پر نازل ہونے والے کھانے ''من'' کے دو قفیز جو دودھ سے بھی زیادہ سفید ہوں گے، کو بھی تلاش کروائیں گے۔ اس سلسلے میں امام قرطبیؒ نے تذکرہ میں حضرت حذیفہ بن الیمانؓ کی طویل حدیث ذکر کی ہے۔ ملاحظہ ہو:

حضرت حذیفہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے جس میں آپ نے یہ آیت قرآنی ''**ذلک لهم خزی فی الدنیا ولهم فی الآخرة عذاب عظیم**'' پڑھنے کے بعد فرمایا کہ پھر مہدیؓ اور ان کے ساتھ جو مسلمان ہوں گے، وہ شہر انطاکیہ میں آئیں گے جو کہ سمندر کے کنارے ایک بڑا شہر ہے اور اس پر تین مرتبہ نعرۂ تکبیر بلند کریں گے جس کی برکت سے قدرت خداوندی اس کی سمندری شہر پناہ کو گرا دے گی اور مسلمان، رومیوں کے مردوں کو قتل کر کے ان کی عورتوں اور بچوں کو قید کر لیں گے اور ان کے مال و دولت پر قبضہ کر لیں گے۔

یوں امام مہدیؓ کا انطاکیہ پر تسلط قائم ہو جائے گا اور وہ اس میں مساجد اور اسلامی طرز تعمیر کی عمارتیں بنوائیں گے، اس کے بعد شہر رومیہ، قسطنطنیہ اور کنیسۃ الذہب کا رخ کریں گے، چنانچہ قسطنطنیہ اور رومیہ میں داخل ہو کر وہاں کے لوگوں سے قتال کریں گے اور چار لاکھ لڑاکا رومیوں کو تہہ تیغ کر دیں گے۔ اس جنگ میں ستر ہزار باکرہ دوشیزائیں بطور باندی کے مال غنیمت میں حاصل ہوں گی۔

اسی طرح شہروں اور قلعوں کو فتح کرتے ہوئے، ان کے مال و دولت کو غنیمت بناتے ہوئے، مردوں کو قتل اور عورتوں اور بچوں کو قیدی بناتے ہوئے جب آپ کنیسۃ الذہب میں پہنچیں گے تو وہاں ایسا مال و دولت پائیں گے جس کو انہوں نے پہلی مرتبہ دیکھا اور اس پر قبضہ کیا ہو گا اور یہ وہ مال و دولت ہو گا جو بادشاہ روم قیصر نے اس کنیسہ میں اس وقت رکھا تھا جب اس نے اہل بیت المقدس سے جنگ کی تھی اور یہ مال و دولت وہاں پا کر اسے اپنے ساتھ ستر ہزار کشتیوں پر لاد کر لے آیا تھا اور بیت المقدس میں اس خزانے میں سے کچھ بھی نہیں چھوڑا تھا۔ امام مہدیؓ اس خزانے پر قبضہ کر کے اسے واپس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیت المقدس بھجوا دیں گے۔

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! پھر تو بیت المقدس کا مرتبہ اللہ تعالیٰ کے یہاں بہت زیادہ ہوا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہاں! بیت المقدس بڑا عظیم گھر ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے ذریعے سونے، چاندی، موتی، یاقوت اور زمرد سے بنوایا تھا اور وہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے جنات کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع کر دیا اور وہ حضرت سلیمانؑ کے پاس سونے، چاندی کی کانوں میں سے سونا، چاندی اور سمندروں سے جواہرات، یاقوت اور زمرد لے کر آتے تھے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہے:

﴿وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ﴾ (ص:۳۷)

''ہم نے حضرت سلیمانؑ کو معمار اور غوطہ زن جنات پر تسلط دے دیا۔''

ان چیزوں کے ذریعے حضرت سلیمانؑ نے بیت المقدس کی اس طرح تعمیر شروع کی کہ ایک اینٹ سونے کی اور ایک اینٹ چاندی کی، اسی طرح کچھ ستون سونے کے اور کچھ چاندی کے تھے اور اس کو موتیوں، یاقوت اور زمرد سے مزین کیا۔

حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! پھر بیت المقدس سے یہ چیزیں کیسے غائب ہوگئیں؟ فرمایا کہ جب بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور انبیاء علیہم السلام کو شہید کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان پر ایک مجوسی بخت نصر کو مسلط کر دیا اور سات سو سال تک اس کی حکومت قائم رہی۔ ارشادِ خداوندی ''فاذا جاء وعد اولٰهما ............'' الخ سے یہی مراد ہے۔

بخت نصر کے سپاہیوں نے بیت المقدس میں داخل ہو کر مردوں کو قتل کیا، عورتوں اور بچوں کو قیدی بنایا اور ان کے اموال اور بیت المقدس میں موجود تمام چیزوں پر قبضہ کر لیا اور اس کو ستر ہزار کشتیوں پر لاد کر بابل آئے اور بنی اسرائیل کو وہاں بسا کر سینکڑوں سال تک ان سے خدمت لیتے اور سخت عذابوں میں مبتلا کرتے رہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پھر اللہ تعالیٰ کو ان پر رحم آیا اور انہوں نے ملک فارس کے ایک بادشاہ کے دل میں یہ بات ڈالی کہ وہ بیت المقدس جا کر بنی اسرائیل کو آزاد کرائے، چنانچہ وہ بادشاہ، فارس سے روانہ ہو کر بابل پہنچا اور بقیہ بنی اسرائیل کو مجوسیوں کے ہاتھ سے آزاد کرایا اور بیت المقدس کے خزانوں کو بھی واپس بھجوا دیا نیز بنی اسرائیل سے کہا کہ دیکھو! اگر تم دوبارہ اپنی سابقہ روش پر واپس آ گئے تو تمہارے ساتھ پھر یہی سلوک ہوگا جواب ہوا اور ارشادِ باری تعالیٰ: ”عسی ربکم ان یرحمکم......“ الخ سے یہی مراد ہے لیکن بنی اسرائیل بیت المقدس واپس آنے کے کچھ عرصے بعد دوبارہ گناہوں میں مبتلا ہو گئے۔ اسپر اللہ تعالیٰ نے بادشاہِ روم قیصر کو ان پر مسلط کر دیا، ارشاد خداوندی ”فاذا جاء وعد الاخرۃ ......“ الخ سے یہی مراد ہے۔

قیصر روم نے بر و بحر سے ان پر لشکر کشی کی اور خوب قتل و قتال کیا اور ان کے اموال اور عورتوں کو لے گیا اور بیت المقدس کے تمام خزانوں کو جمع کر کے ستر ہزار کشتیوں پر لاد کر کنیسۃ الذہب میں لا کر رکھ دیا اور وہ اب تک وہیں ہے جب امام مہدیؒ تشریف لائیں گے تو وہ اس کو حاصل کر کے بیت المقدس واپس بھجوا دیں گے اور ان کے زمانے میں مسلمان، مشرکین پر غالب آ جائیں گے۔ (تذکرہ للقرطبی: ص۷۰۴ تا ۷۰۶)

## نعرۂ تکبیر سے شہر فتح ہو جائے گا:

قصۂ کوتاہ یہ کہ امام مہدیؒ بیت المقدس کے خزانے بھجوانے کے بعد تابوت سکینہ وغیرہ اشیاء کو لے کر ”قاطع“ نامی شہر میں تشریف لائیں گے، جس کی لمبائی ایک ہزار میل، چوڑائی ۵۰۰ میل اور ۳۶۰ دروازے ہوں گے، امام مہدیؒ اس کا محاصرہ کر لیں گے لیکن وہ شہر بھی سمندر پار ہوگا اور عجیب تر بات یہ ہوگی کہ اس سمندر کو عبور کرنے کے لیے کشتی بھی کام نہ آئے گی، صحابۂ کرامؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کشتی کیوں کام نہیں آئے گی؟ فرمایا اس لیے کہ وہ دریا زیادہ گہرا نہیں ہوگا البتہ مسلمان اس سمندر کے درمیان چلتے ہوئے اس کو عبور کر لیں گے اور وہاں پہنچ کر چار مرتبہ با آواز بلند نعرۂ تکبیر بلند کریں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گے جس کی شدت تاثیر کی وجہ سے اس کی شہر پناہ گر جائے گی اور مسلمان فاتحانہ انداز سے شہر میں داخل ہو کر مال غنیمت حاصل کر لیں گے اور وہاں سات سال گزار کر بیت المقدس واپس آ جائیں گے، یہاں پہنچ کر انہیں خروج دجال کی خبر معلوم ہو گی۔

## پوری دنیا کی حکمرانی:

ہر وہ شہر جس میں سکندر ذوالقرنین فاتحانہ داخل ہوئے تھے، ان تمام شہروں کو حضرت امام مہدیؒ فتح کر کے وہاں پرامن وامان قائم کر دیں گے اور لوگوں کو ہر قسم کے ظالموں سے پناہ دے دیں گے اور جس وقت دجال کا خروج ہو گا، آپؒ بیت المقدس میں ہوں گے۔

امام مہدیؒ کی اس شاندار فتح اور پوری دنیا پر حکومت کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں بیان فرمایا ہے:

﴿ملک الدنیا مؤمنان و کافران اما المؤمنان فذو القرنین وسلیمان واما الکافران فنمروذ و بخت نصر. وسیملکها خامس من عترتی وهو المهدی﴾

''پوری دنیا کے حکمران دو مومن اور دو کافر ہوئے ہیں، مومن تو حضرت سلیمان اور ذوالقرنین تھے، اور کافر نمرود اور بخت نصر تھے۔ اور عنقریب میری اولاد میں سے ایک آدمی جس کا پوری دنیا میں حکمرانی میں پانچواں نمبر ہو گا، آئیگا (اور پوری دنیا کا مالک ہو جائے گا) اس کا نام مہدی ہو گا''

## جنگ خلیج کے بعد کیا ہو گا؟

جنگ خلیج سے فارغ ہونے کے بعد مال غنیمت کی تقسیم کے موقع پر یہ افواہ اڑے گی کہ دجال نکل آیا۔ لیکن یہ خبر جھوٹی ہو گی تاہم کچھ عرصے بعد واقعۃً دجال نکل آئے گا اور زمین میں خوب فتنہ وفساد پھیلائے گا (جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں) اور مخلوقِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



خدا کو گمراہ کرتا ہوا دمشق پہنچے گا، حضرت امام مہدیؒ بھی وہاں پہنچ چکے ہوں گے، وہ مسلمانوں کو جمع کر کے دجال کے ساتھ مقابلہ کا ارادہ کر لیں گے۔ لیکن اس وقت مسلمان انتہائی سختی کے عالم میں ہوں گے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ مسلمانوں کا دجال کے ساتھ ٹکراؤ بیت المقدس میں ہوگا۔ ملاحظہ ہو:

﴿یحاصر الدجال المؤمنین ببیت المقدس فیصیبهم جوع شدید حتی یاکلوا اوتار قسیهم من الجوع فبینما هم علی ذلک اذاسمعوا اصواتافی الغلس فیقولون ان هذا لصوت رجل شبعان فینظرون فاذا بعیسی ابن مریم فتقام الصلوة فیرجع امام المسلمین المهدی فیقول عیسی تقدم فلک اقیمت الصلوة فیصلی بهم ذلک الرجل تلک الصلوٰة قال ثم یکون عیسی اماما بعده﴾

(کتاب البرہان: ج ۲ ص ۸۰۵)

”دجال بیت المقدس میں مسلمانوں کا محاصرہ کر لے گا اور مسلمان سخت بھوک کا شکار ہوں گے حتی کہ وہ بھوک کی وجہ سے اپنی کمانوں کی تانتیں کھالیں گے اور اسی حال میں ہوں گے کہ طلوع صبح صادق کے بعد کچھ آوازیں سنیں گے تو کہیں گے کہ یہ تو کسی پیٹ بھرے ہوئے آدمی کی آواز ہے چنانچہ لوگ دیکھیں گے تو اچانک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پائیں گے، اقامت ہو چکی ہوگی، مسلمانوں کے امام مہدیؒ پیچھے کو ہٹیں گے (اور کہیں گے کہ آیئے! نماز پڑھایئے) حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے کہ تم ہی آگے رہ کر (نماز پڑھاؤ) کیونکہ نماز کی اقامت تمہارے ہی لیے ہوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے چنانچہ وہ نماز تو امام مہدیؒ پڑھائیں گے اور بعد کی نمازوں میں حضرت عیسیٰؑ امامت فرمائیں گے۔"

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہ نے اپنی کتاب "علامات قیامت اور نزول مسیح" میں علامات قیامت کو ترتیب زمانی کے ساتھ مرتب فرمایا ہے۔ یہاں اس موضوع سے متعلق ان کی بیان کردہ ترتیب کو نقل کیا جاتا ہے:

"یہاں تک کہ مومنین اردن و بیت المقدس میں جمع ہو جائیں گے اور دجال شام میں (فلسطین کے ایک شہر تک) پہنچ جائے گا (جو باب لُد پر واقع ہوگا) اور مسلمان "افیق" نامی گھاٹی کی طرف سمٹ جائیں گے، یہاں سے وہ اپنے مویشی چرنے کے لیے بھیجیں گے جو سب کے سب ہلاک ہو جائیں گے، بالآخر مسلمان (بیت المقدس کے) ایک پہاڑ پر محصور ہو جائیں گے جس کا نام "جبل الدخان" ہے اور دجال (پہاڑ کے دامن میں پڑاؤ ڈال کر) مسلمانوں (کی ایک جماعت) کا محاصرہ کر لے گا، یہ محاصرہ سخت ہوگا جس کے باعث مسلمان سخت مشقت (اور فقر و فاقہ) میں مبتلا ہو جائیں گے حتیٰ کہ بعض لوگ اپنی کمان کی تانت جلا کر کھائیں گے۔ دجال آخری بار "اردن" کے علاقے میں "افیق" نامی گھاٹی پر نمودار ہوگا، اس وقت جو بھی اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو گا، وادیٔ اردن میں موجود ہوگا، وہ ایک تہائی مسلمانوں کو قتل کر دے گا، ایک تہائی کو شکست دے گا اور صرف ایک تہائی مسلمان باقی بچیں گے (جب یہ محاصرہ طول کھینچے گا) تو مسلمانوں کا امیر ان سے کہے گا کہ (اب کس کا انتظار ہے) اس سرکش سے جنگ کرو (تا کہ شہادت یا فتح میں سے ایک چیز تم کو حاصل ہو جائے) چنانچہ سب لوگ پختہ عہد کر لیں گے کہ صبح ہوتے ہی (نماز فجر کے بعد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دجال سے جنگ کریں گے۔"

وہ رات سخت تاریک ہوگی اور لوگ جنگ کی تیاری کر رہے ہوں گے کہ صبح کی تاریکی میں اچانک کسی کی آواز سنائی دے گی۔ (کہ تمہارا فریادرس آ پہنچا) لوگ تعجب سے کہیں گے کہ یہ تو کسی شکم سیر کی آواز ہے۔ غرض (نماز فجر کے وقت) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہو جائیں گے۔

نزول کے وقت وہ اپنے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے کاندھوں پر رکھے ہوئے ہوں گے۔" (علامات قیامت اور نزول مسیح ص ۱۵۳ تا ص ۱۵۵)

اسی کتاب کے ص ۱۵۷ پر "مقام نزول' وقت نزول اور امام مہدیؓ" کا عنوان قائم کر کے تحریر فرماتے ہیں:

"حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول دمشق کی مشرقی سمت میں سفید مینارے کے پاس (یا بیت المقدس میں امام مہدیؓ کے پاس) ہوگا۔ اس وقت امام (مہدیؓ) نماز فجر پڑھانے کے لیے آگے بڑھ چکے ہوں گے اور نماز کی اقامت ہو چکی ہوگی، امام (مہدیؓ) حضرت عیسیٰ کو امامت کے لیے بلائیں گے مگر وہ انکار کریں گے اور فرمائیں گے کہ (یہ اس امت کا اعزاز ہے کہ) اس کے بعض لوگ بعض کے امیر ہیں۔ جب امام (مہدیؓ) پیچھے ہٹنے لگیں گے تو آپ (ان کی پشت پر ہاتھ رکھ کر) فرمائیں گے تم ہی نماز پڑھاؤ، کیونکہ اس نماز کی اقامت تمہارے لیے ہو چکی ہے، چنانچہ اس وقت کی نماز امام مہدیؓ ہی پڑھائیں گے اور حضرت عیسیٰؑ بھی ان کے پیچھے پڑھیں گے اور رکوع سے اٹھ کر "سمع اللہ لمن حمدہ" کے بعد یہ جملہ فرمائیں گے۔ "قتل اللہ الدجال واظهر المؤمنين."

"غرض نماز فجر سے فارغ ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام دروازہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کھلوائیں گے جس کے پیچھے دجال ہوگا اور اس کے ساتھ ستر ہزار
مسلح یہودی ہوں گے، آپؓ ہاتھ کے اشارے سے فرمائیں گے کہ
میرے اور دجال کے درمیان سے ہٹ جاؤ......الخ''

روایات کی اس تفصیلی ترتیب سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ حضرت امام مہدیؓ کے ظہور کے بعد ان کی کفار و مشرکین اور یہود و نصاریٰ سے خونریز جنگیں ہوں گی حتیٰ کہ جنگ خلیج (جنگ قسطنطنیہ) سے فارغ ہونے کے بعد دجال کا خروج ہو جائے گا جس کو قتل کرنے کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے، نزول عیسیٰ کے بعد حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کا کام چونکہ پورا ہو چکا ہوگا اس لیے وہ حکومت و سلطنت اور دیگر تمام امور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سپرد کر کے ان کے تابع ہو جائیں گے اور دو سال تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معیت میں رہ کر انتقال فرما جائیں گے۔

جبکہ بعض علماء کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ نزول عیسیٰ کے بعد بھی انتظامی معاملات حضرت امام مہدیؓ کے پاس ہی رہیں گے اور امام مہدیؓ کی وفات کے بعد حضرت عیسیٰ ان کو سنبھال لیں گے اور اس میں بھی کوئی اشکال نہیں کیونکہ اگر امام مہدیؓ ہی خلیفہ و منتظم ہوں تو وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مشورہ کیے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھائیں گے۔

## حضرت امام مہدیؓ کی وفات اور ان کی مدت حکومت

حضرت شاہ رفیع الدین صاحبؒ اپنے رسالہ ''علامات قیامت'' میں تحریر فرماتے ہیں:

''آپ کی خلافت کی میعاد سات یا آٹھ یا نو سال ہوگی۔ واضح
رہے کہ سات سال عیسائیوں کے فتنے اور ملک کے انتظام میں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آٹھواں سال دجال کے ساتھ جنگ وجدال میں اور نواں سال حضرت عیسیٰ کی معیت میں گذرے گا اس حساب سے آپ کی عمر ۴۹ سال کی ہوگی۔ بعد ازاں امام مہدی علیہ السلام کی وفات ہو جائے گی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ کے جنازے کی نماز پڑھا کر دفن فرمائیں گے، اس کے بعد تمام چھوٹے بڑے انتظامات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ میں آجائیں گے۔"

حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ تحریر فرماتے ہیں:

"روایات وآثار کے مطابق ان کی عمر چالیس برس کی ہوگی جب ان سے بیعت خلافت ہوگی۔ ان کی خلافت کے ساتویں سال کانا دجال نکلے گا، اس کو قتل کرنے کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے، حضرت مہدی علیہ الرضوان کے دو سال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معیت میں گزریں گے اور ۴۹ برس میں ان کا وصال ہوگا۔" (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ج۱ص ۲۶۸)

## ظہور کے وقت امام مہدیؓ کی عمر:

ظہور کے وقت حضرت امام مہدیؓ کی عمر کے سلسلے میں مختلف روایات موجود ہیں لیکن ان میں سے کسی روایت کو ترجیح دینا یا ان مختلف روایات میں تطبیق دینا بہت مشکل ہے البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ مختلف روایات میں مختلف مواقع کی مدت بیان کی گئی ہو۔ چنانچہ نعیم بن حماد نے کتاب الفتن ص ۲۵۸ اور ص ۲۵۹ پر اس قسم کے کئی اقوال نقل کیے ہیں۔

(۱) کعب فرماتے ہیں کہ امام مہدی کی عمر ۵۱ یا ۵۲ سال ہوگی۔

(۲) عبداللہ بن الحارث کہتے ہیں کہ امام مہدیؓ کی عمر خروج کے وقت ۴۰ سال ہوگی۔ (غالباً اسی پر شاہ رفیع الدینؒ نے جزم فرمایا ہے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) صقر بن رستم اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ امام مہدیؒ جب حجاز سے دمشق پہنچ کر اس کی جامع مسجد کے منبر پر رونق افروز ہوں گے تو ۱۸ سال کے ہوں گے۔

(۴) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک طویل روایت کے آخر میں ان کے ظہور کے وقت ۳۰ سے ۴۰ سال کے درمیان عمر کا بیان ہے۔

(۵) ارطاۃ کے کہتے ہیں کہ امام مہدی کی عمر ۶۰ سال ہوگی۔

(۶) ''القول المختصر'' ص ۲۷ پر امام مہدیؒ کی مدت حکومت سات سال بیان کی گئی ہے جبکہ اسی کتاب کے ص ۵۳ پر تیس یا چالیس سال کی ذکر کی گئی ہے اور ص ۵۸ پر ۳۹ سال، زمین پر ٹھہرنے کی مدت ۴۰ سال، اس سے اگلی سطر میں ان کی زندگی کا تیس سالہ ہونا مذکور ہے۔ نیز ۱۴ سال کا بھی ذکر موجود ہے۔

ان تمام روایات کو سامنے رکھتے ہوئے یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ چونکہ اکثر روایات میں حضرت امام مہدیؒ کی عمر ۴۰ سال مذکور ہے اس لیے اس سے مراد حضرت امام مہدیؒ کی عمر کا وہ حصہ ہے جو بیعت سے پہلے انہوں نے گزارا ہوگا یعنی بیعت کے وقت ان کی عمر ۴۰ سال ہوگی، اس کے بعد سات سال تک وہ مسند خلافت پر رونق افروز رہیں گے جیسا کہ علامہ ابن حجر ہیتمیؒ نے اپنی کتاب القول المختصر کے ص ۲۷ پر اسی کو مشہور قرار دیا ہے اور چونکہ یہ سات سال ان کی مدت حکومت کے ہوں گے جس کے بعد بھی وہ زندہ رہیں گے اس لیے اتنی مدت تو ماننا پڑے گی جس میں وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دجال کے لشکر سے مقابلہ کرنے میں شریک ہو سکیں لیکن روایات سے اس کی تعیین نہیں ہوتی البتہ شاہ رفیع الدینؒ اور حضرت لدھیانویؒ نے تخمیناً سات سال مدت حکومت کے بعد دو سال مزید ذکر کیے ہیں۔

جبکہ طبرانی میں حضرت ابو امامہؓ سے ایک مرفوع روایت منقول ہے جس میں واضح طور پر الفاظ موجود ہیں کہ حضور ﷺ نے امام مہدیؒ کی عمر ۴۰ سال ذکر فرمائی اور پھر فرمایا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿یملک عشر سنین﴾

''وہ دس سال حکومت کریں گے۔''

اس مرفوع روایت کو لینے کے بعد مذکورہ تطبیق پھر ختم ہو جاتی ہے کیونکہ یہاں تو واضح طور پر ان کی مدت حکومت دس سال ذکر کی گئی ہے۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الکلام

## امام مہدیؒ کا انتقال طبعی ہوگا:

البتہ اتنی بات ضرور واضح ہے کہ حضرت امام مہدیؒ اپنی مقررہ مدت عمر پوری کرنے کے بعد اپنی طبعی موت سے انتقال فرمائیں گے چنانچہ شیخ علی متقیؒ نے کتاب البرہان ج ۲ ص ۸۳۶ پر نقل کیا ہے۔

﴿ثم یموت علی فراشہ﴾

''پھر امام مہدیؒ کا اپنے بستر پر انتقال ہو جائے گا۔''

یعنی وہ طبعی طور پر وفات پا جائیں گے، امام مہدیؒ کی نماز جنازہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پڑھائیں گے اور ان کو بیت المقدس ہی میں سپرد خاک کر دیں گے چنانچہ حضرت کاندھلویؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿ویصلی علیہ روح اللہ عیسی علیہ السلام ویدفنہ فی بیت المقدس کذافی شرح العقیدۃ السفارینیۃ ص ۸۱ ج ۲﴾

(التعلیق الصبیح ج ٦ ص ۲۰۳)

''اور ان کی نماز جنازہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پڑھائیں گے اور ان کو بیت المقدس میں دفن کریں گے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# باب ششم

## ﴿احادیث وآثار متعلقہ
## بالامام المہدیؓ﴾

ظہور مہدیؓ سے متعلق صحیحین کی آٹھ روایات
نیز ۳۷ صحابہ وصحابیات علیہم الرضوان کی
ظہور مہدیؓ سے متعلق مرویات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## ﴿احادیث وآثار متعلقہ بالامام المہدیؒ﴾

اس سے قبل ظہور مہدی کے متعلق عقیدے کی تفصیلی بحث میں آپ ان صحابہؓ و صحابیاتؓ کے اسماء گرامی مع حوالہ جات پڑھ چکے ہیں جن سے امام مہدیؒ کے متعلق روایات مروی ہیں۔ یہاں ان کی روایات ذکر کی جاتی ہیں اور اس سے قبل وہ روایات بھی ذکر کرنا مقصود ہیں جو امام مہدیؒ سے متعلق صحیحین (بخاری ومسلم) میں موجود ہیں، اس سے بعض لوگوں کے اس اعتراض کا بھی جواب جائے گا کہ روایات مہدیؒ صحیحین میں نہیں۔

## ﴿صحیحین کی وہ روایات جو امام مہدیؒ سے متعلق ہیں﴾

(١) صحیح بخاری ومسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

﴿قال رسول اللّٰہ ﷺ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و اما مکم منکم﴾ (بخاری ٣٤٤٩، مسلم حدیث نمبر ٣٩٢)

''حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب تم میں ابن مریم نازل ہوں گے اور تمہارا امام تم ہی میں کا ہوگا''

اس حدیث کی شرح میں ملا علی قاریؒ ''و امامکم منکم'' کے مصداق پر بحث کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

﴿منکم ای من اهل دینکم و قیل من قریش وهو المهدی والحاصل ان امامکم واحد منکم دون عیسی فانه بمنزلة الخلیفة وقیل فیه دلیل علی ان عیسی علیه الصلوٰة والسلام لا یکون من امة محمد علیه الصلوٰة والسلام بل مقررًا لملته معینالامته علیهما السلام وفی شرح السنة قال معمر وانکم وامامکم منکم وقال ابن ابی ذئب عن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ابن شهاب فامامكم منكم قال ابن ابی ذئب في معناه فامكم بكتاب ربكم وسنة نبيكم قال الطيبی رحمه الله فالضمير في "امكم" لعيسى "ومنكم" حال ای يؤمكم عيسى حال كونه من دينكم ويحتمل ان يكون معنى "امامكم منكم" كيف حالكم وانتم مكرمون عندالله تعالىٰ والحال ان عيسى ينزل فيكم وامامكم منكم وعيسى يقتدی بامامكم تكرمة لدينكم﴾

(مرقاۃ المفاتیح: ج۱۰ص۲۳۲)

''تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا'' کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا امام تمہارے ہی اہل دین میں سے ہوگا (کسی اور شریعت یا کتاب پر عامل نہیں ہوگا) اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد قریش ہیں (تمہارا امام قریش میں سے ہوگا) اور اس امام کا نام مہدی ہوگا۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تمہارا امام تم ہی میں کا ایک فرد ہوگا نہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمہارے امام ہوں گے کیونکہ وہ بمنزلہ خلیفہ کے ہوں گے چنانچہ بعض علماء نے کہا ہے کہ اس حدیث میں اس بات کی دلیل بھی موجود ہے کہ حضرت عیسیؑ امت محمدیہ میں سے نہیں ہوں گے بلکہ ملت محمدیہ کی تقویت اور امت محمدیہ کی اعانت کے لیے تشریف لائیں گے۔

شرح السنہ میں ہے کہ معمر نے اس حدیث کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ تم تو (مقتدی) ہوگے ہی، تمہارا امام بھی تم ہی میں سے ہوگا۔ اور ابن ابی ذئب نے ابن شہاب سے ''فامامکم منکم'' کا یہ معنی نقل کیا ہے کہ وہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کی روشنی میں تمہاری امامت کریں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس صورت میں ''امکم'' کی ضمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹے گی اور ''منکم'' ترکیب میں حال واقع ہو گا اور مطلب یہ ہو گا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمہارے دین کے مطابق تمہاری امامت کریں گے (انجیل پر نہ خود عمل کریں گے اور نہ دوسروں کو عمل کرائیں گے۔)

اور یہ بھی احتمال ہے کہ "امامکم منکم کا معنی یہ ہو کہ تم ایک معزز قوم ہو اور تمہاری عزت کا اس وقت کیا حال ہو گا جبکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تم میں نازل ہوں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہو گا نیز حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمہارے دینی اعزاز و اکرام کی بناء پر تمہارے امام کی اقتداء کریں گے۔''

حضرت مولانا سید بدر عالم مہاجر مدنیؒ اس حدیث کے تحت رقمطراز ہیں:

''حدیث مذکور میں ''وامامکم منکم'' کی شرح بعض علماء نے یہ بیان کی ہے کہ عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام جب نازل ہوں گے تو وہ شریعت محمدیہ ہی پر عمل فرمائیں گے اس لحاظ سے گویا وہ ہم ہی میں سے ہوں گے۔ اور بعض یہ کہتے ہیں کہ یہاں امام سے مراد امام مہدیؒ ہیں اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ایسے زمانے میں نازل ہوں گے جب کہ ہمارا امام خود ہم ہی میں ایک کا شخص ہو گا۔ ان دونوں صورتوں میں امامت سے مراد امامت کبریٰ یعنی امیر و خلیفہ ہے۔

اس مضمون کے ساتھ صحیح مسلم میں ''فیقول امیر هم تعال صل لنا'' کا دوسرا مضمون بھی آیا ہے یعنی کہ حضرت عیسی علیہ السلام جب نازل ہوں گے تو نماز کا وقت ہو گا اور امام مصلی پر جا چکا ہو گا۔ عیسی علیہ السلام کو دیکھ کر وہ امام پیچھے ہٹنے کا ارادہ کرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



گا اور عرض کرے گا کہ آپ آگے تشریف لائیں اور نماز پڑھائیں مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی کو امامت کا حکم فرمائیں گے اور یہ نماز خود اسی کے پیچھے ادا فرمائیں گے، یہاں امامت سے مراد امامت صغری یعنی نماز کا امام مراد ہے۔

اب ظاہر ہے کہ یہ دونوں مضمون بالکل علیحدہ علیحدہ ہیں اور آنحضرت ﷺ سے اسی طرح علیحدہ علیحدہ منقول ہوئے ہیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں لفظ "وامامکم منکم" سے پہلا مضمون مراد ہے اور مطلب یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے زمانے میں مسلمان کا امیر ایک نیک شخص ہوگا جیسا کہ ابن ماجہ کی حدیث میں اس کی وضاحت آچکی ہے ملاحظہ فرمایئے۔ ترجمان السنۃ ۳/۱۵۸۶۔ اس میں "وامامکم منکم" کی بجائے "وامامکم رجل صالح" صاف موجود ہے یعنی تمہارا امام ایک مرد صالح ہوگا"۔......... لہٰذا جب صحیح مسلم کی مذکورہ بالا حدیث میں یہ متعین ہو گیا کہ امام سے امیر وخلیفہ مراد ہے تو اب بحث طلب بات صرف یہ رہتی ہے کہ یہ امام اور رجل صالح کیا وہی امام مہدی رضی اللہ عنہ ہیں یا کوئی دوسرا شخص۔ ظاہر ہے کہ اگر دوسری روایات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس امام اور رجل صالح سے مراد امام مہدیؓ ہی ہیں تو پھر امام مہدیؓ کی آمد کا ثبوت خود صحیحین میں ماننا پڑے گا۔ اس کے بعد اب آپ وہ روایات ملاحظہ فرمائیں جن میں یہ مذکور ہے کہ یہاں امام سے مراد امام مہدیؓ ہی ہیں۔

یہ واضح رہنا چاہئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے زمانے میں کسی امام عادل کا موجود ہونا جب صحیحین سے ثابت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہے اور اس دعویٰ کے لئے کوئی ضعیف حدیث بھی موجود نہیں کہ وہ ''امام مہدیؒ'' نہ ہوں گے بلکہ کوئی اور امام ہوگا تو اب اس امام کے امام مہدیؒ ہونے کے انکار کے لئے کوئی معقول وجہ نہیں ہے بالخصوص جب کہ دوسری روایات میں اس کے امام مہدیؒ ہونے کی تصریح موجود ہے۔ اسی کے ساتھ جب صحیح مسلم کی حدیثوں میں اس امام کی صفات وہی ہیں جو حضرت امام مہدیؒ کی صفات ہیں تو پھر ان حدیثوں کو بھی امام مہدیؒ کی آمد کا ثبوت تسلیم کر لینا چاہیئے۔ اس کے علاوہ حدیثوں کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے جو اگرچہ بلحاظ اسناد ضعیف سہی لیکن صحیح وحسن حدیثوں کے ساتھ ملا کر وہ بھی امام مہدیؒ کی آمد کی حجت کہا جا سکتا ہے''۔

(ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۹۸۔۳۹۹)

۲۔ صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

﴿قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم لا تزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاهرین الی یوم القیمة قال فینزل عیسی بن مریم علیه السلام فیقول امیرهم تعال صل لنا فیقول لا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمة اللّٰہ هذه الامة﴾ (رواہ مسلم۔۳۹۰ مشکوۃ المصابیح ص ۴۸۰)

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں سے ایک جماعت قیامت تک مسلسل حق پر قتال کرتی رہے گی (اور) غالب رہے گی، فرمایا کہ پھر عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے تو ان کا امیر کہے گا کہ آیئے! اور ہمیں نماز پڑھایئے۔ وہ کہیں گے نہیں! بلکہ تم میں سے بعض لوگ بعض پر امیر ہیں اس امت کی عند اللہ عزت و شرافت کی وجہ سے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اس روایت میں اگر چہ امام مہدیؒ کے نام کی تصریح نہیں تاہم دیگر قوی شواہد و قرائن کی روشنی میں اس حدیث کا مصداق امام مہدی رضوان اللہ علیہ ہی قرار پاتے ہیں۔

۳۔ نیز صحیح مسلم ہی میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ایک اور روایت منقول ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

﴿یکون فی آخر امتی خلیفة یحثی المال حثیا لایعده عدًّا قال قلت لابی نضرة و ابی العلاء اتریان انه عمر بن عبدالعزیز؟ فقالا، لا﴾ (رواہ مسلم ۷۳۱۵)

''میری امت کے آخر میں ایک خلیفہ ہوگا جو لوگوں کو بغیر شمار کئے لپ بھر بھر کر مال دے گا۔ (حدیث کے ایک راوی جریری کہتے ہیں) کہ میں نے ابونضرہ اور ابوالعلاء سے پوچھا کہ کیا آپ کی رائے میں وہ خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ ہیں تو ان دونوں نے نفی میں جواب دیا''۔

اس قسم کی احادیث مسلم شریف میں ۷۳۱۵ تا ۷۳۱۹ ملاحظہ فرمائیں۔

احادیث مذکورہ میں اگر چہ امام مہدی رضی اللہ عنہ کے نام کی صراحت نہیں ہے لیکن محدثین کرام ان احادیث کا مصداق امام مہدی رضی اللہ عنہ ہی کو قرار دیتے ہیں نیز حارث بن ابی اسامہ کی مسند میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ روایت میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کے نام کی صراحت موجود ہے۔ اسی طرح نواب صدیق حسن خان نے اپنی کتاب ''الاذاعہ'' کے آخر میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی مسلم کی اس روایت پر امام مہدی رضی اللہ عنہ سے متعلق احادیث کو ختم کر کے تحریر فرمایا ہے۔

﴿ولیس فیه ذکر المهدی و لکن لا محمل له ولا مثال له من الاحادیث الا المهدی المنتظر کما دلت علی ذلک الاخبار المتقدمة والآثار الکثیرة﴾

(الاذاعہ ص ۱۴۴ بحوالہ اشراط الساعۃ ص ۲۵۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اس حدیث میں اگرچہ امام مہدی رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں لیکن احادیث میں امام مہدی رضی اللہ عنہ کے علاوہ اس کا کوئی محمل اور مثال موجود نہیں جیسا کہ اس پر گذشتہ احادیث اور بکثرت واردشدہ آثار دلالت کرتے ہیں۔''

۴۔ صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے موقوفاً مروی ہے جو کہ حکماً مرفوع ہے اس لئے کہ اپنی طرف سے ایسی بات کوئی صحابی نہیں کہہ سکتا تاوقتیکہ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کو سنا نہ ہو۔ علامہ سیوطیؒ نے الحاوی للفتاوی جلد دوم میں اس پر کافی شافی بحث فرمائی ہے۔ روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

﴿عن عبداللّٰه بن مسعود قال ان الساعة لا تقوم حتی لایقسم میراث ولایفرح بغنیمة ثم قال بیده هکذا و نحاها نحو الشام فقال عدو یجمعون لاهل الاسلام ویجمع لهم اهل الاسلام قلت الروم تعنی قال نعم قال ویکون عند ذاکم القتال ردة شدیدة فیشترط المسلمون شرطة للموت لاترجع الاغالبة فیقتتلون حتی یحجز بینهم اللیل فیفیئ هؤلاء و هؤلاء کل غیر غالب و تفنی الشرطة ثم یشترط المسلمون شرطة للموت لا ترجع الا غالبة فیقتتلون حتی یحجز بینهم اللیل فیفیئ هؤلاء و هؤلاء کل غیر غالب و تفنی الشرطة ثم یشترط المسلمون شرطة للموت لاترجع الاغالبة فیقتتلون حتی یمسوا فیفیئ هؤلاء و هؤلاء کل غیر غالب و تفنی الشرطة فاذا کان یوم الرابع نهد الیهم بقیة اهل الاسلام فیجعل اللّٰه الدائرة علیهم فیقتتلون مقتلة اما قال لایری مثلها و اما قال لم یر مثلها

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حتی ان الطائر لیمر بجنباتهم فما یخلفهم حتی یخر میتا فیتعاد بنو الاب کانوا مائة فلا یجدونه بقی منهم الا الرجل الواحد فبای غنیمة یفرح اوای میراث یقاسم فبیناهم کذلک اذ سمعوا بباس هو اکبر من ذلک فجاء هم الصریخ ان الدجال قد خلفهم فی ذراریهم فیرفضون ما فی ایدیهم و یقبلون فیبعثون عشر فوارس طلیعة قال رسول اللّٰه ﷺ انی لاعرف اسماؤهم و اسماء آبائهم والوان خیولهم هم خیر فوارس اومن خیر فوارس علی ظهر الارض یومئذ﴾

(رواہ مسلم ۲/۳۹۲، مشکوۃ المصابیح ص ۴۶۷)

''حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ (ایسا وقت نہ آجائے کہ) میراث تقسیم نہیں ہوگی اور مال غنیمت سے خوشی نہیں ہوگی (کیونکہ جب کوئی وارث ہی نہیں رہے گا تو ترکہ کون بانٹے گا اور جب کوئی لڑائی سے زندہ ہی نہیں بچے گا تو مال غنیمت کی کیا خوشی ہوگی؟) پھر اپنے ہاتھ سے شام کی طرف سے اشارہ کر کے فرمایا کہ اہل اسلام سے لڑنے کے لئے دشمن جمع ہوں گے۔ مسلمان بھی ان سے لڑنے کے لئے اکٹھے ہوں گے، راوی کہتے ہیں کہ میں نے پوچھا دشمنوں سے مراد رومی ہیں؟ فرمایا ہاں! اور اس موقع پر شدید لڑائی ہوگی چنانچہ مسلمان ایک جماعت کو لڑنے کے لئے بھیجیں گے جو یہ شرط لگائیں گے کہ یا تو مر جائیں گے یا پھر غالب ہو کر واپس آئیں گے، چنانچہ وہ جا کر اتنا لڑیں گے کہ رات ان کے درمیان حائل ہو جائے گی اور دونوں فوجیں ہار جیت کے فیصلے کے بغیر واپس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



آ جائیں گی اور مرنے کی نیت سے جانے والا اسلامی دستہ مکمل شہید ہو جائے گا اور تین دن تک اسی طرح ہوتا رہے گا۔

چوتھے دن بقیہ تمام مسلمان حملہ کے ارادہ سے بڑھیں گے، اللہ تعالیٰ اس دن کافروں کو شکست دے دیں گے اور ایسی زبردست جنگ ہوگی کہ اس سے پہلے نہ دیکھی گئی ہوگی (اور لاشوں کا اس قدر انبار لگ جائے گا کہ) ایک پرندہ ان پر سے اڑ کر گزرنا چاہے گا لیکن (شدت تعفن یا طول مسافت کی وجہ سے) اس میدان کو عبور کرنے سے پہلے گر کر مر جائے گا، اس کے بعد جب مردم شماری کی جائے گی تو اگر مثلاً کسی آدمی کے سو بیٹے تھے ان میں سے صرف ایک زندہ بچا ہوگا اور باقی سب شہید ہو چکے ہوں گے تو ایسی حالت میں کون سے مال غنیمت سے خوشی ہوگی یا کون سی وراثت تقسیم ہوگی۔ ابھی مسلمان اسی حالت میں ہوں گے کہ اس سے بڑی آفت کی خبر سنیں گے چنانچہ ایک شخص چیخ کر کہے گا کہ دجال ان کے پیچھے ان کے بچوں میں آ گھسا ہے۔ مسلمان یہ خبر سنتے ہی اپنے پاس موجود تمام چیزوں کو چھوڑ چھاڑ کر اس کی طرف روانہ ہو جائیں گے اور (تحقیق حال کے لئے) مقدمۃ الجیش کے طور پر دس سواروں کا ایک دستہ بھیجیں گے جن کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں ان سواروں اور ان کے باپوں کے نام اور ان کے گھوڑوں کے رنگوں تک کو جانتا ہوں اور وہ اس وقت روئے زمین کے بہترین شہسواروں میں سے ہوں گے"۔

(فائدہ): اس حدیث میں اگر چہ بظاہر امام مہدی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں لیکن محدثین کرام نے اس کو انہی کے زمانے پر محمول کیا ہے کیونکہ یہ واقعہ انہی کے زمانے میں پیش آئے گا جیسا کہ آپ گذشتہ اوراق میں بالتفصیل پڑھ آئے ہیں۔ لہٰذا اس روایت سے بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ظہور مہدیؓ کا ثبوت ملتا ہے۔

۵۔اسی طرح بخاری شریف میں حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

﴿عن عوف بن مالک قال اتیت النبی ﷺ فی غزوة تبوک و هو فی قبة من ادم فقال اعدد ستابین یدی الساعة موتی ثم فتح بیت المقدس ثم مُوتَانٌ یاخذفیکم کقعاص الغنم ثم استفاضة المال حتی یعطی الرجل مائة دینار فیظل ساخطاثم فتنة لا یبقی بیت من العرب الا دخلته ثم هدنة تکون بینکم و بین بنی الاصفر فیغدرون فیاتونکم تحت ثمانین غایة تحت کل غایة اثنا عشر الفا﴾ (رواہ البخاری، مشکوۃ ص ۴۶۶)

اس سے ملتی جلتی حدیث ابن ماجہ میں بھی ۴۰۴۲ پر موجود ہے۔

''حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس غزوۂ تبوک میں آیا جب کہ آپ ﷺ چمڑے کے ایک خیمے میں تھے۔ (مجھے دیکھ کر) فرمایا کہ قیامت سے پہلے چھ چیزوں کو شمار لو۔ ۱۔ میرا اس دنیا سے انتقال۔ ۲۔ بیت المقدس کی فتح ۳۔ عام موت جس طرح بکریوں میں وبائی مرض آجائے (اور وہ بکثرت مرنے لگیں)۔ ۴۔ مال کی اتنی بہتات کہ ایک آدمی کو سو دینار دیئے جائیں گے تو وہ اس پر بھی ناراض ہوگا۔ ۵۔ پھر ایسا فتنہ پھیلے گا کہ عرب کے ہر گھر میں داخل ہو جائے گا۔ ۶۔ پھر تمہارے اور رومیوں کے درمیان صلح ہوگی، وہ دھوکہ بازی سے کام لے کر تمہارے پاس (اس کثرت سے فوجیں لے کر) آئیں گے کہ وہ اسی جھنڈوں کے نیچے ہوں گے اور ہر جھنڈے کے نیچے بارہ ہزار سپاہی ہوں گے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فائدہ: اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے مولانا سید بدر عالم مہاجر مدنی ؒ تحریر فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں قیامت سے قبل چھ علامات کا ذکر کیا گیا ہے، جن کی تعیین میں اگر چہ بہت کچھ اختلافات ہیں اوران کے ابہام کی وجہ سے ہونے چاہئیں لیکن یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ حدیث مذکورہ کے بعض الفاظ حضرت امام مہدیؓ کے خروج کی علامات سے اتنے ملتے جلتے ہیں کہ اگر ان کو ادھر ہی اشارہ قرار دے دیا جائے تو ایک قریبی احتمال یہ بھی ہوسکتا ہے اس لئے اس حدیث کو حضرت امام مہدی علیہ السلام کی بحث میں لکھ دیا گیا ہے۔ یہ لحاظ کئے بغیر کہ محقق ابن خلدون اوران کے اذناب اس کے معتقد ہیں یا نہیں۔

تنبیہ: یہ بات قابل تنبیہ ہے کہ علماء کے نزدیک مفہوم عدد معتبر نہیں ہے اس لئے مجھ کو اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے کہ قیامت سے قبل اس کے ظہور کی چھ علامات ہیں یا کم وبیش۔ یہ وقت اور علامات کی حیثیت شمار کرنے سے مختلف ہوسکتی ہیں ان کا کسی حیثیت سے چھ ہونا بھی ممکن ہے اور کسی لحاظ سے وہ کم اور زیادہ بھی ہوسکتی ہیں ممکن ہے کہ وقتی لحاظ سے جن علامات کو آپ نے یہاں شمار کرایا ہے ان کا عدد کسی خصوصیت پر مشتمل ہو۔ یہ بات صرف یہاں نہیں بلکہ دیگر حدیثوں کے موضوع میں بھی اگر آپ کے پیش نظر رہے تو بہت سی مشکلات کے لئے موجب حل ہوسکتا ہے جیسا کہ فضل اعمال کی حدیثوں میں اختلاف ملتا ہے اور اس کو بہت پیچیدگیوں میں ڈال دیا گیا ہے حالانکہ یہ اختلاف بھی صرف وقتی اور شخصی اختلاف کے لحاظ سے پیدا ہو جانا بہت قرین قیاس ہے۔ مگر کیا کہا جائے منطقی عادات نے ہماری ذہنی ساخت کو بدل دیا ہے۔

ع چوں ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند (ترجمان السنۃ ج ۴ ص ۳۹۷)

نیز اس سے قبل آپ یہ بھی پڑھ آئے ہیں کہ حضرت امام مہدی علیہ الرضوان کے زمانے میں ہی یہ واقعہ پیش آئے گا لہٰذا یہ روایت بھی ظہور مہدیؓ کا اثبات کررہی ہے۔

۶۔ اسی طرح حضرت ابوہریرۃؓ سے مسلم شریف میں یہ روایت مروی ہے۔

﴿قال رسول اللّٰہ ''صلی اللہ علیہ وسلم'' لا تقوم الساعۃ حتی ینزل الروم بالاعماق او بدابق فیخرج الیھم جیش من

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



المدینة من خیار اھل الارض یومئذ فاذا تصافوا قالت الروم خلوا بیننا و بین الذین سبوا منا نقاتلھم فیقول المسلمون لا واللّٰہ لا نخلی بینکم و بین اخواننا فیقاتلونھم فینھزم ثلث لا یتوب اللّٰہ علیھم ابدا و یقتل ثلثھم افضل الشھداء عند اللّٰہ و یفتتح الثلث لا یفتنون ابدا فیفتحون قسطنطینة فبینماھم یقتسمون الغنائم قد علقوا سیوفھم بالزیتون اذصاح فیھم الشیطن ان المسیح قد خلفکم فی اھلیکم فیخرجون و ذلک باطل فاذا جاؤا الشام خرج فبیناھم یعدون للقتال یسوون الصفوف اذ اقیمت الصلوۃ فینزل عیسی ابن مریم فامھم فاذا راٰہ عدو اللّٰہ ذاب کما یذوب الماء فی الملح فلو ترکه لانذاب حتی یھلک و لکن یقتله اللّٰہ بیدہ فیریھم دمه فی حربته﴾

(روہ مسلم ۷۲۷۸، مشکوۃ ص ۴۶۶)

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ رومی اعماق یا دابق نامی جگہ پر پڑاؤ نہ کرلیں چنانچہ ان سے لڑنے کے لئے زمین والوں کے بہترین افراد پر مشتمل ایک لشکر مدینہ منورہ سے روانہ ہوگا، (وہاں پہنچ کر) جب دونوں لشکر صف بندی کرلیں گے تو رومی کہیں گے کہ تم ہمارے اوران لوگوں کے درمیان سے ہٹ جاؤ جن کو ہم میں سے قیدی بنا لیا گیا ہے تاکہ ہم انہی سے لڑ لیں (کیونکہ انہوں نے مسلمان ہوکر ہمارے ساتھ غداری کی ہے)۔ مسلمان کہیں گے کہ اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہو سکتا چنانچہ وہ ان سے لڑیں گے حتی کہ ایک تہائی مسلمان شکست کھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کر بھاگ کھڑے ہوں گے، ان کی توبہ اللہ کبھی قبول نہیں فرمائے گا، ایک تہائی مسلمان شہید ہو جائیں گے جو اللہ کے نزدیک افضل الشہداء ہوں گے اور ایک تہائی مسلمانوں کو فتح نصیب ہوگی اور یہ آئندہ کسی فتنے میں مبتلا نہ ہوں گے۔

مسلمان قسطنطنیہ کو فتح کر کے اپنی تلواروں کو زیتون کے درخت پر لٹکا کر ابھی مال غنیمت تقسیم کر ہی رہے ہوں گے کہ اچانک شیطان ان میں آ کر چیخے گا کہ تمہارے پیچھے دجال تمہارے گھر والوں میں آ گھسا (یہ خبر سنتے ہی) مسلمان روانہ ہو جائیں گے لیکن یہ خبر جھوٹی ہوگی تاہم مسلمان جب شام پہنچیں گے تو دجال واقعی نکل آئے گا۔

مسلمان اس سے لڑائی کی تیاری کر کے صفوں کو برابر کر رہے ہوں گے کہ نماز کھڑی ہو جائے گی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہو جائیں گے اور (آئندہ نمازوں میں) مسلمانوں کی امامت کریں گے۔ جب اللہ کا دشمن دجال ان کو دیکھے گا تو ایسے پگھلنا شروع ہو جائے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے چنانچہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کو قتل نہ بھی کریں تب بھی وہ گھل کر ختم ہو جائے گا لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کو اپنے ہاتھ سے قتل کر کے مسلمانوں کو اس کا خون اپنے نیزے پر لگا ہوا دکھائیں گے۔"

## فائدہ:

اس حدیث میں دو باتیں غور طلب ہیں:

(۱) "جیش من المدینۃ" میں مدینہ سے کون سا شہر مراد ہے؟

(۲) "فاہم" سے کیا مراد ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پہلی بات کی وضاحت کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿جیش من المدینة قال ابن الملک قیل المراد بهاحلب، والا عماق ودابق موضعان بقربه وقیل المراد بها دمشق وقال فی الازهار واما ماقیل من ان المراد بها مدینة النبی ﷺ فضعیف لان المراد بالجیش الخارج الی الروم جیش المهدی بدلیل آخر الحدیث ولان المدینة المنورة تکون خرابافی ذلک الوقت﴾

(مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ص ۱۴۶)

''مدینہ'' سے کیا مراد ہے؟ ابن ملک کہتے ہیں کہ اس میں ایک قول یہ ہے کہ اس سے شہر حلب مراد ہے اور اعماق ودابق اس کے قریب دو جگہیں ہیں اور ایک قول یہ ہے کہ اس سے دمشق مراد ہے اور کتاب الازهار میں ہے کہ اس سے مدینہ منورہ مراد لینے کا قول ضعیف ہے اس لیے کہ دوسری احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رومیوں کی طرف جانے والا لشکر امام مہدیؒ کا ہوگا (اور امام مہدیؒ اس وقت مدینہ منورہ میں نہیں ہوں گے) کیونکہ اس زمانے میں مدینہ منورہ ویران ہوگا۔''

جبکہ دوسری بات کی وضاحت کرتے ہوئے ملا علی قاریؒ رقمطراز ہیں:

﴿فامهم وفی روایة قدم المهدی معللا بان الصلوة انما اقیمت لک واشعارا بالمتابعة وانه غیر متبوع استقلالاً بل هو مقرر و مؤیدثم بعد ذلک یؤم بهم علی الدوام وقوله فامهم فیه تغلیب او ترکب مجاز ای امرامامهم بالا مامة ویکون الدجال حینئذ محاصرا للمسلمین﴾ (مرقاۃ المفاتیح: ج ۱۰ص ۱۴۸)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اس روایت میں حضرت عیسیٰؑ کی امامت کا تذکرہ ہے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ حضرت عیسیٰؑ یہ کہتے ہوئے امام مہدیؓ کو نماز کے لیے آگے بڑھائیں گے کہ اقامت تمہارے لیے ہوئی ہے اور اپنی متابعت کا احساس دلائیں گے نیز یہ کہ امام مہدیؓ مستقل طور پر متبوع (امام) نہیں بلکہ حضرت عیسیٰؑ ان کی تائید و تقویت فرما رہے ہیں پھر اس کے بعد مستقل طور پر حضرت عیسیٰؑ ہی نمازیں پڑھائیں گے لہٰذا حدیث کے اس لفظ ''فامّہم'' میں تغلیباً یا ترکیب مجازی کے طور پر کہہ دیا گیا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ امامت کریں گے یعنی امامت کا حکم دیں گے اور اس وقت دجال مسلمانوں کا محاصرہ کیے ہوئے ہوگا۔''

(۷) اسی طرح بخاری و مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت مروی ہے:

﴿قال رسول اللّٰہ ﷺ یوشک الفرات ان یحسر عن کنز من ذھب فمن حضر فلایا خذمنه شیئا﴾

(متفق علیہ، بخاری ۷۱۱۹، مسلم ۴؍۲۷، مشکوٰۃ المصابیح: ص ۴۶۹)

''حضور ﷺ نے فرمایا کہ عنقریب دریائے فرات کا پانی خشک ہو کر اس سے سونے کا ایک خزانہ ظاہر ہوگا، تم میں سے جو اس موقع پر حاضر ہو، وہ اس میں سے کچھ نہ لے۔''

## فائدہ:

اس کی تفصیل باب پنجم میں گزر چکی ہے اور یہی روایت مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے کچھ اضافے کے ساتھ بھی مروی ہے۔

﴿قال رسول اللّٰہ ﷺ لا تقوم الساعة حتی یحسر الفرات عن جبل من ذھب یقتتل الناس علیه فیقتل من

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کل مائة تسعة و تسعون ویقول کل رجل منهم لعلی اکون اناالذی انجو﴾ (رواہ مسلم ۲/۲۷، مشکوٰۃ ص ۴۶۹)

''حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت قائم نہیں ہوگی تاوقتیکہ دریائے فرات کا پانی خشک ہو کر اس میں سے سونے کا پہاڑ ظاہر نہ ہو جائے۔ اس کے حصول کے لیے لوگ آپس میں اس قدر لڑیں گے کہ ہر سو میں سے ننانوے افراد مارے جائیں گے اور اس جنگ میں ہر آدمی یہی سمجھے گا کہ شاید میں بچ جاؤں۔''

(۸) اسی طرح مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ مرفوع روایت بھی منقول ہے:

﴿عن ابی هريرة ان النبی ﷺ قال سمعتم بمدينة جانب منها فی البر و جانب منها فی البحر؟ قالوا نعم يا رسول اللّٰه قال لا تقوم الساعة حتی يغزوها سبعون الفامن بنی اسحق فاذا جاؤ ها نزلوا فلم يقاتلوا بسلاح ولم يرموا بسهم قالوا لا اله الا اللّٰه و اللّٰه اكبر فيسقط احد جانبيها قال لا اعلمه الا قال الذی فی البحر ثم يقولون الثانية لا اله الا اللّٰه و اللّٰه اكبر فيسقط جانبها الاخر ثم يقولون الثالثة لا اله الا اللّٰه و اللّٰه اكبر فيفرج لهم فيدخلونها فيغنمون فبينماهم يقتسمون المغانم اذا جاء هم الصريخ فقال ان الدجال قد خرج ويتركون كل شی و يرجعون﴾ (رواہ مسلم ۲/۳۳۳، مشکوٰۃ المصابیح: ص ۴۶۷)

''حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرامؓ سے پوچھا کہ کیا تم نے کسی ایسے شہر کے متعلق سنا ہے جس کے ایک جانب خشکی اور دوسری جانب سمندر ہو؟ صحابہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے عرض کیا جی ہاں یا رسول اللہ! فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ بنی اسحاق کے ستر ہزار افراد اس شہر کے لوگوں سے جہاد نہ کر لیں چنانچہ مجاہدین جب وہاں پڑاؤ کریں گے تو نہ اسلحہ سے لڑیں گے اور نہ تیر پھینکنے کی نوبت آئے گی، صرف ایک مرتبہ "لا الہ الا اللّٰہ و اللّٰہ اکبر" کہنے سے شہر پناہ کا ایک حصہ گر جائے گا۔"

ثور بن یزید کہتے ہیں کہ میں تو یہی جانتا ہوں کہ میرے شیخ نے یہ کہا تھا کہ اس سے مراد سمندر کی جانب والی دیوار ہے۔ پھر مسلمان دوبارہ نعرۂ تکبیر بلند کریں گے تو شہر پناہ کا دوسرا حصہ بھی گر جائے گا اور تیسری مرتبہ نعرۂ تکبیر بلند کرنے سے اتنی کشادگی ہو جائے گی کہ سارے مسلمان شہر میں داخل ہو (کر اس پر قابض ہو) جائیں گے اور مال غنیمت حاصل کر کے ابھی اسے تقسیم کر ہی رہے ہوں گے کہ ایک آدمی چیخ کر کہے گا کہ دجال نکل آیا۔ مسلمان یہ خبر سن کر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر واپس چلے جائیں گے۔"

## فائدہ:

اس حدیث میں اولاً تو یہ بات ملحوظ رہے کہ یہاں بنو اسحاق کے ستر ہزار افراد کا ذکر ہے اور بعض روایات میں بنو اسماعیل کے ستر ہزار افراد کا ذکر ہے اور بقول علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ کے بنو اسماعیل ہی راجح ہے۔ (ملاحظہ ہو القول المختصر: ص ۳۸)

ثانیاً یہ کہ دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ قسطنطنیہ کا ہے جو حضرت امام مہدیؒ کے زمانے میں فتح ہوگا لہٰذا اس روایت سے بھی ظہور مہدیؒ کا ثبوت ملتا ہے۔

مولانا بدر عالمؒ اس موقع پر فرماتے ہیں:

"دوسری روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ قسطنطنیہ کا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہاں نعرۂ تکبیر سے شہر کے فتح ہو جانے پر تعجب کرنے والے مسلمان ذرا غور و فکر کے ساتھ ایک بار اپنی گذشتہ تاریخ کا مطالعہ کریں تو ان کو معلوم ہوگا کہ مسلمانوں کی فتوحات کی تاریخ اس قسم کے عجائبات سے معمور ہے اور سچ یہ ہے کہ اگر اس قسم کی غیبی امدادیں ان کے ساتھ نہ ہوتیں تو اس زمانے میں جبکہ نہ دخانی جہاز تھے، نہ فضائی طیارے اور نہ موٹر۔ پھر ربع سکوں میں اسلام کو پھیلا دینا یہ کیسے ممکن تھا آج جب کہ مادی طاقتوں نے سیر و سیاحت کا مسئلہ بالکل آسان کر دیا ہے جس حصہ زمین میں ہم پہنچتے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ اسلام ہم سے پہلے وہاں پہنچ چکا تھا۔ علاء بن حضرمی صحابی اور ابو مسلم خولانی" کا مع اپنی فوج کے سمندر کو خشکی کی طرح عبور کر جانا تاریخ کا واقعہ ہے۔ خالد بن ولیدؓ کے سامنے مقام حیرہ میں زہر کا پیالہ پیش ہونا اور ان کا بسم اللہ کہہ کر نوش کر لینا اور اس کا نقصان نہ کرنا بھی تاریخ کی ایک حقیقت ہے، سفینہ (آپ ﷺ کے غلام کا نام ہے) کا روم میں ایک جگہ گم ہو جانا اور ایک شیر کا گردن جھکا کر ان کو لشکر تک پہنچانا اور حضرت عمرؓ کا مدینہ میں منبر پر اپنے جنرل ساریہ کو آواز دینا اور مقام نہاوند میں ان کا سن لینا اور حضرت عمرؓ کے خط سے دریائے نیل کا جاری ہونا یہ تمام تاریخ کے مستند حقائق ہیں۔"

"ان واقعات کے سوا جو بسلسلۂ سند ثابت ہیں ہندوستان کے بہت سے عجیب واقعات ایسے بھی ثابت ہیں جن میں سے کئی ایک کی شہادت تو انگریزوں کی زبان سے ثابت ہے۔"

(ترجمان السنۃ: ج ۴ ص ۳۹۴)

(۹) خانہ کعبہ پر حملہ کیلئے سفیانی کیطرف سے بھیجے جانے والے لشکر اور اس کے زیر زمین دھنسنے کا واقعہ بخاری شریف میں بھی حدیث نمبر ۲۱۱۸ پر موجود ہے، جو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے، اس واقعے سے بھی اشارۃً امام مہدیؒ کا ثبوت بخاری میں ہی مل جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## روایاتِ صحابہ دربارۂ مہدی رضوان اللہ علیہ

امام مہدیؓ سے متعلق صحیحین کی روایات آپ ملاحظہ فرما چکے اب ان صحابہؓ و صحابیاتؓ کی روایات نقل کی جاتی ہیں جو امام مہدیؓ سے متعلق روایات کے ناقل ہیں اور ان کے اسماء گرامی آپ باب اول میں پڑھ آئے ہیں۔ یاد رہے کہ یہاں ناموں کی اسی ترتیب سے باضافہ عنوانات روایات مع ترجمہ کے نقل کرنا مقصود ہے، تشریحات گذشتہ ابواب میں گزر چکی ہیں۔ امید ہے کہ اس سے قارئین فائدہ جدیدہ حاصل کریں گے اور اکتاہٹ محسوس نہ کریں گے۔

### (۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت

**خزانۂ بیت اللہ کو تقسیم کرنے والے:**

﴿عن عمر بن الخطاب انه ولج البيت وقال والله ماادری ادع خزائن البيت ومافيه من السلاح والاموال اوقسمه فی سبيل اللّٰه؟ فقال له علی بن ابی طالب امض يا امير المؤمنين فلست بصاحبه انما صاحبه مناشاب من قريش يقسمه فی سبيل اللّٰه فی آخر الزمان﴾

(کتاب البرہان: ج ۲ص ۵۵۲)

''ایک مرتبہ حضرت عمرؓ بیت اللہ میں داخل ہوئے اور فرمانے لگے کہ اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ میں بیت اللہ کے خزانے، اس کے اسلحے اور مال و دولت کو چھوڑے رکھوں یا راہِ خدا میں تقسیم کردوں؟ تو حضرت علیؓ نے فرمایا اے امیرالمؤمنین! اس کو چھوڑ دیجئے کہ آپ اس کو تقسیم کرنے والے نہیں بلکہ اس کو تقسیم کرنے والا قریش میں سے ہم میں کا ایک نوجوان آخر زمانے میں ہوگا جو اس کو تقسیم کرے گا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



محدثین کرام نے اس حدیث کا مصداق امام مہدیؒ کو قرار دیا ہے۔ نیز یہ کہ اگر امام مہدیؒ کا ظہور برحق نہ ہوتا تو حضرت عمرؓ فوراً حضرت علیؓ کی اس بات کا انکار کر دیتے۔ لیکن ان کا انکار منقول نہیں، معلوم ہوا کہ امام مہدیؒ کا ظہور برحق ہے۔

## (۲) ﴿حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؒ، اولاد عباسؓ میں سے؟

﴿عن عثمان بن عفان قال سمعت النبی ﷺ یقول المهدی من ولد العباس عمی﴾ (کتاب البرہان: ج۲ص۵۹۱)

''حضرت عثمان غنیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مہدی، میرے چچا عباس کی اولاد میں سے ہوں گے۔''

اس حدیث پر بظاہر یہ اشکال وارد ہوتا ہے کہ امام مہدیؒ تو حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے ہوں گے اور اس روایت میں حضرت عباسؓ کی اولاد میں سے ہونے کا تذکرہ ہے؟ اس کا جواب اسی رسالے کے باب دوم میں گزر چکا ہے۔ وہاں ملاحظہ فرمائیں:

## (۳) ﴿حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### خلافت کے لیے امام مہدیؒ کو تیار کرنا:

﴿عن علی قال قال رسول اللہ ﷺ المهدی منکم اهل البیت یصلحه اللہ فی لیلة﴾ (مسند ابی یعلی الموصلی: ج۱ص۲۵۹)

''حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مہدی تم (میرے) اہل بیت میں سے ہوگا جس کی اصلاح اللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں کر دیں گے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۴) ﴿حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### ظہور مہدیؓ سے قبل کے واقعات:

﴿روی من حدیث معاویة بن ابی سفیان فی حدیث فیه طول عن النبی ﷺ قال ستفتح بعدی جزیرة تسمی بالاندلس فتغلب علیهم اهل الکفر فیا خذون من اموالهم واکثر بلدهم ویسبون نساء هم و اولادهم ویهتکون الاستار و یخربون الدیار و یرجع اکثر البلد فیافی وقفارا و تنجلی اکثر الناس عن دیار هم و اموالهم فیا خذون اکثر الجزیرة ولا یبقی الا اقلها ویکون فی المغرب الهرج والخوف ویستولی علیهم الجوع والغلاء وتکثر الفتنة ویاکل الناس بعضهم بعضا فعندذلک یخرج رجل من المغرب الا قصی من اهل فاطمة بنت رسول اللہ ﷺ وهو المهدی القائم فی آخر الزمان وهو اول اشراط الساعة﴾ (التذکرہ للقرطبی: ص۷۰۳)

— ''حضرت امیر معاویہؓ کی ایک طویل حدیث میں مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا عنقریب میرے بعد اندلس نامی جزیرہ فتح ہوگا اور اس پر کفار غالب آ کر ان کے اموال اور اکثر شہروں پر قبضہ کر لیں گے، ان کی عورتوں اور اولاد کو قید کر لیں گے۔ ان کی عصمت دری کریں گے، شہروں کو اس طرح ویران کر دیں گے کہ اکثر شہر جنگلوں کی مانند ہو جائیں گے، اکثر لوگ اپنے شہر اور مال ودولت کو چھوڑ کر چلے جائیں گے اور تھوڑے سے حصہ کے علاوہ پورے جزیرے پر ان کا قبضہ ہو جائے گا اور مغرب میں قتل اور خوف و ہراس پھیل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جائے گا۔ لوگوں پر بھوک اور مہنگائی غالب آ جائے گی، فتنے زیادہ ہو جائیں گے، لوگ ایک دوسرے کو کاٹ کھانے کے درپے ہوں گے، اس وقت مغرب اقصی سے حضرت فاطمہؓ کی اولاد میں سے مہدی نامی شخص کا ظہور ہوگا جو آخری زمانے میں ہوگا اور اس کا آنا علامات قیامت میں سے پہلے علامت ہے۔''

## (۵) ﴿حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### جہادِ مہدیؒ سنت کی روشنی میں ہوگا:

﴿عن عائشة عن النبی ﷺ قال هو رجل من عترتی فيقاتل علی سنتی كما قاتلت انا علی الوحی﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۶۳)

''حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا مہدیؒ میری اولاد میں سے ایک آدمی ہوگا جو میری سنت کی روشنی میں جہاد کرے گا جیسے میں نے وحی کی روشنی میں جہاد کیا ہے۔''

## (۶) ﴿حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### مقام بیداء میں لشکر کا دھنس جانا:

﴿عن حفصة رضی الله عنها انها سمعت النبی ﷺ يقول ليؤمن هذ البيت جيش يغزونه حتی اذا كانوا ببيداء من الارض يخسف باوسطهم وينادی اولهم آخرهم ثم يخسف بهم فلايبقی الاالشريد الذی يخبر عنهم﴾ (مسلم شریف ۲۴۲/۷)

''حضرت حفصہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو میں نے یہ فرماتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے سنا کہ ایک لشکر اس بیت اللہ کا ضرور قصد کرے گا یہاں تک کہ جب وہ بیداء نامی جگہ پہنچے گا تو درمیان والا حصہ زمین میں دھنس جائے گا، یہ دیکھ کر لشکر کے اگلے لوگ پچھلوں کو آواز دیں گے لیکن ان کو بھی دھنسا دیا جائے گا اور سوائے مخبر کے کوئی بھی نہ بچے گا۔'' (بعض روایات میں دو آدمیوں کے بچنے کا تذکرہ ہے جن کا نام وبرا اور وبیر ہوگا۔'' (کتاب الفتن: ص ۲۲۸)

## (۷) ﴿حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### نیتوں پر لوگوں کو اٹھایا جائے گا:

﴿عن صفية ام المؤمنين رضي الله عنها قالت قال رسول الله ﷺ لا ينتهي الناس عن غزو هذا البيت حتى يغزو جيش حتى اذا كانوا بالبيداء اوبيداء من الارض خسف باولهم وآخرهم ولم ينج اوسطهم قلت يا رسول الله! فمن كره منهم؟ قال يبعثهم الله على مافي انفسهم﴾ (رواہ احمد وابوداؤد)

''ام المؤمنین حضرت صفیہؓ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بیت اللہ پر لوگ ہمیشہ لشکر کشی کرتے رہیں گے حتیٰ کہ ایک لشکر بیت اللہ پر حملہ کی نیت سے روانہ ہو کر جب مقام بیداء میں پہنچے گا تو سارا لشکر زمین میں دھنس جائے گا۔ اور کوئی بھی نہ بچے گا، میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اگر اس لشکر میں بعض لوگوں کو زبردستی شامل کر لیا گیا ہو (تو ان کا کیا حکم ہے؟) فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ انہیں ان کی نیتوں پر اٹھائیں گے۔''

---

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۸) ﴿حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### ایک مشرقی لشکر کا حملہ:

﴿عن ام حبیبة رضی اللّٰه عنها قالت سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول یخرج ناس من قبل المشرق یریدون رجلا عندالبیت حتی اذا کانوا ببیداء من الارض یخسف بهم﴾ (کتاب البرہان: ج ۲ ص ۶۴۲)

''حضرت ام حبیبہؓ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مشرق سے کچھ لوگ بیت اللہ میں موجود ایک آدمی (مہدیؒ کو شہید کرنے) کے ارادے سے نکلیں گے۔ یہاں تک کہ جب وہ مقام بیداء میں پہنچیں گے تو زمین میں دھنسا دیے جائیں گے۔''

## (۹) ﴿حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### امام مہدیؒ کی اجمالی سوانح حیات:

﴿عن ام سلمةزوج النبی ﷺ عن النبی ﷺ قال یکون اختلاف عند موت خلیفة فیخرج رجل من اهل المدینة هاربا الی مکة فیاتیه ناس من اهل مکة فیخرجونه وهو کاره فیبایعونه بین الرکن والمقام ویبعث الیه بعث من الشام فیخسف بهم بالبیداء بین مکة والمدینة فاذا رأی الناس ذلک اتاه ابدال الشام وعصائب اهل العراق فیبایعونه ثم ینشأ رجل من قریش اخواله کلب فیبعث الیهم بعثا فیظهرون علیهم وذلک بعث کلب والخیبة لمن لم یشهد غنیمة کلب فیقسم المال ویعمل فی الناس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسنة نبيهم ﷺ ويلقى الاسلام بجرانه الى الارض يلبث سبع سنين ثم يتوفى ويصلى عليه المسلمون. اخرجه ابن ابى شيبة واحمد و ابوداؤد وابو يعلى والطبرانى﴾ (الحاوی للفتاوی: ج ۲ ص ۷۱، ابوداؤد: [illegible])

''حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا عنقریب ایک خلیفہ کی موت کے وقت نئے خلیفہ کے انتخاب میں لوگوں کا اختلاف ہوگا، مدینہ والوں میں سے ایک آدمی بھاگ کر مکہ آجائے گا، کچھ اہل مکہ ان کے پاس آکر زبردستی ان سے حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان بیعت کریں گے پھر ان کے مقابلے کے لیے شام سے ایک لشکر روانہ ہوگا جو مکہ اور مدینہ کے مابین مقام بیداء میں دھنس جائے گا، لوگ جب اس کرامت کو دیکھیں گے تو شام کے ابدال اور اہل عراق کے عصائب ان کے پاس آکر ان سے بیعت کریں گے۔''

پھر قریش کا ایک آدمی جس کے ننھیال والے بنوکلب ہوں گے، ان سے مقابلے کے لیے ایک لشکر بھیجے گا تو یہ لوگ اس پر غالب آجائیں گے، اس کو ''لشکر کلب'' کہتے ہیں اور وہ شخص بڑا محروم ہے جو بنوکلب سے حاصل شدہ مال غنیمت کی تقسیم کے موقع پر موجود نہ ہو۔ پس امام مہدیؓ مال غنیمت تقسیم کریں گے اور لوگوں کے معاملات میں سنت نبوی کے پیرو ہوں گے، ان کے زمانے میں اسلام اپنی گردن زمین پر ڈال دے گا (اسلام کو استحکام نصیب ہوگا) وہ سات سال تک اسی حال میں رہیں گے پھر ان کی وفات ہو جائے گی اور مسلمان ان کی نماز جنازہ کی ادائیگی (کرکے ان کی تدفین) کریں گے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۱۰) ﴿حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؓ کی حکومت:

﴿عن ابن مسعود عن النبی ﷺ قال لا تذهب الدنیا حتی یملک العرب رجل من اهل بیتی یواطئ اسمه اسمی. رواه احمد و ابوداؤد والترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح﴾ (ترمذی: ج۲ص۴۶، الحاوی للفتاوی: ج۲ص۷۰)

''حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک کہ میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی، جس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا، سرزمین عرب کا مالک نہ ہو جائے۔''

## (۱۱) ﴿حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت﴾

### امام مہدیؓ کے اعوان وانصار:

﴿روی ابن مردویه عن ابن عباس ضی الله عنهما مرفوعا قال اصحب الکهف اعوان المهدی﴾ (الاشاعہ: ص۲۲۴)

''ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے کہ اصحاب کہف امام مہدیؓ کے اعوان ومددگار ہوں گے۔''

## (۱۲) ﴿حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؓ کا حلیہ:

﴿عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله ﷺ المهدی منی اجلی الجبهة اقنی الانف یملأ الارض

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا ويملك سبع سنين﴾ (ابوداؤد: ج ۲ص ۲۴۰، واخرجہ الحاکم ایضاً)

''حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مہدی مجھ سے (میری اولاد میں سے) ہوں گے، خوبصورت کشادہ پیشانی اور لمبی ستواں ناک والے ہوں گے زمین کو اسی طرح عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ پہلے ظلم وستم سے بھری ہوئی ہوگی اور سات سال حکومت کریں گے۔''

## (۱۳) ﴿حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### دریائے فرات سے سونے کے ستون کا نکلنا:

﴿عن ابی هريرة قال قال رسول الله يوشك الفرات ان يحسر عن كنز من ذهب فمن حضر فلا ياخذ منه شيئا﴾ متفق علیہ۔ (مشکوٰۃ المصابیح: ص ۴۶۹)

''حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عنقریب دریائے فرات کا پانی خشک ہو کر اس میں سے سونے کا ایک خزانہ ظاہر ہوگا تو (تم میں سے) جو اس موقع پر حاضر ہو، وہ اس میں سے کچھ نہ لے۔'' (کتاب الفتن: ص ۲۳۴ پر کچھ الفاظ کی تبدیلی کے ساتھ یہی روایت حضرت ابو ہریرہؓ ہی سے مروی موجود ہے۔)

## (۱۴) ﴿حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؒ کی بیعت کرنے کی تاکید:

﴿عن ثوبان قال قال رسول الله ﷺ تطلع الرايات السود من قبل المشرق فيقاتلونكم قتالا شديدا لم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقاتله قوم مثله فاذا رایتموه فبایعوه ولو حبوا علی الثلج فانه خلیفة الله المهدی﴾ (الاشاعۃ: ص ۲۴۰)

''حضرت ثوبانؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا (قیامت کے قریب) مشرق کے رخ سے سیاہ جھنڈے ظاہر ہوں گے اور وہ تم سے ایسی سخت جنگ کریں گے کہ اس جیسی جنگ کسی قسم کی قوم نے نہ لڑی ہوگی۔ پس جب تم اس کو دیکھ لو تو (اس کے قائد سے) بیعت کر لو اگرچہ تمہیں (بیعت کے لیے) برف پر چل کر آنا پڑے کیونکہ اس میں اللہ کا خلیفہ مہدی ہوگا۔''

## (۱۵) ﴿حضرت عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### قیامِ خلافتِ مہدیؓ کے معاونین:

﴿عن عبدالله بن الحارث بن جزء الزبیدی قال قال رسول الله ﷺ یخرج ناس من المشرق فیوطئون للمهدی یعنی سلطانه.﴾ اخرجه ابن ماجة و الطبرانی (ابن ماجہ: ۴۰۸۸)

''حضرت عبداللہ بن حارثؓ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا مشرق سے کچھ لوگ نکلیں گے جو امام مہدیؓ کے لیے (مسئلہ) خلافت کو آسان کر دیں گے۔''

## (۱۶) ﴿حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### سرداران اہل جنت:

﴿عن انس قال سمعت رسول الله ﷺ یقول نحن ولد عبدالمطلب سادة اهل الجنة انا وحمزة و علی و جعفر والحسن والحسین والمهدی.﴾ اخرجه ابن ماجة وابو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نعیم (ابن ماجہ: ۴۰۸۷)

''حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ عبدالمطلب کی اولاد میں ہم (سات لوگ) اہل جنت کے سردار ہوں گے، میں خود (حضور ﷺ) حمزہ، علی، جعفر، حسن، حسین اور مہدی، رضی اللہ عنہم۔''

## (۱۷) ﴿حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؓ کی داد و دہش:

﴿عن جابر قال قال رسول اللہ ﷺ یکون فی آخر امتی خلیفۃ یحثی المال حثیا و لا یعدہ عدا﴾ اخرجہ احمد و مسلم (مسلم شریف: ۷۳۱۵)

''حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا میری امت کے آخر میں ایک خلیفہ ہوگا جو لوگوں کو لپ بھر بھر کر بغیر شمار کیے مال و دولت سے نواز ے گا۔''

### فائدہ:

علامہ سیوطیؒ نے اس روایت کو مرفوعاً نقل کیا ہے جبکہ مصنف عبدالرزاق ج ۱۱ ص ۳۷۲ پر حضرت جابرؓ کی اسی روایت کو موقوفاً نقل کیا گیا ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ روایت مرفوع ہی ہے جیسا کہ صحیح مسلم اور مسند احمد میں ہے۔

## (۱۸) ﴿حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### خزانہ بیت المقدس اور امام مہدیؓ:

﴿قال حذیفۃ رضی اللہ عنہ فسمعت رسول اللہ ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقول لیستخرجن المھدی ذلک حتی یردہ الی بیت المقدس﴾ (الاشاعہ: ص ۲۲۳)

''حضرت حذیفہؓ (خزانہ بیت المقدس کی ایک طویل روایت ذکر کرتے ہوئے) فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ ''مہدی'' اس خزانے کو ضرور نکلوائیں گے تا آنکہ اسے بیت المقدس لوٹا دیں گے۔''

## (۱۹) ﴿حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام الناس المہدیؓ:

﴿عن ابی امامة قال قال رسول اللّٰہ ﷺ سیکون بینکم وبین الروم اربع ھدن، یوم الرابع علی یدرجل من اھل ھرقل یدوم سبع سنین فقال لہ رجل یا رسول اللّٰہ! من امام الناس یومئذ؟ قال المھدی من ولدی ابن اربعین سنة کان وجہ کوکب دری فی خدہ الایمن خال اسود علیہ عباء تان قطوانیتان کانہ من رجال بنی اسرائیل یستخرج الکنوز و یفتح مدائن الشرک﴾ (کتاب البرہان: ج ۲ ص ۵۸۳)

''حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عنقریب تمہارے اور رومیوں کے درمیان چار مرتبہ صلح ہوگی، چوتھی مرتبہ جو صلح ہوگی وہ ہرقل کے خاندان والوں میں سے ایک آدمی کے ساتھ ہوگی جو سات سال تک رہے گی، ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ! ان دنوں لوگوں کا امام (خلیفہ) کون ہوگا؟ فرمایا میری اولاد میں سے مہدی نامی ایک شخص (لوگوں کا خلیفہ) ہوگا جس کی عمر ۴۰ سال ہوگی،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چمکدار ستارہ کی طرح روشن چہرہ ہوگا، دائیں رخسار پر سیاہ تل ہوگا، دو سفید عبائیں زیب تن کیے ہوں گے (اور جسم میں) بنی اسرائیل کے ایک آدمی معلوم ہوں گے، زمین کے خزانوں کو نکال لیں گے اور شرک کے (اڈوں اور) شہروں کو فتح کرلیں گے۔"

## (۲۰) ﴿حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کی روایت﴾

### منیٰ میں خون ریزی:

﴿عن عبداللّٰه بن عمرو رضی اللّٰه عنهما قال يحج الناس معا ويعرفون معا على غير امام فبينما هم نزول بمنى اذا اخذهم كالكلب فثارت القبائل بعضهم الى بعض فاقتتلوا حتى تسيل العقبة دماً فيفزعون الى خيرهم فياتونه وهو ملصق وجهه الى الكعبة يبكي كاني انظر الى دموعه فيقولون هلم فلنبايعك فيقول ويحكم كم من عهد نقضتموه وكم من دم قد سفكتموه فيبايع كرها فان ادركتموه فبايعوه فانه المهدى فی الارض و المهدى في السماء﴾ (کتاب الفتن: ص۲۳۸)

"حضرت عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں کہ (قیامت کے قریب ایک مرتبہ) لوگ حج کے لیے (مکہ مکرمہ) آئیں گے اور میدانِ عرفات میں جمع ہوں گے لیکن ان کا کوئی امام نہیں ہوگا پھر جب وہ (اگلے دن) منیٰ میں پڑاؤ کریں گے تو (اچانک دشمنی کی ایسی آگ بھڑکے گی کہ) قبائل ایک دوسرے پر کتوں کی طرح حملہ کردیں گے اور خوب لڑیں گے حتیٰ کہ جمرۂ عقبہ خون میں بہہ جائے گا (بھر جائے گا) اس وقت لوگ گھبرا کر کسی بہترین آدمی کو تلاش کریں گے (تاکہ اس کو امام بنائیں اور یہ فتنہ دور ہو) چنانچہ وہ ان کو اس حال میں جالیں گے

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کہ وہ بیت اللہ کے ساتھ اپنے چہرے کو چمٹا کر رو رہے ہوں گے۔
حضرت عبداللہؓ فرماتے ہیں گویا میں ان کے آنسوؤں کو ابھی دیکھ رہا ہوں، لوگ ان سے کہیں گے کہ آئیے! ہم آپ کی بیعت کریں، وہ کہیں گے کہ ہائے افسوس! کس قدر وعدوں کو توڑ کر اور کس قدر خونریزی کر کے تم میرے پاس آئے ہو؟ اور مجبور ہو کر لوگوں سے بیعت لیں گے، اگر تم ان کا زمانہ پاؤ تو ان سے بیعت کر لینا کیونکہ وہ زمین و آسمان میں مہدی (ہدایت یافتہ) ہیں۔"

## (۲۱) ﴿حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کی روایت﴾

### نفس زکیہ کا قتل:

﴿عن عمار بن یاسر قال اذا قتل النفس الزکیة واخوه یقتل بمکة ضیعة نادی مناد من السماء ان امیرکم فلان وذلک المهدی الذی یملأ الارض خصبا وعدلاً﴾

اخرجه نعیم بن حماد (الحاوی: ج۲ ص۹۱، کتاب البرہان: ج۲ ص۵۲۱)

"حضرت عمار بن یاسرؓ فرماتے ہیں کہ جب نفس زکیہ اور ان کا بھائی مکہ مکرمہ میں ناحق شہید کر دیئے جائیں گے تو آسمان سے ایک منادی پکارے گا کہ اے لوگو! تمہارا امیر فلاں آدمی ہے جس کا نام مہدی ہے وہ زمین کو شادابی اور عدل سے بھر دے گا۔"

## (۲۲) ﴿حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### پوری دنیا کے حکمران:

﴿عن عباس قال قال رسول اللہ ﷺ ملک الارض اربعة مؤمنان وکافران، فالمؤمنان ذوالقرنین وسلیمان،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والکافران نمروذ و بخت نصر وسیملکھا خامس من اھل بیتی﴾ اخرجه ابن الجوزی فی تاریخه. (الحاوی ج۲ص ۹۷)

''حضرت عباسؓ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا پوری دنیا پر حکمرانی کرنے والے چار آدمی گزرے ہیں جن میں سے دو مومن تھے اور دو کافر۔ مومن تو ذوالقرنین اور حضرت سلیمانؑ ہیں اور کافر نمرود اور بخت نصر ہیں، عنقریب ایک پانچواں شخص میری اولاد میں سے اس کا مالک ہو جائے گا۔'' (جس کا نام مہدی ہو گا)

## فائدہ نمبرا:

علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب الحاوی للفتاوی ج ۲ ص ۹۷ پر یہ روایت ابن جوزی کی تاریخ کے حوالے سے حضرت عباسؓ سے روایت کی ہے جبکہ یہی روایت شیخ علی متقیؒ نے کتاب البرہان ج۲ص ۵۵۹ پر بعینہ انہی الفاظ کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے نقل کی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## فائدہ نمبر۲:

نمروذ۔ اصل میں تو یہ لفظ نمروذ ہی ہے۔ لیکن اردو میں اس کو فقط دال کے ساتھ نمرود بولا جاتا ہے۔ جبکہ عربی میں اس کا استعمال دونوں طرح سے ہوتا ہے البتہ نمروذ (ذال کے ساتھ) زیادہ فصیح ہے۔

## (۲۳) ﴿حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت﴾

### فرشتے کی پکار:

﴿عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخرج المھدی وعلی راسه ملک ینادی ان ھذا المھدی فاتبعوه﴾ اخرجه ابو نعیم والخطیب فی تلخیص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



المتشابه. (الحاوی: ج ۲ ص ۷۳، کتاب البرہان: ج ۲ ص ۵۱۲)

''حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا امام مہدیؓ اس حال میں ظہور کریں گے کہ ان کے سر پر ایک فرشتہ ہوگا جو یہ نداء کرتا ہوگا کہ (اے لوگو!) یہ مہدی ہیں اس لیے ان کی اتباع کرو۔''

## (۲۴) ﴿حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؓ کی صورت وسیرت:

﴿عن عبدالرحمن بن عوف قال قال رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم لیبعثن اللّٰه تعالیٰ من عترتی رجلا افرق الثنایا اجلی الجبهة یملأ الارض عدلا ویفیض المال فیضا.﴾اخرجه ابو نعیم (الحاوی: ج ۲ ص ۷۶، کتاب البرہان: ج ۲ ص ۵۴۶)

''حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ میرے خاندان میں سے ایک آدمی کو ضرور بھیجیں گے جس کے سامنے کے دونوں دانت انتہائی کشادہ اور پیشانی روشن ہوگی، وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا اور لوگوں کو خوب مال دے گا۔ (پانی کی طرح بہائے گا۔)''

## (۲۵) ﴿حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### علاماتِ ظہور مہدیؓ:

﴿عن محمد بن صامت قال قلت لابی عبداللّٰه الحسین بن علی رضی الله عنهما امامن علامات بین یدی هذا الامر یعنی ظهور المهدی؟ فقال بلی، قلت وما هی؟ قال هلاک بنی العباس وخروج السفیانی والخسف بالبیداء قلت جعلت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



فداک اخاف ان یطول ھذا الامر قال انما ھو کنظام الخرز یتبع بعضه بعضا﴾ (کتاب البرہان: ج۲ص۶۵۲)

''محمد بن صامت کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حسینؓ سے پوچھا کیا اس امر عظیم یعنی ظہور مہدی سے قبل کچھ علامات بھی رونما ہوں گی؟ فرمایا ہاں! کیوں نہیں، میں نے پوچھا کہ وہ کیا علامات ہیں؟ فرمایا بنو عباس کی ہلاکت، سفیانی کا خروج اور مقام بیداء میں ایک لشکر کا زمین میں دھنس جانا، میں نے کہا کہ میں آپ پر قربان ہو جاؤں، مجھے تو یہ اندیشہ ہے کہ یہ معاملہ طویل عرصے کے بعد وقوع پذیر ہوگا۔ فرمایا کہ یہ موتی کی لڑی کی طرح ہوگا کہ ایک کے پیچھے دوسرا آ جاتا ہے۔ (لڑی ٹوٹنے کے بعد جب ایک دانہ گرتا ہے تو دوسرا بھی فوراً گر جاتا ہے اسی طرح یہ واقعات بھی یکے بعد دیگرے پیش آ جائیں گے۔''

## (۲۶) ﴿حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### فتنوں کی آگ:

﴿عن طلحة بن عبيدالله عن النبى ﷺ قال ستكون فتنة لا يهدأ منها جانب الاجاش منها جانب حتى ينادى مناد من السماء ان اميركم فلان. ﴾اخرجه الطبرانى.

(الحاوی: ج۲ص۷۳، کتاب البرہان: ج۲ص۵۱۰)

''حضرت طلحہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا عنقریب ایک ایسا فتنہ بھڑکے گا کہ ایک جانب سے ختم نہ ہونے پائے گا کہ دوسری جانب بھڑک اٹھے گا اور یہ فتنہ برابر جاری رہے گا یہاں تک کہ آسمان سے ایک منادی آواز دے گا کہ تمہارا امیر فلاں آدمی ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۲۷) ﴿حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### ظہور مہدیؓ کی ایک علامت:

﴿عن عمرو بن العاص قال علامة خروج المهدی اذا خسف جیش فی البیداء فهو علامة خروج المهدی﴾

اخرجه نعیم (الحاوی: ج ۲ ص ۸۱، کتاب البرہان: ج ۲۰ ص ۶۶۷)

''حضرت عمروؓ بن العاص نے خروج مہدیؓ کی علامت مقام بیداء میں ایک لشکر کا زمین میں دھنس جانا بیان کی ہے۔''

## (۲۸) ﴿حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### خراسان سے سیاہ جھنڈوں کا آنا:

﴿قال عبدالرحمن الجرشی سمعت عمرو بن مرة الجملی صاحب رسول الله ﷺ یقول لتخرجن من خراسان رایة سوداء حتی تربط خیولها بهذا الزیتون الذی بین بیت لهیا وحرستا، قلت مابین هاتین زیتونة قال سینصب بینهما زیتون حتی ینزلها اهل تلک الرایة فتربط خیولها بها.﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۱۵)

''عبدالرحمٰن الجرشی کہتے ہیں کہ میں نے صحابی رسول حضرت عمرو بن مرہ الجملیؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ خراسان سے سیاہ جھنڈا ضرور نکلے گا یہاں تک کہ (اس جھنڈے کے ماتحت لشکر کے لوگ) بیت لہیا اور حرستا کے درمیان زیتون کے درخت پر اپنے گھوڑوں کو باندھیں گے، ہم نے پوچھا کہ کیا ان دونوں کے درمیان زیتون کا کوئی درخت ہے؟ فرمایا کہ اگر نہیں ہے تو عنقریب لگ جائے گا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تا آنکہ کہ وہ لوگ یہاں آکر اپنے گھوڑے باندھ لیں۔"

## (۲۹) ﴿حضرت ابوالطفیل رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### امام مہدیؒ کا نام:

﴿عن ابی الطفیل رضی الله عنه ان رسول الله ﷺ قال المهدی اسمه اسمی واسم ابیه اسم ابی﴾

(کتاب الفتن: ص ۲۶۰)

"حضرت ابوالطفیلؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ مہدی کا نام میرے نام پر اور ان کے والد کا نام میرے والد کے نام پر ہوگا۔"

## (۳۰) ﴿حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### یکے بعد دیگرے فتنوں کا ظہور:

﴿عن عوف بن مالک ان النبی ﷺ قال تجیٔ فتنة غبراء مظلمة ثم تتبع الفتن بعضها حتی یخرج رجل من اهل بیتی یقال له المهدی فان ادرکته فاتبعه وکن من المهتدین.﴾ اخرجه الطبرانی

(الحاوی: ج۲ ص۸۰، کتاب البرہان: ج۲ ص ۶۱۱)

"حضرت عوف بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا (عنقریب) اندھیری رات کی طرح چھا جانے والا ایک فتنہ بپا ہوگا، اس کے بعد پے در پے فتنے نمودار ہونا شروع ہو جائیں گے حتیٰ کہ میرے اہل بیت میں سے مہدی نامی ایک شخص ظاہر ہوگا، اگر تم اسے پاؤ تو اس کی اتباع کر کے ہدایت یافتہ لوگوں میں سے ہو جانا۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳۱) ﴿حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کی روایت﴾

### آسمان سے ایک ہاتھ کا ظہور:

﴿عن الزهری قال اذا التقی السفیانی و المهدی للقتال یومئذ یسمع صوت من السماء الا ان اولیاء الله اصحاب فلان یعنی المهدی. قال الزهری وقالت اسماء بنت عمیس ان امارة ذلک الیوم ان کفامن السماء مدلاة ینظر الیها الناس﴾ (کتاب الفتن: ص ۲۳۷)

''امام زہریؒ فرماتے ہیں کہ جب سفیانی اور امام مہدیؒ قتال کے لیے آمنے سامنے ہوں گے تو اس دن آسمان سے ایک آواز سنائی دے گی کہ اے لوگو! خبردار! اللہ کے دوست فلاں یعنی مہدی کے ساتھی ہیں۔ امام زہریؒ کہتے ہیں کہ اس موقع پر حضرت اسماء بنت عمیسؓ نے فرمایا اس دن کی علامت یہ ہوگی کہ آسمان سے ایک لٹکا ہوا ہاتھ (ظاہر ہوگا جو) امام مہدیؒ کے لشکر کی طرف اشارہ کر رہا ہوں گا اور لوگ بھی اس ہاتھ کو دیکھیں گے۔''

## (۳۲) ﴿حضرت قرۃ المزنیؓ کی روایت﴾

### امام مہدیؒ کی مدت حکومت:

﴿عن قرة المزنی قال قال رسول الله ﷺ لتملؤن الارض جورًا و ظلما فاذا ملئت جورا و ظلما بعث الله رجلا منی اسمه اسمی و اسم ابیه اسم ابی فیملاها عدلا وقسطا کما ملئت جورا و ظلما فلا تمنع السماء شیئا من قطرها ولا الارض شیئا من نباتها یمکث فیهم سبعا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



او ثمانیا فان اکثر فتسعا﴾ (الحاوی: ج۲ص۷۳)

''حضرت قرۃ المزنیؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم زمین کو ضرور ظلم وستم سے بھر کر رہو گے، چنانچہ جب ایسا ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی کو بھیجیں گے جس کا نام میرے نام پر اور اس کے والد کا نام میرے والد کے نام پر ہوگا، وہ زمین کو اسی طرح عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسے وہ پہلے ظلم وستم سے بھری ہوئی ہوگی، ان کے زمانے میں آسمان اپنا تمام پانی بہا دے گا اور زمین اپنی تمام نباتات اگل دے گی، وہ لوگوں میں سات یا آٹھ یا زیادہ سے زیادہ نو سال رہیں گے۔''

## (۳۳) ﴿حضرت قیس بن جابر رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

امام مہدیؒ کے بعد قحطانی خلیفہ ہوگا:

﴿عن قیس بن جابر الصدفی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سیکون من اهل بیتی رجل یملاء الارض عدلا کما ملئت جورا ثم من بعده القحطانی والذی نفسی بیده ماهو دونه﴾ (الحاوی: ج۱ص۹۵)

''حضرت قیس بن جابر الصدفیؓ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا عنقریب میرے اہل بیت میں سے ایک شخص آئے گا جو زمین کو اسی طرح عدل سے بھر دے گا جیسے وہ پہلے ظلم سے بھری ہو گی پھر ان کے بعد قحطانی ہوگا اور اس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں میری جان ہے، وہ ان سے کم نہ ہوگا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳۴) ﴿حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

بارہ خلفاء والی روایت:

﴿عن جابر بن سمرة عن رسول اللّٰه ﷺ انه قال لایزال هذا الدین قائما حتی یکون اثنا عشر خلیفة کلهم تجتمع علیه الامة﴾ (الحاوی: ج۲ص۱۰۲)

''حضرت جابر بن سمرہؓ سے مروی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا حتی کہ بارہ خلیفہ ایسے ہو جائیں جن پر پوری امت متفق ہوگی۔''

فائدہ:

علامہ سیوطیؒ نے اس حدیث کونقل کرنے کے بعد اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اس حدیث میں امام مہدیؒ کے وجود کی طرف اشارہ ہے اور وہی بارہویں خلیفہ ہوں گے کیونکہ گیارہ خلفاء کے بعد اب تک کوئی بارہواں خلیفہ ایسا نہیں آیا کہ اس کی خلافت پر پوری امت مجتمع ہوسکی ہو۔

## (۳۵) ﴿حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

دین کا مثلہ:

﴿عن ابی عبیدة بن الجراح رضی اللّٰه عنه قال قال رسول اللّٰه ﷺ لا یزال هذا الامر قائما بالقسط حتی یکون اول من یثلمه رجل من بنی امیة﴾ (کتاب الفتن: ص۱۹۰)

''حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا دین کا یہ معاملہ ٹھیک چلتا رہے گا یہاں تک کہ بنی امیہ میں سے ایک شخص سب سے پہلے اس کا مثلہ کرے گا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ روایت وجود سفیانی پر دلالت کر رہی ہے اور خروج سفیانی علامت ہے ظہور مہدیؒ کی۔ گویا اس روایت سے بھی ظہور مہدیؒ کا ثبوت ملتا ہے۔

## (۳۶) ﴿حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

دریائے فرات سے نکلنے والا خزانہ:

﴿عن عبداللّٰہ بن الحارث بن نوفل قال کنت واقفا مع ابی بن کعب فقال لا یزال الناس مختلفۃ اعناقھم فی طلب الدنیا قلت اجل قال انی سمعت رسول اللّٰہ ﷺ یقول یوشک الفرات ان یحسر عن جبل من ذھب فاذاسمع بہ الناس ساروا الیہ فیقول من عندہ لئن ترکنا الناس یاخذون منہ لیذھبن بہ کلہ قال فیقتتلون علیہ فیقتل من کل مائۃ تسعۃ وتسعون﴾ (مسلم:۲/۲۷۶)

”عبداللہ بن حارث بن نوفل کہتے ہیں کہ میں حضرت ابی بن کعبؓ کے پاس کھڑا تھا کہ حضرت ابیؓ فرمانے لگے طلب دنیا میں لوگوں کی گردنیں ہمیشہ مختلف رہی ہیں میں نے عرض کیا جی بالکل! پھر فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عنقریب دریائے فرات میں سے سونے کا ایک پہاڑ ظاہر ہوگا۔ جب لوگ یہ خبر سنیں گے تو اس کی طرف روانہ ہوں گے، وہاں موجود لوگ یہ سوچیں گے کہ اگر ہم نے لوگوں کو اس کے لیجانے کی چھوٹ دے دی تو لوگ یہ سارا ہی لیجائیں گے (اور ہمیں کچھ بھی نہ ملے گا) چنانچہ وہ اتنا قتال کریں گے کہ ہر سو میں سے ننانوے افراد قتل ہو جائیں گے۔“

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳۷) ﴿حضرت ذومخبر رضی اللہ عنہ کی روایت﴾

### رومیوں سے جنگ کا تذکرہ:

﴿عن حسان بن عطية قال مال مكحول وابن ابی زکریا الی خالد بن معدان، وملت معهم فحدثنا عن جبير بن نفير عن الهدنة قال قال جبير انطلق بنا الی ذی مخبر رجل من اصحاب النبی ﷺ فاتيناه فساله جبير عن الهدنة فقال سمعت رسول الله ﷺ يقول ستصالحون الروم صلحا آمنا فتغزون انتم وهم عدوا من ورائكم فتنصرون وتغنمون وتسلمون ثم ترجعون حتی تنزلوا بمرج ذی تلول فيرفع رجل من اهل النصرانية الصليب فيقول غلب الصليب فيغضب رجل من المسلمين فيدقه فعندذلک تغدر الروم وتجمع للملحمة﴾ (ابوداؤد: ۴۲۹۲)

''حسان بن عطیہ کہتے ہیں کہ مکحول اور ابن ابی زکریا، خالد بن معدان کی طرف روانہ ہوئے، میں بھی ان کے ساتھ چل پڑا، خالد نے ہمیں حضرت جبیر بن نفیر کے حوالے سے صلح روم کے متعلق یہ حدیث سنائی کہ حضرت جبیر ایک مرتبہ مجھ سے فرمانے لگے آؤ! ذرا حضور ﷺ کے ایک صحابی ذی مخبرؓ کے پاس چلتے ہیں چنانچہ ہم ان کے پاس پہنچے، جبیر نے ان سے صلح روم کے متعلق پوچھا تو فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تم عنقریب رومیوں سے امن و امان کی صلح کرو گے۔ اور ایک دشمن کے خلاف تم اور رومی جہاد کرو گے، تمہیں فتح، مال غنیمت اور سلامتی نصیب ہوگی پھر تم واپس لوٹ کر مرج ذی تلول مقام پر پڑاؤ ڈالو گے، اس موقع پر ایک عیسائی صلیب کو اونچا کر کے پکارے گا ''صلیب کی جے'' مسلمانوں میں سے ایک آدمی کو غصہ آئے گا اور وہ اس کو گرا دے گا اس موقع پر رومی عہد شکنی کریں گے اور جنگ کے لیے جمع ہو جائیں گے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



باب ہفتم

# ﴿منکرین و مدعیان مہدویت﴾

اسماء منکرین و مدعیان مہدویت، علامہ ابن خلدون،
مولانا مودودی، علامہ اقبال، مولانا سندھی اور
مولانا ابوالکلام آزاد کی تنقیدات کا جائزہ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# منکرین و مدعیان مہدویت

علاماتِ قیامت کے بارے میں بہت سے لوگ افراط وتفریط کا شکار ہیں چنانچہ بعض لوگ تو ان کا سرے سے ہی انکار کر دیتے ہیں اور بعض لوگ خود ان علامات کے دعویدار بن کر کھڑے ہو جاتے ہیں حالانکہ یہ دونوں نظریئے بالکل غلط ہیں۔ جبکہ اہل سنت والجماعت کے عقائد سیدھے صراط مستقیم کی شاہراہ پر گزرتے ہیں اس لیے نہ تو وہ ان علامات کا انکار کرتے ہیں اور نہ ہی ان میں سے کسی علامت کے دعویدار بنتے ہیں بلکہ نبی اکرم سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق ان کو من وعن تسلیم کرتے ہیں۔

## منکرین ظہور مہدیؒ:

علامات قیامت میں سے ایک علامت ''ظہور مہدی'' بھی ہے جس کے متعلق آپ تفصیلات پڑھ چکے ہیں، ظہور مہدی کی علامت بھی اسی افراط وتفریط کا شکار ہوئی چنانچہ بعض لوگوں نے اس کا سرے سے انکار ہی کر دیا جیسا کہ شیخ یوسف بن عبداللہ الوابل اپنی کتاب ''اشراط الساعۃ'' کے ص ۲۶۵ پر تحریر فرماتے ہیں:

> ''یہ انتہائی افسوس ناک بات ہے کہ اس زمانے میں کچھ لوگ ظہور مہدی کے منکر پیدا ہو گئے ہیں۔''

اور کتاب مذکور میں اسی صفحے کے حاشیے پر ظہور مہدی کے منکرین میں مندرجہ ذیل نام مذکور ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | علامہ ابن خلدون | مقدمہ ابن خلدون ص ۳۱۱. |
| (۲) | علامہ رشید رضا مصری | تفسیر منار الاسلام ۹/۴۹۹. ۵۰۴. |
| (۳) | محمد فرید وجدی | دائرۃ معارف القرآن العشرین ۱۰/۴۸۰. |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۴) | احمد امین | ضحی الاسلام ۳/ ۲۳۷، ۲۴۱. |
| (۵) | عبدالرحمن محمد عثمان | تعلیقاتہ علی تحفۃ الاحوذی ۶/ ۴۷۴. |
| (۶) | محمد عبداللہ عنان | مواقف حاسمہ فی تاریخ الاسلام ۳۵۹. ۳۶۴ |
| (۷) | محمد فہیم ابوعبید | تعلیقاتہ علی النہایۃ لابن کثیر ۱/ ۳۷ |
| (۸) | عبدالکریم الخطیب | المسیح فی القرآن والتوراۃ والانجیل ۵۳۹. |
| (۹) | شیخ عبداللہ بن زید آل محمود | لامہدی ینتظر بعدالرسول خیر البشر |

اور مولانا محمد منیر قمر نے اپنی کتاب ''ظہور مہدی ایک اٹل حقیقت'' ص ۸۰ کے حاشیے میں یہ نام مزید ذکر کیے ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| (۱۰) | سعد محمد حسن | المہدیۃ فی الاسلام ص ۴۴. ۴۹. ۱۷۴. |
| (۱۱) | الشیخ ابراہیم بن سلیمان الجبہان | تبدیر الظلام وتنبیہ النیام الی خطر التشیع علی المسلمین والاسلام ص ۳۹۶. ۴۷۶. ۴۸۱. |
| (۱۲) | مولانا مودودی صاحب | بحوالہ لا مہدی ینتظر للشیخ آل محمود، الردعلی من کذب بالاحادیث الصحیحۃ الواردۃ فی المہدی للعباد ص ۱۳۷. ۱۳۸. والاحتجاج بالاثر لتنویجری ص ۹۳. |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| (۱۳) | محمد درویش البیروتی | اسنى المطالب في احاديث مختلفة المراتب ص ۲۹٦ |

راقم الحروف کی تحقیق کے مطابق منکرین ظہور مہدیؒ میں مندرجہ ذیل حضرات کے نام بھی آتے ہیں۔

(۱۴) علامہ اقبال

(۱۵) مولانا عبیداللہ سندھیؒ

(۱۶) مولانا ابوالکلام آزادؒ

(۱۷) شیخ محمود شلتوت مفتی مصر

(۱۸) علامہ تمنا عمادی

تنبیہ: علامہ ابن خلدون، علامہ اقبال، مولانا عبیداللہ سندھی اور مولانا ابوالکلام آزاد کے نظریات پر تفصیلی گفتگو عنقریب آپ کے سامنے آ جائے گی۔ انشاءاللہ۔ نیز یہ کہ اس جگہ مولانا مودودی کو ظہور مہدی کے منکرین میں شمار کیا گیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ وہ ظہور مہدی کے منکر نہیں لیکن اس سلسلے میں ان کے کلام سے ایسا مترشح ہوتا ہے کہ وہ احادیث میں وارد شدہ پیشین گوئیوں کے مطابق آنے والے امام مہدیؒ کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں بلکہ اس کے لیے ان کے ذہن میں ایک الگ خاکہ ہے اس کی تفصیلات بھی عنقریب آیا چاہتی ہیں۔ انشاءاللہ۔

## مدعیان مہدویت:

منکرین ظہور مہدی کے اجمالی تذکرہ کے بعد ان لوگوں کا تذکرہ کرنا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے جنہوں نے مہدویت کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے۔ اس سلسلے میں صاحب مظاہر حق جدید کا یہ بیان قابل مطالعہ ہے۔

''اس موقع پر یہ بتا دینا ضروری ہے کہ بہت سے لوگوں نے اس بات کا دعویٰ کیا ہے کہ وہ مہدی ہیں، ان میں سے بعض لوگ تو وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں جنہوں نے ''مہدی'' کے لغوی معنی ''ہدایت کرنے والا'' مراد لیتے ہوئے اپنے کو مہدی کہا یا کہلوایا ہے، ظاہر ہے کہ ایسے لوگوں کے بارے میں کوئی تردیدی بات نہیں کہی جا سکتی، کیونکہ اگر وہ واقعۃً ہدایت و راستی کی روشنی پھیلانے والے تھے۔ اور ان کے ذریعے مخلوقِ خدا دین و آخرت کی صحیح رہنمائی حاصل کرتی تھی تو لغوی طور پر ان کو ''مہدی'' کہا جا سکتا ہے لیکن وہ لوگ کہ جنہوں نے محض دنیا والوں کو فریب میں مبتلا کرنے اور اپنی شخصیت کو غلط طور پر لوگوں کا مرجع و مقتداء بنانے کے لیے خود کو ''مہدیٔ موعود'' کہا یا کہلوایا تو اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ بالکل جھوٹے اور مکار تھے۔ چنانچہ ایسے لوگوں نے مکر و فریب کے جال پھیلا کر اور سادہ لوح مسلمانوں کو ورغلا کر اپنے تابعداروں کی جماعت تیار کی اور بعضوں نے تو اوباش اور بدقماش افراد تک کو خرید کر اپنے گرد جمع کیا اور ان کے ذریعے نہ صرف یہ کہ اپنے ''مہدیٔ موعود'' ہونے کا پروپیگنڈہ کرایا بلکہ بعض شہروں اور ملکوں میں فتنہ و فساد پھیلایا۔ لڑائی جھگڑا کرایا، اور آخر کار ان کا انجام بہت برا ہوا کہ صحیح العقیدہ مسلمانوں نے ان کی بھرپور مدافعت کی اور انہیں تہ تیغ کر کے ان شہروں اور ملکوں کے لوگوں کو ان کے فتنہ و فساد سے نجات دلائی!

خود ہمارے ہندوستان میں ایسے ہی گمراہ لوگوں کی ایک جماعت پیدا ہو چکی ہے جو اپنے آپ کو ''مہدویہ'' کہلاتی تھی، اس جماعت کے لوگ بہت جاہل اور پست خیال تھے، ان لوگوں کا عقیدہ تھا کہ ''مہدی موعود'' ہمارے پیشوا کی صورت میں ظاہر ہوا اور پھر وفات پا گیا اور خراسان کے ایک شہر میں دفن کر دیا گیا''

ان کی گمراہیوں میں سے ایک بڑی گمراہی ان کا یہ عقیدہ بھی تھا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جو شخص ہمارے نظریے و خیال کا عقیدہ نہ رکھے اور ہماری بات سے متفق نہ ہو، وہ کافر ہے۔ اسی بناء پر اس زمانے میں مکہ کے چاروں مسلک کے علماء نے متفقہ طور پر یہ فتویٰ دیا تھا کہ صاحب اقتدار مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ ان گمراہ لوگوں کو قتل کر دیں......الخ

(مظاہر حق جدید: ج۵ ص۴۱)

منجملہ ان مدعیان مہدویت کے ایک جھوٹا، قادیان کا ایک دہقان مرزا غلام احمد قادیانی بھی ہے جس نے پہلے مجدد ہونے کا دعویٰ کیا، پھر مہدویت کا اور پھر آخر میں نبوت کا دعویدار بن بیٹھا۔ مولانا سید بدر عالم مہاجر مدنیؒ نے ترجمان السنۃ میں مندرجہ ذیل اشخاص کو بھی مہدویت کے دعویداروں میں شمار کیا ہے۔

(۱) محمد بن عبداللہ — یہ ''النفس الزکیہ'' کے لقب سے مشہور تھا۔

(۲) محمد بن مرتوت

(۳) عبیداللہ بن میمون قداح

(۴) سید محمد جونپوری

(۵) سید برزنجیؒ کے زمانے میں مقام ازبک میں بھی ایک شخص نے نبوت و مہدویت کا دعویٰ کیا۔

(۶) سید صاحب موصوف ہی نے ایک اور کردی شخص کے متعلق لکھا ہے کہ اس نے بھی عقر کے پہاڑوں میں مہدویت کا دعویٰ کیا۔ (انتہی بالتغیر ترجمان السنۃ: ج۴ ص۳۸۱)

مدعیان نبوت و مہدویت کے بارے میں مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوریؒ نے ایک کتاب بنام ''ائمہ تلبیس'' جواب ''جھوٹے نبی'' کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ سپرد قلم فرمائی تھی جس میں تقریباً ستر ایسے افراد کے حالات قلمبند کیے تھے جنہوں نے مختلف زمانوں میں نبوت یا مہدویت کا جھوٹا دعویٰ کیا پھر اس میں سے ۳۶ کے قریب افراد کو مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی مرحوم خطیب پاکستان نے اپنی کتاب ''حضرت امام مہدی'' میں مدعیان مہدویت میں شمار کیا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں تمام مدعیان مہدویت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ونبوت کے نام ذکر کر دیے جائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (۱)صاف بن صیاد | (۲)اسود عنسی | (۳)طلیحہ اسدی |
| (۴)مسیلمہ کذاب | (۵)سجاح بنت حارث | (۶)مختار بن ابوعبید |
| (۷)حارث کذاب | (۸)مغیرہ بن سعید | (۹)بیان بن سمعان |
| (۱۰)ابومنصور عجلی | (۱۱)صالح بن طریف | (۱۲)بہافریدی زوزانی |
| (۱۳)اسحاق اخرس | (۱۴)استادسیس | (۱۵)ابوعیسٰی اسحاق |
| (۱۶)حکیم مقنع خراسانی | (۱۷)عبداللہ بن میمون | (۱۸)بابک بن عبداللہ |
| (۱۹)احمد بن کیال | (۲۰)علی بن محمد خارجی | (۲۱)حمدان بن اشعث |
| (۲۲)ابوسعید حسین بن بہرام | (۲۳)ذکرویہ بن ماہر | (۲۴)یحییٰ بن ذکرویہ |
| (۲۵)عبیداللہ مہدی | (۲۶)علی بن فضل | (۲۷)ابوطاہر قرمطی |
| (۲۸)حامیم بن من اللہ | (۲۹)محمد بن علی منصور | (۳۰)عبدالعزیز باسندی |
| (۳۱)ابوالطیب احمد بن حسین | (۳۲)ابوعلی منصور | (۳۳)نوید کامرانی |
| (۳۴)اصغر بن ابوالحسین | (۳۵)ابوعبداللہ بن شباس | (۳۶)حسن بن صباح |
| (۳۷)رشیدالدین ابوالحشر | (۳۸)محمد بن عبداللہ بن تومرت | (۳۹)ابن ابی زکریا |
| (۴۰)حسین بن حمدان | (۴۱)ابوالقاسم احمد بن قسی | (۴۲)علی بن حسن شمیم |
| (۴۳)محمود واحد گیلانی | (۴۴)عبدالحق بن سبعین | (۴۵)احمد بن عبداللہ ملثم |
| (۴۶)عبداللہ راعی شامی | (۴۷)عبدالعزیز طرابلسی | (۴۸)اویس رومی |
| (۴۹)احمد بن ہلال | (۵۰)سید محمد جونپوری | (۵۱)حاجی محمد فرہی |
| (۵۲)جلال الدین اکبر بادشاہ | (۵۳)سید محمد نوری بخش جونپوری | (۵۴)بایزید ملحد |
| (۵۶)احمد بن عبداللہ ساجماسی | (۵۶)احمد بن علی محیرثی | (۵۷)محمد مہدی |
| (۵۸)سباتائی سیوی | (۵۹)محمد بن عبداللہ کرد | (۶۰)میر محمد حسین مشہدی |
| (۶۱)مرزا علی محمد | (۶۲)ملا محمد علی | (۶۳)زریں تاج |
| (۶۴)مومن خان | (۶۵)مرزا یحییٰ نوری | (۶۶)بہاءاللہ نوری |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۶۷) محمد احمد مہدی سوڈانی (۶۸) مرزا غلام احمد قادیانی

یہ تو مدعیان نبوت و مہدویت کے نام تھے اب ''مدعیان مہدویت'' ہی کے عنوان کے تحت حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی رحمہ اللہ کی عبارت نقل کی جاتی ہے جس میں آپ تحریر فرماتے ہیں:

''بہت سے لوگوں نے مہدی موعود ہونے کے دعوی کیے مگر احادیث میں جو مہدئ موعود کی علامتیں آتی ہیں وہ علامتیں کسی میں بھی نہیں پائی گئیں اور نہ کوئی مدعی مہدویت وہ علامتیں اپنے اندر دکھلا سکا نہ بتلا سکا، بجائے اس کے کہ وہ مدعی ان علامتوں کو اپنے اندر دکھلاتا، اس نے ان علامتوں ہی میں تاویلیں شروع کر دیں اور بجائے حقیقی علامتوں کے ان تاویلی علامتوں کو اپنے اوپر چسپاں کر کے بتلایا۔ ایسی تاویلی علامتوں سے اگر مہدی بننا ممکن ہے تو پھر مہدی بننا بہت آسان ہے جس کا جی چاہیے مہدی بن جائے۔ لیکن یہ یاد رہے کہ یہ مدعی وہ مہدی موعود تو نہ ہوگا کہ جس کا احادیث نبویہ میں ذکر آیا ہے اس لیے کہ جب احادیث کے مطابق اس میں مہدی موعود کی علامتیں نہ ہوئیں تو حدیث کی پیشین گوئی کے مطابق تو مہدی موعود نہ ہوا بلکہ اس مدعی کی من گھڑت تاویلی علامتوں والا مہدی ہوا۔'' (عقائد الاسلام حصہ اول: ص ۶۴۔۶۵)

گیارہویں صدی ہجری کے مجدد اور مشہور محدث ملا علی قاری تحریر فرماتے ہیں:

﴿ثم اعلم ان کثیرا من الناس ادعوا انه المهدی فمنهم من اراد المعنی اللغوی فلا اشکال ومنهم من ادعی باطلا وزورا واجتمع علیه جمع من الاوباش واراد الفساد فی البلاد فقتل و استراح منه العباد ومنهم من رأی واقعة الحال فحملها شیخه علی الآفاق و کان حقه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان یحملها علی الانفس لئلا یحصل الاختلال و هو رئیس النوربخشیة احدمشائخ الکبرویة﴾ (مرقاۃ: ج ۱۰ ص ۱۷۹)

''پھر جان لو! کہ بہت سے لوگوں نے مہدی ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا ہے چنانچہ بعض لوگوں نے تو مہدی کا لغوی معنی مراد لیا ہے اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں کوئی اشکال نہیں اور بعض لوگوں نے غلط اور جھوٹا دعویٰ کیا ہے اوراوباشوں کی ایک بڑی جماعت نے ان کا ساتھ دیا اور زمین میں فساد پھیلانا چاہا (لیکن انکو اس کا زیادہ موقع نہ مل سکا اور) ان کو قتل کر دیا گیا اور لوگوں کو ان کے فتنے سے نجات مل گئی۔ اور بعض لوگوں نے حال کے واقعے کو آفاق پر محمول کر لیا حالانکہ اس کو انفس پر محمول کرنا اس کا حق (اور زیادہ بہتر) تھا تاکہ خلل واقعہ نہ ہوتا۔

اور اس سے مراد فرقۂ نوربخشیہ کا رئیس ہے (جس کو یہ غلط فہمی لگی) جو مشائخ کبرویہ میں شمار ہوتا ہے۔''

## ﴿امام مہدیؓ کے بارے میں علامہ ابن خلدون کے نظریات کی تحقیق﴾

علامہ ابن خلدون کا فن تاریخ میں مقام اور مرتبہ تاریخ کے کسی ادنی طالب علم سے بھی مخفی نہیں لیکن ان کی اس لغزش قلم کو، جو اُن سے انکار مہدی کی بابت سرزد ہوئی، محدثین اور علماء میں سے کسی نے بھی قابل معافی قرار نہیں دیا بلکہ اس پر ان کا تعاقب کیا اور ان کے اعتراضات کے کافی وشافی جوابات دیئے۔ چنانچہ اس موضوع پر ایک غیر مطبوعہ رسالہ ''ابراز الوہم المکنون من کلام ابن خلدون'' ہے۔ اسی طرح ایک رسالہ حضرت تھانویؒ نے بنام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



"مؤخرۃ الظنون عن ابن خلدون" سپرد قلم فرمایا تھا جواب امداد الفتاوی ج ۶ ص ۲۴۹ پر موجود ہے، نیز مولانا بدر عالم مہاجر مدنیؒ نے بھی ترجمان السنۃ میں اس پر بحث فرمائی ہے۔

## ﴿مولانا سید محمد بدر عالم مہاجر مدنیؒ کی تحریر﴾

"محقق ابن خلدون کے کلام کو جہاں تک ہم نے سمجھا ہے اس کا خلاصہ تین باتیں معلوم ہوتی ہیں: (۱) جرح و تعدیل میں جرح کو ترجیح ہے۔ (۲) امام مہدی کی کوئی حدیث صحیحین میں نہیں۔ (۳) اس باب کی جو صحیح حدیثیں ہیں ان میں امام مہدی کی تصریح نہیں۔

"فن حدیث کے جاننے والے اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ تینوں باتیں کچھ وزن نہیں رکھتیں کیونکہ ہمیشہ اور ہر جرح کو ترجیح دینا یہ بالکل خلافِ واقع ہے چنانچہ خود محقق موصوف کو جب اس کا تنبہ بھی ہوا کہ اس قاعدے کے تحت تو صحیحین کی حدیثیں بھی مجروح ہوئی جاتی ہیں۔ تو اس کا جواب انہوں نے صرف یہ دے دیا ہے کہ یہ حدیثیں چونکہ علماء کے درمیان مسلم ہو چکی ہیں اس لیے وہ مجروح نہیں کہی جا سکتیں مگر سوال تو یہ ہے کہ جب قاعدہ یہ ٹھہرا تو پھر وہ علماء کو مسلم ہی کیوں ہوئیں؟

رہا امام مہدی کی حدیثوں کا صحیحین میں مذکور نہ ہونا تو یہ اہل فن کے نزدیک کوئی حرج نہیں ہے، خود ان ہی حضرات کا اقرار ہے کہ انہوں نے جتنی صحیح حدیثیں ہیں وہ سب کی سب اپنی کتابوں میں درج نہیں کیں اس لیے بعد میں ہمیشہ محدثین نے مستدرکات لکھی ہیں۔ اب رہی تیسری بات تو یہ دعویٰ بھی تسلیم نہیں کہ صحیح حدیثوں میں امام مہدی کا نام مذکور نہیں ہے، کیا وہ حدیثیں جن کو امام ترمذی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



و ابوداؤد وغیرہ جیسے محدثین نے صحیح وحسن کہا ہے، صرف محقق موصوف کے بیان سے صحیح ہونے سے خارج ہوسکتی ہیں؟ دوم یہ کہ جن حدیثوں کو محقق موصوف نے بھی صحیح تسلیم کرلیا ہے، اگر وہاں ایسے قوی قرائن موجود ہیں جن سے اس شخص کا امام مہدی ہونا تقریباً یقینی ہو جاتا ہے تو پھر امام مہدی کے لفظ کی تصریح ہی کیوں ضروری ہے؟ سوم یہاں اصل بحث مصداق میں ہے، مہدی کے لفظ میں نہیں پس اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ایک خلیفہ ہونا اور ایسی خاص صفات کا حامل ہونا جو بقولِ روایت عمر بن عبدالعزیزؒ جیسے شخص میں بھی نہ تھیں، ثابت ہے تو بس، اہل سنت کا مقصد اتنی بات سے پورا ہو جاتا ہے کیونکہ مہدی تو صرف ایک لقب ہے، علم اور نام نہیں۔'' (ترجمان السنۃ: ج۴ص۳۸۲۔۳۸۳)

## ایک ضروری وضاحت:

علامہ ابن خلدون کے نظریات کی تحقیق میں حضرت تھانویؒ کا مذکورہ صدر رسالہ خالص علمی انداز کا ہے اس لیے عوام کے نفع کی غرض سے اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے، درمیان میں کہیں کہیں با حوالہ اضافہ بھی ہے اور کہیں اس رسالے کا حوالہ بھی ہے، نیز یہ بات بھی ذہن میں رہے کہ حضرت تھانویؒ کے مذکورہ رسالے کو مکمل طور پر نہیں لیا گیا، بلکہ اس میں کچھ باتوں کو قصداً چھوڑ دیا گیا ہے۔اور یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ حضرت تھانویؒ کے سامنے جو مقدمہ ابن خلدون تھا، انہوں نے اسی کے صفحات کا حوالہ دیا ہے، جب کہ یہاں جدید ایڈیشن جو کہ مکتبہ انتشارات استقلال تھران سے شائع ہوا ہے، کے صفحات کا حوالہ درج کردیا گیا ہے تاکہ قارئین کو تلاش کرنے میں سہولت ہو۔

اب آپ حضرت تھانویؒ کا تبصرہ مطالعہ فرمائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿تلخیص مؤخرة الظنون عن ابن خلدون﴾

## امر اول:

علامہ ابن خلدون کے انکارِ ظہور مہدی کی پہلی دلیل یہ ہے کہ روایات مہدی میں کچھ راوی ایسے ہیں جن پر محدثین کی طرف سے جرح[1] موجود ہے اور یہ قانون ہے کہ جرح[2]، تعدیل پر مقدم ہوتی ہے۔ (مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۲)

لیکن پھر علامہ ابن خلدون کو اس دلیل کی حیثیت معلوم ہوگئی کہ اس طرح تو پھر صحیحین کی روایات بھی قابل قبول نہیں ہوں گی کیونکہ ان میں سے بھی بعض روایات کے راویوں پر جرح موجود ہے لہٰذا ان کو بھی قبول نہیں کیا جانا چاہیے؟ تو علامہ ابن خلدون نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ اگر چہ صحیحین پر بھی یہ شبہ وارد ہوتا ہے لیکن چونکہ علماء و محدثین نے صحیحین کی احادیث کو شرف قبولیت سے نوازا ہوا ہے اور ان کی صحت پر اجماع ہو چکا ہے اس لیے ان کے لیے یہ شبہ مضر نہیں۔

معلوم ہوا کہ علامہ ابن خلدون کے نزدیک بھی اجماعی مسائل میں راویوں کے مجروح ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اب آپ یہ سمجھیں! کہ جس طرح صحیحین کی روایات کی صحت پر علماء کا اجماع ہے اسی طرح ظہور مہدی کی خبر بھی اجماعی ہے اور یہ ابھی آپ کو معلوم ہو چکا ہے کہ اجماعی مسائل میں راویوں کا مجروح ہونا مضر نہیں لہٰذا ظہور مہدی کی روایات میں راویوں کا مجروح ہونا مضر نہیں اور وہ قابل قبول ہوں گی کیونکہ ان کی صحت پر جمہور علماء کا اتفاق ہے اور غیر جمہور کا قول جمہور کے قول کے مقابلے میں کوئی

---

1. یعنی محدثین نے بعض راویوں میں کچھ عیب بتائے ہیں مثلاً جھوٹا ہونا، فاسق ہونا وغیرہ جس کی وجہ سے وہ روایت کمزور ہو جاتی ہے۔
2. یعنی کسی راوی کے بعض محدثین نے عیوب بیان کیے ہیں اور اسی راوی کی بعض دوسرے محدثین نے خوبیاں بیان کر کے اس کی توثیق کی ہے تو جن محدثین نے عیوب لگائے ہیں ان کی بات کو ترجیح دیتے ہوئے اس روایت کو نا قابل اعتبار قرار دے دیا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وقعت نہیں رکھتا۔

چنانچہ کسی مستند عالم اور محدث سے اس کی مخالفت اور انکار منقول نہیں بلکہ بقول علامہ ابن خلدون ہی کے، ظہور مہدی کی روایات کو ترمذی، ابوداؤد، بزار، ابن ماجہ، حاکم، طبرانی اور ابو یعلی الموصلی نے صحابہ کرامؓ کی ایک جماعت سے مختلف سندوں سے ذکر کیا ہے۔ (مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۱) جیسا کہ آپ اسی رسالے کے باب اول میں احادیث مہدی کے راوی صحابہ کرامؓ کے اسماء گرامی مع حوالہ جات اور باب ششم میں ان کی مرویات ملاحظہ فرما چکے۔

لہٰذا جس طرح اجماعیت کی بناء پر صحیحین کے بعض راویوں کے مجروح ہونے کی وجہ سے کچھ ضرر نہیں ہوتا اسی طرح روایاتِ مہدی کے بعض راویوں کا مجروح ہونا بھی مضر نہیں ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ روایات مہدی پر جو اجماع ہوا ہے وہ اس اجماع سے زیادہ قابل قبول ہے جو روایاتِ صحیحین کو لے لینے پر ہوا ہے تو بے جا نہیں ہوگا کیونکہ اس کا ماخذ نص ہے اور روایاتِ صحیحین کو علامہ ابن خلدون نے محض اپنی رائے سے معتمد اور حجت سمجھا ہے۔

چنانچہ کسی حدیث میں یہ نہیں آتا کہ جس روایت کو بخاری اور مسلم ذکر کریں تو اس کو قابل اعتماد اور حجت سمجھنا۔ معلوم ہوا کہ یہ محض علامہ ابن خلدون کی رائے ہے، نیز حضرت امام مہدیؓ کا ظہور کوئی ایسی چیز نہیں جس کا تعلق کسی کی رائے سے ہو، لہٰذا اگر ظہور مہدی کے اجماع کی سند معلوم نہ بھی ہوتی تب بھی ہم اس کو نص ہی سے ماخوذ مانتے اور اس سے بھی بڑھ کر محققین کا تو یہ کہنا ہے کہ اجماع کی سند کا معلوم ہونا ضروری نہیں، تو جب سند معلوم ہو جائے وہ بطریق اولیٰ قابل قبول ہوگا۔

## روایاتِ مہدی صحیحین میں مروی نہیں؟

بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر کسی مسئلہ سے متعلق بخاری یا مسلم کی روایت موجود نہ ہو، خواہ وہ کس قدر ثقاۃ نے نقل کی ہو، غیر معتبر ہے حالانکہ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شرح نخبۃ الفکر میں روایات کو قبول کرنے کی مندرجہ ذیل درجہ بندی کی ہے۔

(۱) متفق علیہ روایت (وہ روایت جو بخاری اور مسلم دونوں میں ہو)

(۲) صرف بخاری کی روایت۔

(۳) صرف مسلم کی روایت۔

(۴) وہ روایت جو بخاری اور مسلم کی شرائط پر پوری اترتی ہو۔

(۵) وہ روایت جو صرف بخاری کی شرائط پر پوری اترتی ہو۔

(۶) وہ روایت جو صرف مسلم کی شرائط پر پوری اترتی ہو۔ (تسہیل شرح نخبۃ الفکر ص ۳۱، ۳۲)

معلوم ہوا کہ اگر کوئی روایت صحیحین میں نہ ہو لیکن ان کی شرائط پر پوری اترتی ہو تو وہ بھی بالاتفاق مقبول ہو گی۔ اس لیے روایات مہدی کے صحیحین میں نہ ہونے کا اعتراض دو وجہ سے درست نہیں۔

(۱) اولاً تو یہی بات غیر مسلم ہے کہ امام مہدی سے متعلق روایات صحیحین میں موجود نہیں بلکہ مسلم شریف میں ایسی روایات موجود ہیں جو اگرچہ مبہم ہیں لیکن اصول حدیث کے قاعدے کی بناء پر جب مبہم کو مفسر پر محمول کریں گے تو اس مبہم سے بعینہ وہی مراد ہو گا جو مفسر سے مراد ہے۔ اور آپ اسی رسالے کے باب ششم میں امام مہدیؒ سے متعلق صحیحین کی آٹھ ایسی روایات پڑھ آئے ہیں جو ظہور مہدی پر دلالت کرتی ہیں۔

(۲) کسی بات پر اجماع کے لیے تمام محدثین اور علماء کا الگ الگ قول نقل کرنا ضروری نہیں بلکہ اتنا ہی کافی ہے کہ وہ بات پھیل جائے اور اس پر کسی کا انکار منقول نہ ہو، لہٰذا جب تک اس سلسلے میں شیخین کے انکار کی تصریح نہ دکھا دی جائے اس وقت تک یہی سمجھا جائے گا کہ ان کے نزدیک بھی ظہور مہدی برحق ہے۔

## ظہور مہدی پر اجماع سلف صالحین:

پھر دوسری بات یہ بھی ہے کہ شیخین سے پہلے ظہور مہدی پر سلف صالحین اور متقدمین کا اجماع ہو چکا ہے اب اگر متاخرین میں سے کوئی انکار بھی کر دے تو اس سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ یہ اصول ہے کہ متاخرین کا اختلاف، متقدمین کے اتفاق کو ختم نہیں کرسکتا اور عجیب بات یہ ہے کہ جمہور علماء کے نزدیک اس مسئلہ کا اجماعی ہونا خود علامہ ابن خلدون کو بھی تسلیم ہے چنانچہ وہ تحریر کرتے ہیں:

﴿اعلم ان المشهور بين الكافة من اهل الاسلام على ممرّ الاعصار انه لابد﴾ (مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۱)

''جان لو! کہ اُس قدر زمانہ گزرنے کے باوجود تمام اہل اسلام کے درمیان یہ بات مشہور ہے کہ امام مہدیؓ کا ظہور ضروری ہے۔''

## کیا بخاری ومسلم میں تمام روایات کا ہونا ضروری ہے؟

اسی طرح ''کتاب البرہان فی علامات المہدی آخر الزمان'' ج ۱ ص ۳۱۷ پر احادیث مہدی کے صحیحین میں نہ ہونے کے اعتراض کے مندرجہ ذیل جواب دیئے گئے ہیں۔

(۱) احادیث عقائد کا صرف بخاری اور مسلم میں ہی ہونا شرط نہیں ہے۔

(۲) کسی حدیث کا بخاری اور مسلم میں نہ ہونا امام بخاریؒ ومسلمؒ کے نزدیک اس حدیث کے ضعیف ہونے کی دلیل نہیں ہے امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ سے یہ قول کہیں منقول نہیں کہ انہوں نے اپنی اپنی کتاب میں تمام صحیح احادیث کو بیان کرنے کا التزام کیا ہے جس کی وجہ سے ہم یہ کہہ سکیں کہ جو روایت ان دونوں نے ذکر نہیں کی، وہ ان کے نزدیک ضعیف ہے بلکہ ان سے اس کے برخلاف تصریح اور وضاحت منقول ہے چنانچہ حافظ ابن صلاح اپنی کتاب ''علوم الحدیث'' جو کہ مقدمۂ ابن صلاح کے نام سے مشہور ہے، میں تحریر فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ اور مسلمؒ نے اپنی اپنی کتاب میں تمام صحیح احادیث کو بیان نہیں کیا اور نہ اس کو اپنے اوپر لازم کیا ہے چنانچہ امام بخاریؒ سے اس سلسلے میں یہ قول منقول ہے کہ میں نے اپنی اس جامع صحیح میں صرف صحیح احادیث کو بیان کیا ہے لیکن طوالت کے خوف سے میں نے بہت سی احادیث صحیحہ کو ترک کر دیا ہے، اسی طرح امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مسلمؒ فرماتے ہیں کہ ہر وہ روایت جس کی صحت میرے نزدیک ثابت ہوگئی ہو، میں نے اس کو اپنی کتاب میں بیان نہیں کیا البتہ جن احادیث پر محدثین کا اجماع ہے، ان کو ضرور ذکر کیا ہے۔

## شیخ یوسف بن عبداللہ کا جواب:

شیخ یوسف بن عبداللہ الوابل اپنی کتاب ''اشراط الساعۃ'' میں ظہور پر مہدی کی روایات کے صحیحین میں نہ ہونے کے اعتراض کا جواب دیتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

> ''یہ دعویٰ کہ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے امام مہدیؒ کی شان میں وارد شدہ احادیث کو بیان نہیں کیا (اس لیے امام مہدیؒ کا ظہور نہیں ہوگا) تو ہم کہتے ہیں کہ مکمل احادیث اور سنن صرف بخاری اور مسلم میں جمع نہیں بلکہ بخاری اور مسلم کے علاوہ احادیث کے دیگر مجموعہ جات مثلاً سنن، مسانید اور معاجم وغیرہ میں بھی بہت سی صحیح احادیث موجود ہیں۔''

## علامہ ابن کثیرؒ کی تحقیق:

علامہ ابن کثیرؒ اس پر کلام کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

> ''امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے اس بات کا التزام نہیں کیا کہ وہ ان تمام احادیث کو اپنی کتاب میں ذکر کریں گے جس کی صحت کا فیصلہ ہو چکا ہے بلکہ امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے ایسی بہت سی احادیث کو بھی صحیح قرار دیا ہے جن کو انہوں نے اپنی کتابوں میں ذکر نہیں کیا جیسے امام ترمذیؒ وغیرہ امام بخاریؒ سے کسی حدیث کی صحت نقل کرتے ہیں لیکن وہ روایت بخاری میں نہیں ہوتی بلکہ حدیث کی دوسری کتابوں میں ہوتی ہے۔'' (الشراط الساعۃ: ص ۲۶۹)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مرتب کتاب البرہان شیخ جاسم کی وضاحت:

اسی طرح شیخ جاسم کتاب البرہان ج ا ص ۴۲۰ پر ''الوجہ الثالث'' کے عنوان کے تحت رقمطراز ہیں:

''امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ بھی احادیث مہدی سے غافل نہیں رہے چنانچہ اس سے متعلق انہوں نے حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ روایت ذکر کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:''

﴿کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم واما مکم منکم﴾

''تمہارا اس وقت کیا حال ہو گا جب تم میں ابن مریمؑ نازل ہوں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہو گا۔''

اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے علامہ شنقیطی کہتے ہیں کہ اگرچہ صحیحین کی اس روایت میں امام کے نام کی تعیین نہیں کی گئی بلکہ یہ حدیث مطلق ہے لیکن اس قسم کی دوسری احادیث میں امام مہدیؒ کے نام کی قید موجود ہے چنانچہ ابن ماجہ، رویانی، ابن خزیمہ، ابوعوانہ، حاکم اور ابونعیم نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے۔

﴿خطبنا رسول اللّٰہ ﷺ وذکر الدجال وقال فتنفی المدینة الخبث کما ینفی الکیر خبث الحدید ویدعی ذلک الیوم "یوم الخلاص" قالت ام شریک فاین العرب یا رسول اللّٰہ یومئذ؟ قال ھم یومئذ قلیل وجلھم ببیت المقدس واما مھم المھدی رجل صالح......الخ﴾

(کتاب البرہان: ج ا ص ۴۲۰)

''ایک دن حضور ﷺ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے دجال کا تذکرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا اور فرمایا کہ مدینہ منورہ سے گندے لوگ (منافق اور کافر) اس طرح نکل جائیں گے جس طرح بھٹی سے لوہے کا گند (میل اور زنگ) دور ہو جاتا ہے، اور اس دن کو ''یوم الخلاص'' (چھٹکارے اور خلاصی کا دن) کہا جائے گا۔ ام شریک (نامی ایک صحابیہ) نے پوچھا کہ یا رسول اللہ! اس وقت عرب کہاں ہوں گے؟ فرمایا کہ عرب اس وقت تھوڑے ہوں گے اور ان میں سے بھی اکثر بیت المقدس میں ہوں گے اور ان کا امام ''مہدی'' نامی ایک صالح آدمی ہوگا۔''

معلوم ہوا کہ امام مہدیؓ سے متعلق روایات صحیحین میں بھی موجود ہیں جیسا کہ گذشتہ صفحات میں آپ اس کی تفصیل پڑھ آئے ہیں۔

### امرِ دوم:

محققین کا کہنا ہے کہ اگر کوئی حدیث مختلف سندوں کے ساتھ مروی ہو اور اس کے نقل کرنیوالے اتنی کثرت کے ساتھ ہوں کہ ان کو جھوٹا قرار نہ دیا جا سکے تو اس حدیث کو خبر متواتر قرار دیا جا سکتا ہے، اس اصول کو پیش نظر رکھ کر آپ غور فرمائیں! کہ ظہور مہدی کی روایات اس قدر زیادہ سندوں سے مروی ہیں کہ ان کے راویوں میں تین خلفائے راشدین، پانچ امہات المؤمنین اور ان کے علاوہ مزید ۲۹ جلیل القدر صحابہ و صحابیات علیہم الرضوان شامل ہیں، لہٰذا ظہور مہدی کی روایات پر تواتر کا حکم لگانا بے جا نہیں ہے اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ خبر متواتر میں راویوں کا ثقہ اور عادل ہونا شرط نہیں ہے۔ چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے کسی روایت پر خبر متواتر کا حکم لگانے کے لیے اس کی تعریف میں چار شرائط ذکر کی ہیں:

عدد کثیر

راویوں کی ایک کثیر تعداد اس کو نقل کرے۔

احالت العادۃ تواطؤھم وتوافقھم علی الکذب

عادۃً ان سب کا جھوٹ پر جمع ہونا محال ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رووا ذلک عن مثلھم من الابتداء الی الانتھاء
شروع سے آخر تک راویوں کی تعداد یکساں ہو۔

وکان مستند انتھاء ھم الحس
سند کی انتہاء کسی امر حسی پر ہو۔ (نیز یہ کہ وہ خبر اپنے سننے والوں کو علم یقینی کا فائدہ دے۔)

ان چاروں شرطوں میں کہیں بھی یہ ذکر نہیں کہ راوی کا عادل اور ثقہ ہونا ضروری ہے اس لیے بھی ظہور مہدی کی روایات قابل قبول ہوں گی کیونکہ وہ تواتر کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں۔

امر سوم:

جن راویوں پر علامہ ابن خلدون نے جرح کی ہے، انہی راویوں کی اکثر جگہ توثیق بھی نقل کی ہے جس کی وجہ سے خود ان کے اقوال باہم متضاد ہو گئے ہیں لہٰذا وہ دلیل کا مدار نہیں بن سکتے، نیز علامہ ابن خلدون نے جو یہ قاعدہ مقرر کیا ہے۔

﴿الجرح مقدم علی التعدیل﴾ (مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۲)
"جرح، تعدیل پر مقدم ہوا کرتی ہے۔"

یعنی کوئی راوی ایسا ہے کہ بعض علماء نے اس پر تنقید کی ہو اور بعض علماء نے اس کی توثیق کی ہو تو جرح کو تعدیل پر مقدم سمجھا جائے گا۔ اولاً تو یہ قاعدہ خود ہی ظنی ہے۔ ثانیاً اس سلسلے میں اصولیین نے کافی تفصیلی بحث کی ہے۔ ثالثاً یہ کہ مسلمان میں عدالت اصل ہے لہٰذا اسی کو قابل ترجیح قرار دیا جائے گا اور اگر اس پر کسی کی جرح موجود ہو، جس کی وجہ سے اختلاف پیدا ہو جائے تو پھر اس صورت میں بھی عدالت تو یقینی ہے البتہ جرح میں اختلاف ہے اور قانون یہ ہے کہ:

﴿الیقین لایزول بالشک﴾
"شک کی وجہ سے یقین زائل نہیں ہوتا۔"

اور رابعاً یہ کہ جب کسی راوی پر جرح کی گئی ہو اور اس نقصان کی تلافی تواتر یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اجماع سے ہو جائے تو اس سے کچھ نقصان نہیں ہوتا اور وہ روایت مقبول قرار پاتی ہے لہٰذا ظہور مہدی کی روایات بھی مقبول ہوں گی۔

## کیا ہر جرح مقدم ہوتی ہے؟

ویسے بھی اگر دیکھا جائے تو اگرچہ "الجرح مقدم علی التعدیل" کا قاعدہ اصولِ حدیث میں مسلم ہے لیکن کچھ شرائط کے ساتھ۔ چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانیؒ اپنی مشہور کتاب شرح نخبۃ الفکر میں تحریر فرماتے ہیں:

﴿والجرح مقدم على التعديل واطلق ذلك جماعة ولكن محله ان صدر مبينا من عارف باسبابه لانه ان كان غير مفسر لم يقدح في من ثبتت عدالته وان صدر من غير عارف بالاسباب لم يعتبر به ايضا﴾

(تسہیل شرح نخبۃ الفکر: ص ۹۳، ۹۴)

"اور جرح مقدم ہوا کرتی ہے تعدیل پر محدثین کی ایک جماعت نے تو اس قاعدے کو مطلق رکھا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ جرح، تعدیل پر اس وقت مقدم ہو گی جب کہ وہ جرح واضح ہو (مبہم نہ ہو) اور جرح کرنے والا اسبابِ جرح کو جانتا بھی ہو (فنِ جرح و تعدیل میں ماہر ہو) اس لیے کہ اگر جرح واضح نہ ہو (بلکہ مبہم ہو) تو کسی عادل راوی کے بارے میں اس جرح سے کوئی عیب ثابت نہ ہو گا، اسی طرح اگر جرح کرنے والا اسباب جرح کو نہ جانتا ہو، تب بھی وہ جرح معتبر نہیں ہو گی۔"

اس قاعدے کے پیش نظر احادیث مہدی پر جرح مبہم کیونکر قبول ہو سکتی ہے پھر علامہ ابن خلدون کا بھی یہ اخلاقی فریضہ بنتا تھا کہ اگر وہ احادیث مہدی پر محدثانہ انداز سے تنقید کرنے لگے ہیں اور اس سلسلے میں وہ اصولِ حدیث کے قواعد سے بھی استدلال کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رہے ہیں تو کم از کم قواعد ہی پورے بیان کر دیتے۔ تا کہ پڑھنے والوں کو ان کی جرح کی حیثیت بھی معلوم ہو جاتی۔

## امر چہارم:

محدثین کرام نے اس بات کی صراحت کی ہے کہ اگر کوئی ضعیف حدیث مختلف سندوں سے مروی ہو تو وہ باوجود ضعیف ہونے کے مقبول ہو گی، جب متفق علیہ ضعف کی تلافی اس طرح ہو سکتی ہے تو مختلف فیہ کی تلافی بھی ہو سکتی ہے۔ بالخصوص اس وقت جب کہ اسکی کثرت، حدتواتر کو پہنچ چکی ہو۔

## امرِ پنجم:

اہل علم نے اس بات کی صراحت کی ہے کہ اگر کوئی مجتہد کسی حدیث سے استدلال کرتا ہے تو گویا وہ پہلے اس حدیث کے صحیح ہونے کا حکم لگاتا ہے، پھر اس سے استدلال کرتا ہے، اس اصول کے پیش نظر جب سلف صالحین اس پیشین گوئی کے معتقد رہے تو انہوں نے اس سلسلے کی وارد شدہ احادیث کو صحیح قرار دے دیا پھر بعد میں سند کے ضعیف ہونے سے اس پر کوئی فرق نہیں پڑ سکتا۔

## امرِ ششم:

علامہ ابن خلدون نے اگرچہ روایاتِ ظہور مہدی کے ثبوت کا انکار کیا ہے لیکن بہت سی روایات نقل کرنے کے بعد وہ اس میں جرح کا کوئی پہلو نہ نکال سکے۔ ان میں سے بعض روایات میں تو امام مہدیؒ کا نام صراحتۃً موجود ہے مثلاً ص ۳۱۶ پر سلیمان بن عبید کی روایت حاکم کے حوالے سے نقل کر کے حاکم کا یہ قول ذکر کیا ہے:

﴿حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۶)

''اس حدیث کی سند تو صحیح ہے لیکن بخاری اور مسلم نے اس کو نقل کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہیں۔''

اور یہ بات پیچھے بیان ہو چکی کہ کسی روایت کے صحیح ہونے کے لیے یہ ضروری نہیں کہ اس کو امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ ہی نے نقل کیا ہو، لہٰذا سلیمان کی روایت مقبول ہے۔ اگر چہ علامہ ابن خلدون نے یہ کہہ کر اس میں جرح کا پہلو نکالنے کی کوشش کی ہے۔

﴿سليمان بن عبيدلم يخرج له احدمن الستة﴾ (بحوالۂ بالا)

''سلیمان بن عبید سے صلاح ستہ کے کسی مصنف نے روایت نہیں لی۔''

لیکن اہل علم جانتے ہیں کہ کسی روای کی روایت کے صحاح ستہ میں نہ ہونے سے اس راوی پر جرح نہیں کی جا سکتی اور نہ اس کو مدار جرح بنایا جا سکتا ہے پھر مزید یہ کہ خود علامہ ابن خلدون نے ابن حبانؒ سے ان کا ثقہ ہونا اس طرح نقل کیا ہے۔

﴿لكن ذكره ابن حبان في الثقات ولم يروان احدا تكلم فيه﴾ (بحوالۂ بالا)

''لیکن ابن حبانؒ نے سلیمان کو ثقہ راویوں میں شمار کیا ہے اور کسی سے بھی ان کے بارے میں کوئی کلام منقول ہونے کا ذکر نہیں کیا (جو سلیمان کے مجروح ہونے پر دلالت کرتا ہو)''

اسی طرح ص ۳۱۹ پر حاکم کی روایت نقل کر کے حاکم ہی کا یہ قول ذکر کیا:

﴿صحيح على شرط الشيخين﴾ (مقدمہ ابن خلدون ص ۳۱۹)

''بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق یہ روایت صحیح ہے۔''

اگر چہ اس روایت میں بھی علامہ ابن خلدون نے ایک راوی عمار ذہبی میں شیعہ ہونے کا شبہ نکالا ہے لیکن حضرت اہل علم جانتے ہیں کہ حدیث کے صحیح ہونے کا دارومدار راوی کی سچائی اور اس کی قوت حافظہ پر ہے، پھر امام مسلمؒ اعلیٰ درجہ کے نقاد فن ہیں، ان کا عمار سے روایت کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اس کے شیعہ ہونے کو صحت پر اثر انداز نہیں سمجھتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ تفصیل تو بعض ان روایات سے متعلق تھی کہ جن میں امام مہدیؒ کا نام صراحۃً موجود ہے اور بعض روایات ایسی ہیں جن میں امام مہدیؒ کے نام کی صراحت نہیں جیسے ص ۳۱۶ پر حاکم ہی کی روایت عوف کی سند سے نقل کر کے حاکم کا یہ قول ذکر کیا ہے:

﴿هذا صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۶)

''یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق صحیح ہے لیکن انہوں نے اس کی تخریج نہیں کی۔''

## جرح مبہم پر تعدیل مقدم ہوتی ہے:

اسی طرح ص ۳۱۷ پر طبرانی کی روایت نقل کر کے اس پر بھی کوئی جرح نہیں کی البتہ اس پر طبرانی کی اس عبارت سے شبہ ہوتا ہے کہ اس حدیث کو ابو الصدیق سے ایک جماعت نے نقل کیا ہے اور ابو الواصل کے علاوہ ابو الصدیق اور ابو سعید کے درمیان کوئی راوی نہیں جبکہ ابو الواصل کی روایت میں ابو الصدیق اور ابو سعید کے درمیان حسن بن یزید موجود ہے اور اس پر ذہبی نے جرح کی ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اولاً تو محدثین کے یہاں ثقہ راوی کی زیادت مقبول ہے اور ثانیاً یہ جرح مبہم ہے اور جرح مبہم پر تعدیل مقدم ہوا کرتی ہے اور پھر تعدیل بھی خود علامہ ابن خلدون نے ابن حبانؒ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

﴿لكن ذكره ابن حبان في الثقات﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۷)

''حسن بن یزید کو ابن حبان نے ثقہ راویوں میں شمار کیا ہے۔''

اس کی مثال یہ ہے کہ ''حدیث تمر بالرطب'' میں ایک راوی زید بن عیاش کے بارے میں حضرت امام ابو حنیفہؒ کا یہ قول منقول ہے کہ وہ مجہول ہے لیکن انہوں نے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جہالت کی وضاحت نہیں کی، جس کی وجہ سے یہ جرح مبہم قرار پائی اسی لیے محدثین نے اس کو قبول نہیں کیا اور فرمایا:

﴿زید بن عیاش کذا و کذا، فان لم یعرفه ابو حنیفة فقد عرفه غیره﴾

''زید بن عیاش ایسے ایسے راوی ہیں، اگر انہیں امام ابوحنیفہؒ نہ جان سکے تو دوسرے ائمہ تو انہیں جانتے ہیں۔''

معلوم ہوا کہ جرح مبہم پر تعدیل مقدم ہوا کرتی ہے خواہ جارح کوئی بھی ہو، پھر اس روایت میں بھی علامہ ابن خلدون نے ابوالواصل کی روایت کے متعلق وہی جرح کا پہلو نکالنے کی کوشش کی ہے کہ ان کی روایت اصحاب ستہ نے نہیں لی، اس کا جواب آپ سلیمان بن عبید کے متعلق بیان کردہ تفصیلات میں پڑھ آئے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ علامہ ابن خلدون اپنے کلام کو خود ہی متضاد بنا دیتے ہیں کہ ایک طرف راوی کی جرح نقل کرتے ہیں اور فوراً ہی اس کی توثیق نقل کرنا شروع کر دیتے ہیں چنانچہ یہاں بھی انہوں نے ایسا ہی کیا ہے۔

﴿وذکره ابن حبان فی الثقات فی الطبقة الثانیة وقال فیه یروی عن انس روی عنه شعبة و عتاب بن بشیر﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۷)

''ابن حبانؒ نے ابوالواصل کو ثقہ راویوں کے دوسرے طبقے میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ ابوالواصل، حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے شعبہ اور عتاب بن بشیر روایت کرتے ہیں۔''

جب ابوالواصل کی روایت کو امیر المؤمنین فی الحدیث شعبہ نے لے لیا ہے تو پھر صحاح ستہ کے مؤلفین کا ان کی روایت کو نہ لانا کوئی قابل ذکر بات نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## علامہ ابن خلدون کا احادیث مہدی پر تبصرہ:

علامہ ابن خلدون نے مذکورہ بالا روایات اور ان پر جرح وتنقید نقل کرنے کے بعد صحیح مسلم کی دو روایتیں ذکر کی ہیں اور ان کو صحیح بھی تسلیم کیا ہے، نیز آخر میں جا کر انہوں نے احادیث مہدی پر یوں تجزیہ اور تبصرہ کیا ہے:

﴿فهذه جملة الاحاديث التي خرجها الائمة في شان المهدى وخروجه آخر الزمان وهي. كما رأيت. لم يخلص منها من النقد الا القليل و الاقل منه.﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص۳۲۲)

''یہ وہ تمام احادیث ہیں جو ائمہ حدیث نے امام مہدیؒ اور ان کے آخر زمانے میں ظہور سے متعلق بیان کی ہیں اور ان روایات میں سے۔ جیسا کہ آپ دیکھ ہی چکے ہیں۔ بہت کم جرح وتنقید سے بچ سکی ہیں۔''

یہاں بھی مؤرخ موصوف نے حسب عادت دو متضاد باتوں کو جمع کر دیا ہے کہ ایک طرف ان احادیث صحیحہ کو قلیل بتا رہے ہیں اور دوسری طرف خود ہی ان کی تعداد پانچ چھ سو کہہ رہے ہیں۔ اور اگر بالفرض ان کی بات کو تسلیم کر بھی لیا جائے تب بھی یہ روایات کم از کم خبر واحد کے درجے تک تو پہنچیں گی اور یہ بات کسی پر مخفی نہیں کہ شریعت میں خبر واحد حجت ہے۔ لہٰذا بقول علامہ ابن خلدون کے ان روایات کا قلیل ہونا، کچھ مضر نہیں بالخصوص ایسے امور میں روایات کا قلیل ہونا کچھ بھی مضر نہیں ہوتا جن کا انکار کفر کی حد تک نہ پہنچے البتہ بدعت ضرور ہو اور امام مہدیؒ سے متعلق روایات کا یہی حکم ہے پھر جب ان قلیل روایات کی تائید کرنے والی روایات کثرت سے موجود ہوں تو وہ اور بھی زیادہ قوی ہو کر سب میں حکم پائے جانے کا سبب بن جاتی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## مبہم، تفسیر کے وقت مفسر پر محمول ہوتا ہے:

علامہ ابن خلدون نے بعض احادیث کے بارے میں یہ بھی کہا ہے:

﴿لم یقع فیھا ذکر المھدی ولا دلیل یقوم علی انه المراد منھا.﴾ (مقدمہ: ص ۳۱۶)

''اس حدیث میں نہ تو امام مہدیؓ کا نام مذکور ہے اور نہ کوئی ایسی دلیل قائم ہے جو اس مقام پر امام مہدیؓ کے مراد ہونے پر دلالت کرے۔''

سو اس کا جواب یہ ہے کہ کسی حدیث میں امام مہدیؓ کا نام نہ ہونے سے کچھ ضرر واقع نہیں ہوتا اس لیے کہ بقول علامہ ابن خلدون کے، اس پر کوئی دلیل قائم نہیں، اگر دلیل قائم ہو جائے تو پھر لازمی طور پر اس حدیث سے بھی امام مہدیؓ مراد ہوں گے چنانچہ آپ گذشتہ اوراق میں یہ بات پڑھ آئے ہیں کہ محدثین کا اس بات پر اجماع ہے کہ اگر کسی روایت کی سند یا متن میں ابہام ہو اور دوسری حدیث میں اس کی تفسیر موجود ہو اور قرائن سے یہ معلوم ہو جائے کہ یہ دونوں حدیثیں متحد ہیں تو اس مبہم سے مراد وہ تفسیر ہی ہوگی اور یہ قاعدہ علامہ ابن خلدون کو بھی تسلیم ہے۔ چنانچہ ص ۳۱۴ پر انہوں نے ابوداؤد کے حوالے سے ایک روایت ذکر کی ہے جس کی سند یوں ہے:

﴿صالح ابی الخلیل عن صاحب له عن ام سلمة﴾

اس سند میں ''صاحب'' کا لفظ مبہم ہے۔ اور دوسری روایت میں یہ سند اس طرح مذکور ہے:

﴿ابی الخلیل عن عبداللّٰه بن الحارث عن ام سلمة﴾

اور پھر علامہ نے یہ کہا ہے کہ یہاں مبہم سے یہی مفسر مراد ہے۔ جب اس سند میں مبہم کو مفسر پر محمول کیا جا سکتا ہے تو احادیث مہدی میں ایسا کیوں نہیں کیا جا سکتا؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اگر کوئی صاحبِ عقل آدمی غور وفکر سے کام لے تو وہ روایات کہ جن میں امام مہدیؒ کے نام کی صراحت ہے اور جن میں نہیں ہے، اسناد اور الفاظ کے اعتبار سے اس قدر قریب اور متحد نظر آئیں گے کہ یہ شعر ان پر صادق آئے گا۔

من تو شدم، تو من شدی، من تن شدم تو جان شدی
تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

اور پھر تمام محدثین کا ان روایات کو ''باب المھدی'' کے تحت ذکر کرنا اس بات کی قطعی دلیل ہے کہ ان مبہم احادیث سے امام مہدیؒ ہی مراد ہیں اور اگر صرف ان روایات ہی کو لے لیا جائے جن میں صراحۃً امام مہدیؒ کا نام مذکور ہے، وہ بھی کافی ہیں کیونکہ یہ تو ابھی بیان ہوا کہ ایسے امور میں خبرِ واحد بھی حجت ہے۔

## امرِ ہفتم:

بعض منکرین ظہورِ مہدی نے حدیث ''لامھدی الاعیسی ابن مریم'' سے استدلال کیا ہے کہ مہدی تو صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں گے بالفاظ دیگر یہ کہ انہوں نے مہدی اور عیسیٰ ایک ہی شخصیت کو قرار دینا چاہا لیکن یہ استدلال درست نہیں اس لیے کہ بقول علامہ ابن خلدون ہی کے یہ روایت ضعیف اور مضطرب ہے اور دوسری بات یہ بھی ہے کہ احادیث میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے جو اوصاف بیان کیے گئے ہیں مثلاً آسمان سے نزول وغیرہ، ان میں اور امام مہدیؒ کے اوصاف، مثلاً مدینہ منورہ میں ولادت کا ہونا وغیرہ میں تغایر ہے اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ امام مہدیؒ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام دو الگ الگ شخصیتیں ہیں کیونکہ اس حدیث کو اس کے حقیقی معنی پر محمول کرنا متعذر اور مشکل ہے لہٰذا اس کو مجازی معنی پر محمول کیا جائے گا چنانچہ علماء کرام نے اس حدیث کی متعدد توجیہات ذکر کی ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## فائدہ:

حدیث "لا مهدی الا عیسیٰ ابن مریم" کی یہ توجیہات حضرت تھانویؒ نے اپنے رسالہ مؤخرۃ الظنون میں تحریر فرمائی ہیں اور یہاں پہنچ کر حضرت تھانویؒ کی علامہ ابن خلدون پر تنقید مکمل ہوئی، کچھ باتوں کو قصداً ترک کر دیا گیا ہے۔ اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حدیث مذکور میں دیگر علماء کرام کی توجیہات بھی بیان کر دی جائیں، اور وہ حسب ذیل ہیں:

(۱) اس حدیث کی توجیہ بیان کرتے ہوئے امام قرطبیؒ تحریر فرماتے ہیں:

﴿ویحتمل ان یکون قوله علیه الصلوٰة والسلام "ولا مهدی الا عیسیٰ" ای لا مهدی کاملا معصوما الا عیسی﴾ (التذکرہ: ص ۷۰۳)

"اور یہ بھی احتمال ہے کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان "ولا مهدی الا عیسیٰ" سے یہ مراد ہو کہ کامل اور معصوم مہدی صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں گے۔"

اور یہ بات درست ہے کیونکہ امام مہدیؒ امتی ہوں گے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی اور امتی معصوم عن الخطأ نہیں ہو سکتا۔

(۲) علامہ سید برزنجیؒ اس حدیث کی توجیہ بیان کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

﴿لا قول للمهدی الا بمشورة عیسی علیه السلام ان قلنا انه وزیره، او لا مهدی معصوما مطلقا الا عیسی علیه السلام﴾ (الاشاعہ: ص ۲۳۶)

"امام مہدیؒ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مشورہ کیے بغیر کوئی کام نہیں کریں گے جبکہ ان کو وزیر مانا جائے یا یہ مراد ہے کہ مہدی معصوم صرف حضرت عیسیٰؑ ہوں گے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## حدیث "لا مھدی الا عیسیٰ بن مریم" کی توجیہات

(۱) مہدی، "مھد" سے مشتق ہے جس کے معنی "گود" کے آتے ہیں، اس صورت میں حدیث مذکورہ کا مطلب یہ ہوگا کہ انبیاء کرام علیہم السلام میں سے گود میں کلام کرنے والے نبی صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

(۲) بعض علماء نے یہاں "مہدی" کا لغوی معنی مراد ہے کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ اگر کسی جگہ کوئی چیز مطلق ذکر کی جائے اور اس میں کوئی قید نہ ہو تو وہاں اس کا کامل فرد مراد ہوتا ہے، اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ کامل مہدی (ہدایت یافتہ) تو صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔

اس اجمال کی وضاحت یہ ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بعد کسی بھی نبی کے آنے کی نفی فرما دی اور فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا تو اس سے عام لوگوں کے ذہن میں یہ شبہ پیدا ہوسکتا تھا کہ شاید اس سے یہ مراد ہو کہ میرے بعد نہ تو کوئی مستقل نبی آئے گا اور نہ تابع ہو کر۔ اس حدیث کو بیان کر کے گویا یہ بتانا مقصود ہے کہ میرے بعد کوئی مستقل نبی نہیں آئے گا۔ ہاں! تابع ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائیں گے اور چونکہ مستقل نبی میں "ہادی" ہونے کی شان نمایاں ہوتی ہے اور تابع میں "مہدی" ہونے کی اس لیے حدیث میں "مہدی" کا لفظ ذکر کر دیا۔

(۳) اس حدیث کی تیسری توجیہ بیان کرتے ہوئے حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ یہ توجیہ میں القاء ربانی سے لکھتا ہوں کہ اس قسم کے الفاظ جہاں کہیں استعمال ہوں، اس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ یہ دونوں چیزیں آپس میں بہت زیادہ متحد ہیں اور یہ اتحاد کبھی حقیقت کے اعتبار سے ہوتا ہے اور کبھی اس اعتبار سے کہ یہ دونوں چیزیں زمانے کے لحاظ سے قریب قریب ہیں، اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ مہدیؓ اور عیسیٰؑ زمانے کے اعتبار سے قریب قریب ہوں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب ''الحاوی للفتاوی'' ج ۲ص ۱۰۳ پر علامہ ابن کثیرؒ کے حوالے سے اس حدیث کی یہ توجیہ بیان کی ہے کہ اس حدیث کا معنی یہ ہے کہ امام مہدیؒ کا وجود برحق ہے اور وہ مہدی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں گے۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کسی اور کے لیے مہدی ہونے کی نفی کی جائے۔

(۴) سید برزنجیؒ نے اس حدیث کی ایک اور توجیہ یہ بیان کی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد کوئی مہدی نہیں ہوگا۔ (الاشاعہ: ص ۲۳۶)

(۵) اس حدیث کی ایک توجیہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ عبارت میں مضاف محذوف ہو ''**لامهدى الا فى زمن عيسىٰ عليه السلام**'' کہ امام مہدیؒ تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں ہوں گے۔

(۶) اس حدیث کی ایک اور توجیہ بیان کرتے ہوئے حضرت تھانویؒ رقمطراز ہیں:

''میرے نزدیک توجیہ حدیث کی یہ ہے کہ یہ ترکیب مستعمل ہوتی ہے کمال تشابہ کے لیے، پس مطلب یہ ہے کہ ان دونوں بزرگوں میں باعتبار صفات کمال کے ایسا تشابہ ہوگا کہ گویا مہدی، عین عیسیٰ علیہ السلام ہیں جیسا کہ کسی کا قول ہے:''

من تو شدم تو من شدی، من تن شدم تو جاں شدی
تاکس نگوید بعدازیں من دیگرم تو دیگری

(احتساب قادیانیت: ج ۴ص ۱۱۸)

## شیخ یوسف بن عبداللہ کی تحقیق وتنقید

علامہ ابن خلدون کے کلام پر حضرت تھانویؒ کی اس تفصیلی تنقید کے بعد کچھ دیگر علماء کرام کے حوالہ جات بھی مطالعہ فرماتے جائیں تاکہ یہ وہم پیدا نہ ہو کہ شاید متقدمین نے علامہ ابن خلدون کے اس طعن کا کوئی نوٹس نہیں لیا چنانچہ اس سلسلے میں شیخ یوسف بن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عبداللہ الوابل اپنی کتاب ''اشراط الساعۃ'' کے ص ۲۶۵ پر ''**المنکرون لاحادیث المهدی والرد علیهم**'' (احادیث مہدی کے منکرین اور ان کی تردید) کے عنوان کے تحت تحریر فرماتے ہیں:

> ''یہ بات افسوسناک ہے کہ اس زمانے میں مصنفین کی ایک جماعت ظاہر ہوئی ہے جو ظہور مہدی کی منکر ہے، ان لوگوں کا دعویٰ ہے کہ روایات ظہور مہدی میں تناقض اور بطلان پایا جاتا ہے''
>
> اور ان میں سے بعض حضرات نے مؤرخ ابن خلدون کے امام مہدیؒ کی شان میں کچھ احادیث کو ضعیف قرار دینے سے تاثر لیا ہے حالانکہ ابن خلدون فن حدیث کے کوئی ایسے شہسوار نہیں کہ کسی حدیث کے صحیح یا ضعیف ہونے کے لیے ان کے قول کو قبول کیا جائے، اور اگر ابن خلدون کے قول کو قبول کر بھی لیا جائے تب بھی انہوں نے بہت سی احادیث مہدی میں سند کے اعتبار سے طعن کرنے کے بعد یہ تسلیم کیا ہے کہ ''ان تمام احادیث کو ائمہ حدیث نے امام مہدیؒ کے بارے میں نقل کیا ہے نیز یہ کہ آخر زمانے میں ان کا خروج ہو گا لیکن جیسا کہ تم دیکھ ہی چکے ہو کہ ان روایات میں سے بہت کم روایات جرح سے بچ سکی ہیں'' گویا علامہ ابن خلدون کے نزدیک بھی کچھ احادیث جرح سے بچی ہوئی ہیں اور یہ قانون ہے کہ اگر ایک حدیث بھی صحیح ثابت ہو جائے تو وہ امام مہدیؒ کے بارے میں حجت ہونے کے لیے کافی ہے اور یہاں تو کتنی ہی احادیث صحیحہ متواترہ موجود ہیں۔'' (اشراط الساعۃ: ص ۲۶۵)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿مرتب کتاب البرہان کی تنقید﴾

کتاب البرہان فی علامات مہدی آخر الزمان للشیخ علی متقی ہندیؒ کے مرتب شیخ جاسم نے علامہ ابن خلدون کو احادیث مہدی کا منکر قرار دینے کے بجائے ان کو اس سلسلے میں متشکک ومتردد مانا ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

﴿وجاء بعد هؤلاء ابن خلدون المؤرخ الشهير وحاول انكار هذه الاحاديث على منهج النقدلدى المحدثين، وان كان قدا خطأ في تطبيق قواعدهم الا انه لم يجزم بالانكار فهو متردد فيه و يدل عليه كلامه بعد مناقشة الاحاديث حيث قال فهذه جملة الاحاديث......الخ﴾

(کتاب البرہان: ج۱ص۳۶)

''اور مجاہد و حسن بصری کے بعد مشہور مؤرخ ابن خلدون آئے جنہوں نے محدثانہ طرز پر احادیث مہدی کا انکار کر دیا اگر چہ وہ محدثین کے مقرر کردہ قواعد کی تطبیق میں غلطی کھا گئے لیکن وہ ان احادیث کا یقینی اور قطعی طور پر انکار نہ کر سکے، بلکہ وہ اس سلسلے میں متردد ہیں جیسا کہ احادیث مہدیؒ پر اعتراضات کرنے کے بعد ان کا کلام اس بات پر دلالت کرتا ہے۔''

لیکن حقیقت یہ ہے کہ علامہ ابن خلدون اس مسئلے میں صرف متشکک نہیں بلکہ وہ ظہور مہدیؒ کے سرے سے ہی منکر ہیں چنانچہ حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے علامہ ابن خلدون کا نظریہ بیان کرنے کے بعد تحریر فرمایا ہے۔

﴿فمال هذا المؤرخ الى انكار ظهر المهدى رأسا﴾

(التعلیق الصبیح: ج۶ص۱۹۷)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''پس یہ مؤرخ سرے سے ہی ظہور مہدی کے انکار کی طرف مائل ہو گیا۔''

اور خود علامہ ابن خلدون نے جو الفاظ حضرت امام مہدیؒ کے لیے جا بجا استعمال کیے ہیں ان سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ ظہور مہدی کو ایک حقیقت قرار نہیں دے رہے چنانچہ انہوں نے جس فصل میں احادیث مہدی پر تنقید کی ہے اس کی ابتداء ہی انہوں نے ان الفاظ سے کی ہے:

﴿الفصل الثاني والخمسون في امر الفاطمي وما يذهب اليه الناس في شانه وكشف الغطاء عن ذلك﴾

(مقدمہ ابن خلدون: ص ۳۱۱)

اور جا بجا انہوں نے امام مہدیؒ کے لیے ''فاطمی'' ہی کا لفظ استعمال کیا ہے جس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ علامہ ابن خلدون کے نزدیک بنو فاطمہ نے اپنی تائید کے لیے اس قسم کی احادیث گھڑی ہیں حالانکہ یہ بات پیچھے گذر چکی ہے کہ احادیث مہدی محدثانہ حیثیت سے تواتر معنوی کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں اس لیے اس کے انکار کی گنجائش نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حدیث میں آتا ہے:

﴿من كذب بالدجال فقد كفر ومن كذب بالمهدي فقد كفر﴾ (فوائد الخبار بحوالہ التعلیق الصبیح: ج ٦ ص ١٩٦)

''جس نے خروج دجال کی تکذیب کی اس نے کفر کیا اور جس نے ظہور مہدی کا انکار کیا اس نے بھی کفر کیا''

یہاں کفر سے حقیقی کفر مراد نہیں بلکہ اس کی اہمیت کے پیش نظر اس کے انکار کو کفر سے تعبیر کیا گیا ہے جیسے تارکِ نماز کو نماز چھوڑنے پر کافر کہا جا سکتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ﴿شیخ احمد شاکر کی تنقید﴾

شیخ احمد شاکر، علامہ ابن خلدون پر تنقید کرتے ہوئے رقمطراز ہیں:

﴿ان ابن خلدون لم یحسن قول المحدثین الجرح مقدم علی التعدیل ولو اطلع علی اقوالهم وفقهها ماقال شیئا مما قال وقدیکون قرأو عرف، ولکنهاراد تضعیف احادیث المهدی بما غلب علیه من الرأی السیا سی فی عصره﴾ (تعلیق احمد شاکر علی مسند احمد: ۵/ ۱۹۷۔۱۹۸)

''علامہ ابن خلدون محدثین کے اس قول، جرح مقدم ہوتی ہے تعدیل پر'' کو صحیح طرح سمجھ نہیں سکے، اگر وہ اس سلسلے میں محدثین کے قوال پر مطلع ہوکر انہیں سمجھتے تو وہ کبھی ایسی بات نہ کہتے جو انہوں نے کہہ دی ہے، لیکن اصل میں ان کا ارادہ ہی احادیث مہدی کو ضعیف قرار دینے کا تھا جس کی بنیادی وجہ ان کے زمانے میں سیاسی رائے کا اس انکار میں غالب ہونا تھا، اگرچہ انہوں نے احادیث مہدی کو پڑھ اور سمجھ رکھا تھا۔''

اس کے بعد شیخ احمد شاکر نے وضاحت کی ہے کہ علامہ ابن خلدون نے احادیث مہدی پر جو محدثانہ تنقید کی ہے اس میں ان سے اسماء الرجال اور نقل علل کے سلسلے میں بہت سی غلطیاں سرزد ہوئی ہیں لہٰذا علامہ ابن خلدون کی تنقید کا کوئی اعتبار نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مولانا مودودی کا نظریہ مہدویت

مولانا مودودی کو بعض حضرات نے منکرین ظہور مہدی میں شمار کیا ہے ان کے نظریات کا تجزیہ اور اس پر مفصل تبصرہ حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانویؒ نے اپنی مشہور کتاب ''اختلاف امت اور صراط مستقیم'' کے ص ۱۵۹ پر تحریر فرمایا ہے اس کو بعینہ نقل کیا جاتا ہے۔

''لیکن مولانا کے نزدیک اسلام ایک سیاسی تحریک کا نام ہے (لا دین الا السیاسة) اس لیے کہ وہ کسی بڑی سے بڑی عبادت کو اس وقت تک کوئی اہمیت نہیں دیتے جب تک کہ وہ سیاسی تحریک کے لیے مفید نہ ہو اس لیے وہ بات بات پر عبادات کا مذاق اڑاتے ہیں۔

''تجدید واحیائے دین'' میں ''امام مہدی'' کے بارے میں فرماتے ہیں

''مسلمانوں میں جو لوگ ''الامام المہدی'' کے قائل ہیں وہ بھی ان متجددین سے جو اس کے قائل نہیں، اپنی غلط فہمیوں میں کچھ پیچھے نہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ امام مہدی کوئی اگلے وقتوں کے مولویانہ وصوفیانہ وضع قطع کے آدمی ہوں گے، تسبیح ہاتھ میں لیے یکا یک کسی مدرسے یا خانقاہ کے حجرے سے برآمد ہوں گے، آتے ہی ''انا المہدی'' کا اعلان کریں گے، علماء اور مشائخ کتابیں لیے پہنچ جائیں گے اور لکھی ہوئی علامتوں سے ان کے جسم کی ساخت وغیرہ کا مقابلہ کر کے انہیں شناخت کر لیں گے، پھر بیعت ہوگی اور اعلانِ جہاد کر دیا جائے گا، چلے کھینچے ہوئے درویش اور پرانے طرز کے بقیۃ السلف ان کے جھنڈے تلے جمع ہوں گے، تلوار تو محض شرط پوری کرنے کے لیے برائے نام چلانی پڑے گی، اصل میں سارا کام برکت اور روحانی تصرف سے ہوگا، پھونکوں اور وظیفوں کے زور سے میدان جیتے جائیں گے، جس کافر پر نظر ماردیں گے تڑپ کر بیہوش ہو جائے گا اور محض بددعا کی تاثیر سے ٹینکوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور ہوائی جہازوں میں کیڑے پڑ جائیں گے۔'' (ص ۵۵ طبع ششم مارچ ۱۹۵۵ء)

میں کسی طرح یقین نہیں کر پاتا کہ ایسی سوقیانہ افسانہ طرازی کسی عالم دین کے قلم سے بھی نکل سکتی ہے مگر مولانا کو اہل اللہ کی شکل وصورت سے جو نفرت ہے اور ان کے اعمال واشغال سے جو بغض وعداوت ہے اس نے انہیں ایسے غیر سنجیدہ مذاق پر مجبور کر دیا ہے۔ کس احمق نے ان سے کہا ہے کہ ''اصل میں سارا کام برکت اور تصرف سے ہوگا؟'' لیکن کیا مولانا کہہ سکتے ہیں کہ سارا کام بغیر برکت اور تصرف کے ہو جائے گا۔ جس طرح انہوں نے ''الامام المہدی'' کی وضع قطع اور ان کی برکت وتصرف کا مذاق اڑایا ہے کیا یہی طرزِ فکر کوئی شخص۔ نعوذ باللہ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں اختیار کرے اور اسی طرح معاذ اللہ آپ کی وضع قطع اور آپ کی برکت وتصرف کا مذاق اڑانے لگے تو مولانا مودودی اسے کیا جواب دیں گے؟ کیا مولانا انبیاء کرام علیہم السلام کے معجزات اور اولیاء اللہ کی کرامت کے بھی منکر ہیں؟

جنگ بدر کا جو میدان لشکر جرار کے مقابلے میں دو گھوڑوں آٹھ تلواروں اور تین سو تیرہ جانبازوں کے ذریعے جیتا گیا تھا کیا وہ برکت وتصرف کے بغیر ہی جیت لیا گیا تھا؟ ''العریش'' میں خدا کا پیغمبر فداہ ابی وامی و روحی وجسدی صلی اللہ علیہ وسلم...... جو ساری رات بلبلاتا رہا اور اس نے بے خودی اور ناز کی کیفیت میں خدا تعالیٰ کی بارگاہ صمدیت میں یہ تک کہہ دیا تھا:

﴿اللهم ان تهلک هذه العصابة فلن تعبد بعد اليوم﴾

''اے اللہ! اگر یہ مٹھی بھر جماعت ہلاک ہوگئی تو آج کے بعد تیری عبادت نہیں ہوگی۔''

کیا خدا کی نصرت اس ''برکت اور تصرف'' کے بغیر نازل ہوگئی تھی؟ اور ''شاہت الوجوہ'' کہہ کر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنکریوں کی مٹھی پھینکی تھی جس کو قرآن کریم نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی﴾

''وہ مٹھی جب آپ ﷺ نے پھینکی تھی تو دراصل آپ ﷺ نے نہیں بلکہ اللہ نے پھینکی تھی۔''

فرمایا ہے، کیا مولانا کے نزدیک یہ برکت وتصرف نہیں تھا؟ اگر مولانا ''الامام المہدی'' کی برکت وتصرف کا مذاق اڑاتے ہیں تو کیا کوئی دوسرا ملحد ذرا آگے بڑھ کر ''یوم الفرقان'' (جنگ بدر کا دن جسے قرآن کریم نے فیصلے کا دن فرمایا ہے) کو اسی طرح افسانہ طرازی قرار دے کر اس کا مذاق نہیں اڑا سکتا؟ صد حیف! دین اور اہل دین کا اس سوقیانہ انداز میں مذاق اڑانے والے ''مفکر اسلام'' بنے بیٹھے ہیں۔

ع تفو بر تو اے چرخ گرداں تفو!

اب ذرا ''الامام مہدی'' کے بارے میں مولانا کی رائے بھی سن لیجئے! ارشاد ہوتا ہے ''میرا اندازہ ہے کہ آنے والا اپنے زمانے میں بالکل ''جدید ترین طرز کا لیڈر'' ہو گا، وقت کے تمام علوم جدیدہ پر اس کو مجتہدانہ بصیرت حاصل ہوگی، زندگی کے سارے مسائل مہمہ کو وہ خوب سمجھتا ہوگا، عقلی وذہنی ریاست، سیاسی تدبر اور جنگی مہارت کے اعتبار سے وہ تمام دنیا پر اپنا سکہ جما دے گا اور اپنے عہد کے تمام جدیدوں سے بڑھ کر جدید ثابت ہوگا۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اس کی جدتوں کے خلاف مولوی اور صوفی صاحبان ہی سب سے پہلے شورش برپا کریں گے۔''

یہاں اس امر سے بحث نہیں کہ ایک منصوص چیز جو ابھی پردۂ مستقبل میں ہے اس کے بارے میں مولانا کو اپنی انکل اور انداز سے پیشگوئی کرنے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی؟ کیا وہ ''الامام المہدی'' کے بارے میں آنحضرت ﷺ کے فرمودات کو کافی نہیں سمجھتے؟ اور یہ کہ مستقبل کے بارے میں کوئی پیشگوئی یا تو کشف والہام سے کی جاتی ہے یا فراست صحیحہ سے یا کچھ لوگ علم نجوم کے ذریعے الٹی سیدھی ہانکتے ہیں، مولانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نے ''الامام المہدی'' کے بارے میں جو اندازہ لگایا ہے اس کی بنیاد آخر کس چیز پر ہے؟ اور میں مولانا کے اس اندیشے کے بارے میں بحث نہیں کرتا کہ امام مہدی کی جدتوں کے خلاف غریب مولوی اور صوفی صاحبان ہی سب سے پہلے کیوں شورش برپا کریں گے۔ کیا مولانا کے خیال میں ''الامام المہدی'' کی یہ جدتیں دین کے مسائل میں ہوں گی یا دنیا کے انتظام میں؟ اگر دین کے مسائل میں ہوں گی تو وہ مجدد ہوں گے یا خود مولانا کی اصطلاح کے مطابق متجدد؟ اور اگر مولانا کی مفروضہ جدتیں دنیا کے انتظامی امور میں ہوں گی تو مولانا کو کیسے اندیشہ ہوا کہ غریب مولوی اور صوفی اس کی مخالفت کریں گے؟

ان تمام امور سے قطع نظر جو بات میں مولانا سے یہاں دریافت کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بقول ان کے ''الامام المہدی'' کو برکت وتصرف کی تو ضرورت نہ ہوگی، نہ وہاں تسبیح وسجادہ کا گزر ہوگا، نہ ذکر وتہلیل کا قصہ چلے گا بلکہ بقول مولانا کے ''الامام المہدی ایک ماڈرن قسم کے لیڈر ہوں گے، علوم جدیدہ میں ان کو مجتہدانہ بصیرت ہوگی، زندگی کے مسائل مہمہ کو خوب سمجھتے ہوں گے، سیاست وریاست اور جنگی تدبیروں میں ان کی دھوم مچے گی اس طرح وہ ساری دنیا پر اپنا سکہ جما دیں گے۔

سوال یہ ہے کہ مولانا کی ذات گرامی میں آخر کس چیز کی کمی ہے؟ یہ ساری باتیں جو مولانا نے ''الامام المہدی'' کے لیے لکھی ہیں ایک ایک کرکے ماشاءاللہ خود مولانا میں بھی پائی جاتی ہیں، وہ خدا کے فضل سے جدید ترین طرز کے لیڈر بھی ہیں، تمام علوم جدیدہ میں ان کو مجتہدانہ بصیرت بھی حاصل ہے، زندگی کے سارے مسائل مہمہ پر نہ صرف ان کی نظر ہے بلکہ ایک ایک مسئلہ پر ان کے قلم نے لکھ لکھ کر کاغذوں کا ڈھیر لگا دیا ہے اور سیاسی تدبر کی ساری باتیں بھی انہوں نے ذہن سے کاغذ پر منتقل کر دی ہیں۔ آخر کیا بات ہے کہ الامام المہدی کے بارے میں ذکر کردہ ساری صفات کے ساتھ متصف ہونے کے باوجود ان کی تحریک، کاغذی گھوڑے دوڑانے سے آگے نہیں بڑھ سکی؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اور ساری دنیا پر کیا، نصف صدی کی لگا تار خامہ فرسائی کے نتیجے میں ایک پاکستان پر بھی ان کا سکہ نہ جم سکا اور پاکستان کیا، ایک چھوٹی سی بستی میں (بلکہ اپنے منصورہ میں) بھی وہ آج تک حکومت الٰہیہ قائم نہیں کر سکے۔

آخر ''الامام المہدی'' بقول مولانا کے کوئی مافوق الفطرت ہستی تو نہیں ہوں گے، اب اگر برکت وتصرف، ذکر و دعاء، تسبیح ومصلی اور حق تعالیٰ سے مانگنا اور لینا یہ ساری صفات ان کی زندگی سے خارج کر دی جائیں تو آخر وہ اپنی جدتوں کے کرشمے سے ساری دنیا پر اپنا سکہ جما دیں گے؟ کیا مولانا نے مستقبل کے بارے میں اٹکل پچو تخمینے لگاتے وقت اس سوال پر بھی غور فرمایا ہے؟ دراصل مولانا کو ''الامام المہدی'' کی آڑ میں اہل اللہ کی وضع قطع، خانقاہ ومدرسہ، برکت اور روحانی تصرف کا مذاق اڑانا تھا، اور بس۔ ورنہ مولانا اپنی قیاس آرائی کی عقلی ومنطقی توجیہ سے شاید خود بھی قاصر ہیں کاش! جب مولانا ''الامام المہدی'' کی آڑ میں محض اپنے اندازوں اور قیاسوں کی بناء پر شعائر دین کا مذاق اڑا رہے تھے، کوئی شخص ان کے کان میں شیخ سعدیؒ کا یہ شعر کہہ دیتا۔ ؎

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن
کہ جاہا سپر باید انداختن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# علامہ اقبال کا نظریۂ مہدویت

منکرین ظہور مہدی میں علامہ اقبال کا نام بھی آتا ہے جیسا کہ اس پر اقبال کا وہ شعر دلالت کرتا ہے جس میں وہ کہتے ہیں۔ ؎

مینار دل پہ اپنے خدا کا نزول دیکھ
اب انتظار مہدی و عیسیٰ بھی چھوڑ دے

اقبال کے اس شعر کا اگر چہ یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ امام مہدیؒ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول وظہور کا انتظار کیے بغیر اعمال صالحہ کی فکر میں لگو اور اپنی آخرت کی تیاری کرو۔ مہدیؒ وعیسیٰؑ اپنے وقت موعود پر آجائیں گے لیکن اس مطلب کی نفی خود علامہ اقبال کے خطوط اور مضامین کر دیتے ہیں اور یوں یہ شعر ظہور مہدیؒ ونزول مسیحؑ کے انکار کا صاف اور واضح مظہر بن جاتا ہے۔

علامہ اقبال اگر چہ کوئی باضابطہ اور باقاعدہ عالم نہیں جن کے نظریے کی تجزیہ نگاری کی جائے لیکن چونکہ انہیں عوامی حلقوں اور تعلیمی طبقوں میں ایک نمایاں مقام حاصل ہے جس کی وجہ سے ان کی بات کو اہمیت دی جاتی ہے اس لیے ان کے اس نظریہ کا تجزیہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

یہ بات ذہن میں رہے کہ زیر نظر تجزیہ کراچی سے شائع ہونے والی کتاب ''انتظار مہدی و مسیح'' کی روشنی میں کیا جا رہا ہے۔ ہمیں براہ راست علامہ اقبال (نیز مولانا ابوالکلام آزاد اور مولانا عبیداللہ سندھی) کی کتابوں کو دیکھنے کا موقع نہیں ملا چنانچہ کتاب مذکور کے ص ۱۱ پر مفتی محمد طاہر مکی کی یہ تحریر درج ہے:

''مصور پاکستان، مفکر اسلام ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے جب قادیانی افکار کا احتساب شروع کیا تو مہدی و مسیح کی آمد کے متعلق روایات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پر بھی انہیں توجہ مبذول کرنی پڑی، بالآخر گہرے مطالعہ کے بعد انہیں احساس ہوا کہ یہ روایات نہ صرف عقیدہ بننے کے قابل نہیں ہیں بلکہ بقول ان کے یہ یہودی و مجوسی اثرات کے تحت وضع کی گئی ہیں۔

چودہری محمد احسن صاحب نے (جن کے بھائی احمدیوں کی لاہوری جماعت سے تعلق رکھتے تھے اور چودھری صاحب کو بھی اس میں شامل کرنا چاہتے تھے) اس بارے میں علامہ اقبال سے رہنمائی چاہی تو اس کے جواب میں علامہ نے تحریر فرمایا:

''ہاں یہ ٹھیک ہے کہ آپ کو کسی عالم سے یہ سوالات کرنے چاہئیں جو آپ نے مجھ سے کیے ہیں، میں زیادہ سے زیادہ آپ کو صرف اپنا عقیدہ بتا سکتا ہوں اور بس۔

میرے نزدیک مہدی، مسیحیت اور مجددیت کے متعلق جو احادیث ہیں وہ ایرانی اور عجمی تخیلات کا نتیجہ ہیں۔ عربی تخیلات اور قرآن کی صحیح اسپرٹ سے ان کو کوئی سروکار نہیں۔''

(اقبال نامہ حصہ دوم خط ۷۸ ص ۲۳۱)

یہی بات علامہ نے اپنے خطبات ''تشکیل جدید الہیات اسلامیہ'' کے پانچویں خطبہ کے آخر میں کہی ہے۔

(ص ۲۲۱۔۲۲۲ شائع کردہ بزم اقبال کلب، روڈ لاہور)

اسی نقطۂ نظر کا اظہار کرتے ہوئے قادیانی تحریک کے خلاف اپنی انگریزی کتاب Traitors Islam E Qadianism کے صفحہ ۳۴۔۳۵ (جس کے ناشر آغا شورش کاشمیری مکتبہ چٹان لاہور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہیں) پر لکھتے ہیں......الخ'' (انتظار مہدی و مسیح: ص ۱۱۔۱۲)

نوٹ: علامہ اقبال کی مکمل تحریر اور اس کا اردو ترجمہ اگلے صفحے پر ملاحظہ کیجئے۔

Of the two forms which the modern revival of Pre-Islamic Magianism has assumed, Bahaism appears to to me to be more honest then Qadianism, for, former openly departs from Islam, whearas the latter apparently retains some of the more important externals of Islam with an Its inwardness wholly inimical to the spirit and aspiration of Islam.

Its ideas of a jealous God with an inexhaustible store of earthquahes and plagues for its opponents; its conception of the prophet as a soothsayer; its ideas of continuity of the spirits of Massiah, are so absolutely Jewish that the movement can easily be regarded as a return to early Judaism.

The idea of the continuity of the spirit of Massiah belongs more to Jawish mysticism than to positive Judaism. Professor Buber who has given an account of the movement initiated by the Polish Massiah. Baalshem tells us that it was thought that the spirit of the Messiah descended upon the earth through the prophets and even through a long line of holy men stretching into the present time the Zaddiks (Sadiqs) .

Herctical movements in Muslims Iran under the

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



pressure of Pre-Islamic Magian ideas invented the words buruz, Hulul, Zill to cover this idea of a perpetual reincarnation. It was necessary to invent new expressions for a Magian idea in order to make it less shocking to Muslim conscience. Even the phrase promised Massiah is not a product of Muslim religious consciousness.

It is a bastard expression and has its origin in the Pre-Islamic Magian out look. We do not it early Islamic religious and historical literature. This remarkable fact is revealed by professor Wen-Sinck's Concordance of the Traditions of the Holy Prophet, which covers no less than 11 collections of the traditions and 3 of the earliest historical docoments of Islam.

One can very well understand the reasons why early Muslims ever used this expression. The expression did not appeal to them probably because they thought that it implied a false conception of the historical process.

The Magian mind regarded time as a circular movement, the glory of elucidation the true nature of the historical process as a perpetualty creative movement was reserued for the great Muslim thinker and historical Ibn Khaaldun. Page No. 34-35

دو نئے فرقوں میں سے جو کہ اسلام سے قبل مجوسیت کے جدید احیاء کو قبول کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چکے ہیں، بہا ازم اور قادیانیت ہیں۔

مجھے قادیانیوں سے زیادہ دیانت دار بہا ازم کے لوگ دکھائی دیتے ہیں کیونکہ پہلے فرقے نے تو واضح طور پر اسلام سے رخ پھیر لیا ہے جبکہ دوسرا فرقہ ظاہری طور پر تو اسلام کے اہم ظاہری اعمال کو اختیار کرتا ہے اور باطنی طور پر اسلامی جذبات اور روح کے مکمل مخالف ہے۔

اس فرقے کے نظریات، جیسا کہ یہ نظریہ کہ حاسد خدا ہے جس کے پاس اپنے مخالفین کے لیے زلزلوں اور وباؤں کے لامتناہی خزانے ہیں، وہ نبی کو نجومی خیال کرتے ہیں، اور مسیح کی روح کے تسلسل کا نظریہ، مکمل طور پر یہودیوں جیسے عقائد ہیں اور اب یہ کہنا آسان ہے کہ یہ لوگ یہودیت کی ابتداء کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

مسیح کی روح کے تسلسل کا نظریہ مثبت یہودیت کی نسبت یہودی صوفی ازم سے زیادہ تعلق رکھتا ہے، پروفیسر ببر جس نے پالش مسیح بالشم کی شروع کردہ تحریک کی وجہ بتلائی ہے وہ ہمیں بتاتا ہے کہ یہ تصور کیا گیا ہے کہ مسیح کی روح انبیاء (علیہم السلام) کے ذریعے زمین پر نازل ہوئی (اور یہ سلسلہ اب تک جاری ہے) یہاں تک کہ اس وقت پاک آدمیوں کی ایک بڑی تعداد اس کو پھیلا رہی ہے جس کو ''صدیق'' کہتے ہیں۔

خارجی تحریکیں جو کہ ایران کے مسلمانوں میں اسلام سے قبل مجوسی نظریات کے دباؤ کے تحت چلیں انہوں نے بروزی، حلولی اور ظلی جیسے الفاظ وضع کیے تاکہ اس دائمی تولید کے نظریے پر پورا اتر سکیں۔

یہ بہت ضروری تھا کہ مجوسی تصورات کے لیے جدید خیالات کو وضع کیا جائے تاکہ یہ مسلمانوں کے ضمیر کو زیادہ نقصان نہ پہنچائیں (بتدریج مسلمانوں میں ان خیالات کو رائج کیا جائے) یہاں تک کہ یہ جملہ بھی کہا گیا کہ مسیح اسلامی مذہبی شعور کی پیداوار نہیں۔ یہ ایک غلط اظہار ہے جس کی ابتداء اسلام سے قبل مجوسی نظریہ میں ہوئی۔

ہم اس کو ابتدائی اسلامی مذہبی اور تاریخی ادب میں نہیں پاتے، یہ قابل غور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حقیقت پروفیسر ولسنگ کی حضور ﷺ کی روایات کی ہم آہنگی سے ظاہر ہوئی جو تقریباً ۱۱ روایات کے مجموعے اور ۳ ابتدائی اسلامی تاریخی دستاویزات کے مجموعے پر مشتمل ہے۔ ہر آدمی ان وجوہات کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے کہ ابتدائی مسلمانوں نے ان خیالات کو کیوں استعمال نہیں کیا۔

یہ تصور ان کو زیادہ متاثر نہیں کرتا کیونکہ شاید انہوں نے یہ سوچا ہو کہ یہ نظریہ تاریخی عمل کے جھوٹے تصور کی طرف دلالت کرتا ہے، مجوسی ذہن نے وقت کو "گردش کرنے والی تحریک" کی طرح دیکھا، تفسیر کی عظمت، تاریخی عمل کی حقیقی فطرت بحیثیت دائمی تخلیقی تحریک کے عظیم مسلمان مفکر اور تاریخ دان ابن خلدون کے ساتھ مختص کر دیا گیا۔"

یہ مسلمہ اصول اور طے شدہ بات ہے کہ جب انسان کسی چیز میں افراط وتفریط کا شکار ہو جائے اور غلو کی بیماری میں مبتلا ہو جائے تو وہ اس میں بلا وجہ شدت اختیار کر لیتا ہے چنانچہ اس زمانے کے متجددین بھی جب ردقادیانیت کی طرف متوجہ ہوئے تو مرزا غلام احمد قادیانی لعنۃ اللہ علیہ کے اس عقیدے کہ میں ہی مسیح ابن مریم ہوں کی تردید کرتے کرتے اپنے ہی عقیدے سے دستبردار ہو گئے اور یوں نزول مسیح کا جو عقیدہ قرآن وسنت سے ثابت اور اہل سنت والجماعت کے عقائد کا حصہ تھا۔ اس کے منکر ہو گئے۔

بالکل یہی حال ظہور مہدی کی روایات کی ساتھ ہوا حتی کہ ان روایات کو ایرانی اور عجمی تخیلات کا نتیجہ قرار دیا گیا، غالباً ان کی رسائی اس موضوع پر پہلے سے موجود کتب تک نہ ہو سکی اور وہ ان علماء کی رائے سے آگاہ نہ ہو سکے۔ جنہوں نے ظہور مہدی پر باقاعدہ کتب اور رسائل تصنیف فرمائے ان میں ملا علی قاریؒ سے لیکر مولانا بدر عالم مہاجر مدنیؒ، علامہ سیوطیؒ سے لیکر حضرت تھانویؒ تک اور قاضی شوکانیؒ سے لیکر شیخ علی متقی ہندیؒ تک کے متبحر علماء آپ کو مل جائیں گے جنہوں نے اپنی ساری زندگیاں علوم نبوت کیلئے وقف رکھیں، انہوں نے تو کبھی یہ نہیں کہا کہ ظہور مہدی کی روایات کو عربی تخیلات اور قرآن کی صحیح اسپرٹ سے کوئی سروکار نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا یہی وہ گہرا مطالعہ ہے۔ جس کے حاصل ہونے کے بعد تواتر معنوی کی حد تک پہنچی ہوئی احادیث کا صاف اور صریح انداز میں انکار کر دیا جائے اور وہ احادیث بھی صرف ایک دو صحابہؓ سے نہیں، تقریباً ۲۷ صحابہؓ وصحابیاتؓ سے مروی اور ان روایات کو نقل کرنے والے محدثین بھی بخاری ومسلم اور ترمذی وابوداؤد جیسے نقادفن ہوں، ایک طرف تو انکار اور عدم اعتماد کا یہ حال ہے اور دوسری طرف انہی حضرات کی روایات سے استدلال کیا جاتا ہے۔

جیسا کہ عرض کیا گیا کہ ظہور مہدی ونزول عیسیٰ کا انکار علامہ نے محض اس بنیاد پر کیا ہے کہ ان کا مقصود قادیانیت کی تردید تھی جب ہی تو انہوں نے قادیانی ازم اور بہا ازم میں سے بہا ازم کو اپنے نزدیک زیادہ دیانت دار قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ''مسیح کی روح کے تسلسل کا نظریہ مکمل طور پر یہودیوں جیسے عقائد ہیں اور اب یہ کہنا آسان ہے کہ یہ لوگ یہودیت کی ابتداء کی طرف لوٹ رہے ہیں''۔ یہ الفاظ جس قدر سخت اور اسلام کی روح کے منافی ہیں، قارئین کرام اس کا بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کیونکہ اس کا مطلب تو یہ ہوا کہ نزول مسیح وظہور مہدی وغیرہ عقائد یہودیوں کے ہیں اور چودہ سو سال کے اسلاف علماء کرام یہودی اور اسلامی عقائد میں امتیاز نہ کر سکے اور ان عقائد کو اپنا کر یہودیت کی طرف لوٹ رہے ہیں۔

اس پر مستزاد علامہ کا یہ فرمانا ہے کہ ''ہم اسے ابتدائی اسلامی مذہبی اور تاریخی ادب میں نہیں پاتے''۔ شاید اس کی وجہ علامہ اقبال کا علامہ ابن خلدون سے حد سے زیادہ متاثر ہونا ہے نیز یہ کہ وہ فن تاریخ میں صرف ابن خلدون کی بات پر اعتماد کرتے ہیں ورنہ دیگر مؤرخین مثلاً علامہ ابن کثیرؒ وغیرہ نے تو نزول مسیح اور ظہور مہدی کو باحوالہ ثابت کیا ہے جس سے نزول مسیح وظہور مہدی کی روایات کے تواتر معنوی پر روشنی پڑتی ہے اور بقول شارح عقیدہ سفارینی کے علماء اسلام اور اہل سنت والجماعت کے عقائد میں شمار ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# مولانا عبید اللہ سندھیؒ کا نظریۂ مہدویت

جیسا کہ دلائل و براہین اور اکابرین سلف صالحین کے اقوال ونظریات سے یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو چکی ہے کہ حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کی آمد اوران کا ظہور اور حضرت مسیح علیہ السلام کا نزول اہل سنت والجماعت کا متفقہ عقیدہ ہے اور اس نظریۂ فکر کی بنیاد محض مفروضوں اور قیاس واجتہادات پر مبنی نہیں بلکہ اس سلسلے میں انتہائی مضبوط، واضح اور معتبر روایات موجود ہیں جنہیں یکلخت غلط قرار دینا یا مشکوک قرار دے کر قابلِ تردید ٹھہرانا کسی بھی طرح قرین انصاف نہیں۔

اس مسئلے کے تنقیدی پہلو کے طور پر ماضی قریب کی دو اہم شخصیات کے نظریات بارے میں مختصراً عرض کرنا ضروری ہے تاکہ اذہان خلجان سے نجات پاسکیں۔

مولانا عبید اللہ سندھیؒ اور مولانا ابو الکلام آزاد مرحوم کی جانب منسوب تحریرات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عقیدۂ ظہور مہدی رضی اللہ عنہ ونزول مسیح علیہ السلام، یہود ونصاریٰ کی فکری سوچ کا ثمرہ ہے جو مسلمانوں میں در آیا ہے اس لئے اسے ماننے کی چنداں ضرورت نہیں اور یوں ماضی کے عظیم فکری اور علمی ورثے کو حرفِ غلط کی طرح مٹا ڈالا۔

سب سے پہلے تو یہ بات مدنظر رہے کہ راقم الحروف کی یہ مجال کیا حاشیۂ خیال میں بھی یہ بات نہیں کہ ان حضرات کی تردید یا تنقید کی جائے بلکہ صرف اور صرف احقاقِ حق اور ابطالِ باطل کے طور پر مسئلہ کی وضاحت کرنا مقصود ہے۔

جہاں تک تعلق حضرت سندھیؒ سے منسوب عبارات ونظریات کا ہے تو اس بارے میں ہم حضرت سواتی صاحب مدظلہٗ کی تصنیف لطیف ''مولانا عبید اللہ سندھیؒ کے علوم وافکار'' سے استفادہ کرتے ہوئے اپنے ذہن کو بالکل مطمئن اور دل کو پرسکون پاتے ہیں اس لئے کہ جو شخص ولی کامل حضرت گنگوہیؒ اور شیخ الہندؒ جیسے اکابرین کا تلمیذ رشید ہو، اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جانب جملہ اکابر اہل سنت سے ہٹے ہوئے نظریات کی نسبت بہت عجیب محسوس ہوتی ہے۔

حضرت مولانا صوفی عبدالحمید سواتی صاحب مدظلہٗ کی پر مغز اور مدلل تحریر سے یہی بات سامنے آتی ہے کہ مولانا سندھیؒ کے اکثر علوم و افکار املائی ہیں یعنی حضرت کے شاگردوں نے سن سن کر جمع کیے ہیں، اب معلوم نہیں کہ اس میں حضرت کے مضامین کون سے ہیں اور لکھنے والوں کی ذہنی ایجاد و اختراع کہاں تک شامل ہے۔

اس لئے ہم بھی خود کو بدگمانی سے بچاتے ہوئے اس بات پر یقین کرتے ہیں کہ اس مسئلے میں مولانا سندھیؒ کی طرف منسوب نظریات درست نہیں بلکہ حضرت کی جانب ان کی نسبت غلط ہے اور اب اس مسئلے کی وضاحت اور حضرت کی جانب منسوب تمام غلط نظریات و افکار کی جانچ پڑتال کر کے کھرے اور کھوٹے کو الگ کرنا حضرت سندھیؒ کے علمی وفکری وارثوں کا کام ہے۔

تاہم یہ سوال پھر بھی حل طلب رہ جاتا ہے کہ اگر مولانا سندھی کی تقاریر و تصانیف کو املائی مان لیا جائے اور یہ کہ لکھنے والوں نے مولانا سندھیؒ کی طرف وہ باتیں منسوب کر دیں جو ان کا عقیدہ نہ تھیں تو پھر اس سے مولانا سندھیؒ کے تمام علوم و افکار مشتبہ ہو کر رہ جاتے ہیں اس لئے کہ جب یہ ہی معلوم نہ ہو کہ کون سی بات حضرت سندھیؒ کی ہے اور کون سی لکھنے والوں نے اپنی طرف سے شامل کر دی ہے تو اس کے متعلق یہ فیصلہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے کہ یہ حضرت سندھیؒ ہی کا مضمون ہے یا کسی اور کا؟

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مولانا سندھیؒ گو کہ حضرت شیخ الہندؒ اور حضرت گنگوہیؒ کے شاگرد ہیں لیکن ان کے بارے میں دو متضاد نظریات کے حامل لوگ موجود ہیں چنانچہ ایک گروہ تو مولانا سندھیؒ کی شان میں انتہائی گستاخی کرتا ہے اور ان پر طرح طرح کے القاب دھرتا ہے اور اس گروہ کی طرف سے مولانا سندھیؒ کی تردید میں باقاعدہ رسالے شائع کئے گئے اور ایک گروہ مولانا سندھیؒ کو بہت زیادہ اہمیت دیتے ہوئے ان کی ہر بات ماننے کے لئے تیار رہتا ہے اس لئے مولانا سندھیؒ کے متعلق کوئی بے لاگ فیصلہ اور تجزیہ کرنا مشکل ہے تاہم مولانا سندھیؒ کی ان اکابرین سے نسبت ہمیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ان کے ساتھ حسن ظن رکھنے کی تلقین کرتی ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

## مولانا ابوالکلام آزاد کا نظریہء مہدویت

مولانا ابوالکلام آزاد کی ادیبانہ موشگافیوں، سلاست بیانی اور رواں طرز تحریر کا ہر شخص معتقد نظر آتا ہے اور اس بات کا وسعت قلبی کے ساتھ اعتراف بھی کرنا چاہئے کہ مولانا کو اللہ تعالیٰ نے طرز تحریر اور اسلوب نگارش کی بعض ایسی خصوصیات سے نوازا تھا جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے اور یہ بات بھی بالکل واضح ہے کہ مولانا آزاد کی علمی حیثیت اور اعتبار سے بڑھ کر ان کی سیاسی، صحافتی، ادبی اور خطیبانہ حیثیت زیادہ مسلم و معتبر ہے اور برصغیر کے تاریخ نگاروں نے بھی مولانا آزاد مرحوم کی صحافیانہ، مدبرانہ اور قائدانہ صلاحیتوں کا کھلے دل سے اعتراف کیا ہے لیکن علمی سطح پر سوائے چند جدت پسند حضرات کے کسی نے بھی انہیں حضرت شیخ الہندؒ، حضرت تھانویؒ اور حضرت کاشمیریؒ تو بہت دور کی بات، حضرت علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کے برابر بھی قرار نہیں دیا۔

اب ایسی صورت میں مولانا آزاد مرحوم کا تفرد ایک طرف اور جملہ اہلسنت کا مؤقف دوسری طرف، لہٰذا ایسے مواقع پر ترجیح جمہور کی رائے کو دی جائے گی، ناں کہ ایک شخصی رائے کو۔ اور مولانا آزاد کے تفردات صرف اس مسئلے کی تردید میں قابل حجت نہیں بلکہ ان کے بے شمار تفردات اور انفرادی رائیں ہیں جو جمہور کی رائے سے مختلف ہیں جس کا واضح ثبوت مولانا حفظ الرحمٰن سیوھارویؒ کی مشہور عالم تالیف ''قصص القرآن'' ہے جہاں پر جابجا مولانا آزاد کے افکار ونظریات اور تفردات پر کافی مضبوط گرفت اور کڑی تنقید کی گئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# خاتمہ

امام مہدی رضی اللہ عنہ سے متعلق سلسلہء کلام کو ایک ''استفتاء'' پر ختم کیا جاتا ہے جس کا جواب لاہور اور کراچی اور گوجرانوالہ کے مختلف مدارس سے منگوایا گیا۔ بعض مدارس سے اس کا جواب آیا اور بعض غالبًا اپنی مصروفیات کی بناء پر جواب ارسال نہ کر سکے۔

ان میں سے دارالعلوم کراچی کا فتوی سب سے زیادہ مفصل اور مدلل گویا اس مقالے کا خلاصہ اور لب لباب محسوس ہوا اس لئے یہاں صرف دارالعلوم کراچی ہی کا فتوی من وعن شائع کیا جا رہا ہے۔ استفتاء اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اور مفتیان عظام اس مسئلے میں کہ:

(۱) امام مہدیؒ سے متعلق اہل سنت والجماعت کا کیا عقیدہ ہے؟

(۲) ظہور مہدیؒ کے منکر کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟ نیز جن علماء نے احادیث میں مذکور علامات قیامت کے طور پر ظہور مہدی کا قطعاً انکار کیا ہے ان کے انکار کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(۳) بہت سے عوامی حلقوں، خواص اور چند دینی جماعتوں کے حوالے سے ظہور مہدی کے بارے میں وقتاً فوقتاً دعوے کیے جا رہے ہیں مثلاً کسی شخص کا خود مہدی ہونے کا دعویٰ کر دینا یا بعض برگزیدہ نیک بندوں کو ان کے حوارین کا مہدی کہہ دینا، بعض دینی جماعتوں کا اپنی جماعت کے بارے میں امام مہدی کے ممکنہ متبعین ہونے کا دعویٰ کر دینا، اس بارے میں ہمیں کیا عقائد رکھنے چاہئیں؟

(۴) اگر کوئی شخص قرآن وسنت کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو، لیکن ظہور مہدی کے وقت امام مہدیؒ کا قائل نہ ہو تو اس کا کیا حکم ہے؟

بینوا توجروا

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

## الجواب حامدًا ومصليًا ومسلمًا

(۱) امام مہدی کا ظہور احادیث کثیرہ صحیحہ سے ثابت ہے۔ اس سلسلہ میں جو احادیث وآثار وارد ہوئے ہیں وہ کئی سو سے زائد ہیں۔ چنانچہ محدثین کی ایک جماعت نے فرمایا ہے کہ امام مہدی کے ظہور کے بارے میں جتنی احادیث منقول ہوئی ہیں وہ مجموعی لحاظ سے تواترِ معنوی کا فائدہ دیتی ہیں۔ ان احادیث میں گو ضعیف اور موضوع بھی ہیں، لیکن ان کی ایک بہت بڑی تعداد صحیح اور قابل حجت ہے۔

ذیل میں اس سلسلے کی چند احادیث وآثار ملاحظہ ہوں:

(۱) عن جابر بن عبدالله رضي الله عنه قال:

﴿سمعت النبي ﷺ يقول: لاتزال طائفة من أمتي يقاتلون على الحق، ظاهرين الى يوم القيامة. قال: فينزل عيسى بن مريم صلى الله عليه وسلم، فيقول أميرهم: تعال، صل لنا. فيقول: لا، ان بعضكم على بعض أمراء، تكرمة الله هذه الأمة﴾ (أخرجه الامام أحمد في مسنده: ۳۳۵،۳۸۴/۲۳ والامام مسلم في صحيحه: ۲۹۳/۲ ، ۲۹۴ مع فتح الملهم، والامام ابن حبان في صحيحه: ۲۸۹/۸، وغيرهم)

اس حدیث میں ''امیر'' سے مراد امام مہدی ہیں۔ چنانچہ مسندِ حارث بن ابی اسامۃ میں یہی حدیث ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



﴿ینزل عیسی بن مریم، فیقول أمیرهم المهدی……﴾

(قال ابن القیم فی المنار المنیف: ص ١٤٨ بعدذکرہ بسندہ و متنه: اسنادہ جید)

وقال العلامة شبیر أحمد العثمانی فی فتح الملهم (٢/٢٩٤):

﴿"قوله فیقول أمیرهم" هو امام المسلمین المهدی الموعود المسعود﴾ وینظر أیضاً: (ترجمان السنة: ٣٧٨/٤)

(٢) **عن ابی سعید و جابر بن عبداللّٰہ رضی اللّٰہ عنهما قالا:**

﴿قال رسول اللّٰہ ﷺ: یکون فی آخر الزمان خلیفة، یقسم المال ولا بعده﴾ (أخرجه أحمد فی مسند: ٣٢٩/١٧، ومسلم فی صحیحه: ٣٢٩/٦ مع تکملة فتح الملهم، والبغوی فی شرح السنة: ٨٦/١٥ وقال: هذا حدیث صحیح، وغیرهم)

یہاں بھی "خلیفہ" سے مراد حضرت امام مہدی ہیں۔ چنانچہ یہی وصف احادیث میں (جن میں سے بعض کا ذکر آگے آ رہا ہے) صراحت کے ساتھ امام مہدی کے بارے میں آیا ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ متعدد محدثین نے اس حدیث کو احادیث مہدی کے تحت ذکر کیا ہے۔ جیسے امام نعیم بن حماد کتاب الفتن (٣٥٧/١) میں، امام بغوی شرح السنۃ (٨٦/١٥) میں، امام سیوطی العرف الوردی فی اخبار المہدی (١٣١/٢) ضمن الحاوی للفتاوی) میں۔

وفی تکملۃ فتح الملہم (٣٢٩/٦):

﴿وذهب جمع من العلماء الی أن المراد منه خلیفة اللّٰہ المهدی الذی سیخرج فی آخر الزمان﴾ (وینظر أیضا: ترجمان السنة: ٣٧٨/٤)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۳) عن عبداللّٰه بن مسعود رضی اللّٰه عنه قال:

﴿قال رسول اللّٰه ﷺ: لولم يبق من الدنيا الا يوم، لطول اللّٰه ذلك اليوم، حتى يبعث رجل من أهل بيتي، يواطئ، اسمه اسمي، واسم ابيه اسم أبي﴾

(أخرجه أبوداؤد في سننه: ۵/ ۳۰ واللفظ له، والترمذي في سننه: ۴/ ۵۰۵ وقال: حسن صحيح، وابن حبان في صحيحه: ۸/ ۲۹۱، والحاكم في المستدرك: ۴/ ۴۸۹)

(۴) عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه:

﴿أن النبي ﷺ قال: ان في أمتي المهدي يخرج، يعيش خمسًا أوسبعاً أوتسعا. زيد الشاك. قال: فيجي اليه رجل، فيقول: يا مهدي، اعطني أعطني. فيحثي له في ثوبه ما استطاع أن يحمله﴾

(رواه الترمذي في جامعه: ۴/ ۵۰۶، وقال: حديث حسن، وقد رُوي من غير وجهٍ عن أبي سعيد عن النبي ﷺ، وأحمد في مسنده: ۱۷/ ۲۵۴، ۲۵۵، والحاكم في المستدرك: ۴/ ۶۰۱ وفي اسناده ضعف غير شديد لضعف في زيد العمي أحدرجال الاسناد، ولكنه منجبر بشواهده ومتابعيه. فمن ذلك ماأخرجه الحاكم في المستدرك: ۴/ ۶۰۱)

(۵) عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه:

﴿أن رسول اللّٰه ﷺ قال: يخرج في آخر أمتي المهدي، يسقيه اللّٰه الغيث، وتخرج الأرض نباتها، ويعطي المال صحاحاً وتكثر الماشية، وتعظم الأمة﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(قال الحاکم: هذا حدیث صحیح الاسناد، ولم یخرجاه)

(۶) وعن علی رضی اللّٰه عنه:

﴿عن النبی ﷺ قال: لولم یبق من الدهر الا یوم لبعث اللّٰه عزوجل رجلاً من أهل بیتی، یملؤها عدلاً کما ملئت جورًا.﴾

(رواه أحمد فی مسنده: ۱۶۳/۲، وأبوداؤد فی سنة ۳۱/۵ وسکت عنه هو والمنذری وابن القیم کما فی مختصر أبی داؤد: ۱۵۹/۶، وله شاهد من حدیث أبی سعید الخدری عندابن حبان فی صحیحه: ۲۹۱/۱۸)

(۷) وعن أم سلمة رضی اللّٰه عنها:

﴿عن النبی ﷺ قال: یکون اختلاف عند موت خلیفةٍ، فیخرج رجل من أهل المدینة هارباً الی مکة، فیاتیه ناس من أهل مکة، فیخرجونه وهو کاره، فیبایعونه بین الرکن والمقام، ویبعث الیه بعث من أهل الشام، فیخسف بهم بالبیداء بین مکة والمدینة، فاذا رأی الناس ذلک، أتاه أبدال الشام و عصائب أهل العراق،فیبایعونه ثم ینشأرجل من قریش أخواله کلب، فیبعث الیهم بعثًا فیظهرون علیهم، وذلک بعث کلب، والخیبة لمن لم یشهد غنیمة کلب، فیقسم المال، ویعمل فی الناس بسنة نبیهم ﷺ، ویلقی الاسلام بجرانه الی الأرض، فیلبث سبع سنین، ثم یتوفی و یصلی علیه المسلمون﴾

(أخرجه أحمد فی مسنده: ۲۸۶/۴۴، وأبوداؤد فی سننه: ۳۲/۵، وابن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حبان في صحيحه برقم: ٦٧٥٤. وقال ابن القيم في المنار المنيف: ص ١٤٥: والحديث حسن، و مثله مما يجوز أن يقال فيه: صحيح)

## (٨) وعن أبي هريرة رضي الله عنه:

﴿أن رسول الله ﷺ قال: يبايع لرجل بين الركن والمقام، ولن يستحل البيت الا أهله، فاذا استحلوه فلا تسأل عن هلكة العرب، ثم تاتي الحبشة، فيخربونه خرابا لا يعمره بعده أبدا، وهم الذين يستخرجون كنزه﴾

(أخرجه أحمد في مسنده: ١٣/٢٨٩، وابن حبان في صحيحه: ٨/٢٩٢، والحاكم في المستدرك: ٤/٤٩٩.

وعن عليه ابن حبان: ذكر الموضع الذي يبايع فيه المهدي. وكذا ذكره غير واحد من المحدثين والعلماء في أخبار المهدي).

## (٩) وعن ثوبان رضي الله عنه قال:

﴿قال رسول الله ﷺ: يقتتل عند كنزكم ثلاثة، كلهم خليفة، ثم لايصير الى واحد منهم. ثم تطلع الرايات السود من قبل المشرق، فيقتلونكم قتلاً، لم يقتله قوم. ثم ذكر شيئا لا أحفظه، فقال: فاذا رأيتموه، فبايعوه ولو حبوًا على الثلج، فانه خليفة الله المهدي"﴾

(أخرجه ابن ماجة في سننه: ٢/١٣٦٧، والحاكم في المستدرك: ٤/٥١٠، وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين. وقال البوصيري في الزوائد: ٤/٢٠٤ هذا اسناد صحيح، رجاله ثقات.

وقال ابن كثير في البداية والنهاية: ١٠/٣٦: هذا اسناد قوي صحيح)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۰) وعن أبی هريرة رضی الله عنه:

﴿عن النبی ﷺ قال: يكون فی أمتی المهدی ان قصر فسبع والا فثمان والا فتسع، تنعم أمتی فيها نعمة لم ينعموا مثلها، يرسل السماء عليهم مدرارًا، ولا تدخر الأرض شيئا من النبات والمال كدوس، يقوم الرجل، يقول: يامهدی، أعطنی، فيقول: خذ﴾

(قال الهيثمی فی المجمع: ۳۱۷/۷: رواه الطبرانی فی الأوسط ورجاله ثقات)

(۱۱) وعن مجاهد قال:

﴿حدثنی فلان رجل من أصحاب النبی ﷺ: أن المهدی لا يخرج حتیٰ تقتل النفس الزكية، فاذا قتلت النفس الزكية، غضب عليهم من فی السماء ومن فی الأرض، فأتی الناس المهدی، فزفوه كما تزف العروس الی زوجها ليلة عرسها. وهو يملأ الأرض قسطا وعدلاً، وتخرج الأرض نباتها، وتمطر السماء مطرها، و تنعم أمتی فی ولايته نعمة لم تنعمها قط﴾

(أخرجه ابن أبی شيبة فی مصنفه: ۱۹۹/۱۵. ورجاله ثقات أثبات. وهو موقوف فی اللفظ، مرفوع فی المعنی قطعًا كما لا يخفی)

(۱۲) وعن أبی هريرة رضی الله عنه قال:

﴿قال رسول الله ﷺ: يخرج رجل يقال له: السفيانی، فی عمق دمشق، وعامة من يتبعه من كلب فيقتل حتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



يبقر بطون النساء و يقتل الصبيان، فتجمع لهم قيس، فيقتلها حتى لا يمنع ذنب تلعة، ويخرج رجل من أهل بيتي في الحرة، فيبلغ السفياني، فيبعث اليه جندًا من جنده، فيهزمهم، فيسير اليه السفياني بمن معه، حتى اذا صار ببيداء من الأرض، خسف بهم فلا ينجو منهم الا المخبر عنهم﴾

(اخرجه الحاكم في المستدرك ۵۲۵/۴ وقال: هذا حديث صحيح الاسناد على شرط الشيخين)

(۱۳) وعن علي بن أبي طالب رضي الله عنه يقول:

﴿ستكون فتنة يحصد الناس منها كما يحصد الذهب في المعدن، فلا تسبوا أهل الشام، وسبوا ظلمتهم، فان فيهم الأبدال، وسيرسل الله اليهم سببا من السماء، فيفرقهم حتى لوقاتلتهم الثعالب غلبتهم. ثم يبعث الله عند ذلك رجلا من عترة الرسول ﷺ في اثنا عشر ألفًا ان قلوا وخمسة عشر ألفا ان كثروا...... يقاتلهم أهل سبع رايات ليس من صاحب راية الا وهو يطمع بالملك، فيقتلون وينهزمون ثم يظهر الهاشمي فيرد الله الى الناس الفتهم ونعمتهم فيكونون على ذلك، حتى يخرج الدجال.﴾

(أخرجه الحاكم في المستدرك: ۵۹۶/۴ وقال: هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱۴) وعن أبی معبد. نافذ. مولی ابن عباس:

﴿عن ابن عباس قال: لا تمضی الأیام واللیالی حتی یلی منا أهل البیت فتیً، لم تلبسه الفتن ولم یلبسها. قال قلنا: یا ابن العباس، تعجزعنها مشیختکم وینالها شابکم؟ قال: هو أمر اللّٰه، یؤتیه من یشاء﴾

(رواہ ابن أبی شیبة فی مصنفه: ۱۹٦/۱۵، ورجاله ثقات)

(۱۵) وعن سالم بن أبی الجعد:

﴿عن عبداللّٰه بن عمرو بن العاص قال: یاأهل الکوفة، أنتم أسعد الناس بالمهدی﴾

(رواہ أیضا ابن أبی شیبة فی مصنفه: ۱۹۷/۱۵، واسنادہ حسن ان شاء اللّٰه)

(۱٦) وعن ابن سیرین قال:

﴿والمهدی من هذة الأمة، وهوالذی یؤم عیسی ابن مریم﴾(رواہ أیضا ابن أبی شیبة فی مصنفه: ۱۹۸/۱۵، وسندہ صحیح)

(۱۷) وعن قتادہ رحمه اللّٰه قال:

﴿قلت لسعید بن المسیب: المهدی حق هو؟ قال: حق. قلت: ممن هو؟ قال: من قریش. قلت: من أی قریش؟ قال: من بنی هاشم. قلت: من أی بنی هاشم؟ قال: من بنی عبدالمطلب. قلت: من أی بنی عبدالمطلب؟ قال: من ولد فاطمة﴾

(رواہ نعیم بن حماد فی کتاب الفتن: ۳٦۸/۱، وأبوعمرو الدانی فی کتاب السنن الوارده فی الفتن: ۱۰۵٦/۴، وسندہ صحیح)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۱۸) وعن ابراهيم بن ميسرة قال:

﴿قلت لطاؤس: عمر بن عبدالعزيز المهدى؟ قال: قد كان مهديا، وليس به، ان المهدى اذا كان، زيد المحسن فى احسانه، و تيب عن المسيء من اساء ته، وهو يبذل المال، ويشتدعلى العمال، ويرحم المساكين﴾

(رواه ابن أبي شيبة في مصنفه: ۱۵/ ۱۹۹، وسنده حسن. والله اعلم.)

## (۱۹) وعن عبدالله بن شوذب قال:

﴿وقيل لمطر: عمر بن عبدالعزيز مهدى؟ قال: لقد بلغنا عن المهدى شيء لم يبلغه عمر؟ قال: يكثر المال فى زمان المهدى فيأتيه رجل فيسأله، فيقول له: ادخل فخذ، فيأخذ ثم يخرج، فيرى الناس شباعاً. قال: فيندم، فيقول: أنا من بين الناس، فيرجع اليه فيسأله أن يأخذمنه مأاعطاه فيأبى، فيقول: انا نعطى ولا ناخذ﴾

(رواه أبو عمرو الداني ۴/۱۰۶۴، ونعيم بن حماد في الفتن: ۱/۳۵۷، ورجال اسناده ثقات)

یہ چند احادیث وآثار ہیں جو امام مہدی کے بارے میں وارد ہوئے ہیں۔ اور دراصل یہ دریا کا ایک چھوٹا حصہ ہیں۔ ورنہ اگر اس سلسلہ کی تمام احادیث وآثار کو جمع کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب بن جائے گی۔

ان روایات کی بنیاد پر جمہور اہل السنۃ والجماعت کا عقیدہ یہ ہے کہ امام مہدی قرب قیامت میں ظاہر ہوں گے۔

ذیل میں چند علماء اور محدثین کے اسمائے گرامی اور امام مہدی کے بارے میں ان کے اقوال، مسلک اور طرزِ عمل ذکر کیے جاتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۱) امام حافظ ابوبکر عبداللہ بن ابی شیبہ متوفی: ۲۳۵ھ:

آپ نے اپنی مشہور کتاب "المصنف" میں کتاب الفتن کے اندر امام مہدی کے بارے میں متعدد احادیث وآثار ذکر کیے ہیں۔ (ملاحظہ ہو مصنف ابن ابی شیبہ: ۱۵/۱۹۵۔۱۹۹)

(۲) حافظ ابوعبداللہ نعیم بن حماد المروزی متوفی ۲۲۸ھ:

یہ امام بخاری کے استاد ہیں۔ انہوں نے اپنی کتاب "الفتن" میں امام مہدی کے بارے میں مستقل فصل قائم کی ہے اور اس میں مہدی کے بارے میں کثیر احادیث و آثار ذکر کیے ہیں۔ کتاب میں اس سلسلہ کے چند عناوین ملاحظہ ہوں:

الخسف بجيش السفياني الذي يبعثه الى المهدي. باب آخر من علامات المهدي في خروجه. اجتماع الناس بمكة، و بيعتهم للمهدي فيها. سيرة المهدي وعدله و خصب زمانه. صفة المهدي ونعته. اسم المهدي. نسبة المهدي قدرمايملك المهدي.

(۳) امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی ۲۷۵ھ:

آپ نے اپنی کتاب "السنن" جو صحاح ستہ میں سے ہے، میں امام مہدی کے بارے میں ایک مستقل عنوان "کتاب المہدی" قائم کیا ہے۔ اور اس میں سے اس سلسلہ کی متعدد احادیث ذکر کی ہیں۔

(۴) امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی متوفی ۲۷۹ھ:

انہوں نے بھی اپنی کتاب "السنن" میں ایک فصل بنام "باب ماجاء فی المہدی" ذکر کی ہے اور اس میں امام مہدی کے بارے میں وارد ہونے والی کئی احادیث کی تصحیح وتحسین کی ہے۔

(۵) امام ابوعبداللہ ابن ماجہ متوفی ۲۷۵ھ:

آپ نے اپنی کتاب "السنن" میں کتاب الفتن کے اندر ایک باب قائم کیا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



جس کا عنوان ہے: ''خروج المهدی'' اس کے ماتحت انہوں نے چند احادیث متعلقہ ذکر کی ہیں۔

(٦) وقال الامام أبو جعفر محمد بن عمرو العقيلي

(متوفی ۳۲۲ھ) فی کتاب الضعفاء الکبیر: ۳/۲۵۳۔۲۵۴:

﴿علي بن نفيل الحراني: عن سعيد بن المسيب في المهدى لايتابع عليه، ولا يعرف الابه.....وفي المهدى أحاديث جياد من غير هذا الوجه﴾

(۷) امام محمد بن حبان البستی متوفی ۳۵۴ھ:

انہوں نے اپنی صحیح میں امام مہدی کے بارے میں مختلف عنوانات قائم کر کے متعلقہ احادیث ذکر کی ہیں۔ جبکہ اس کتاب میں انہوں نے وہی احادیث ذکر کی ہیں جو ان کے نزدیک صحیح یا تو حسن ہیں۔ ان عنوانات میں سے چند یہ ہیں:

﴿ذكر البيان بأن خروج المهدى انما يكون بعد ظهور الظلم والجور في الدنيا..... ذكر الأخبار في وصف اسم المهدى واسم أبيه. ذكر الموضع الذي يبايع فيه المهدى﴾

(۸) امام ابوالحسن محمد بن الحسین بن ابراہیم سجستانی متوفی ۳۶۳ھ:

انہوں نے احادیث امام مہدی کو متواتر فرمایا ہے۔ چنانچہ وہ اپنی کتاب ''مناقب الامام الشافعی'' میں رقمطراز ہیں:

﴿قد تواترت الأخبار واستفاضت بكثرة رواتها عن المصطفى صلى الله عليه وسلم بمجئ المهدى، وأنه من أهل بيته، وأنه سيملك سبع سنين، وأنه يملأ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الأرض عدلاً، وأنه يخرج مع عيسى عليه السلام، فيساعده على قتل الدجال بباب لدبأرض فلسطين، وأنه يؤم هذه الأمة، وعيسى يصلي خلفه، في طول من قصته وأمره﴾

(راجع فتح الباری: ۲/۴۹۳، والحاوی للفتاوی: ۲/۱۶۵)

(۹) وقال الامام احمد بن محمد ابو سليمان الخطابي:

(متوفی ۳۸۸ھ) فی شرح حدیث کمافی المرقاۃ (۹/۲۹۶)

﴿قوله "يتقارب الزمان" أراد به زمان المهدى لوقوع الأمن فى الأرض، فيستلذ العيش عندذلك لا نبساط عدله، فتستقصر مدته، لأنهم يستقصرون ملة أيام الرخاء وان طالت﴾

(۱۰) امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ الحاکم النیسابوری متوفی ۴۰۵ھ:

انہوں نے اپنی مشہور کتاب "المستدرك على الصحيحين" میں ظہورِ امام مہدی پر متعدد احادیث ذکر کر کے ان کی تصحیح کی ہے۔

(۱۱) امام ابونعیم احمد بن عبداللہ اصفہانی متوفی ۴۳۰ھ:

انہوں نے ایک مستقل رسالہ تصنیف کیا ہے جس میں امام مہدی سے متعلق چالیس احادیث جمع کی ہیں۔

قال الحافظ السيوطى فى خطبة رسالته "العرف الوردى (۲/۱۲۳ ضمن الحاوى للفتاوى):

﴿هذا جزء جمعت فيه الأحاديث والآثار الواردة فى المهدى، لخصت فيه الأربعين التى جمعها الحافظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



أبو نعيم، وزدت عليه مافاته﴾

## (۱۲) حافظ ابوالحسین احمد بن جعفر بن المناوی متوفی ۳۳۶ھ:

آپ نے بھی امام مہدی کے بارے میں ایک رسالہ تالیف فرمایا ہے۔ چنانچہ حافظ ابن حجر فتح الباری میں (۲۱۳/۱۳) فرماتے ہیں:

﴿قال أبو الحسين ابن المناوی فی الجزء الذی جمعه فی المهدی: يحتمل فی معنی حديث "يكون اثنا عشر خليفاً" أن يكون هذا بعد المهدی الذی يخرج فی آخر الزمان﴾

## (۱۳) حافظ ابوعمرو عثمان بن سعید المقری الدانی متوفی ۴۴۴ھ:

آپ نے اپنی کتاب "السنن الوردة فی الفتن وغوائلها والساعة وأشراطها" میں ایک فصل "باب ماجاء فی المهدی" کے نام سے قائم کی ہے اور اس میں امام مہدی کے بارے میں کثیر احادیث وآثار ذکر کیے ہیں۔

## (۱۴) امام ابوبکر احمد بن حسین البیہقی متوفی ۴۵۸ھ:

انہوں نے اپنی "کتاب البعث" میں اس سلسلہ کی احادیث ذکر ہیں۔ نیز ایک جگہ وہ فرماتے ہیں (كما نقله عنه ابن القيم فی المنار المنيف: ص ۱۴۲، ۱۴۳):

﴿تفرد به. يعنی حديث "لامهدی الاعيسی" محمد بن خالد هذا، وقد قال الحاكم أبو عبدالله: هو مجهول، وقد اختلف عليه فی اسناده...... والأحاديث علی خروج المهدی أصح اسناداً﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۱۵) وقال الامام القاضی عیاض بن موسی (متوفی ۵۴۴ھ):

فی کتابه الشفاء بحقوق المصطفی (۳/ ۱۶۰-۱۶۲) مع شرحه للخفاجی:

﴿وأخبر بملک بنی أمية، و ولاية معاوية ووصاه ............ وخروج المهدی......﴾

## (۱۶) امام عبدالعظیم بن عبدالقوی منذری متوفی ۶۵۶ھ:

انہوں نے اپنی کتاب ''مختصر سنن أبی داؤد'' میں امام مہدی کے بارے میں امام ابو داؤد کی روایت کردہ کئی احادیث پر سکوت کیا ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ احادیث ان کے نزدیک قابل اعتبار اور ان کی سندیں صحیح ہیں۔ کیونکہ اگر سند میں کلام ہوتو وہ اس کو ضرور ذکر کرتے ہیں۔

## (۱۷) امام شمس الدین محمد بن احمد بن ابی بکر قرطبی متوفی ۶۷۱ھ:

آپ نے اپنی کتاب ''التذکرة فی أحوال الموتی وامور الآخرة'' میں امام مہدی کے خروج کو علاماتِ قیامت میں سے شمار کیا ہے، اور مختلف ابواب کے تحت ان کا تفصیل سے ذکر کیا ہے، اور اس سلسلہ کی متعدد احادیث کی تصحیح کی ہے۔ متعلقہ فصل کے شروع میں وہ فرماتے ہیں:

﴿وأما قوله فی حديث ابی هريرة: يبايع لرجل بين الركن والمقام، فهو المهدی الذی يخرج فی آخر الزمان علی ماذكره، ويملک الدنيا كلها، والله اعلم﴾ ص: ۷۰۲)

اور حدیث ''لا مہدی الا عیسی'' پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

﴿والأحاديث عن النبی ﷺ فی التنصيص علی خروج المهدی من عترته من ولد فاطمة: ثابتة، أصح من هذا الحديث، فالحكم لها دونه...... ويحتمل أن يكون معنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قوله لا مهدی الاعیسی: أی لا مهدی کاملاً معصوماً الا عیسی، وعلی هذا تجتمع الاحادیث﴾

(۱۸) وقال الامام تقی الدین أحمد بن عبدالحلیم بن تیمیه

(متوفی ۷۲۸ھ فی کتاب ''منہاج السنۃ النبویۃ'': ۴/۲۱۱):

﴿ان الأحادیث التی یحتج بها علی خروج المهدی: أحادیث صحیحة، رواها أبو داود والترمذی وأحمد ............ و غیرهم. وهذه الأحادیث غلط فیها طوائف: طائفة أنکروها، واحتجوا بحدیث ابن ماجه: لامهدی الاعیسی. وهذا الحدیث ضعیف...... ولیس مما یعتمد علیه...... الثانی أن الاثنی عشریة الذین ادعوا أن هذا هومهدیهم اسمه محمدبن الحسن......

الثالث: أن طوائف ادعی کل منهم أنه المهدی المبشربه......﴾

(۱۹) امام شمس الدین محمد بن قیم الجوزیۃ متوفی ۷۵۱ھ:

انہوں نے اپنی مشہور تصنیف ''المنار المنیف فی الصحیح والضعیف'' کے اخیر میں امام مہدی کے بارے میں مفصل کلام کیا ہے۔ اس میں وہ متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد رقمطراز ہیں:

﴿وهذه الأحادیث أربعة أقسام: صحاح، وحسان وغرائب، وموضوعة.

وقد اختلف الناس فی المهدی علی أربعة أقوال: أحدها أنه المسیح بن مریم، وهوا لمهدی علی الحقیقة: واحتج أصحاب هذا بحدیث محمد بن خالد الجندی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



المتقدم، وقد بينا حاله وأنه لا يصح، و لو صح لم يكن فيه حجة.

الثاني أنه المهدى الذى ولى من بني العباس، وقد انتهى زمانه. واحتج أصحاب هذا القول بما رواه..... فذكر أحاديث، ثم قال: وهذا والذى قبله لو صح، لم يكن فيه دليل على أن المهدى الذى تولى من بنى العباس: هو المهدى الذى يخرج فى آخر الزمان.....

القول الثالث: انه رجل من أهل بيت النبى ﷺ، من ولد الحسن بن على، يخرج فى آخر الزمان، وقدامتلأت الأرض جورا وظلماً، فيملأ ها قسطا وعدلاً. واكثر الأحاديث على هذا تدل.....﴾

## (۲۰) حافظ ابو الفداء عماد الدین اسماعیل بن کثیر متوفی ۷۷۴ھ:

انہوں نے اپنی مشہور ومعروف کتاب ''البدایۃ والنہایۃ'' کے اخیر میں کتاب الفتن والملاحم کے اندر مستقل باب میں امام مہدی کا تذکرہ کیا ہے، جس کا آغاز کچھ اس طرح کیا ہے:

﴿فصل: فى ذكر المهدى الذى يكون فى آخر الزمان، وهو أحد الخلفاء الراشدين والأئمة المهديين؟ وليس بالمنتظر الذى تزعم الروافض وترتجى ظهوره من سرداب فى سامرا، فان ذاك مالا حقيقة له ولا عين ولاأثر. أماما سنذكره، فقد نطقت به الأحاديث المروية عن رسول الله ﷺ أنه يكون فى آخر الدهر. وأظن ظهوره يكون قبل نزول عيسى ابن مريم، كما دلت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



على ذلك الأحاديث ﴾

پھر آپ نے اس سلسلہ کی احادیث و روایات ذکر کی ہیں، اور ان میں سے متعدد احادیث کو صحیح اور قابل اعتبار قرار دیا ہے۔

آپ نے امام مہدی کے بارے میں ایک مستقل رسالہ بھی تصنیف فرمایا ہے، چنانچہ مہدی کے موضعِ خروج پر کلام کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

﴿والمقصود أن المهدي الممدوح الموعود بوجوده في آخر الزمان، يكون أصل خروجه وظهوره من ناحية المشرق، ويبايع له عند البيت كما دل على ذلك نص الحديث.

وقد أفردت في ذكر المهدي جزءًا على حدة ولله الحمد﴾

## (۲۱) حافظ نور الدین علی بن ابی بکر ہیثمی متوفی ۸۰۷ھ:

آپ نے ''مجمع الزوائد ومنبع الفوائد'' میں امام مہدی کے متعلق کئی احادیث کی تصحیح کی ہے۔

## (۲۲) وقال الامام الحافظ أحمد بن علي بن حجر العسقلاني

(متوفی ۸۵۲ھ) في فتح الباري (۱۳-۲۱) في شرح حديث أنس مرفوعاً: لا يأتي عليكم زمان الا والذي بعده أشر منه: واستدل ابن حبان في صحيحه بان حديث انس ليس على عمومه بالأحاديث الواردة في المهدي وانه يملا الارض عدلا بعد ان ملئت جورا.

(نقل ذلك عن ابن حبان، وأقره عليه، وهو دليل على اعتقاده صحة ذلك كما لايخفى).

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۲۳) وقال الامام أبو عبدالله محمد بن خلفة الأبی (متوفی ۸۲۷ھ) فی شرحه لصحیح مسلم: اکمال اکمال المعلم (۲۶۸/۱) فی شرح حدیث: کیف أنتم اذا نزل عیسی بن مریم فیکم وامامکم منکم، مانصه:

﴿قوله: "وامامکم منکم" قدفسره فی الآخر من روایة جابر: ینزل عیسی، فیقول أمیرهم الحدیث.

قلت: وقال ابن العربی: وقیل: یعنی "منکم" من قریش وقیل: یعنی الامام المهدی، الذی صح فیه حدیث الترمذی من طریق ابن مسعود وأبی هریرة...... وقال ابن العربی: وماقیل انه المهدی بن أبی جعفر، لا یصح، وانما هوا المهدی الآتی فی آخر الزمان﴾

(۲۴) حافظ جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر سیوطی متوفی ۹۱۱ھ:

آپ نے امام مہدی پر مستقل رسالہ تصنیف فرمایا ہے، جس میں سو سے زائد احادیث و آثار اور اقوالِ علماء جمع کیے ہیں، اور اس کا نام "العرف الوردی فی اخبار المهدی" رکھا ہے۔

(۲۵) صاحب کنز العمال علی بن حسام الدین المتقی الہندی متوفی ۹۷۵ھ:

انہوں نے بھی اس موضوع پر مستقل رسالہ تصنیف فرمایا ہے۔

قال البرزنجی فی الاشاعة لأشراط الساعة ص ۱۲۱:

﴿وقد ذکر الشیخ علی المتقی فی رسالة له فی أمر المهدی أن فی زمانه خرج رجل بالهند، ادعی أنه المهدی المنتظر، واتبعه خلق کثیر، وظهر أمره، وطار صیته،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ثـم انـه مـات بـعـد مـدة، وأن أتباعه لم يرجعوا عن اعتقاد هـم، قـلـت: وقد سمعت كثيرا من القادمين من بلاد الهند الى الحرمين أنهم الى الآن على ذلک الاعتقاد﴾

## (۲۶) امام ابو العباس احمد بن محمد بن حجر مکی ہیتمی متوفی ۹۷۴ھ:

آپ نے بھی امام مہدی کی علامات پر ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے جس کا نام ہے: "القول المختصر في علامات المهدي المنتظر"۔

اس کے مقدمہ میں آپ فرماتے ہیں:

﴿جـاء في عدة طرق أنه من ولد فاطمة، كما يأتي، وأماخبر: "المهدى من ولد العباس عمي......" فذكر أحاديث، ثم قال: وهـذه كـلها تنافي ماتقرر أولا من أنه من ذريته ﷺ من ولد فاطمة، لأن أحاديثه اكثر وأصح،بل قال بعض الائمة الحفاظ ان كونه من ذريته ﷺ قدتواتر عنه ﷺ:﴾

## (۲۷) وقال العلامة ملا على القارى

(متوفی ۱۰۱۴ھ) فی شرح الفقہ الأکبر ص ۱۰۱:

﴿فتـرتيـب الـقـضية أن الـمهدى عليه السلام يظهر أولا في الـحـرمـيـن الشـريـفين،ثم يأتي بيت المقدس، فيأتى الدجال ويـحـصـره في ذلک الحال، فينزل عيسى عليه السلام من الـمنارة الشرقية في دمشق الشام، و يجيء الى قتال الدجال، فيـقتـلـه بـضـربةٍ فـي الـحـال فيجتمع عيسى عليـه السلام بـالمهدى رضي الله عنه،وقدأقيمت الصلاة، فيشير المهدى لـعيسـى بالتقدم، فيمتنع معللاً بأن هذه الصلاة اقميت لک فانت اولى ويقتدى به......

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وقال أيضافي المرقاة (۹/ ۴۴۱):

"قوله فينزل عيسى بن مريم، فيقول أميرهم "أي المهدي"﴾

## (۲۸) وقال العلامة عبدالرؤف المناوي:

(متوفی ۱۰۳۴ھ) فی فیض القدیر شرح الجامع الصغیر (۶/ ۲۷۹):

﴿وأخبار المهدي كثيرة شهيرة، أفردها غير واحد في التاليف قال السمهودي: ويتحصل مماثبت في الأخبار أنه من ولد فاطمة وفي أبي داؤد أنه من ولد الحسن...... تنبيه: أخبار المهدي لايعارضها خبر: لامهدي الاعيسى بن مريم، لأن المراد به كما قال القرطبي: لامهدي كاملاً معصوماً الاعيسى وقال المناوي أيضا﴾ (۵/ ۳۰۱):

﴿ان نزول عيسى لقتل الدجال يكون في زمن المهدي، ويصلي عيسى خلفه، كما جاء ت به الأخبار و جزم به جمع من الأخيار﴾

## (۲۹) علامہ محمد بن عبدالرسول بن عبدالسید برزنجی متوفی ۱۱۰۳ھ:

آپ نے اپنی کتاب "الاشاعۃ لأشراط الساعۃ" میں خروجِ امام مہدی کو قیامت کی علاماتِ کبریٰ میں سے شمار کیا ہے، پھر ان کا تفصیل سے تذکرہ کیا ہے۔ نیز انہوں نے احادیثِ مہدی کو متواتر فرمایا ہے۔

قال فيه (ص ۸۷):

﴿الباب الثالث في الأشراط العظام والأمارات القريبة التي تعقبها الساعة، وهي كثيرة، فمنها: المهدي،

[1] آپ نے اس موضوع پر ایک رسالہ بنام "المشرب الوردی فی حقیقۃ مذہب المہدی" تصنیف فرمایا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



وهـو أولها. واعلم أن الأحاديث الوارة فيه على اختلاف روايـاتهـا لا تـكـاد تـنحصر، فقد قال محمد بن الحسن الاسنوى فـي كتـاب منـاقـب الشـافعي "قد تواترت الأخبـار عـن رسـول الله ﷺ بذكر المهدى، وأنه من أهل بيته﴾

وقال أيضا (ص ۱۱۴):

﴿قد علمت أن أحاديث وجود المهدى، وخروجه آخر الـزمـان، وأنـه من عترة رسول الله ﷺ من ولد فاطمة عـليهـا السـلام: بـلـغت حد التواتر المعنوى، فلا معنى لانكارها﴾

## (۳۰) علامہ محمد بن احمد سفارینی متوفی ۱۱۸۸ھ:

انہوں نے عقیدہ کی مشہور کتاب "لـوامـع الأنـوار البهية و سـواطـع الاسرار الأثرية" جو العقيدة السفارينيه کے نام سے مشہور ہے، میں امام مہدی کے خروج کو قیامت کی علامات کبری اور اہل السنۃ والجماعت کے عقائد میں سے شمار کیا ہے۔ نیز انہوں نے احادیث امام مہدی کے متواتر ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔

قال فيه (۲/ ۸۴):

﴿قـد كثـرت الأقـوال في المهدى، حتى قيل: لامهدى الاعيسى، والصواب الذى عليه أهل الحق: أن المهدى غيـر عيسى، وأنه يخرج قبل نزول عيسى عليه السلام، وقد كثرت بخروجه الـروايات حتى بلغت حد التواتر الـمـعنوى، وشاع ذالك بين علماء السنة حتى عدمن معتقداتهم ...... وقد روى عمن ذكر من الصحابة وغير

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



من ذكر منهم بروايات متعددة، وعن التابعين ومن بعدهم: مايفيد مجموعه العلم القطعي، فالايمان بخروج المهدي واجب كما هو مقرر عندأهل العلم ومدون في عقائد أهل السنة والجماعة﴾

## (۳۱) علامہ فقیہ مرعی بن یوسف مقدسی متوفی ۱۰۳۳ھ:

انہوں نے ظہورِ امام مہدی پر رسالہ ''فوائد الفکر فی ظہور المہدی المنتظر'' تصنیف فرمایا ہے۔ قال السفارینی (۲/۷۶):

﴿قال العلامة الشيخ مرعي في كتابه "فوائد الفكر في المهدي المنتظر"﴾ وقال في الاذاعة (۱۴۸):

﴿وله أمارات يعرف بها، ذكرها في الاشاعة، وعلامات جاءت بها الآثار، ودلت عليها الأحاديث والأخبار، ذكرها الشيخ مرعي في: فوائد الفكر في ظهور المهدي المنتظر﴾

## (۳۲) علامہ محمد بن اسماعیل امیر صنعانی متوفی ۱۱۸۲ھ:

آپ نے بھی اسی موضوع پر مستقل رسالہ لکھا ہے، جس میں ظہور مہدی کے متعلق احادیث جمع کی ہیں۔

قال في الاذاعة (ص ۱۱۴):

﴿وقد جمع السيد العلامة بدر الملة المنير محمد بن اسماعيل الأمير اليماني: ألاحاديث القاضية بخروج المهدي، وأنه من آل محمد ﷺ، وأنه يظهر في آخر الزمان، ثم قال: ولم يات تعيين زمنه الا أنه يخرج قبل خروج الدجال﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳۳) امام علامہ کبیر شاہ ولی اللہ بن عبدالرحیم دہلوی متوفی ۱۱۷۶ھ:

اپنی مشہور کتاب ''ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء میں (۱/۶) فرماتے ہیں:

''وہمچنیں ما یقین میدانیم کہ شارع علیہ الصلاۃ والسلام نص فرمودہ است بآنکہ امام مہدی دراوان قیامت موجود خواہد شد، ووی عنداللہ وعندرسولہ امام برحق است۔''

## (۳۴) شیخ امام علامہ شاہ رفیع الدین بن شاہ ولی اللہ دہلوی متوفی ۱۲۳۳ھ:

حضرت نے اپنی کتاب ''علاماتِ قیامت'' میں امام مہدی، ان کے ظہور اور ان کے زمانے کے حالات کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ (بحوالہ ترجمان السنۃ: ۴/۳۷۲۔۳۷۶)

## (۳۵) علامہ محمد بن علی شوکانی متوفی ۱۲۵۰ھ:

انہوں نے احادیث امام مہدی کو متواتر فرمایا ہے اور اسی موضوع پر رسالہ ''التوضیح فی تواتر ماجاء فی المہدی المنتظر والدجال والمسیح'' تصنیف فرمایا ہے۔

قال فی الاذاعۃ (ص ۱۱۳، ۱۱۴):

﴿وأحاديث الدجال وعيسى أيضا بلغت حد التواتر والتوالى، ولا مساغ لانكارها، كما بين ذلك القاضى العلامة محمد بن على الشوكانى اليمنى رحمه الله فى ''التوضيح فى تواتر ماجاء فى المهدى المنتظر، والدجال والمسيح''﴾

﴿قال: والأحاديث الواردة فى المهدى، التى أمكن الوقوف عليها، منها: خمسون حديثاً فيها الصحيح، والحسن، والضعيف المنجبر، وهى متواترة بلاشك ولا شبهة، بل يصدق وصف التواتر على ماهو دونها على جميع الاصطلاحات المحررة فى الأصول، وأماالآثار عن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الصحابة المصرحة بالمهدى، فهى كثيرة أيضاً، لهاحكم الرفع، اذ لا مجال للاجتهاد فى ذلك. انتهى.

## (۳۶) علامہ نواب محمد صدیق حسن خان قنوجی متوفی ۱۳۰۷ھ:

آپ نے اپنی کتاب ''قطف الثمر فی بیان عقیدة اہل الاثر'' میں (ص ۱۲۸) میں امام مہدی کے ظہور کو عقائد اسلام اور علامات قیامت میں سے شمار کیا ہے۔ نیز ''الاذاعة لما كان ومايكون بين يدى الساعة'' میں اس موضوع پر تفصیل سے کلام کیا ہے۔ اور کثیر احادیث و آثار ذکر کر کے ان پر ناقدانہ کلام کیا ہے۔ اور احادیث مہدی کو متواتر قرار دیا ہے۔(قال فيه: ص ۱۱۲)

﴿والأحاديث الواردةفى المهدى على اختلاف رواياتها كثيرة جداً، تبلغ حدالتواتر، وهى فى السنن وغيرها من دواوين الا سلام من المعاجمو المسانيد......

وأحاديث المهدى بعضها صحيح، وبعضهاحسن، و بعضها ضعيف وأمره مشهور بين الكافة من الاسلام على ممر الأعصار......﴾

## (۳۷) علامہ ابوعبداللہ محمد بن جعفر کتانی متوفی ۱۳۴۵ھ:

احادیث متواتر پر آپ کی تصنیف ''نظم المتناثر من الحدیث المتواتر'' بہت مشہور ہے۔ اس میں انہوں نے احادیث مہدی کو متواتر فرمایا ہے۔ چنانچہ اس میں (ص ۲۴۱) رقمطراز ہیں:

﴿والحال أن الاحاديث الواردة فى المهدى المنتظر متواترة﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## (۳۸) وقال الامام العلامة المحدث الكبير أنور شاه الكشميرى

(متوفی ۱۳۵۲ھ): فی فیض الباری (۴/۴۴-۴۷) فی شرح حدیث:

﴿قوله "كيف أنتم اذا نزل فيكم ابن مريم، وامامكم منكم" الواو فيه حالية، والمتبادر منه الامام المهدى، فسمى اماماً...... وقد اختلط فيه بعض الرواة عند مسلم، فأطلقه على عيسى عليه السلام، فجعل اللفظ: وأمكم منكم...... والراجح عندى لفظ البخارى بالجملة الاسمية والمراد منه الامام المهدى، لما عند ابن ماجه باسناد قوى: "يا رسول الله، فاين العرب يومئذ؟ قال: هم يومئذ قليل ببيت المقدس، وامامهم رجل صالح......الخ" فهذا صريح فى أن مصداق الامام فى الأحاديث هو الامام المهدى، دون عيسى عليه السلام...... بقى الكلام فى امامة الصلاة، فالامام فى أول صلاة بعد نزول المسيح عليه السلام: يكون هو المهدى، لأنها كانت أقيمت له، ثم بعدها يصلى بهم المسيح عليه السلام."﴾

## (۳۹) حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی متوفی ۱۳۶۲ھ:

حضرت قدس سرہ نے ابن خلدون مؤرخ (جنہوں نے احادیث مہدی کو مجروح کرنے کی کوشش کی ہے) کے رد پر ایک رسالہ تصنیف فرمایا ہے، جس کا نام "مؤخرۃ الظنون عن ابن خلدون" رکھا ہے۔ ذیل میں اس کا ایک مختصر اقتباس نقل کیا جاتا ہے:

"ابن خلدون مورخ نے اپنے مقدمہ میں احادیثِ واردہ فی شان المہدی میں بعض منکرین ظہورِ امام کا کلام نقل کیا ہے اور خود مؤرخ کا کلام بھی اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



طرف معلوم ہوتا ہے...... ہر چند کہ مورخ مذکور ایسے امور میں قابل استناد نہیں، مگر بادی النظر میں کلام مذکور دیکھ کر احتمال تھا کہ کوئی خوش عقیدہ متزلزل ہو جائے۔ اس لیے مناسب معلوم ہوا کہ اس کے متعلق بعض ضروری امور قلمبند کر دیئے جائیں کہ شبہات ناشیہ کا مختصر و مجمل جواب ہو جائے..........

جس طرح صحیحین کا متلقی بالقبول ہونا اجماعی ہے اسی طرح خبر ظہور مہدی کی اجماعی ہے۔ اور جس طرح بعض منکرین تلقی صحیحین کا قول قادح اجماع نہیں سمجھا گیا اسی طرح منکرِ خبرِ ظہور مہدی کا قول قادح اجماع نہیں ہو گا۔ کیونکہ مراد اجماع سے اجماع جمہور کا ہے اور غیر جمہور کا قول بمقابلۂ جمہور کے قابل اعتبار نہیں سمجھا گیا، سو یہ اجماع دونوں جگہ برابر ہے، چنانچہ آج تک علماءِ معتبرین وائمہ محدثین مستندین میں سے کسی نے اس کی مخالفت نہیں کی۔ بلکہ حسبِ تصریح مورخِ مذکور ترمذی وابوداؤد و بزار وابن ماجہ و حاکم وطبرانی وابو یعلی الموصلی نے جماعت کثیر صحابہ سے باسانید وطرقِ مختلفہ اس کو نقل کیا۔‘‘

(ملاحظہ ہو امداد الفتاوی: ٦...... ۲۴۹۔۲۵۷)

## (۴۰) وقال الامام العلامة المحدث الکبیر الفقیه زاهد الکوثری:

(متوفی ۱۳۷۱ھ) فی کتابہ ’’نظرة عابرة فی مزاعم من ینکر نزول عیسی علیه السلام قبل الآخرة‘‘ (ص ۱۲۲):

﴿وأما ما تواتر أحادیث المهدی والدجال والمسیح، فلیس بموضع ریبة عند أهل العلم بالحدیث، وتشکک بعض المتکلمین فی تواتر بعضها، مع اعترافهم بوجوب اعتقاد أن أشراط الساعة کلها حق، فمن قلة خبر تهم بالحدیث﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(۴۱) وقال العلامة المحدث الكبير شيخ الاسلام شبير أحمد العثماني (متوفی ۱۳۶۹ھ) فی فتح الملهم (۲/۲۹۴) فی شرح حدیث: "فينزل عيسى بن مريم، فيقول أميرهم...... مانصه"

﴿قوله فيقول أميرهم "هو امام المسلمين المهدى الموعود المسعود"﴾

## (۴۲) وقال العلامة المحدث محمد ادريس الكاندهلوى في التعليق الصبيح (۶/۱۹۸) (متوفی ۱۳۴۹ھ)

﴿وبالجملة ان أحاديث ظهور المهدى قد بلغت في الكثرة حد التواتر، وقد تلقا ها الأمة بالقبول، فيجب اعتقاده، ولا يسوغ رده و انكاره، كما ذكره المتكلمون في العقائد اللازمة التي تجب اعتقاد ها على المسلم﴾

یہ تیسری صدی ہجری سے لے کر چودھویں صدی ہجری تک کے چند علمائے امت، اکابر محدثین کے اسمائے گرامی اور امام مہدی کے ظہور اور احادیثِ مہدی کے بارے میں ان کے اقوال وعقائد، مسلک اور طرزِ فکر وعمل کی قدرے تفصیل ہے:

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ:

(ا) امام ترمذی عقیلی، ابن حبان، حاکم، بیہقی، منذری، ابن تیمیہ، ابن قیم الجوزیہ، قرطبی، ابن کثیر، ابی، ابن العربی، ابن حجر ہیتمی، شوکانی، صدیق حسن خان وغیرہم محدثین نے احادیثِ مہدی کو فی الجملہ صحیح اور قابل حجت کہا ہے۔

(ب) امام ابوالحسن سجستانی، برزنجی، سفارینی، شوکانی، صدیق حسن خان، ابوجعفر کتانی، زاہد کوثری وغیرہم نے احادیثِ مہدی کو متواتر قرار دیا ہے۔ نیز علامہ ابن حجر عسقلانی اور جلال الدین سیوطی نے امام ابوالحسن سے ان کے متواتر ہونے کو نقل کر کے اس پر سکوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کیا ہے جو اس بات کی دلیل ہے کہ یہ بات ان کے نزدیک بھی صحیح ہے۔

(ج) امام ابونعیم، ابن کثیر، جلال الدین سیوطی، ملا علی قاری، مرعی بن یوسف، قاضی شوکانی وغیرہ علماء نے اس موضوع پر کتابیں اور رسالے تصنیف فرمائے ہیں۔

مذکورہ وضاحت اور تشریح سے امام مہدی کے ظہور کے بارے میں اہل السنۃ والجماعت کا عقیدہ واضح اور ظاہر ہو جاتا ہے۔

(۲) جو لوگ امام مہدی کے ظہور کا انکار کرتے ہیں ان کا یہ انکار احادیثِ صحیحہ، آثارِ صحابہ و تابعین اور جمہورِ علمائے امت کے عقیدہ و مسلک کے خلاف ہونے کی وجہ سے غیر مقبول اور مردود ہے۔ تاہم ظہورِ امام مہدی ان عقائد میں سے نہیں ہے۔ جن کے منکر کافر ہیں۔ (مأخذہ تبویب ۳۸/۵۵)

(۳) احادیث میں امام مہدی کی واضح علامات بتائی گئی ہیں اور ان پر علمائے امت نے تفصیل سے کلام کیا ہے۔ ہم نے یہاں جو احادیث و آثار ذکر کیے ہیں ان میں امام مہدی کی یہ علامات واضح ہیں:

> ان کا اسم گرامی محمد اور والد کا نام عبداللہ ہوگا۔ آپ اہل بیت اور حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے۔
>
> آپ کے ہاتھ پر بیت اللہ اور مقامِ ابراہیمی کے درمیان بیعتِ عامہ ہوگی۔
>
> آپ قرب قیامت میں عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے کچھ پہلے ظاہر ہوں گے، پھر نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بعد دونوں کی ملاقات ہوگی اور عیسیٰ علیہ السلام آپ کی اقتداء میں ایک نماز ادا فرمائیں گے۔ آپ کے ظہور سے پہلے دنیا میں ظلم و ستم کا دور دورہ ہوگا اور آپ آ کر پوری دنیا میں عدل وانصاف قائم فرمائیں گے آپ کے زمانے میں دنیا میں مال و دولت کی انتہائی فراوانی ہوگی اور آپ لوگوں میں بے تحاشا مال و دولت تقسیم فرمائیں گے سفیانی نامی ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سفاک شخص ظاہر ہوگا جو قتل وقتال کا بازار گرم کرے گا، اور وہ آپ کے خلاف لڑائی کے لیے ایک دستہ بھیجے گا جسے مقامِ بیدا میں زمین کے اندر دھنسا دیا جائے گا وغیرہ۔

یہ اور ان جیسی دوسری علامات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ مذکورہ دعوے جو سائل نے ذکر کیے ہیں، محض جھوٹ اور خرافات ہیں۔

(۴) یہ محض فرضی اور لغو سوال ہے۔ ایک مسلمان کو چاہیے کہ وہ اس طرح کے وہمی اور فضول سوالات سے اجتناب کرے۔

وقد قال رسول اللہ ﷺ: من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه

(اخرجه الامام أحمد فی مسنده: ۲/۱۵۹)

## مراجع ومصادر:

ذیل میں مراجعت کی سہولت کے لیے چند مراجع ذکر کیے جاتے ہیں جن میں امام مہدی کے بارے میں مزید تفصیلات دیکھی جا سکتی ہیں:

مصنف ابن ابی شیبۃ: ۱۵/۱۹۵۔۱۹۹۔ الفتن لنعیم بن حماد: ۱/۳۲۵۔۳۷۸ سنن ابی داؤد: ۵/۲۹۔۳۴۔ سنن الترمذی: ۴/۵۰۵۔۵۰۶۔ سنن ابن ماجہ ۲/۱۳۶۶۔۱۳۶۸۔ مستدرک حاکم: ۴/۴۶۵۔۶۰۰۔ صحیح ابن حبان: ۸/۲۹۰۔۲۹۲۔ مجمع الزوائد: ۷/۳۱۳۔۳۱۸۔ شرح السنۃ للبغوی: ۱۵/۸۴۔۸۷۔ البدایہ والنہایہ: ۱۰/۳۲۔۳۹۔ العرف الوردی فی اخبار المہدی: ۲/۱۲۳ ضمن الحاوی للفتاوی۔ السنن الواردۃ فی الفتن للدانی: ۵/۱۰۲۹۔ المنار المنیف فی الصحیح والضعیف لابن القیم: ص ۱۴۱۔ التذکرۃ فی احوال الموتی والآخرۃ للقرطبی: ص ۷۰۲۔ عقد الدرر فی اخبار المنتظر للسلمی۔ لوامع الأنوار البہیۃ للسفارینی: ۲/۷۰۔۸۶۔ الاشاعۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لاشراط الساعۃ للبرزنجی: ص ۸۷-۹۶- الاذاعۃ لما کان وما یکون بین یدی الساعۃ لصدیق حسن: ص ۱۱۲-۱۴۸- الرد علی من کذب بالاحادیث الصحیحۃ الواردۃ فی المہدی وعقیدۃ اہل السنۃ والاثر فی المہدی المنتظر کلاہما لعبدالمحسن بن حمد العباد- اشراط الساعۃ لیوسف الوابل: ص ۲۴۹- ترجمان السنۃ: ۴/ ۳۷۸- عقیدۂ ظہور مہدی احادیث کی روشنی میں از مفتی نظام الدین شامزئی- القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر لابن حجر ہیتمی- واللہ اعلم-

سعید احمد عفی عنہ

دارالافتاء دارالعلوم کراچی

۱۴/ ۶/ ۲۴ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اور مفتیان عظام اس مسئلے میں کہ:

(۱) مولانا عبید اللہ سندھی کا ظہور مہدی کا انکار کرنا کیا حیثیت رکھتا ہے؟ کیونکہ انہوں نے اپنی عبارات میں بہت وضاحت سے اس کا انکار کیا ہے مثال کے طور پر ملاحظہ ہو:

"وعلاوہ علی هذا ان المحققین من الا شاعرة لم یعدوا نزول المسیح واتیان المهدی من جمله مایجب اعتقاده علی اهل السنة فلم یذکرهما صاحب المواقف ولم ینتقد علیه الشراح وکذلک لم یذکرهما العضد ولم ینتقد علیه المحقق الدوانی اذًا فلیست المسئلة الا ممّن لم یتدبر فی العلوم کما حقه. والله اعلم." (الہام الرحمن ج ۲ ص ۵۴)

نیز وہ کہتے ہیں "کہ ہم یہ تذکرہ کر چکے ہیں کہ مہدی کے متعلق زور دار ثبوت بالکل نہیں ہے اسلام کے پہلے دور میں اس کا کہیں نام تک نہیں ملتا، اس دور کے بعد جو کتابیں صحیح اور ضعیف حدیثوں کی جمع شدہ ہیں ان میں تلاش کرنے سے ایسی بیسیوں روایتیں نکل آتی ہیں مگر ان میں سے صحیح ایک بھی نہیں ہے۔"

(بحوالہ انتظار مہدی و مسیح: ص ۳۲۷)

(۲) اسی طرح علامہ اقبال نے یہ کہا ہے کہ "میرے نزدیک مہدی، مسیحیت اور مجددیت کے متعلق جو احادیث ہیں وہ ایرانی اور عجمی تخیلات کا نتیجہ ہیں، عربی تخیلات اور قرآن کی صحیح اسپرٹ سے ان کو کوئی سروکار نہیں۔"

(اقبال نامہ حصہ دوم خط: ۷۸ ص ۲۲۱)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہی بات علامہ اقبال نے اپنے خطبات "تشکیل جدید الہیات اسلامیہ" کے پانچویں خطبہ کے آخر میں کہی ہے۔ (ص ۲۲۱_۲۲۲)

(۳) مولانا ابوالکلام آزاد بھی ظہور مہدی کا انکار کرتے ہوئے اپنے ایک خط میں تحریر فرماتے ہیں کہ اچھا قرآن کی ایک ایک آیت دیکھ جایئے۔ کہیں آپ کو یہ حکم ملتا ہے کہ ایک زمانہ میں کوئی نیا نبی یا مسیح یا مجدد یا محدث (بالفتح) مبعوث ہو گا اور مسلمانوں کے لیے ضروری ہو گا کہ اسے پہچانیں اور اس پر ایمان لائیں، اگر کوئی ایسا حکم نہیں ملتا تو پھر آپ پر کون سی مصیبت آپڑی ہے کہ بیٹھے بٹھائے اس جھگڑے میں پڑیں اور ایک نئے ایمان اور نئی شراط نجات کے سراغ میں نکلیں۔" (بحوالہ انتظار مہدی و مسیح: ص ۱۵)

آنجناب سے درخواست ہے کہ ان مشاہیر کے کلام پر تفصیلی گفتگو فرماتے ہوئے ان کے انکار کی حقیقت واضح فرما دیں۔

بینوا توجروا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# الجواب حامدًا و مصلیًا و مسلمًا

(۱) مولانا عبید اللہ سندھی مرحوم حضرت شیخ الہندؒ کے مشہور شاگرد اور تحریکِ آزادیٔ ہند کے عظیم مجاہدین میں سے ہیں جنھوں نے اسلام اور مسلمانوں کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، عظیم کارنامے انجام دیئے ہیں اور راہِ جہاد میں پے درپے مصائب، تکلیفیں اور صعوبتیں برداشت کی ہیں۔ علمائے کرام اور انصاف پسند حضرات نے ہمیشہ ان کی ان خدمات اور کارناموں کی قدر کی ہے، کرتے ہیں، اور کرتے رہیں گے۔

لیکن ...... ان سب کے باوجود یہ بات بھی اپنی جگہ پر صحیح اور حقیقت ہے کہ مولانا مرحوم کچھ شاذ نظریات اور ایسے افکار و تفردات بھی رکھتے تھے جو جمہور امت کے عقیدہ سے مطابقت نہیں رکھتے ہیں۔ ہمارے متعدد اکابر نے اس کی وضاحت کی ہے۔ ذیل میں اس سلسلہ کے چند اقتباسات ملاحظہ ہوں:

حضرت اقدس شیخ الاسلام مولانا مدنیؒ اپنے ایک مقالہ میں لکھتے ہیں:

”تمام اہل فہم و اربابِ قلم و علم سے پرزور درخواست ہے کہ مولانا مرحوم کی کسی تحریک کو دیکھ کر اس وقت تک اس پر کوئی حتمی رائے قائم نہ فرمائیں جب تک اس کو اصول اور مسلمات اسلامیہ اور ضروریاتِ دین اور عقائد و اعمال اہل سنت والجماعت کے زریں قواعد پر پرکھ نہ لیں۔ اور علی ہذا القیاس مولانا کے کسی کلام کو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر اسلاف و اکابر دیو بند کا مسلک بھی نہ سمجھیں جب تک اس کسوٹی پر اس کو کس نہ لیں۔"

(بحوالہ: التجائے مسافر)

حضرت علامہ مولانا عبدالحی حسنی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرۂ آفاق کتاب نزہۃ الخواطر میں (۸/۳۰۷) مولانا مرحوم کے طویل تذکرہ کے بعد لکھتے ہیں:

"وأبدى من الآراء الغريبة، والأفكار الشاذة في السياسة والاجتماع والثقافة والاصلاح: مالم توافق اكثر أصدقائه، وقادة المسلمين وزعمائهم، واتسعت الفجوة بينه وبين العلماء والزعماء. وكان يرى اقتباس الخط اللاطيني، واتخاذ اللباس الافرنجي تفاديا من فرض لباس وطني."

اسی طرح حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم نقوشِ رفتگاں میں (ص:۸۹) فرماتے ہیں:

"اسی طرح مولانا عبیداللہ سندھی مرحوم چونکہ حضرت شیخ الہندؒ کی تحریک کے رکنِ رکین رہے ہیں، اور آزادیٔ ہند کے لیے انہوں نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، اس لیے علمائے دیو بند نے اس جہت سے ہمیشہ ان کی قدر دانی کی ہے، اور جہاں آزادیٔ ہند کے لیے علماءِ دیو بند کی جدو جہد کا ذکر آتا ہے وہاں مجاہدین کی فہرست میں مولانا عبیداللہ سندھی مرحوم کا نام بھی شامل ہوتا ہے۔

لیکن مولانا عبیداللہ سندھی مرحوم کے نظریات میں دینی اعتبار سے وہ تصلب نہ تھا جو علماءِ دیو بند کا طرۂ امتیاز رہا ہے۔ اسی لیے وہ بعض عقائد و احکام میں وقتاً فوقتاً جادۂ اعتدال سے ہٹ جاتے تھے۔

احقر نے اپنے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ علیہ سے سنا ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے کسی ایسے ہی نظریے کا اعلان کر دیا تھا جو جمہور علمائے امت کے خلاف تھا تو حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو فہمائش کی، اور بات سمجھ میں آنے پر انہوں نے دار العلوم دیو بند کی مسجد میں علی الاعلان اپنی غلطی کا اعتراف اور ندامت کا اظہار کیا۔

لیکن حضرت شیخ الہند کی وفات کے بعد کوئی شخص ایسا نہ رہا جو نظریاتی طور پر ان کی رہنمائی کر سکے۔ اس کے علاوہ ان کے مزاج میں مسلسل مصائب جھیلنے سے تشدد بھی پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ آخری دور میں انہوں نے پھر بعض ایسے نظریات کی تبلیغ شروع کر دی جو جمہور علمائے امت کے خلاف، بلکہ نہایت خطرناک اور زائغانہ تھے۔ ادھر چونکہ علماءِ دیوبند کی جدوجہدِ آزادی میں برابر مولانا سندھی مرحوم کا نام آتا تھا اس لیے خطرہ تھا کہ ان کے نظریات علمائے دیو بند کی طرف منسوب نہ ہوں۔ اس لیے حضرت مولانا بنوریؒ نے نہ صرف مولانا سندھی کے ان نظریات کی تردید کی، بلکہ شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی اس طرف متوجہ کیا جو سیاسی جدوجہد میں مولانا سندھی مرحوم کے رفیق رہے تھے۔ چنانچہ حضرت مولانا مدنی قدس سرہ نے مولانا سندھی مرحوم کے ان نظریات کی تردید میں ایک مضمون لکھا جو اخبارِ مدینہ بجنور میں شائع ہوا۔ مولانا سندھی مرحوم کی تردید کے بارے میں یہ تمام تفصیلات احقر نے خود حضرت بنوری رحمۃ اللہ علیہ سے سنی ہیں اور گذشتہ سال دوبارہ مولانا نے احقر سے ان کی توثیق فرمائی۔" (مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: التجائے مسافر ص ۱۴۸۔۱۷۵، از مولانا ابن الحسن عباسی صاحب)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یہ تو ایک بات ہوئی۔ دوسری بات یہ ہے کہ تفسیر الہام الرحمٰن مولانا عبید اللہ سندھی مرحوم کے اپنے ہاتھ کی لکھی ہوئی تفسیر نہیں ہے۔ بلکہ یہ املائی تفسیر ہے جو مولانا مرحوم نے اپنے آخری دور کے شاگرد موسیٰ جار اللہ کو املاء کرائی تھی۔ اور املائی کتابوں میں استاد یا مقرر کے علاوہ سامع اور جامع کے الفاظ وتخلیات اور تعبیرات اور کسی قدر اضافات بھی شامل ہوتے ہیں۔

الغرض ان دو اقتباس کی بنیاد پر ہم پورے وثوق اور یقین کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتے کہ واقعی مولانا مرحوم اس عقیدہ کے قائل تھے۔

اس تمہید کے بعد سوال میں ذکر کردہ اقتباسوں پر، قطعِ نظر اس سے کہ یہ مولانا مرحوم کے کلام ہیں یا کسی دوسرے کے، ہم مختصر تبصرہ پیش کرتے ہیں:

سائل کے ذکر کردہ دونوں اقباس ان نکات پر مشتمل ہیں:

(۱) صاحب مواقف اور علامہ عضد الدین رحمۃ اللہ علیہما نے ظہورِ امام مہدی کو عقائد اہل السنۃ والجماعۃ میں شمار نہیں کیا۔ معلوم ہوا کہ یہ اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ نہیں ہے۔

ہمارے نزدیک یہ بات کسی طرح درست نہیں، بلکہ یہ قائل کی کج فہمی پر دال ہے۔

یہاں پہلی بات تو یہ ہے کہ عقائد واعمالِ شرعیہ کا اصل مدار اور سرچشمہ دو چیزیں ہیں: کتاب اللہ اور سنتِ رسول اللہ ﷺ۔ اور پچھلے صفحات میں ہم نے ناقد محدثین اور علمائے امت کے اقوال کی روشنی میں یہ بات تفصیل سے ذکر کی ہے کہ امام مہدی کا ظہور کثیر احادیثِ صحیحہ سے ثابت ہے۔ لہٰذا اب امام مہدی کے ظہور کا ثبوت اس پر بالکل موقوف نہیں کہ فلاں متکلم نے اپنی کتاب میں اس کو ذکر کیا بھی یا نہیں۔ اور یہ بالکل بدیہی بات ہے۔

دوسرے یہ کہ مذکورہ مصنفین نے اس بات کا التزام نہیں کیا کہ وہ اپنی کتابوں میں ہر ہر عقیدہ کو ذکر کریں گے، اور نہ انہوں نے یہ دعویٰ کیا ہے۔ اور نہ امت کے علماء نے کبھی یہ سمجھا ہے کہ جو عقیدہ کی بات بھی ان میں مذکور نہ ہو اس کا (العیاذ باللہ) سرے سے انکار کر دیا جائے آپ ان کتابوں کا اول سے آخر تک مطالعہ کرتے جائیں تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



بیسیوں باتیں ایسی پائیں گے جو جمہورِ امت کے اجماعی عقیدے ہیں، جبکہ ان کتابوں میں ان کا کوئی ذکر نہیں۔ آخر خروجِ یاجوج ماجوج تو قرآن سے ثابت ہے، مگر ان میں اس کا بھی ذکر نہیں۔ تو کیا صرف اس کو بنیاد بنا کر ہم خروجِ یاجوج ماجوج کا (والعیاذ باللہ) انکار کر بیٹھیں؟!

تیسرے یہ کہ اگر ان دو حضرات نے اپنی کتابوں میں ظہورِ امام مہدی کا ذکر نہیں کیا تو دوسری طرف جمہورِ علمائے امت کے اس بارے میں واضح ارشادات موجود ہیں جن کی کچھ تفصیل پیچھے گزر چکی ہے۔ اب ایک انصاف پسند آدمی بخوبی یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ کیا وہ ان علمائے امت کے اقوال پر عمل کرے یا بعض حضرات کے اپنے بعض کتابوں میں ظہور مہدی کے عدمِ ذکر کو بنیاد بنا کر اس کا انکار کر دے۔

چوتھے یہ کہ دراصل مذکورہ کتابوں میں زیادہ تر ایسے مسائل زیرِ بحث لائے گئے ہیں جو اختلافی ہیں۔ بالخصوص جن میں خوارج، معتزلہ، قدریہ، جبریہ وغیرہ فرقِ ضالہ کا اختلاف ہے، مثلاً: کلام اللہ مخلوق ہے۔ یا غیر مخلوق، انسان اپنے فعل میں مختار ہے یا نہیں، عذابِ قبر برحق ہے یا نہیں، جنت وجہنم اس وقت موجود ہیں یا نہیں وغیرہ۔ اور جہاں تک اشراطِ ساعت یعنی علاماتِ قیامت کا تعلق ہے تو ان میں ان کا کوئی ذکر نہیں۔ بلکہ علماء نے ان پر الگ کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ لہٰذا ظہور مہدی وغیرہ کا مسئلہ کتب حدیث اور ان جیسی کتابوں میں تلاش کرنا چاہیے۔

اخیر میں اس بات کا ذکر کر دینا بھی مناسب رہے گا کہ ''تفسیر الہام الرحمٰن'' کے سرورق پر لکھا گیا ہے کہ یہ تفسیر فکرِ ولی اللہی کے اصول پر مرتب کی گئی ہے۔ جبکہ امام مہدی کے ظہور کے بارے میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہم پیچھے ملاحظہ کر چکے ہیں۔ نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں بھی حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ کا عقیدہ وہی ہے جو جمہورِ امت کا عقیدہ ہے۔ جیسا کہ ان کی کتابوں میں مصرح ہے اسی طرح اس تفسیر میں بیسیوں باتیں ایسی ہیں کہ جن کو فکرِ ولی اللہی کی طرف منسوب کرنا حضرت شاہ صاحبؒ پر سراسر بہتان اور افتراء ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



(ب) اسلام کے پہلے دور میں مہدی کا کہیں نام تک نہیں ملتا، اس دور کے بعد جو کتابیں صحیح اور ضعیف حدیثوں کی جمع شدہ ہیں ان میں تلاش کرنے سے ایسی بیسیوں روایتیں ملتی ہیں۔

پچھلے صفحات میں ہم نے امام مہدی کے بارے میں متعدد احادیث اور آثارِ صحابہ وتابعین صحیح اور قابل اعتماد اسانید سے ذکر کر چکے ہیں ان میں یہ بات خاص طور پر قابل ذکر ہے کہ لوگ اس زمانہ کے اکابر سے پوچھا کرتے تھے کہ کیا عمر بن عبدالعزیز مہدی ہیں۔ یہ سب اس کی واضح دلیل ہے کہ قرونِ اولیٰ میں یہ شائع ذائع تھا، اور کیوں نہ ہو جبکہ احادیث صحیحہ مرفوعہ سے ظہورِ مہدی ثابت ہے۔

نیز ہم یہ بھی ذکر کر چکے ہیں کہ نعیم بن حماد کی الفتن، مصنف ابن ابی شیبہ، سنن ابی داؤد، ترمذی ابن ماجہ، مسند احمد وغیرہ میں احادیث مہدی کی ایک بڑی تعداد مذکور ہے۔ نیز صحیح مسلم، صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم وغیرہ کے مصنفین نے احادیث مہدی کی روایت کی ہے جن کے مصنفین نے صحت کا التزام کیا ہے۔ جبکہ اول الذکر کتابیں نیز صحیح مسلم بالکل متقدمین ائمہ کی تصنیفات ہیں۔

لہٰذا ان سب کے ہوتے ہوئے مذکورہ قول کے بارے میں یہی کہا جا سکتا ہے کہ اس کا قائل حقیقت سے بالکل ناواقف ہے، اور اپنی لاعلمی کو دوسروں پر حجت بنانا چاہتا ہے۔

(ج) ''مگر ان میں سے صحیح ایک بھی نہیں ہے۔''

احادیث مہدی کے بارے میں امت کے ناقد اور اکابر محدثین کے اقوال و ارشادات آپ ملاحظہ کر چکے ہیں۔ لہٰذا مذکورہ بات پر مزید تبصرہ کی چنداں حاجت نہیں ہے۔

(د) علامہ اقبال مرحوم عقائد واعمالِ اہل السنۃ والجماعۃ کے سلسلہ میں قدوہ اور کسوٹی نہیں ہیں، نہ وہ احادیث کی تصحیح وتضعیف کے میدان میں قابل استناد ہیں۔ بالخصوص امت کے جمہورِ محدثین وعلماء نے جن احادیث کو صحیح مانا ہے علامہ کا ان کو رد کرنا کوئی حیثیت اور وزن نہیں رکھتا۔ بلکہ محض اپنے خیال ووہم سے اس طرح احادیث کو رد کر دینا

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نہایت جسارت اور خطرناک ہے۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ قرآن کی صحیح اسپرٹ سے ان احادیث کو کوئی سروکار نہیں، تو اس کے بارے میں مختصر عرض یہ ہے کہ امت کے جمہورِ علماء جن کے فہم قرآن پر امت کو اعتماد ہے، انہوں نے ان احادیث میں قرآن کی صحیح اسپرٹ کے خلاف کوئی بات محسوس نہیں کی۔ یہ کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ احادیث نبویہ جو دراصل قرآن ہی کی تشریح ہیں، وہ قرآن کی صحیح اسپرٹ کے خلاف ہوں۔

(دراصل اس موقع میں ہمیں علامہ مرحوم کی اس بات پر عملدرآمد ہونا چاہیے جو آپ نے اس خط کے شروع میں فرمائی ہے کہ:

"ہاں یہ ٹھیک ہے کہ آپ کو کسی عالم سے یہ سوالات کرنے چاہئیں جو آپ نے مجھ سے کیے ہیں......"

(۳) "انتظارِ مہدی و مسیح" اس وقت ہمارے پاس نہیں ہے۔ معلوم نہیں اس کے مصنف نے مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم کی یہ بات کہاں سے نقل کی ہے اور اس کی سندی حیثیت کیا ہے۔

ہاں یہ بات اپنی جگہ مشہور اور بالکل درست ہے کہ مولانا مرحوم بہت مسائل میں جمہورِ امت کے خلاف شاذ نظریات اور تفردات رکھتے تھے۔ چنانچہ ان میں سے بعض مسائل میں ان کے موقف کی رد میں حضرت اقدس علامہ محدثِ کبیر مولانا یوسف بنوری رحمۃ اللہ نے ایک مقالہ بھی تالیف فرمایا ہے، جو مشکلات القرآن (از امام انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ) کے مقدمہ یتیمۃ البیان میں شامل ہے۔ اسی طرح دوسرے حضرات علماء نے اس موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔

جہاں تک اس اقتباس کا تعلق ہے تو اس اقتباس کے مطابق دینی مسلمات میں سے کسی چیز کا انکار محض اس وجہ سے کر دینا کہ اس کا ذکر قرآنِ کریم میں نہیں ہے، نہایت خطرناک، زائغانہ اور گمراہ کن ہے۔ اگر ہر چیز کا ثبوت اس پر موقوف ہے کہ قرآنِ کریم میں اس کا صراحۃً ذکر ہو تو پھر احادیثِ نبویہ علی صاحبہا الصلوات والسلام کی کون سی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ضرورت باقی رہ جاتی ہے۔

ایسے موقع پر ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشادِ مبارک بار بار پڑھنا چاہیے:

عن المقدام بن معدی کرب قال:

﴿حرم رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم یوم خیبر أشیاء، ثم قال: یوشک أحد أن یکذبنی وهو متکیء علی اریکته یحدث بحدیثی، فیقول: بیننا وبینکم کتاب اللّٰه فما وجدنافیه من حلال استحللناه وما وجدنا فیه من حرام حرمناه ألاوان ماحرم رسول اللّٰه مثلُ ماحرم اللّٰه﴾

(أخرجه الامام أحمد فی فی مسنده: ۴۲۹/۲۸ بسند صحیح، وابن حبان فی صحیحه: ۱۰۷/۱، والحاکم فی المستدرک ۱۹۱/۱، ۱۹۲ وقال: اناه صحیح). واللّٰه اعلم بالصواب

سعید احمد عفی عنہ
دارالافتاء دارالعلوم کراچی
۱۸/۶/۲۴ھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# فہرست مآخذ و مراجع

| نمبر شمار | نام کتاب | نام مصنف |
|---|---|---|
| ۱ | تفسیر ابن کثیر | علامہ ابن کثیرؒ |
| ۲ | بخاری شریف | امام بخاریؒ |
| ۳ | مسلم شریف | امام مسلمؒ |
| ۴ | ترمذی شریف | امام ترمذیؒ |
| ۵ | سنن ابوداؤد | امام ابوداؤدؒ |
| ۶ | سنن ابن ماجہ | امام ابن ماجہؒ |
| ۷ | مسند ابویعلی | امام احمد بن علی المثنی التمیمیؒ |
| ۸ | مشکوۃ المصابیح | خطیب تبریزیؒ |
| ۹ | مرقاۃ المفاتیح | ملا علی قاریؒ |
| ۱۰ | التعلیق الصبیح | مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ |
| ۱۱ | مظاہر حق جدید | مولانا عبداللہ جاوید غازی پوری |
| ۱۲ | ترجمان السنۃ | مولانا سید بدر عالم میرٹھیؒ |
| ۱۳ | مصنف لابن عبدالرزاق | ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام الصنعانی |
| ۱۴ | بذل المجھود فی حل ابی داؤد | مولانا خلیل احمد سہارنپوریؒ |
| ۱۵ | کتاب الفتن | شیخ نعیم بن حمادؒ |
| ۱۶ | الاشاعۃ لاشراط الساعۃ | سید محمد بن رسول البرزنجیؒ |
| ۱۷ | اشراط الساعۃ | شیخ یوسف بن عبداللہ الوابل |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | کتاب البرہان فی علامات مہدی آخرالزمان | شیخ علی متقی ہندیؒ |
| ۱۹ | القول المختصر فی علامات المہدی المنتظر | علامہ ابن حجر ہیتمی مکیؒ |
| ۲۰ | مقدمہ ابن خلدون | علامہ ابن خلدون |
| ۲۱ | امداد الفتاوی | مولانا اشرف علی تھانویؒ |
| ۲۲ | آثار القیامہ فی حجج الکرامہ | نواب صدیق حسن خان |
| ۲۳ | علامات قیامت اور نزول مسیح | مفتی محمد رفیع عثمانی مدظلہ |
| ۲۴ | عقیدۃ المسلم فی ضوء الکتاب والسنۃ | تاج محمد بن عبدالرحمٰن العروس |
| ۲۵ | الحاوی للفتاوی | علامہ جلال الدین سیوطیؒ |
| ۲۶ | عقائد الاسلام | مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ |
| ۲۷ | التذکرہ | امام قرطبیؒ |
| ۲۸ | اختلاف امت اور صراط مستقیم | مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ |
| ۲۹ | آپ کے مسائل اور ان کا حل | مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہیدؒ |
| ۳۰ | شرح نخبۃ الفکر | علامہ ابن حجر عسقلانیؒ |
| ۳۱ | احتساب قادیانیت | مختلف علماء کرام کی تحریرات کا مجموعہ |
| ۳۲ | حضرت امام مہدی | مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقیؒ |
| ۳۳ | انتظار مہدی و مسیح | تمنا عمادی مجیبی |
| ۳۴ | ظہور مہدی ایک اٹل حقیقت | مولانا منیر قمر |
| ۳۵ | ماہنامہ البلاغ | ترجمان دارالعلوم کراچی |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# کتابوں کی لائبریری میں

مثالی جواہر پارے، پُرکشش نکات فکرانگیز و سبق آموز واقعات، ہزاروں کتابوں میں بکھرے نایاب موتیوں کا مثالی کشکول اور سینکڑوں لائبریریوں سے مطالعے کا نچوڑ

مؤلف
مولانا ہارون معاویہ

Book No.
1823
Garden Town, Lahore

بیت العلوم
ہیڈ آفس: ۲۰ - نابھہ روڈ چوک پرانی انار کلی - لاہور فون: 7352483
برانچ: دکان نمبر ۱۴ الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ ۴۰ اردو بازار لاہور فون: 7235996
www.baitululoom.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دیگر شہروں میں بیت العلوم کے اسٹاکسٹ

| ملتان | کراچی | راولپنڈی |
|---|---|---|
| بخاری اکیڈمی مہربان کالونی ملتان | ادارۃ الانور بنوری ٹاؤن کراچی | الخلیل پبلشنگ ہاؤس راولپنڈی |
| کتب خانہ مجیدیہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | بیت القلم گلشن اقبال کراچی | **اسلام آباد** |
| بیکن بکس گلگشت کالونی ملتان | کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی | مسٹر بکس سپر مارکیٹ اسلام آباد |
| کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان | دار القرآن اردو بازار کراچی | المسعود بکس F-8 مرکز اسلام آباد |
| فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | مرکز القرآن اردو بازار کراچی | سعید بک بینک F-7 مرکز اسلام آباد |
| اسلامی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | عباسی کتب خانہ اردو بازار کراچی | پیر بک سنٹر آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد |
| دار الحدیث بیرون بوہڑ گیٹ ملتان | ادارۃ الانوار بنوری ٹاؤن کراچی | **پشاور** |
| **ڈیرہ غازی خان** | علمی کتاب گھر اردو بازار کراچی | یونیورسٹی بک ڈپو خیبر بازار پشاور |
| مکتبہ زکریا بلاک نمبر۱۰ ڈیرہ غازی خان | **کوئٹہ** | مکتبہ سرحد خیبر بازار پشاور |
| **بہاول پور** | مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ | لندن بک کمپنی صدر بازار پشاور |
| کتابستان شاہی بازار بہاولپور | **سرگودھا** | **سیالکوٹ** |
| بیت الکتب سرائیکی چوک بہاولپور | اسلامی کتب خانہ پھولوں والی گلی سرگودھا | بنگش بک ڈپو اردو بازار سیالکوٹ |
| **سکھر** | **گوجرانوالہ** | **اکوڑہ خٹک** |
| کتاب مرکز فریئر روڈ سکھر | والی کتاب گھر اردو بازار گوجرانوالہ | مکتبہ علمیہ اکوڑہ خٹک |
| **حیدر آباد** | مکتبہ نعمانیہ اردو بازار گوجرانوالہ | مکتبہ رحیمیہ اکوڑہ خٹک |
| بیت القرآن چھوٹی گٹی حیدر آباد | **راولپنڈی** | **فیصل آباد** |
| حاجی امداد اللہ اکیڈمی جیل روڈ حیدر آباد | کتب خانہ رشیدیہ راجہ بازار راولپنڈی | مکتبۃ العارفی ستیانہ روڈ فیصل آباد |
| امداد الغرباء کورٹ روڈ حیدر آباد | فیڈرل لاء ہاؤس چاندنی چوک راولپنڈی | ملک سنز کارخانہ بازار فیصل آباد |
| بھٹائی بک ڈپو کورٹ روڈ حیدر آباد | اسلامی کتاب گھر خیابان سرسید راولپنڈی | مکتبہ اہلحدیث امین پور بازار فیصل آباد |
| **کراچی** | بک سنٹر ۳۲ حیدر روڈ راولپنڈی | اقراء بک ڈپو امین پور بازار فیصل آباد |
| ویلکم بک پورٹ اردو بازار کراچی | علی بک شاپ اقبال روڈ راولپنڈی | مکتبہ قاسمیہ امین پور بازار فیصل آباد |

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

بیت العلوم
قرآن مجید اور اسلامی کتابوں کا مرکز